قیمت فی شمارہ 50 روپے

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں

169

ماہنامہ عبقری لاہور ®

جولائی 2020ء بمطابق ذی قعدہ 1441 ہجری

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل

# ذی الحجہ! جو یہ عمل کرے گا جو مانگے ملے گا ان شاء اللہ




حج و عمرہ اور ذوالحجہ کے مہینہ کے نادر فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور اعمال کے سمندر سے موتی چن چن کر دے پڑھیں اور گفٹ کریں۔

# تین چٹکلے تین کہانیاں

## پسینے کی ناگوار بدبو سے چھٹکارا پائیے!

- ہر معالج سے بے نیاز کر دینے والا آزمودہ عمل
- نظر لگانے والے کی نظر بد ختم کرنے کا طریقہ
- قربانی کا گوشت نقصان دہ بھی ہوسکتا ہے!
- دہی کے رائتے سے کالا یرقان ختم
- بلی کو پالنے سے کیا ملتا ہے؟
- یادداشت اور دماغی کمزوری یقینی ختم

## عبقری میگزین جنات چرا کر لے گئے!

## شیخ الوظائف کی کراچی آمد

جمعہ 21 اگست سے لیکر اتوار 23 اگست 2020ء تک گوشہ درود و سلام کراچی میں خصوصی چلہ درود و دعا

23 اگست بروز اتوار بعد نماز ظہر اختتامی دعا و اجازت

مزید تفصیلات کیلئے 0322-4688313




## سوات کی پہاڑی طاقت کا نچوڑ آڑو!

چند کھا کر تو دیکھئے!

## 30 کیکر کے کانٹے اور بینگن! کینسر کا روحانی علاج

## سکون و برکت! فقیر کے ٹوٹکے آزمائیے!

## خوشگوار سسرال! یقین نہ آئے تو عمل کر کے دیکھئے!

## چڑچڑے جھگڑالو بچوں کے والدین کیلئے رہبر اصول

حج یا عمرہ کی سعادت حاصل کرنے والے سے پوچھئے! ذرا سوچئے! "حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ" کتاب ... فضائل کا ایسا انمول تحفہ جو قدم قدم پر نیکیوں کے پہاڑ اور اعمال کے سمندر سے موتی چن چن کر دے، پڑھیں اور گفٹ کریں!

عبقری گروپ آف میڈیا

ماہنامہ عبقری ★ گھریلو الجھنیں میگزین ★ روزنامہ اینٹی کرپشن
عبقری ریڈیو ★ اخبار عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ عبقری سوشل میڈیا

YouTube Youtube.com/UbqariTasbeehKhana /ubqari
facebook.com/ubqari www.ubqari.org

عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۝ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝ القرآن

بیاد حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

شمارہ نمبر 1 | جلد نمبر 15 | جولائی 2020 ذی قعدہ 1441 ہجری

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور جولائی 2020ء

مرکز روحانیت و امن کا ترجمان

ایڈیٹر شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

قیمت فی شمارہ 50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1260 روپے رجسٹرڈ ڈاک بیرون ملک سالانہ 64 امریکی ڈالر


## تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: الفاظ کی اتنی نہیں جتنی قدر و قیمت افعال کی ہوتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ جب پاکستان کے دفاع اور قوم کی سلامتی اور حفاظت کیلئے آپ کو بلایا جائے گا تو آپ اپنے اسلاف کی روایات کے مطابق شاندار کارناموں کا مظاہرہ کریں گے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ پاکستان کے ہلالی پرچم کو سربلند رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ اپنی عظیم قوم کی عزت و وقار کو برقرار رکھیں گے۔
(پنجاب مشین گن رجمنٹ، پشاور سے خطاب 15 اپریل 1948ء)

| | |
|---|---|
| صدق خلیل بھی ہے عشق صبر حسینؓ بھی ہے عشق | معرکۂ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق |
| خاموش اے دل بھری محفل میں چلانا نہیں اچھا | ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں |

علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

## مجھے ضرور پڑھیں!

الحمدللہ! لاکھوں قارئین پڑھتے اور پھر لکھتے ہیں' ہم آپ کی تحریریں باری آنے پر ضرور شائع کریں گے۔ اگر کسی وجہ سے ڈاک ہم تک نہ پہنچی تو مجبوری ہے۔ تحریر پر اپنا موبائل یا فون نمبر ضرور لکھیں۔ نوٹ: حکیم صاحب کی ڈاک کے ساتھ جوابی لفافہ لازماً لگائیں تاکہ جواب دیا جاسکے۔

ایڈیٹر کی کتابیں' رسالہ آپ کی نظر سے گزرا حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ غلطی نہ رہے' بشری تقاضے کے پیش نظر اگر غلطی رہ جائے تو مطلع فرمائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہوں گے' ایڈیٹر کی کتابیں دراصل تالیفات ہیں جس کیلئے دوسری کتب' رسائل' جرائد سے استفادہ کیا گیا ہے' وضاحت کرنا لازم سمجھتے ہیں' مؤلف کا ان کے تمام نظریات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ بطور حوالہ مختلف لوگوں کی تحریریں اور نظریات شائع کیے گئے ہیں۔

## عبقری ٹرسٹ کے ذریعے مستحقین کی امداد

عبقری جہاں روحانی جسمانی شعبوں کے ذریعے عالم انسانیت کے دکھی لوگوں کی خدمت کا کام سرانجام دے رہا ہے' وہاں سالہاسال سے عبقری لوگوں کی دفتر تک پہنچائی ہوئی اشیاء مثلاً پرانے کپڑے' برتن' جوتے' فرنیچر' رضائیاں' اپنی زکوٰۃ' صدقات' عطیات اور اس کے علاوہ گھریلو استعمال کی تمام اشیاء غریب نادار اور مستحق لوگوں تک پہنچا رہا ہے۔ اپنی استعمال شدہ پرانی اشیاء کو ناکارہ سمجھ کر ضائع نہ کیجئے یقیناً یہ کسی مستحق کی خوشیوں کا سامان ہے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک یا ٹرین کے ذریعے عبقری کے دفتر چیزیں بلٹی کرادیں شکریہ!


رجسٹریشن نمبر RP/6237/L/S/10/1534


## عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت

قارئین! اپنی نقدی' سامان صرف دفتر ماہنامہ عبقری میں پہنچائیں' کسی مقامی ایجنسی کو نہ دیں' سامان و نقدی اکثر دفتر ماہنامہ عبقری لاہور نہیں پہنچ پاتا۔ عبقری ٹرسٹ کے سامان میں خیانت کی بہت شکایات آرہی ہیں۔

ایجنسی ہولڈر ٹرسٹ کا سامان ہرگز وصول نہ کریں۔



## فہرست مضامین


| صفحہ نمبر | عنوان | صفحہ نمبر | عنوان |
|---|---|---|---|
| 3 | نسلوں سے دولت چھن گئی عبرتناک انجام | 37 | جولائی کی گرمی کا کیکر سے شافی علاج |
| 4 | سکون و برکت! فقیر کے ٹوٹکے آزمالیجئے! | 38 | باپ سے لڑ کر پسند کی شادی! انجام صرف بربادی |
| 5 | پتھروں کا ذکر اپنے کانوں سے سننے والے عاشقان رسول ﷺ | 39 | جنات کا پیدائشی دوست (سلسلہ وار) |
| 6 | چڑچڑے جھگڑالو بچوں کے والدین کیلئے رہبر اصول | 41 | ٹی وی بند کیا اور گھر میں رزق دروازے توڑ کر آیا! |
| 7 | گانے گاتی باراتیں کی بس! تہجد کا وقت اور بریک فیل | 44 | محترم اساتذہ اور ان کی ذمہ داریاں |
| 8 | بلاوجہ کی ٹینشن! آپ کو بیمار کردے! چند اکسیر سے شفا پایئے | 45 | قارئین کے آزمودہ ٹوٹکے |
| 9 | پسینے کی ناگوار بو سے نجات پائیں! | 48 | بے ادبی کا نتیجہ! اندھے پن کی صورت ملا |
| 10 | ذی الحجہ! جو یہ عمل کرے گا جو مانگے ملے گا ان شاءاللہ | 51 | پوشیدہ مرض میں مبتلا امراض سے شفاء |
| 12 | حضرت ابوبکر شبلیؒ کے مستند روحانی وظائف | 52 | توانا زندگی بسر کرنے کے تیر بہدف گر |
| 13 | جسمانی بیماریاں اور ان کا علاج | 53 | ہیضہ! گرمی کے موسم کا خطرناک مرض |
| 14 | روحانی امراض اور ان کا علاج | 54 | بارش کا پانی کمالات اور جدید سائنس |
| 15 | میری زندگی کیسے بدلی؟ | 55 | آپ کا خواب اور روشن تعبیر |
| 16 | تم نے مجھ پر جادو کردیا' میرا درد ختم! | 56 | 28 کام جو 50 سال کی عمر سے پہلے کرلینے چاہئیں |
| 17 | خوشگوار سسرال! یقین نہ آئے تو عمل کرکے دیکھئے! | 57 | بلی کو پالنے سے کیا ملتا ہے؟ |
| 18 | خوبصورت اور چمکدار آنکھوں کیلئے آسان ٹوٹکے | 58 | بقیہ جات |
| 20 | زندگی کو بہترین بنانے والے اعمال | 59 | بچہ دانی کا کینسر! ٹوٹکے نے بہن کو شفا دیدی |
| 23 | جلدی بیماری کیلئے تجویز کردہ ڈاکٹر بوٹا کا علاج | 60 | قربانی کا گوشت نقصان دہ بھی ہوسکتا ہے! |
| 24 | تین چٹکلے تین کہانیاں | 61 | عبقری روحانی چلہ اور دعا (اجتماع) |
| 26 | 30 کیکر کے کانٹے اور بینگن! کینسر کا روحانی علاج | 63 | عبقری ادویات اشتہار |
| 29 | کالا علم کرنے والوں کی نسلیں برباد! جوان اموات | 64 | پورے سال کی مبارک گھڑیاں تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے |
| 34 | کدو! یہ فوائد یقیناً آپ نے پہلے نہ پڑھے ہونگے | 65 | عبقری ادویات بمعہ نرخ نامہ |
| 35 | قارئین کی آزمودہ تحریریں | | |


ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

ایجنسی ہولڈر اپنا نام لکھ کر

## فالتو کتابیں رسالے صدقہ جاریہ بنیں!

کتابیں نئی یا پرانی کسی بھی موضوع یا کسی بھی عنوان کی ہوں' رسائل' ڈائجسٹ' میگزین وغیرہ۔ آپ چاہتے ہوں کہ وہ صدقہ جاریہ بنیں۔ مزید وہ رسائل و کتابیں محفوظ ہوں' ایڈیٹر عبقری کو ہدیہ کی نیت سے ارسال کریں' وہ محفوظ ہونگی اور افادہ عام کیلئے استعمال ہوں گے۔ دوسرے شہروں کے لوگ ٹرک' ٹرین یا ڈاک خانہ کے ذریعے دفتر ماہنامہ عبقری چیزیں بھیج دیں۔ شکریہ! نوٹ: درسی اور نصابی کتب ارسال نہ کریں۔


خط و کتابت کا پتہ: "عبقری" عالمی مرکز روحانیت و امن

عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور | عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے

E mail:contact@ubqari.org || 042-37552384-37597605-37586453-042-37425801-37425802-37425803 فون / فیکس



محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

ایڈیٹر کے قلم سے

# حال دل

جو میں نے دیکھا، سنا اور سوچا

## نسلوں سے دولت چھن گئی عبرتناک انجام

آخری قسط

### میری کہانی بھی پڑھتے جائیے!

میں آپ کو اپنی کہانی سناتا ہوں‘ میرے جی میں آیا کہ میں بکریاں رکھوں‘ بکریوں میں برکت اور پالنا سنت ہے‘ میں نے اس کو سوچا اور بکریاں رکھیں ’’درودمحل‘‘ میں بکریاں رکھیں‘ ان کو بہترین گھاس‘ صاف پانی مہیا کرنے کیلئے ایک بندہ‘ اس کا پرکشش معاوضہ لیکن بس اتنے الفاظ کہوں گا آٹھ بکریاں چھری کے نیچے آئیں اور انہوں نے خود کھائیں اور ایک بکری حرام ہوگئی وہ ذبح نہ ہوسکی اور آخر کار وہ نظام مجھے ختم کرنا پڑا۔ پھر دو بکریاں میں نے اپنی چھت پر رکھیں‘ اس کیلئے خدمت گار رکھا‘ خدمت گار نے جس کو میں بہترین معاوضہ اور اس کی تنخواہ لاجواب تھی‘ اس نے لاپرواہی دکھائی اور ایک بکری سردی سے مرگئی اور دوسری آخر کار ذبح کرنا پڑی‘ ایک سمجھدار اور سیانے کا قول ہے کہ جانور کے ساتھ جانور ہونا پڑتا ہے پھر جانور آپ کا ساتھی ہوتا ہے‘ آپ جانور کو کسی اور کے حوالے کردیں تو کبھی جانور آپ کا نہیں ہوگا۔

### ملازمین کی دھوکہ دہی کی مزید زندہ مثالیں!

ہمارے ایک دوست ہیں ملک عابد‘ ایک دفعہ میرے بڑے بھائی صاحب کہنے لگے کہ میں ان کے ہاں گیا‘ ان کا جانوروں کا باڑہ ہے‘ جانور پالتے ہیں پھر عید قربانی کے لیے ان کو بیچتے ہیں‘ دودھ بیچتے ہیں‘ جانور پال کر بیچتے ہیں‘ انہوں نے بنولے کی کھل خود بھگوئی اور خود کھلائی اور کہنے لگے کہ میں بنولے کی کھل بھگو کر جاتا تھا ملازم میرے جانوروں کو نہیں کھلاتے تھے‘ بھگوئی ہوئی آگے بیچ دیتے یا اپنے جانوروں کو کھلا دیتے تھے حالانکہ میں ان کی ہر قسم کی خدمت اور ان کا دھیان کرتا ہوں۔ ہمارے ایک دوست بھٹی صاحب ہیں‘ انہوں نے مرغی کا فارم بنایا‘ مرغی کے فارم میں ایک بیماری آئی تو اس بیماری میں ان ماہرین نے کہا کہ مرغیوں کو دہی کھلائیں‘ انہوں نے دہی بھیجی‘ پتہ چلا کہ دہی ملازمین نے آپس میں بانٹ لی ہے اور وہ دہی انہوں نے مرغیوں کو نہیں کھلائی بلکہ وہ خود ہی کھا گئے۔ اس پر وہاں ایک پرانے آدمی نے ایک بات کہی تھی ’’دھارتاں آپ چار نہ تاں جھک نہ مار‘‘ یعنی دھار خرید کہ آپ خود اس کو چار یعنی اس کو اس جانور کو اپنی نگرانی میں خود رکھ ورنہ جھک نہ مار‘ اگر تو نے کسی اور کے حوالے کردیا ایسے ہے جیسے تو نے جھک ماری۔

### یوں ان بکریوں کا معاملہ بھی ختم ہوا

میری دو بہنیں ہیں‘ میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے نام کی چار چار بکریاں لیں اور دو آدمیوں کو بکریاں دیں کہ ان کو پالیں‘ آدھی آپ کی اور آدھی میری۔ ان صاحبان نے بکریاں پالیں‘ کچھ سالوں کے بعد ایک دو بکریاں دے گیا‘ باقی بکریوں کا معاملہ ختم کرگیا۔ ان میں سے جو دوسرے صاحب تھے جن کو بکریاں دی تھیں‘ ان کے والد فوت ہوئے انہوں نے ساری بکریاں بیچ دیں اور آج سے تیس سال پہلے دس ہزار روپے کی بکریاں بیچیں اور میرے والد رحمۃ اللہ علیہ کو آکر کہا کہ آپ کا حصہ دس ہزار اتنے سو غالباً دس ہزار تین سو اور یہ رقم میں آپ کو دے دوں گا اور آج تک نہیں دی۔

### بددیانتی کا عجب نظام!

بددیانتی کا عجب نظام ہے‘ اس کی وجہ یہ ہے کہ پھر نسلوں میں برکات اور نسلوں سے خیریں چلی جاتی ہیں‘ کئی لوگوں نے باڑے اور فارم ہاؤس بنائے‘ جانور چوری ہوئے‘ بعد میں پتہ چلا کہ جانور چوری کروانے میں ملازم کا ہاتھ تھا‘ اس نے مخبری کی تھی حالانکہ وہی ملازم تھا جو مالک کا نہایت وفادار تھا اور اس نے وہ ساری مخبری کرکے خود چوری کروائی۔ ہمارے ایک شاہ صاحب تھے‘ انہوں نے جانوروں کا باڑہ بنوایا‘ خود مرگیا بچوں نے اپنے والد کا قریبی دوست اس کی نگرانی پر رکھا‘ وہ شہر میں دودھ لاتا تھا اس نے ایک جگہ دودھ دینے کا نظام بنایا تھا کہ وہ دودھ بیچ کر پیسے کھا جاتا تھا انہیں پتہ چلا‘ اس کو رنگے ہاتھوں پکڑا‘ اس نے خود بتایا کہ وہ دودھ بیچ کر پانی ملا دیتا تھا۔ یہ ساری چیزیں آخر کیوں ہیں؟ ہمارے ایک جاننے والے پٹواری صاحب ہیں انہوں نے جانوروں کا ایک باڑہ بنوایا‘ بوڑھے والد کو نگرانی کیلئے بٹھایا‘ والد صاحب فوت ہوگئے‘ والد کے فوت ہوتے ہی انہوں نے وہ باڑہ فوراً ختم کردیا‘ کسی نے پوچھا کیوں ختم کیا؟ کہا اگر میں نے اب باڑہ ختم نہ کیا تو ملازم مجھے ختم کردیں گے شاید وہ سمجھدار آدمی تھا۔

### غربت کے پیچھے تین دلیلیں

آج میں آپ کو ایک تجربہ بتاتا ہوں جو کہ میری زندگی کا نچوڑ ہے‘ میں نے زندگی میں جس کو بھی غریب دیکھا ہے اس کے پیچھے تین دلیلیں ہیں۔ **نمبر ایک:** ہڈحرام یا سست‘ **دوسری:** بدنیت (بدنیتی کی ساری مثالیں دی ہیں‘ چور دھوکے باز) **تیسری:** مغرور متکبر۔ (حدیث میں آتا ہے اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ غریب متکبر پر اللہ کی لعنت ہے۔ غریب ہو اور متکبر بھی ہو۔) یہ تین چیزیں ہیں‘ ’’سست ہڈحرام‘ بدنیت اور متکبر غریب۔ اگر کوئی دیکھے کہ غریب بھی ہے اور اس میں یہ تین چیزیں نہیں ہیں وہ بہت کم لوگ ملیں گے تو سمجھ لیں کہ وہ جنتی ہے اللہ اسے تھوڑی دنیا دے کر بہت بڑی آخرت دینا چاہتا ہے۔ قارئین! زندگی کا یہ سبق ہماری نسلوں کے کام آئے گا کہ کام کی نگرانی اتنی اہم تو تھی کہ حضرت سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام خود وصال کے بعد نگرانی کے اوپر رہے‘ اللہ پاک سے مہلت مانگی کہ وقت آگیا ہے لیکن میرے جسم کو کھڑا رکھنا ہے اور جنات بیت المقدس کی تعمیر کے دوران سمجھتے رہے کہ اللہ کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام حیات ہیں۔

### بے برکتی کی عبرتناک مثالیں

نگرانی ایمان والے کی کبھی نہیں کی جاتی‘ وہ دیکھتا ہے‘ دائیں بائیں کوئی نہیں دیکھ رہا‘ خیانت کا موقع ہے تو فوراً کہتا ہے کہ اللہ دیکھ رہا ہے‘ فوراً کہتا ہے کہ اللہ کا نظام میرے سامنے ہے‘ اگر ہم اپنی نسلوں کو خیانت سے بچالیں‘ خود بچ جائیں تو نسلوں میں عزت‘ تونگری‘ دولت‘ صحت‘ خوشحالی‘ مسائل مشکلات کا حل‘ پریشانیوں کا حل‘ ہمیں اپنی آنکھوں سے نظر آئے گا اگر خیانت سے بچ جائیں اور دیانت کی زندگی پر آجائیں۔ آج بے برکتی کی جو عبرتناک مثالیں ہیں اس کی بنیادی وجہ خیانت ہے‘ یہ خیانت کی مختلف شکلیں ہیں‘ یہ خیانت کی مختلف صورتیں ہیں جو میں نے آپ کے سامنے بیان کی ہیں۔ آئیں! خود بھی اور اپنی نسلوں کو بھی خیانت سے بچائیں‘ ورنہ نسلیں فقر‘ فاقہ‘ غربت‘ تنگدستی‘ بدحالی اور پریشانی میں ایسی مبتلا ہوں گی کہ انسان گمان اور خیال بھی نہیں کرسکتا کہ اس کو کتنا زیادہ نقصان ہوگا اور پھر کتنے زیادہ مسائل‘ مشکلات اور پریشانیوں میں اس کی غربت اور تنگدستی بڑھ جائے گی اس وقت جب ہم دیانت داری کو چھوڑ بیٹھیں گے اور خیانت کو اپنی زندگی کا حصہ بنالیں گے۔ آئیں دیانت پر آجائیں اور خیانت سے نکل جائیں۔

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:۔ 500/- روپے
علاوہ ڈاک خرچ

# سکون و برکت! فقیر کے ٹوٹکے آزمالیجیے!

## شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

ہفتہ وار درس سے اقتباس

**فقیر کے ٹوٹکے!** اللہ والو! چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے آپ سے عرض کرتا رہتا ہوں۔ اِس وقت ہمارے گھر سرسبز وشاداب کیوں نہیں ہے؟ وہ اس لیے کہ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعاؤں سے ہم مدد نہیں لے رہے۔ ہم سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اداؤں کو اپنے ساتھ لے کر نہیں چل رہے۔ **حدیث کی تلاش:** آپ ایسی احادیث تلاش کریں جن میں سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعائیں دی گئی ہیں۔ میرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے دعا دی ہے، پھر حکم فرمایا ہے پھر عمل بتایا ہے۔ **مفتی زین العابدین کی مرشد سے محبت:** حضرت مفتی زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ ایک دفعہ فرمانے لگے: میں اپنے مشاغل سے فراغت کے بعد تھکا ہارا گھر پہنچا تو اہلیہ نے بیٹے کے بارے میں بتایا کہ وہ بیمار ہے۔ اُن کے چار بیٹے ہیں اور چاروں کا نام یوسف ہے۔ پہلے کا نام یوسف اول، دوسرے بیٹے کا نام یوسف ثانی اور تیسرے بیٹے کا نام یوسف ثالث اور چوتھے بیٹے کا نام یوسف رابع ہے۔ اصل میں مفتی زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کے مرشد کا نام یوسف تھا۔ محبت تو دل کی ایسی ہی ہوتی ہے۔ یوسف رحمۃ اللہ علیہ ان کے اُستاد بھی تھے، شیخ بھی تھے رہبر بھی تھے، سب کچھ تھے۔ اپنے مُرشد سے محبت کی بناء پر انہوں نے اپنے بیٹوں کا نام اپنے مُرشد کے نام پر رکھا تھا۔ **مفتی زین العابدین کی کتے کے بچے پر شفقت:** مفتی صاحب کی اہلیہ نے بتایا کہ یوسف سخت بیمار ہے اب کھڑے کھڑے اُس کی دوائی لینے کیلئے نکل پڑے راستے میں ایک گہری نالی میں کتے کا بچہ پڑا ہوا تھا اور چیخ رہا تھا۔ مفتی صاحب نے آستین کو اونچا کیا اور نالی میں ہاتھ ڈال کر اس کتے کے بچے کو باہر نکالا اور گھر لے آئے اور اہلیہ سے کہا کہ پانی گرم کرو، اہلیہ نے پانی گرم کیا اور اُس کتے کے بچے کو خود اپنے ہاتھوں سے نہلایا اُس سے کیچڑ اور گندگی وغیرہ صاف کی، دھویا پھر اُسے کپڑے سے خشک کرکے آگ کے سامنے اسے بٹھایا۔ مفتی زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ کوئی عام آدمی نہیں تھے۔ میں نے ان کی زیارت کی ہے۔ عرب کے علماء ان کی نمازیں دیکھنے کیلئے سعودی عرب جاتے تھے۔ مفتی صاحب بہت بڑے محدث، تقویٰ کے امام تھے۔ **کتے کا بچہ اور انسان کا بچہ:** کتے کا بچہ چیختا رہا، چیختا رہا آہستہ آہستہ اسکی سردی ختم ہونا شروع ہوئی تو اُس کی آواز بھی مدھم ہونا شروع ہوگئی۔ اِدھر اُس کو سکون ملتا گیا اور اُدھر میرے بیٹے کو سکون ملتا گیا۔ اُدھر کتے کا بچہ ٹھیک ہوگیا اُدھر انسان کا بچہ ٹھیک ہوگیا۔ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث کا مفہوم ہے کہ جانوروں سے بھی دعائیں لیا کرو۔

# زمیندار کا غصہ! گڑ بناتے بناتے کتا جلادیا

**کماد سے گڑ کا بننا:** زمیندار جب گڑ بنانے کے لیے کماد کو بیلتے ہیں تو کماد کو بیلنے کے بعد جو شیرہ نکلتا ہے وہ ایک بہت بڑے لوہے کے کڑھائے میں جاتا ہے اور وہاں اُس کے نیچے آگ جل رہی ہوتی ہے پھر وہ وہاں گرم ہوکر گاڑھا ہوتا ہے پھر گڑ بنتا ہے۔ مجھے ایک صاحب نے بتایا کہ ایک زمیندار اپنے کھیت میں اِس طرح کام کر رہا تھا اور اُس کی بیوی اُس کے لیے کھانا لے کر آئی، دیسی گھی لگی ہوئی روٹیاں اور سالن اور لسی وغیرہ لے کر آئی' وہ کھانا رکھ کر چلی گئی۔ اب زمیندار بیلنے میں گنا دے رہا تھا وہاں پر ایک بھوکا کتا آ گیا۔ اب زمیندار ایک ہاتھ سے گنا دے رہا تھا اور ایک ہاتھ سے اُس کتے کو بھگائے کہ کہیں یہ روٹی اُٹھا کر نہ لے جائے، کتا بار بار لپکے اور وہ اُسے گنا دیتے ہوئے بھگائے اور کتا بیچارہ بھوکا تھا پیاسا تھا وہ نہ گیا۔ **کتا آگ کے اندر:** جس بیلنے کو زمیندار چلا رہا تھا اس بیلن کو وہیں چلتا چھوڑا اور چپ کرکے کتے کے پیچھے جا کر اُسے پکڑا اور کڑاھے کے نیچے جلتی دہکتی آگ میں پھینک دیا۔ کڑاھے کے نیچے آگ پورے جوبن پر تھی بلکہ بھٹی تو آتش کدہ بنی ہوئی تھی۔ زمیندار آگ میں مزید لکڑیاں ڈالتا رہا اور وہ کتا آگ میں جل کر راکھ بن گیا بلکہ اُس کی تو راکھ بھی نہ ملی۔ کتا بیچارہ بھوکا تھا' وہ اپنی بھوک سے سیراب ہوگیا۔ موت نے کتے کی بھوک پیاس کی حاجت کو ختم کردیا۔ **زندگی نظام پلٹتی ہے:** یہ دائرے کا نظام پھرتا ہے۔ پھر اِس کے کچھ عرصے کے بعد زمیندار پر مصائب و آلام کی بارش شروع ہوگئی اور پھر اِس کے اوپر ایک مقدمہ بن گیا اور پھر روز رات کو سوئے ہوئے اچانک اٹھتا اور کہتا مجھے بچاؤ! مجھے بچاؤ! مجھے کتا کاٹتا ہے۔ لوگ کہتے تھے کہ کچھ بھی نہیں ہے مگر یہ کہتا ہے نہیں کتا مجھے کاٹتا ہے۔ کتا میرا گلا دباتا ہے۔ ساری رات اِسی چیخ وپکار میں گزرتی کہ کتا مجھے کاٹتا ہے۔ اور آخر زمیندار کو نفسیاتی ڈاکٹروں کے پاس لے گئے وہاں سے پاگل خانے لے گئے انہوں نے نشے کے انجکشن لگادیے، نشے کی حالت میں بھی وہ زمیندار چیخ وپکار کرتا رہا اور کوئی اس کی اِس حالت کو ختم نہ کرسکتا۔ اِسی چیخ وپکار اور ذلت کی زندگی میں آخرکار وہ مرگیا۔ میرے محترم دوستو! زندگی کا ایسا نظام بنائیں کہ بددعائیں ہمارا تعاقب نہ کریں بلکہ دعائیں ہمارا تعاقب کریں۔ ایسے کام کریں کہ نسلیں بھی دعاؤں سے مستفید ہوں نہ کہ بددعائیں ہمیں اور ہماری نسلوں کھا جائیں۔ (جاری ہے)

انوکھے روحانی وظائف اور راز ولایت پانے کیلئے
خطبات عبقری کا مطالعہ کریں

## دکان یا دفتر میں درس چلانے کا فائدہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے مارچ 2007 سے لے کر 2015 تک کے درسوں کی ایک پوری ہارڈ ڈسک بنا رکھی ہے۔ سارا دن درس لگا رہتا ہے اور ساتھ کمپیوٹر پر کام بھی کرتا رہتا ہوں۔ گاہک آتے ہیں تو درس کی باتیں ان کے دل کو لگتی ہیں۔ میں نے آپ کے درسوں پر مشتمل فولڈر بنا کر رکھا ہوا ہے۔ خود بھی سنتا ہوں اور جو کوئی آتا ہے اسے USB میں کاپی کردیتا ہوں۔ ایک صاحب ڈیزائننگ کروانے آتے ہیں انہوں نے کہا کہ آپ نے جو درس کاپی کرکے دیئے ہیں میں وہ اپنے آفس میں لگاتا ہوں تو اس کا اثر یہ ہوا کہ میرا ایک ملازم جسے سگریٹ نوشی کی عادت تھی اب وہ پکا نمازی بن گیا ہے۔ کام بڑھ گیا ہے' رزق میں برکت ہے' کاروبار میں پہلے جو پریشانیاں اور مشکلات آتی تھیں اب نہیں آتیں۔ میں نے ایک صاحب کو USB میں درس کاپی کرکے دیئے تو وہ دوبارہ شکریہ ادا کرنے آئے اور کہنے لگے کہ میں گاڑی میں ہر وقت درس لگا کر سنتا ہوں بہت مزا آتا ہے اور کئی مسائل حل ہوئے ہیں۔ (ن-س، پوشیدہ)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
نزلہ وزکام، تپ دق اور بخار کو دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
"شفائے حیرت" چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

## صحابہ کرامؓ کا جمادات کی آواز سننا

سوید بن زیدؒ نے بیان کیا کہ میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کو مسجد میں تنہا بیٹھا ہوا دیکھا تو میں نے اس موقع کو غنیمت خیال کیا میں ان کے پاس بیٹھ گیا میں نے ان سے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا عثمان کے لیے سوائے بھلائی کے کبھی کوئی چیز نہ کہوں گا۔ میں نے ان کو حضور ﷺ کے پاس دیکھا ہے۔ میں تنہائیوں میں حضور ﷺ کے ساتھ رہتا اور آپ ﷺ سے علم حاصل کرتا تھا میں ایک دن گیا تو آپ ﷺ باہر نکلے ہوئے تھے میں آپ ﷺ کے پیچھے چلا آپ ﷺ ایک جگہ بیٹھ گئے میں بھی آپ ﷺ کے پاس بیٹھ گیا آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوذرؓ! کس ضرورت آنا ہوا؟ میں نے عرض کیا: اللہ و رسولؐ کے لیے آیا ہوں، یہ کہتے ہیں اتنے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ آئے اور انہوں نے سلام کیا اور حضور ﷺ کی دائیں جانب بیٹھ گئے آپ ﷺ نے دریافت کیا: اے ابوبکرؓ! کس ضرورت سے آنا ہوا؟ کہا اللہ اور رسول کے لیے آیا ہوں' یہ کہتے ہیں اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ آئے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی دائیں جانب بیٹھ گئے آپ ﷺ نے دریافت کیا: اے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ! کس ضرورت سے آنا ہوا؟ کہا اللہ اور

# پتھروں کا ذکر اپنے کانوں سے سننے والے عاشقان رسول ﷺ

رسولؐ کے لیے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ آئے تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی دائیں جانب بیٹھ گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے عثمان! کس ضرورت سے آنا ہوا؟ انہوں نے کہا اللہ اور اس کے رسول کے لیے، حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے سات یا نو کنکریاں' وہ کنکریاں آپ ﷺ کے دست مبارک میں تسبیح پڑھنے لگیں۔ میں نے ان کنکریوں کے لیے ایسی بھنبھناہٹ سنی جیسا کہ شہد کی مکھی بھنبھناتی ہے پھر آپ ﷺ نے ان کو رکھ دیا تو وہ کنکریاں خاموش ہوگئیں' اس کے بعد آپ ﷺ نے وہ کنکریاں حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے ہاتھ میں رکھیں تو یہ کنکریاں ان کے ہاتھ میں تسبیح پڑھنے لگیں' یہاں تک کہ میں نے ان کنکریوں میں شہد کی مکھی جیسی بھنبھناہٹ سنی پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے وہ کنکریاں رکھ دیں پس وہ چپ ہوگئیں، پھر آپ ﷺ نے وہ کنکریاں لیں اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے ہاتھ میں رکھ دیں وہ ان کے ہاتھ میں تسبیح پڑھنے لگیں یہاں تک کہ میں نے ان کنکریوں سے ایسی آواز سنی جیسی شہد کی مکھی میں بھنبھناہٹ ہوتی ہے پھر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے ان کنکریوں کو رکھ دیا تو وہ چپ ہوگئیں۔ بیہقی کی روایت میں ہے پھر وہ کنکریاں آپ ﷺ نے لیں اور ان کو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کے ہاتھ میں رکھا وہ تسبیح پڑھنے لگیں یہاں تک کہ میں نے ان کنکریوں کے لیے ایسی بھنبھناہٹ سنی جیسا کہ شہد کی مکھی بھنبھناتی ہے پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے انہیں رکھ دیا تو وہ خاموش ہوگئیں اور اس روایت کے آخر میں یہ بھی اضافہ ہے تو حضور ﷺ نے فرمایا یہ نبوت کی خلافت ہے اور ایک روایت کے آخر میں یہ بھی اضافہ ہے پھر آپ ﷺ نے وہ کنکریاں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کو دیں اور جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ نے رکھیں تو وہ خاموش ہوگئیں۔ ایک روایت میں ہے کہ اس تسبیح کو ہر وہ آدمی سنتا تھا جو اس حلقہ میں تھا، اور ابوذرؓ نے فرمایا پھر وہ کنکریاں ہم لوگوں کو دیں ہم میں سے کسی ایک کے ہاتھ میں بھی ان کنکریوں نے تسبیح نہیں پڑھی۔ (حیاۃ الصحابہ، جلد سوئم، حصہ دہم)

# دنیا کی آگ جہنم کی آگ سے پناہ مانگ رہی

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہٗ نے بیان کیا کہ ہم نئی پیش آنے والی عجیب چیزوں کو برکت خیال کرتے تھے اور تم اسے ڈر کی بات خیال کرتے ہو، ہم رسول اکرم ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے تو پانی کم ہوگیا، آپ ﷺ نے فرمایا بچا ہوا پانی تلاش کرو، صحابہ کرام رضی اللہ عنہٗ ایک برتن لائے جس میں معمولی پانی تھا۔ آپ ﷺ نے اس برتن میں اپنا ہاتھ داخل کیا پھر فرمایا آؤ، مبارک پانی کے پاس آؤ اور اس برکت کی طرف آؤ جو اللہ تعالیٰ کی جانب سے آئی ہے۔ حضرت عبداللہ مسعود رضی اللہ عنہٗ نے کہا کہ میں نے پانی کو دیکھا تو حضور ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے اُبل رہا تھا اور ہم کھانے کا تسبیح پڑھنا اپنے کانوں سے سنتے تھے اور وہ کھانا کھایا جارہا ہوتا۔

## جس پیالے میں کھا رہے وہ تسبیح پڑھنا شروع ہوگیا

ابوالبختری نے بیان کیا کہ حضرت ابوالدردا رضی اللہ عنہٗ اپنی ہانڈی کے نیچے آگ سلگا رہے تھے اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہٗ ان کے پاس تھے۔ اچانک حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہٗ نے ہانڈی میں سے آواز سنی پھر وہ آواز تسبیح کے ساتھ بلند ہوئی جیسا کہ بچے کی آواز ہوتی ہے۔ پھر وہ ہانڈی گر پڑی اور پلٹ گئی پھر اپنی جگہ پر لوٹ گئی اور اس میں سے کوئی چیز بکھری نہیں تو حضرت ابوالدردا رضی اللہ عنہٗ نے پکارنا شروع کیا کہ اے سلمان رضی اللہ عنہٗ! اس تعجب کی طرف تو دیکھو، ایسی چیز کی طرف دیکھو کہ نہ تم نے ایسی چیز دیکھی ہوگی اور نہ تمہارے ابا جان نے، تو حضرت سلمان رضی اللہ عنہٗ نے کہا کہ اگر تم چپ رہتے تو ہم اللہ تعالیٰ کی آیات میں سے بڑی بڑی آیات سنتے۔

قیس نے بیان کیا کہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہٗ جب حضرت سلمان رضی اللہ عنہٗ کی طرف خط لکھتے یا حضرت سلمان رضی اللہ عنہٗ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہٗ کی طرف تو اس میں پیالے والی عجیب بات کا تذکرہ لکھتے۔ راوی کہتے ہیں کہ ہم سے بیان کیا گیا ہے کہ یہ دونوں حضرات پیالہ میں کھا رہے تھے تو پیالہ بھی تسبیح پڑھنے لگا اور جو کچھ پیالہ میں تھا وہ بھی تسبیح پڑھنے لگا۔

## دنیا کی آگ جہنم کی آگ سے پناہ مانگ رہی

جعفر بن ابی عمرانؒ نے بیان کیا کہ ہم کو یہ روایت پہنچی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہٗ نے آگ کی آواز سنی، چنانچہ انہوں نے بیان کیا کہ میں نے آگ کی آواز سنی۔ ان سے دریافت کیا گیا کہ اے ابن عمرؓ! وہ کیا آواز تھی؟ کہا قسم اس ذات کی کہ میرا نفس اس کے ہاتھ میں ہے وہ آگ، بڑی آگ سے پناہ مانگ رہی تھی اس بات کی کہ اس آگ کو دوبارہ جہنم کی آگ میں لوٹا یا جائے۔ (حیاۃ الصحابہ جلد سوئم، حصہ دہم)

کالے جادو کیلئے کڑوی شفاء
کالی کڑوی شفاءٔ
صرف اس مریض کیلئے جس کو جادو نے ڈس لیا ہو' معالجین نے لاعلاج قرار دیا ہو' جادو کی وجہ سے کینسر' کالا یرقان' چھاتی کا سرطان' ہڈیوں نے کام کرنا چھوڑ دیا ہو' مریض موت کا انتظار کر رہا ہو تو اسی صورتحال میں اسم اعظم کی دم شدہ "کالی کڑوی شفاء" واقعی شفاء دیتی ہے۔
قیمت 320 روپے

# چڑچڑے جھگڑالو بچوں کے والدین کیلئے رہبر اصول

کرن زبیر، راولپنڈی

اکثر والدین رات ہونے پر یہ محسوس کرتے ہیں کہ انہوں نے سوائے بچوں سے لڑائی جھگڑے کے اور کوئی کام نہیں کیا۔ شاید ہی کوئی ایسا گھر ہوگا جہاں بچوں اور والدین کے درمیان روزانہ کسی نہ کسی بات پر گھر کا ماحول تلخ نہ ہوتا ہو خصوصاً ان گھروں پر جہاں بچے ذرا بڑے ہوں وہاں اس قسم کی باتیں معمول بن جاتی ہیں۔ بظاہر یہ بہت معمولی نوعیت کی باتیں ہوتی ہیں لیکن اس سے بعض اوقات بچوں اور والدین کے درمیان غیر مرئی سا کھنچاؤ پیدا ہو جاتا ہے۔

بچوں کے والدین سے لڑائی کا دلچسپ پہلو یہ ہے کہ یہ گھر کی چار دیواری تک ہی محدود ہوتی ہے۔ تاہم اس قسم کے معاملات سے نمٹنے کا طریقہ کار مختلف ہوتا ہے۔ یعنی والدین بچوں کی ان حرکات پر مختلف ردعمل کا اظہار کرتے ہیں۔ کچھ صرف پریشان ہونے پر اکتفا کرتے ہیں اور بعض پر بے بسی کی کیفیات طاری ہوتی ہیں اور کچھ والدین تشدد پر اتر آتے ہیں اور عموماً بچوں سے الجھنے کا آغاز ناشتے کی میز سے ہی ہو جاتا ہے۔ صبح کا وقت بچوں اور بڑوں دونوں کے لیے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ کچھ بچے ''رات کے لوگ'' ثابت ہوتے ہیں۔ وہ رات کو دیر سے سوتے ہیں اور لازمی طور پر صبح کو دیر سے بیدار ہونا پسند کرتے ہیں ظاہر ہے یہ صورتحال والدین کے لیے پریشانی کا باعث ہوتی ہے وہ انہیں وقت پر سکول بھیجنے کے خواہاں ہوتے ہیں۔ تاہم والدین کو یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہئے کہ بچوں کے لیے آٹھ سے گیارہ گھنٹے کی نیند ضروری ہے وہ انہیں جگاتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ کیا بچہ اپنی نیند پوری کر چکا ہے۔

اس کے علاوہ بچہ کو جلد سونے کے لیے تیار کریں اور اسے اس قسم کے مشاغل سے دور رکھیں جس میں اس کے رات دیر تک جاگنے کا احتمال ہو۔

دراصل بچہ سونے کا پہلے سے عادی ہوتا ہے اس کے بعد اسے سکول بھیجا جاتا ہے چنانچہ شروع شروع میں بچے کو اس ضمن میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اسے سکول کی نئی ذمہ داریاں بوجھ لگتی ہیں اور سکول جانے کا عمل تھکا دینے کی حد تک تکلیف دہ محسوس ہوتا ہے۔ یہاں والدین کو چاہئے کہ وہ اسے اعتماد دیں اسے بتائیں کہ سکول جانا اور تعلیم کا حصول اس کے لیے کتنا اہم ہے، ہمارا دل نہیں چاہتا تمہیں خود سے دور کریں۔ تمہیں جلدی اٹھائیں لیکن ہمیں تمہاری بہتری کے لیے ایسا کرنا پڑ رہا ہے۔

عام طور پر ایسا بھی ہوتا ہے کہ باپ رات کو دیر سے گھر آتے ہیں اور بچے ان سے کھیلنا پسند کرتے ہیں خصوصاً ایسے بچے جن کا جھکاؤ باپ کی طرف زیادہ ہو لہٰذا لازمی طور پر بچے صبح دیر سے اٹھیں گے۔ بچے کو سکول میں داخل کرانے سے دو تین ماہ قبل اگر وہ رات کو دیر سے سونے کا عادی ہے تو اس کی عادت کو بدلنے کی کوشش کریں۔ اس طرح وہ آنے والے وقت کے لیے خود کو تیار کرے گا۔ اس قسم کے معاملات سے نمٹنے کے لیے بہتر ہے کہ آپ ان کی تیاری کا پروگرام دو مراحل میں تقسیم کر لیں۔ ان سے پوچھیں کہ کل آپ کو کسی چیز کی ضرورت پڑ سکتی ہے اور یہ کہ آپ کل کونسا لباس پہننا پسند کریں گی۔ اگر آپ کا پروگرام کسی پارٹی میں جانے کا ہے تو ایک روز پہلے لباس کا تعین آپ کا وقت بچا دے گا اور سکول جانے والے بچے لازماً یونیفارم ہی پہنیں گے۔ ہو سکے تو انہیں شام کو ہی نہلا دیں اس طرح صبح سکول جاتے وقت آپ کے چند قیمتی منٹ بچ سکتے ہیں۔

صبح کا وقت ایسا نہیں ہے کہ آپ بچوں کو منظم کرنے کا درس دیں اور نہ آپ اس دوران اصرار کریں آپ انہیں سکول چھوڑتے وقت خاموش رہیں تو زیادہ بہتر ہے۔ صبح کے وقت چھوٹی چھوٹی باتوں پر آپ کا شور مچانا نہ صرف آپ کے لیے بلکہ بچوں کے لیے بھی مفید ثابت نہیں ہوگا۔ اس طرح سارا دن آپ کا بدمزگی کی نذر ہو سکتا ہے اور آپ ممکن ہے پورا دن چڑچڑے پن کا شکار رہیں۔ لہٰذا بہت بہتر ہے کہ صبح کے وقت آپ کم سے کم گفتگو کریں یاد رکھیں صبح کا پریشان کن آغاز شام کا پریشان کن اختتام بھی ثابت ہو سکتا ہے۔

اکثر بچے سکول جانے سے قبل بار بار ماں کا منہ چومتے ہیں۔ بعض اپنے تمام کھلونوں سے باری باری پیار کرتے ہیں خصوصاً بچیاں اس معاملے میں زیادہ جذباتیت کا اظہار کرتی ہیں بھالو وغیرہ سے باقاعدہ گفتگو کرتے ہوئے بچوں کو دیکھا گیا ہے۔ اس دوران بعض مائیں پریشانی کا اظہار کرتی ہیں اور اکثر اوقات ڈانٹ بھی دیتی ہیں۔ یہ طریقہ مناسب نہیں۔ ایسی صورت میں بچے کو اعتماد کی ضرورت ہوتی ہے انہیں بتایا جائے کہ تمہارے کھلونوں کو کوئی نہیں چھیڑے گا۔ جب تم سکول سے واپس آؤ گے تو یہ تمہیں ایسے ہی ملیں گے کوئی چیز یہاں سے غائب نہیں ہوگی۔ اکثر گھروں میں کھانے کا وقت میدان جنگ کا نقشہ پیش کرتا ہے۔ اگر تین چار بچے ہوں تو وہاں اس قسم کی صورتحال کا والدین کو اکثر سامنا رہتا ہے۔ کھانے کی میز پر والدین کو تحمل و برداشت اختیار کرنے کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ خصوصاً ایسے وقت جب آپ اتنی محنت سے کھانا تیار کریں اور کوئی بچہ کھانے سے انکار کر دے اور اس چیز کا مطالبہ کرے جو فوری طور پر بنانا آپ کے لیے ممکن نہیں اور آپ کی کوئی دھمکی بھی کارگر ثابت نہ ہو۔ تو آپ کے لیے خود پر قابو رکھنا کافی مشکل ہو جاتا ہے۔ دراصل کھانا وہ واحد عمل ہے جس میں کمسن بچہ محسوس کرتا ہے کہ وہ اس پر مکمل اختیار رکھتا ہے۔ لہٰذا کھانے سے انکار کر کے وہ اپنے اس خود مختارانہ احساس کو تقویت دیتا ہے اور کسی حد تک اس سے لطف اندوز بھی ہوتا ہے۔ اس میں وہ ماں کو ہدایت دیتا ہے کہ مجھے فلاں چیز چاہیے۔

اس کے علاوہ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ بعض والدین دودھ کے معاملے میں بچوں پر سختی کرتے ہیں انہیں دودھ زبردستی پلایا جاتا ہے۔ اگر کوئی بچہ دودھ پینے سے انکار کر دے تو ناشتے میں ایک کپ دہی اسے کافی غذائیت فراہم کر دے گا یا ایک

## بچے کو زبردستی نہ کھلائیے! یہ گُر اپنائیے! بچے خود کھائیں گے

کپ پھلوں کا جوس بھی دودھ کا بہتر نعم البدل ثابت ہوگا۔ ناشتے کے معاملے میں بھی بچوں پر زبردستی نہ کریں تو بہتر ہے آپ کی کوشش ہونی چاہئے کہ ناشتہ ہلکا پھلکا مگر صحت بخش ہو۔ کسی بھی نئی غذا سے متعارف کراتے وقت نرمی کا مظاہرہ کریں۔ اگر آپ انہیں مجبور کریں گے تو بچے چڑ جائیں گے اور اس طرح اچھی چیز سے بھی خود کو دور کر لیں گے۔ آپ وہ چیز پہلے خود کھائیں پھر اس کے ذائقے کی تعریف کریں۔ اس سے بچوں کو کھانے کی ترغیب ملے گی۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ زبردستی ٹھونسی گئی غذا بجائے فائدے کے بچوں کے لیے نقصان دہ بھی ثابت ہو جاتی ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنا دیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی، طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# بلاوجہ کی ٹینشن! آپ کو بیمار کر رہی! چند لائنوں سے شفاء پائیے

سید حیدر، کراچی

مادیت کے سیلاب میں اگر ایک جانب ہماری زندگی نت نئی آسائشوں سے ہمکنار ہوئی ہے تو دوسری طرف فکریں، اندیشے، کوفت اور تناؤ میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ یہ سچ ہے کہ تناؤ سے مکمل نجات غیر ضروری اور ناممکن ہے۔ ہمیں تناؤ کے ساتھ زندہ رہنا ہے بلکہ ایک طرف سے تناؤ زندگی کا دوسرا نام ہے لیکن غیر ضروری تناؤ ہمیں مختلف بیماریوں کا شکار بنانے کے ساتھ ساتھ ہمیں کمزور بھی کرتا ہے اور ہماری قوت عمل کو مفلوج کرتا ہے۔ ذیابیطس، امراض قلب، بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر)، زخم معدہ (السر) وغیرہ کا غیر ضروری تناؤ سے براہ راست تعلق ہوتا ہے۔ اسٹریس مینجمنٹ کاؤنسلنگ سینٹر یعنی دباؤ کا مقابلہ کرنے کا مشاورتی مرکز، نیویارک کے ڈائریکٹر ڈاکٹر ایلن ایلکن کی رائے میں غم، فکر، تناؤ وغیرہ اگرچہ ہماری زندگی کی ایک تلخ حقیقت ہے لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ آپ ہمہ وقت فکرمند اور تناؤ زدہ رہیں۔ ہماری روزمرہ کی زندگی میں جو کچھ ہو رہا ہے ظاہر ہے کہ وہ ہمارے اختیار سے باہر ہے لیکن ایک شے مکمل طور پر ہمارے بس میں ہے اور وہ ہے جو کچھ ہو رہا ہے اس کے بارے میں آپ کی سوچ آپ کے جذبات، آپ کا ردعمل۔ جب واقعات ہماری مرضی کے تابع نہیں ہوتے تو کیا ہمیں بدمزاج ہو جانا چاہیے یا مسکرا کر نئے عزم کے ساتھ حالات کا مقابلہ کرنا چاہیے؟ غیر ضروری طور پر اداس، فکرمند اور تناؤ زدہ ہو کر ہم بیماریوں کو دعوت دیں گے۔ آئے دن سردی زکام بدہضمی وغیرہ کا شکار ہوں گے۔ غیر ضروری تناؤ سے نجات کیلئے مندرجہ ذیل تدابیر موثر ثابت ہوتی ہیں۔ ان پر عمل پیرا ہونے کیلئے معالج سے مشورے کی ضرورت بھی نہیں۔

### ایک ساتھ سب کچھ حاصل کرنے کی کوشش نہ کیجئے

بیک وقت سب کچھ حاصل کرنے کی کوشش کہاں تک مناسب ہے؟ آپ خود ذرا ٹھنڈے دل سے سوچیے۔ ہم ایک ہی وقت میں مشرق و مغرب دونوں جانب نہیں جاسکتے۔ کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ ہم ایک وقت میں ایک کام کرنے کی کوشش کریں۔ اس طرح غیر ضروری تناؤ سے نجات ملے گی اور کامیابی بھی قدم چومے گی۔ آپ کی منزل مقصود آپ کی صلاحیت کے مطابق ہونی چاہیے۔

### مسائل مرتب کیجئے

آپ کے جو بھی مسائل ہیں انہیں اہمیت کے لحاظ سے ترتیب دیجئے۔ سب سے اہم مسئلہ نمبر ایک، اس سے کم اہم نمبر دو، اس سے کم اہم نمبر تین اور اسی طرح نمبر دیتے جائیں دس نمبر تک۔ آپ دیکھیں گے کہ نمبر دس تک آپ کے مسائل ختم ہو گئے ہیں۔ سارے اہم ترین مسائل نمبر پانچ تک آجائیں گے۔ اس سے فائدہ یہ ہے کہ آپ کو یہ احساس ہو جائے گا کہ پہلے پانچ مسائل اہم ہیں اور باقی پانچ غیر اہم۔ آپ غیر اہم مسائل پر وقت برباد نہیں کریں گے اور باقی اہم مسائل نسبتاً آسانی سے حل کر سکیں گے۔ ظاہر ہے کہ اس طرح آپ کو غیر ضروری تناؤ سے نجات ملے گی۔

### مسائل کاغذ پر لکھیے

پریشانیاں اور مسائل کاغذ پر لکھنے سے ایک الگ انداز سامنے آتا ہے۔ آپ اپنے مسائل کو نسبتاً غیر جانبدارانہ انداز میں دیکھ سکتے ہیں۔ ایک کاغذ پر وہ مسائل لکھیے جنہیں آپ حل نہیں کر سکتے۔ لاینحل یعنی حل نہ ہونے والے مسائل کی فہرست نذر آتش کر دیجئے اور پھر تمام تر توجہ ان مسائل پر دیجئے جو حل ہو سکتے ہیں۔

### تصور سے کام لیجیے

مایوسی اور تناؤ کے عالم میں آنکھیں بند کر کے کسی نہایت پرسکون اور دلکش منظر کا تصور کیجئے۔ اس طرح آپ فوری طور پر سکون محسوس کریں گے۔ ماہرین کی رائے میں آنکھیں بند کر کے آرام سے تین گہرے سانس لیجیے اور چند لمحوں کے لیے کسی گوشۂ عافیت کا تصور کیجئے جیسے آپ کسی نہایت دلکش باغ میں چہل قدمی کر رہے ہیں یا کسی آبشار کی آواز سے لطف اندوز ہو رہے ہیں یا ساحل سمندر پر دوستوں کے ساتھ دلچسپ گفتگو کر رہے ہیں۔ اس منظر کو زیادہ سے زیادہ جیتا جاگتا بنائیے یعنی اپنے تمام حواس سے کام لیجیے۔

**کیفین ترک کیجئے:** ان مشروبات کا استعمال بتدریج کم کیجیے جن میں کیفین ہوتی ہے۔ کیفین ایک دم ترک کرنے سے آپ دردسر یا چڑچڑے پن کے شکار ہو سکتے ہیں۔ کافی، کولا مشروبات یا چائے کی مقدار دھیرے دھیرے کم کیجیے۔ کیفین کی مقدار ایک دم کم نہ کیجئے۔

# ڈیپریشن سے نجات کیلئے نکاح کیجئے!

**ہتھیلیاں آنکھوں پر رکھیے:** اپنی دونوں ہتھیلیاں آپس میں رگڑ کر ان میں کچھ گرماہٹ پیدا کیجئے، پھر آنکھیں بند کر کے پانچ سیکنڈ تک ان پر دونوں ہتھیلیاں رکھیے۔ آپ گہری سانس لیتے رہیے۔ اس سے آپ کو تناؤ میں کمی محسوس ہوگی۔ **ذکر و فکر کیجئے:** تسبیح پڑھنے سے آپ کو سکون حاصل ہوتا ہے اور آپ اللہ کے قریب تر ہوتے ہیں جس سے گہرا سکون حاصل ہوتا ہے۔ اگر کوئی خاص وظیفہ یاد نہ ہو تو صرف اسم ''اللہ'' کی تسبیح پڑھیے۔ کم از کم پانچ وقت کی نماز کا ضرور اہتمام کیجئے۔ **شادی کر لیجیے:** پنسلوینیا یونیورسٹی کی ایک تحقیق کے مطابق مجرد لوگوں کے مقابلے میں شادی شدہ افراد منفی جذبات سے کم متاثر ہوتے ہیں، کیوں کہ مایوس کن حالات میں زندگی کے ہم سفر کی رفاقت بہت مفید، کارگر، حوصلہ افزا ثابت ہوتی ہے۔ **کوئی اچھا ٹانک لیجیے:** تناؤ دور کرنے کے لیے بازار میں مختلف ٹانک ملتے ہیں جن میں حیاتین ب مرکب اور دیگر سکون آور اجزا شامل ہیں لیکن آپ جو بھی ٹانک لیں معالج سے مشورہ ضرور کر لیں۔ اشتہاری ٹانک نقصان دہ بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔ **تناؤ گھٹائیے:** ذہنی سکون کے لیے متوازن کھانے کے ساتھ ساتھ کھانے میں وہ اجزا بھی ہونے چاہئیں جو صحت بخش ہوں، خصوصاً حیاتین 'ب' مرکب کے ساتھ ساتھ کیلشیم، میگنیشیم، کرومیم، تانبا، فولاد، مینگانیز، جست وغیرہ۔ ایسے کیپسول یا گولیاں نہ لیجئے جو خاص طور پر تناؤ سے نجات دلانے کے لیے بنائے گئے ہوں۔ اس قسم کی دواؤں میں صحت بخش اجزا غیر متوازن مقدار میں ملائے جاتے ہیں۔ ان کا استعمال اگر ضروری ہو تو معالج سے مشورہ ضرور کر لیجئے۔ **چہل قدمی کیجیے:** تیز چہل قدمی سے آپ کا دوران خون تیز ہوگا۔ اگر آس پاس کوئی پارک، باغ، کھلا میدان نہ ہو تو آپ گلی یا سڑک کے کنارے ہی چہل قدمی کر سکتے ہیں۔ چہل قدمی نہ صرف آپ کی صحت کے لیے بلکہ آپ کے ذہنی سکون کے لیے بھی مفید ہے۔ **جانور پالیے:** آسمانی پرندوں کی خدمت کیجیے خصوصاً بے زبان جانوروں کی (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

جسم و جان کیلئے شاہی ٹانک
تندرستی ٹانک
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)

169 مرگی سے نجات: اگر کسی شخص کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں تو اس مریض پر روزانہ گیارہ بار باوضو آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر دیا جائے تو انشاء اللہ مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

# پسینے کی ناگوار بدبو سے چھٹکارا پائیے!

قرۃ العین ممتاز، کراچی

گرمی کا شدید موسم چل رہا ہے اور یہ مہینہ بھی وہ ہے جب گرمی اپنے جوبن پر ہے اور حبس کے دن آنے کو تیار ہیں، ہر شخص گرمی حدت اور شدت سے پریشان ہے۔ ایسے میں سب سے زیادہ تکلیف وہ چیز پسینے سے پیدا ہونے والی ناگوار بو ہے۔ ایسے میں لوگوں کا ایک دوسرے کو برداشت کرنا بہت مشکل نظر آتا ہے۔ پسینے کی بو سے بچنے کے لیے لوگ دن میں کئی بار نہاتے بھی ہیں لیکن جو لوگ دفاتر کو جانے والے ہیں ان کے لیے یہ خاصی پریشان کن صورتحال ہو جاتی ہے۔ گھریلو خواتین بھی اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے اپنے پاس عطر رکھتی ہیں۔ آپ کو عطر ایسا استعمال کرنا ہوگا جس کی خوشگوار اور بھینی بھینی خوشبو دن بھر آپ کے ساتھ رہے، چیختی چنگھاڑتی خوشبو گرمی میں مزید تکلیف دہ ہو جاتی ہے، اس لیے خوشبو ایسی استعمال کریں جس سے آپ کے اطراف کا ماحول مہک اٹھے۔ خوشبو ازل سے انسان کی پسندیدہ شے میں شمار ہوتی آئی ہے۔ یونانیوں کے دور میں مخصوص بیماریوں کے لیے ماہرین طب خوشبو کا استعمال کرتے آئے ہیں۔ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی خوشبو کو پسند فرمایا، اس کا استعمال کیا اور خوشبو لگانے کے عمل کو پسندیدہ قرار دیا۔

## عطر! نفیس حضرات کی پہچان! آئیے کچھ نیا جانتے ہیں!

زمانہ قدیم سے خوشبو کا حصول اور اسے بنانے کے طریقے مختلف رہے ہیں، ہمارے ہاں عطر لگانے کا رواج رہا کیونکہ یہ الکحل سے پاک ہوتا ہے بعد میں یہی رواج پرفیوم کی شکل اختیار کر گیا۔ عطر کا استعمال گو کہ ہمارے معاشرے میں آج بھی عام ہے لیکن عطر نے دنیا میں دھوم مچا دی۔ یہ بھی سچ ہے کہ خوشبو اور انسان کو جدا نہیں کیا جا سکتا، اچھی خوشبو یا عطر نفیس انسان کی پہچان بنتا ہے۔ خوشبو سب سے زیادہ استعمال ہونے والی کاسمیٹک ہے۔ جسے خواتین و مرد اپنے ساتھ رکھنا پسند کرتے ہیں۔ خواتین جہاں ہار سنگھار کی دلدادہ ہوتی ہے وہیں خوشبو بھی ان کی کمزوری ہوتی ہے۔ ان کی ڈریسنگ ٹیبل پر جہاں دیگر میک اپ کا سامان ملے گا وہیں مختلف قسم کے ملکی و غیر ملکی عطر بھی نظر آئیں گے۔ عطر کی مقبولیت میں وقت گزرنے کے ساتھ اضافہ ہوا ہے۔ انسان کی شخصیت پر خوشبو بلاشبہ بہت اثر انداز ہوتی ہے قدیم دور میں مہارانیاں، بادشاہ، شہزادیاں، شہزادے عطریات استعمال کرتے تھے جن کا ان کی شخصیت پر اثر ہوتا تھا، جو یہ ثابت کرتا تھا کہ ان کی سوچ کس قسم کی ہے یا یہ خوشبو صرف اور صرف شہزادیوں، شہزادوں کے لیے مخصوص ہے۔ ایسے افراد جو نوکری پیشہ ہیں انہیں اس بات کا خاص خیال رکھنا پڑتا ہے کہ عطر کیسا لگایا جائے جبکہ شادی بیاہ، پارٹیز اور دیگر تقریبات میں بھی عطر کا استعمال تقریب کی مناسبت سے کیا جانا چاہیے جو تقریب کے لحاظ سے آپ کو جاذب نظر بنا دے۔

## کس تقریب میں کیسا عطر استعمال کرنا ہے! ہم بتائیں گے

اگر آپ ایسی تقریب میں شریک ہیں جو کہ صرف چند افراد کی ہی محفل ہے تو ہلکی اور دھیمی خوشبو استعمال کریں یاد رکھیں کسی بھی تقریب میں جانے سے پہلے آپ جو بھی عطر لگائیں اسے ساتھ لے کر نہ جائیں کیونکہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ محفل میں جاتے وقت عطر بھی ساتھ رکھ لیتے ہیں کیونکہ اکثر عطر لگاتے وقت وہ مہک نہیں دیتے جو کچھ دیر بعد بکھیرتے ہیں اس لیے عطر کا استعمال محفل میں جانے سے قبل کیا جائے نہ کہ محفل میں پہنچ کر بار بار اس کا استعمال نہ کریں اور اس کا استعمال براہ راست جسم کے کسی حصہ پر نہ کیا جائے بلکہ اسے ہمیشہ کپڑوں پر لگانا چاہیے۔ لیکن خیال سے! خوشبو آپ کی شخصیت کی آئینہ دار بھی ہوتی ہے۔

## خوشبوؤں سے مہکتا سراپا

**جراثیم ختم، پسینے کی بدبو ختم:** بیکنگ سوڈا اور کلف پاؤڈر (کارن اسٹارچ) ملا کر ان جگہوں پر چھڑکیں جہاں پسینہ زیادہ آتا ہے۔ یہ دونوں پاؤڈر نمی جذب کر لیتے ہیں جس کی وجہ سے بُو پیدا نہیں ہوتی اس کے علاوہ بیکنگ سوڈا پسینے سے پیدا ہونے والے جراثیم کا خاتمہ کرتا ہے۔

**بھینی بھینی خوشبو کا لطف لیجئے:** ٹی ٹری آئل کو ان جگہوں پر لگائیں جہاں جہاں آپ کو زیادہ پسینہ آتا ہے اگر یہ آپ کی جلد کو موافق آتا ہے یہ جراثیم کو ختم کر کے بھینی بھینی خوشبو پیدا کرتا ہے۔ ایک کھانے کا چمچ بیکنگ سوڈا اور ایک کھانے کا چمچ لیموں کا رس ملا کر اپنے انڈر آرمز (زیر بازو) لگائیں ایک دو منٹ خشک ہونے دیں پھر پانی سے دھولیں۔

## پسینے کی بدبو سے نجات کا انوکھا ٹوٹکہ

ایک کاٹن بال کو سیب کے سرکے میں بھگوئیں اور اپنی بغلوں (زیر بازو) میں لگائیں دو سے تین منٹ انتظار کریں پھر شاور لے لیں یہ دن میں دو مرتبہ کریں ایک دفعہ صبح اور ایک دفعہ رات کو سونے سے پہلے یہ عمل کرنے سے آپ کو خود فرق ظاہر ہو جائے گا۔

## ایک لیموں سے ناخوشگوار بدبو سے یقینی چھٹکارا

ایک لیموں لیں اس کو دو حصوں میں تقسیم کریں ایک حصہ اپنے زیر بازو رگڑیں اس طرح کہ وہ رس آپ کی جلد پر لگے پھر اس کو کچھ دیر خشک ہونے دیں اس کے بعد نہا لیں۔ دن میں ایک مرتبہ یہ عمل کریں کچھ دن میں یہ بُو بالکل ختم ہو جائے گی۔

## عطر کا استعمال ذرا سوچ سمجھ کر کیجئے! یہ شخصیت کو ابھارتا ہے!

روز میری (ہرب) کے خشک پتے ڈیڑھ کپ لے کر اس کو چار کپ گرم پانی میں دس منٹ بھگوئیں۔ پھر اس کو اپنے نہانے کے پانی میں ملا لیں۔ اب اس پانی سے پندرہ سے بیس منٹ نہائیں یا اگر باتھ ٹب ہے تو اس میں پندرہ سے بیس منٹ اس پانی میں رہیں۔ پھر اپنا جسم خشک کر لیں یہ عمل اگر روزانہ ایک مرتبہ کر لیں تو روز میری کی مہک سارا دن آپ کے ساتھ رہے گی۔ یہ کچھ ایسے ٹوٹکے ہیں جو آپ کو اس مسئلے سے مستقل نجات دلا سکتے ہیں جبکہ پرفیوم یا ڈیوڈرینٹ کا استعمال وقتی طور پر کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اہم یہ ہے کہ آپ کسی بھی موسم میں کسی قسم کا عطر یا باڈی اسپرے استعمال کر رہے ہیں کیونکہ آپ کی شخصیت کا ابھارنے یا اس کو گرانے میں خوشبو کی بہت اہمیت ہوتی ہے اس لیے اس کا استعمال بھی ذرا سوچ سمجھ کر کیجئے۔

## کالا یرقان دو ماہ میں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس کالے یرقان (ہیپاٹائٹس سی) سے نجات کا ٹوٹکہ ہے۔ عبقری قارئین کی نذر کر رہا ہوں۔ ھوالشافی: بند اخروٹ لے کر اس کو باریک پیس لیں ایک چمچ صبح اور ایک چمچ شام کھٹی لسی کے ساتھ لیں۔ دو ماہ کے اندر یرقان ختم ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ (ج، لاہور)

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو، داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء

☆ جلد کی خرابی، پرانی خارش اس کی وجہ خون کی خرابی ہو، کسی قسم کا انفیکشن ہو، الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفاء کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔

(بڑوں، بچوں کیلئے یکساں مفید) نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج

خون صفاء

جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔

قیمت -/120 روپے

# حضرت ابوبکر شبلیؒ کے مستند روحانی وظائف

## پیشاب کی بندش

اگرکسی شخص کا پیشاب بند ہوگیا ہوتو یہ آیت کاغذ پرلکھ کرموم جامہ کرکے مریض کے پیٹ پر باندھیں اور ایک کاغذ پرلکھ کر دھوکر پلائیں: وَ اِذِ اسۡتَسۡقٰی مُوۡسٰی لِقَوۡمِہٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ بِّعَصَاکَ الۡحَجَرَ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡہُ اثۡنَتَا عَشۡرَۃَ عَیۡنًا وَاِذِاسۡتَسۡقٰی مُوۡسٰی لِقَوۡمِہٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ بِّعَصَاکَ الۡحَجَرَ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡہُ اثۡنَتَا عَشۡرَۃَ عَیۡنًا (سورہ بقرہ 60)

## ذہن اور حافظہ کی تیزی

چینی کی رکابی یا کاغذ پر آیت لکھ کر 7 روز پلائیں ذہن اور حافظہ تیز ہوجائے گا۔بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ وَیَسِّرۡ لِیۡۤ اَمۡرِیۡ وَاحۡلُلۡ عُقۡدَۃً مِّنۡ لِّسَانِیۡ یَفۡقَھُوۡا قَوۡلِیۡ (سورہ طٰہٰ آیت نمبر 25 تا 28)

## مریض کی شفایابی کیلئے

یہ دعا مریض پر 70 بار پڑھ کردم کریں: اَعُوۡذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَ قُدۡرَتِہٖ مِنۡ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ اُحَاذِرُ انشاء اللہ بہت جلد شفاء یابی نصیب ہوگی۔

## بانجھ عورت کاعلاج

ایک کاغذ پر ال ل ہ رح م ن لکھ کرگلاب اور قدرے مشک سے حل کرکے متواتر تین بار عورت کو پلائیں۔ اسم اَلرَّحۡمٰنُ مبارک لکھ کر بانجھ عورت گلے میں ڈالے اور مرد کے پاس جائے۔ جس درخت پر پھل نہ آتے ہوں، اس درخت پر یہ اسم باندھیں پھل آجائیں گے۔

## نظر بد کے لئے

سات سرخ مرچ لے کر ہر ایک مرچ پر سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کردم کرکے مریض کے اوپر سے سات مرتبہ اتار کرآگ میں جلا دیں۔ سات مرچ پرسات مرتبہ کے حساب سے یہ آیت انچاس (49) مرتبہ پڑھی جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔ سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ (یٰسین:58) جب مریض نظر بد کا شکار ہوگا تو مرچیں جلنے سے دھسک (دھانس) یعنی چھینکیں وغیرہ نہیں آئیں گی۔ جب تک مرچ سے جلنے سے دھسک نہ آئے برابر یہ عمل جاری رکھیں۔ سات دن تک کریں۔

## مسائل کے حل کیلئے

کسی خاص اور مشکل مسئلہ کے حل کیلئے بعد از نماز عشاء ستر بار پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ بار یَاشَفِیۡقُ، یَارَفِیۡقُ، نَجِّنِیۡ مِنۡ کُلِّ ضِیۡقٍ۔ صبح وشام ذکر کرنا۔ تلاوت قرآن حسب مقدور استغفار اور درود شریف کی کثرت بہت ضروری ہے۔ آیت کریمہ دوسو بار بعد از نماز عشاء باقاعدگی سے پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف گیارہ بار بہت ضروری ہے۔ بفضلہ تعالیٰ آپ کی تمام پریشانیاں دور ہوجائیں گی اور ہر طرح کی مشکلات حل ہوجائیں گی۔

## دانتوں کے درد کے لیے

اگرکسی بچے یا بڑے کے دانت میں سخت تکلیف ہوجس کی وجہ سے بے چین ہواس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک موٹے کاغذ پرلکھ کردرد والے دانت پررکھ کراوپر سے دانت سے دبادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دانت کا درد دور ہوجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے: کَذٰلِکَ یُحۡیِ اللّٰہُ الۡمَوۡتٰی وَ یُرِیۡکُمۡ اٰیٰتِہٖ (بقرہ 73)

# قتل و غارت گری لوٹ مار، ظلم و زیادتی کیلئے ختم خواجگان

قتل و غارت گری، لوٹ مار، ظلم و زیادتی کے دور میں ختم خواجگان ہر قسم کے ظلم و زیادتی سے محفوظ رہنے کا بڑا ذریعہ ہے۔ اکیلے پڑھ لے یا سب گھر والے یا اہل محلہ مل کر پڑھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی ناگہانی آفات و بلیات سے محفوظ رہیں گے اور دشمن ذلیل و ناکام ہوگا۔ ختم خواجگان پڑھنے کا طریقہ یہ ہے: اول دس بار درود شریف (کوئی بھی درود شریف جو یاد ہو پڑھے ورنہ نماز والا درود شریف پڑھ لے) نماز والا درود شریف درود ابراہیمی ہے۔ اس کے بعد 360 بار لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا مَلۡجَاَ وَلَا مَنۡجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیۡہِ۔ اس کے بعد 360 مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھے۔ اس کے بعد 360 مرتبہ لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا مَلۡجَاَ وَلَا مَنۡجَا مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیۡہِ۔ اس کے بعد دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کرلیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہیں گے۔

# شیطان صفت انسان سے عورت یا لڑکی کی حفاظت

بعض شیطان صفت انسان کسی لڑکی یا عورت کی عزت کو پامال کرنے کے لئے ہروقت منصوبے بناتے رہتے ہوں وہ عورت یا لڑکی اور اس کے گھر والے سخت تکلیف میں مبتلا رہتے ہیں۔ بعض مرتبہ ایسا شخص اگر مالدار اور اثر ورسوخ والا ہوتو اور زیادہ پریشانی کا باعث بنتا ہے۔ اکثر پڑھنے اور سننے میں آتا ہے کہ وہ غریب والدین پر طرح طرح کے مقدمات قائم کردیتا ہے اور طرح طرح کے الزامات لگا کر تھانے میں بند کرا دیتا ہے۔ ایسے ظالم اور موذی شخص کے ارادوں کو ناکام بنانے اور عورت یا لڑکی کی عزت محفوظ کرنے کیلئے یہ عمل بہت موثر اور تیر بہدف ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ شیطان صفت انسان ہر قسم کے برے ارادے سے ناکام ہو کر انتہائی ذلیل ہوگا۔

عمل یہ ہے: مسلسل لگاتار بلاناغہ ایک آدمی یا سب گھر والے مل کر اسم پاک یَاخَافِضُ کو گیارہ دن تک آٹھ ہزار آٹھ سو چھیاسی بار پڑھیں۔ یہ عمل دن میں کیا جائے اور سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے ختم کیا جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن کے اندر اندر اس کی خباثتوں سے نجات مل جائے گی۔

## حمل کی حفاظت کیلئے

بعض مرتبہ رحم کی کمزوری اور بعض دیگر بیماریوں کے سبب عورت کا حمل قائم نہیں رہتا اور بار بار گرجاتا ہے۔ جس کی وجہ سے کئی گھر بنتے بستے اجڑ جاتے ہیں۔ حمل کو قائم رکھنے اور گرنے سے محفوظ رکھنے کیلئے مندرجہ ذیل آیت کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کرکے لپیٹ کر عورت کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور بچہ پیدا ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۞ وَلَبِثُوۡا فِیۡ کَہۡفِہِمۡ ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیۡنَ وَازۡدَادُوۡا تِسۡعًا ۞ قُلِ اللّٰہُ اَعۡلَمُ بِمَا لَبِثُوۡا (کہف 25،26)

خاص الخاص عمل کے بعد **جادو شکن تیل** کالا جادو، جنات، نظر بد، سفلی عمل، بدروحوں کے برے اثرات، لاعلاج بیماریاں، گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں، دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کردیا ایسے حالات میں **جادو شکن تیل** کا استعمال مایوسی کو ختم کرکے آس اور امید دلاتا ہے۔ (قیمت 40 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# سوات کی پہاڑی طاقت کا نچوڑ آڑو!

## چند کھا کر تو دیکھئے!

([illegible]، لاہور)

اللہ تعالیٰ نے انسان کے لیے غذاؤں کی صورت میں جو نعمتیں پیدا کی ہیں ان کی کوئی حد نہیں اور بلاشبہ ہر غذائی نعمت اپنی تاثیر افادیت اور اپنے حجم ذائقہ اور تاثیر کے لحاظ سے الگ الگ ہیں البتہ ہماری عوام کی اکثریت پھلوں کی غذائیت اور افادیت سے آگاہ نہیں اور ان کی مخفی طبی خاصیتوں سے واقف نہیں۔ اگر وہ ان سے واقف ہو جائیں تو پھر ان کو علاج معالجہ کے لیے کسی معالج کے پاس جانے کی ضرورت نہ رہے گی۔ یہ قدرت کاملہ کا اپنے بندوں پر خاص فضل وکرم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ماہرین طب کا کہنا ہے کہ جو لوگ پھلوں کو باقاعدہ مسلمہ طریق سے استعمال کرتے ہیں ان کو معالج کی ضرورت نہیں رہتی اور بیماریوں سے بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر آڑو کو لے لیجئے آڑو ایک خوش ذائقہ اور قدیم ترین پھل ہے۔ اس کی پیداوار سب سے پہلے چین میں ہوئی اور آہستہ آہستہ پوری دنیا میں یہ پھل عام ہو گیا۔ اس کی کئی اقسام ہیں۔ اس میں وٹامن اے، بی، سی پروٹین کے اجزاء شامل ہیں۔ یہ بدن کو غذائیت ہی فراہم نہیں کرتا بلکہ متعدد بیماریوں میں شفاء کے اثرات بھی رکھتا ہے۔ موسم گرما میں شدت گرمی سے پیدا ہونے والے امراض میں حیرت انگیز کرشمات رکھتا ہے۔ لو کے موسم میں پیدا ہونے والی گرمی چونکہ صفرادی مزاج کے لوگوں کو ہو جاتی ہے۔ اس کو ختم کرتا ہے۔ گرمی کی بڑھتی ہوئی حدت کو ختم کرتا ہے اس کا شمار ستی اور توانائی بخش غذاؤں میں ہوتا ہے۔ آڑو قدرت کا انمول تحفہ، تسکین قلب اور گرمی کے لیے ایک لاجواب نعمت ثابت ہوتا ہے اور لوگ اس کے غذائی جواہر سے مستفید ہوتے ہیں۔ خون کی تیزابیت جو موسم کی شدت کی وجہ سے بڑھ جاتی ہے اور جس کے نتیجے میں پھوڑے پھنسیاں اور جلدی امراض لاحق ہوتے ہیں۔ آڑو ان امراض میں تسکین دیتا ہے اور ان سے بچاتا ہے خون کی رگوں کی سختی کو دور کر کے بلڈ پریشر کے دباؤ کو کم کرتا ہے اور قبض کشا کی صلاحیت رکھنے کی وجہ سے آنتوں کو صاف کرتا ہے۔ قبض والے حضرات اس کو استعمال کریں تو اجابت بافراغت لاتا ہے۔ اس کے علاوہ آڑو شوگر کے مریض کے لیے بہت مفید ہے۔ اس میں کچھ ایسے وٹامنز ہوتے ہیں جو کہ مریض کی شوگر کو کنٹرول کرتے ہیں۔ ایک ریسرچ کے مطابق آڑو ایک ایسا پھل ہے جو شوگر کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے۔ اس کا کوئی نقصان نہیں ہے۔ اگر اسے ہفتے دو ہفتے تک باقاعدگی سے استعمال کیا جائے تو پیٹ کے کیڑے نہ صرف خارج ہوتے ہیں بلکہ آئندہ پیدا بھی نہیں ہوتے۔ ہضم کے نظام کو درست کرتا ہے۔ معدے کی تیزابیت کو ختم کرنے کے لیے اسے ہمیشہ غذا سے پہلے استعمال کرنا چاہیے۔ ذیابیطس کے مریضوں کے لیے ایک عمدہ غذا ہے ایسے مریضوں کو اس کے درخت کے پتے سایہ میں خشک کر کے استعمال کرانے سے ذیابیطس کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ بواسیر کے مرض میں فائدہ مند ہے۔ موسم گرما میں عموماً پیاس کو بڑھا دیتا ہے۔ گرمی کے موسم میں آڑو کے رس کا استعمال بہت عام ہے۔ منہ کی بدبو ختم کرنے میں بھی مفید ہے۔ اس کے درخت کے پتوں کا جوشاندہ استعمال کرنے سے پیٹ کے کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ اس کا چھلکا توانائی بخش ہے اس لیے ہمیشہ چھلکے سمیت استعمال کرنا چاہیے۔ گرم مزاج یعنی صفرادی لوگوں میں استعمال سے معدہ کی طاقت کو بڑھتا ہے اور اس کے استعمال سے بھوک بھی زیادہ لگتی ہے۔ ایسے بوڑھے لوگ جن کا معدہ کمزور ہو چکا ہو آڑو کو ہضم کرنے کے لیے شہد کے ہمراہ استعمال کریں۔ موسم گرما میں گرم مزاج والوں کے لیے یہ نعمت غیر مترقبہ ہے اور انہیں ضرور استعمال کرنا چاہیے۔ آڑو کو بھی دوسرے پھلوں کی طرح ہمیشہ پکا ہوا استعمال کرنا چاہیے جس آڑو کی گٹھلی آسانی سے نکل آئے وہ اچھا آڑو کہلاتا ہے۔ جن لوگوں کو بھوک کم لگتی ہے، اگر جگر کے افعال صحیح نہ کرتے ہوں اور چہرے کی رنگت زرد مائل ہو تو اس کا استعمال ایک مجرب نسخے سے کم نہیں۔ آڑو جلد کو صاف کرتا ہے۔ رنگت کو سرخ کرتا ہے اور گوشت پوست بنانے میں فائدہ دیتا ہے۔ الغرض یہ ایک مفید اور موسمی تقاضوں کا بھرپور آئینہ دار پھل ہے جس سے نہ صرف غذائیت حاصل ہوتی ہے بلکہ موسم کی شدت' گرمی کی دوا بھی ہے اور قدرت کاملہ کی اس صناعی کا استعمال نہ کرنا زیادتی ہے کیونکہ تازہ پھل اپنی صحت بخش تاثیر کے باعث مختلف اعضاء جسم پر مختلف اثر ڈالتا ہے مثلاً دماغ، دل، معدہ، جگر، اعصاب، جلد، آنتیں، گردے، خون، پھیپھڑے، دانت، مسوڑھے وغیرہ۔ الغرض پھلوں کی بے پناہ اہمیت وافادیت ہے۔ پھل ہماری صحت سے وابستہ ہیں۔ پھل ہر موسم کی زندگی ہیں۔ قوت اور غذائیت کا خزانہ بھی ہیں۔

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

## مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر لاتعداد مسلسل یَاسَلَامُ الْمُهَيْمِنُ الْقُدُّوْسُ پڑھیں، اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ "آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہو کر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کر رہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔ مراقبے کے تجربات ہمیں لکھنا نہ بھولیں۔

### نظر لگانے والے کی نظر بد ختم کا طریقہ

جس مرد یا عورت کی نظر لگتی ہو چاہے وہ جان بوجھ کر لگائے یا ویسے ہی لگ جائے تو ایسا مرد یا عورت جب سوئے ہوئے ہوں کوئی ایک آدمی یا دو تین افراد مل کر اس پر خاموشی سے نماز جنازہ پڑھ دیں اس کو پتہ نہ چلے نظر بد مر جائے گی۔ اس کے بعد اس مرد یا عورت کی نظر کسی کو نہ لگے گی چاہے ارادۃً لگائے۔ **قرض کی واپسی یا مشکل کام درپیش ہو:** اکتالیس بار سورۂ یٰسین کا ختم کرائے جو قرض نہ دیتے ہوں ان کے لیے دعا کروا دیں یا جو مشکل کام ہو اس کے لیے دعا کروا دیں اکتالیس دن کے اندر کام بن جائے گا۔ (محمد قربان، سعید آباد)

قوتی گولیاں خود کو شادی کے قابل نہ سمجھنے والوں کیلئے عبقری کا خاص تحفہ شوگر کے مریض استعمال کریں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔
بے طاقتی، بے رغبتی کیلئے قوت اور طاقت کا موجیں مارتا ہوا انوکھا سمندر
قوت وشباب کا بے بہا خزانہ خواتین ہوں یا مردان سب کیلئے قوتی گولیاں لاجواب علاج ہیں۔ ایک مرتبہ کا استعمال زندگی بھر کا فائدہ۔
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

کالے جادو سے تڑپتے سلگتے انوکھے خط اور شافی علاج | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے ڈسی دکھ بھری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو کے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن و سنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ فرد کا نام، موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

## غربت! چار بیٹیاں اور جہیز کی ڈیمانڈ!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا مسئلہ یہ ہے کہ میری پانچ بیٹیاں ہیں ایک کی شادی ہوگئی ہے اور باقی چار گھر پر ہیں‘ اللہ ان کے بہترین وسیلے بنائے اور وہ اپنے گھروں کی ہوجائیں‘ رشتہ دیکھنے والے آتے ہیں تو اکثر تو جہیز کی ڈیمانڈ کرتے ہیں‘ مجھ میں اتنی ہمت نہیں کہ جہیز دے سکوں۔ عبقری کے وظائف پڑھتی ہوں‘ جس سے ہمارے پہلے سے بہت حالات بہتر ہورہے ہیں۔ میرے میاں صاحب بھی بیمار ہیں ان کے لیے بھی دعا کریں اور میرے بچے پڑھائی میں دھیان نہیں دیتے ان کے لیے دعا کریں کہ وہ کامیاب انسان بنیں۔ بیٹیوں کے رشتے اچھے ہوجائیں اور جن کے ہاں اولاد نہیں انہیں اللہ اولاد دے۔ (ک۔ا)

جواب: وظیفہ یہ ہے:۔1۔صبح 313 بار اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ .2۔رات کو 313 بار یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ (بعد نماز عشاء) مقصد کا سخت تصور کرکے آپ اور آپ کے تمام گھر والے روزانہ پڑھیں۔

## وہم ستاتے ہیں! اولاد ہو کر فوت ہوگئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو اور آپ کے تسبیح خانہ کو سلامت رکھے‘ آپ یوں ہی دکھی انسانیت کی خدمت کرتے رہیں۔ میرا مسئلہ یہ ہے کہ میں اکثر بیمار رہتی ہوں مجھے اکثر وہم ستاتے ہیں کہ میں کسی بڑی بیماری میں مبتلا ہوگئی ہوں‘ سینے میں درد رہتا ہے‘ میرے ہاں اولاد نہیں ایک بچہ پیدا ہوکر فوت ہوگیا تھا اس کے بعد حمل ضائع ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے بہت پریشان رہتی ہوں گھر میں دل گھبراتا ہے ڈراؤنے خواب آتے ہیں اکثر روتی رہتی ہوں۔ (غلام خدیجہ، پوشیدہ)

جواب: آپ اور تمام گھر والے اَحَدٌ سَصَطَعٌ کَلْمُوْہٗ صبح و شام 313 مرتبہ اول و آخر درود شریف 7 مرتبہ وضو بے وضو پڑھیں اس کے علاوہ سارا دن کھلا پڑھیں، سوالاکھ مرتبہ پڑھیں۔ ایک سے کئی سوالاکھ کی تعداد بڑھائیں۔ عمل مستقل مزاجی سے کریں۔

## لکنت سے پریشان! روحانی علاج جان لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے لکنت کی شکایت ہے الفاظ ادا کرنے میں رکاوٹ ہوتی ہے گلہ بھی خراب رہتا ہے زکام بھی رہتا ہے قرآن حفظ کررہا ہوں سبق یاد ہوتا ہے لیکن روانی سے نہیں پڑھ سکتا۔ کوئی دوا بتائیں۔ اور کوئی وظیفہ بھی بتادیں تاکہ یہ مسئلہ حل ہوجائے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے۔ (محمد مصطفیٰ، پشاور)

جواب: آپ کیلئے آسان سا عمل ہے روزانہ پرندوں کو اپنی چھت یا کسی کھلی جگہ پر دانہ ڈالیں جہاں پرندے آتے ہوں۔ اس کے علاوہ سورۂ الم نشرح صبح و شام 313 مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف اور ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ پڑھیں۔ اس کے عبقری دواخانہ کا ’’شفاء حیرت سیرپ‘‘ اور ’’بنفشی قہوہ‘‘ لکھی گئی ترکیب کے ساتھ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

## بھائی کی نوکری اور ابو کی پریشانی

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! آج اپنا ایک مسئلہ لیکر حاضر ہوئی ہوں اور وہ مسئلہ بھائی کی نوکری کا ہے۔ میرے بھائی نے بہت ساری جگہوں پر اپلائی کیا مگر کہیں جاب نہیں ملتی تمام ٹیسٹ کلیئر ہوجاتے ہیں مگر پھر وہ لوگ بلاتے نہیں ہیں نہ کوئی ویزہ لگتا ہے نہ اپنے ملک میں کوئی جاب لگتی ہے جس کی وجہ سے امی اور ابو بہت پریشان رہتے ہیں‘ کوئی حل بتادیں۔ اس سے چھوٹے بھائی کا بھی مسئلہ یہ ہے کہ وہ پڑھائی پر دھیان نہیں دیتا زور زبردستی‘ لاڈ پیار سے سمجھا چکے ہیں‘ آٹھ کلاس میں پڑھتا ہے مگر بہت لاپرواہ ہے۔ (ہما صغیر‘ آزاد کشمیر)

مشورہ: آپ کے تمام گھر والے اور بالخصوص آپ کا بھائی نوکری کے لیے یہ عمل کرے ان شاء اللہ بہت جلد ان کو بہت اچھی جگہ نوکری مل جائے گی۔ عمل یہ ہے:۔ سورۂ والضحیٰ بمع بسم اللہ ایک بار‘ اول و آخر تین بار درود شریف اور سورۃ کے ہر ’’ک‘‘ پر 9 بار یَاکَرِیْمُ پڑھنا ہے۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد ایک بار یا صبح و شام ایک ایک بار کریں۔ اگر نماز فجر سے پہلے کرلیں تو زیادہ فائدہ ورنہ جس وقت کریں‘ جتنا زیادہ کریں گے اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔ سارا گھر کرے ورنہ جتنے زیادہ افراد کرسکیں کرسکتے ہیں۔ عمل کرتے ہوئے مقصد کا تصور کریں‘ نو مقاصد اکٹھے بھی تصور میں رکھ سکتے ہیں۔ عمل 9 دن کرنا ہے اگر کام نہ ہو تو پھر دوبارہ سے 9 دن کا عمل شروع کرنا ہے۔ اسی طرح 9،9 دن کا عمل کرتے رہیں۔ مزید چھوٹے بھائی جب بھی پڑھنے جائے تین مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ دم کردیا کریں۔

## جادو ہے یا جنات نے گھر ڈیرہ ڈال لیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! دو تین سال سے عبقری کا قاری ہوں۔ مسئلہ یہ ہے کہ سوتے ہوئے کبھی کبھی کوئی طاقت مجھ پر حاوی ہوجاتی ہے اور اس غیر مرئی چیز کی طاقت اتنی زیادہ ہوتی ہے کہ میں سوتے ہوئے بہت کوشش کے باوجود ایک بال کو بھی نہیں ہلاسکتا۔ یہاں تک آواز بھی نہیں نکال سکتا جب میں بہت کوشش کے باوجود آنکھ کھولتا ہوں تو کچھ بھی نہیں ہوتا ہے۔ گھر میں جھگڑے بہت زیادہ ہونا شروع ہوگئے ہیں‘ کسی نے بتایا کہ یہ جادو ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ آپ کے گھر جنات نے ڈیرہ ڈال لیا ہے۔ (ک، ڈیرہ غازی خان)

جواب: آپ تمام گھر والے ہر دو گھنٹے بعد گھر میں ’’الْحَسْبِتَمُ اور اذان کا عمل‘‘ کریں۔ دفتر ماہنامہ عبقری سے الْحَسْبِتَمُ اور اذان کے عمل کا میموری کارڈ منگوا کر اپنے گھر کے کسی کونے میں ہر وقت ہلکی آواز میں اس کی ریکارڈنگ چلائیں۔ الْحَسْبِتَمُ اور اذان کا عمل: اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں کندھوں پر دم کرلیں یہ عمل باوضو اور پاک حالت میں کریں۔

اصلاح معدہ وجگر پیکیج (پنساری کی دکان پر ملیں گے)
معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کرکے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔
معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج
معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا
قیمت صرف -/440 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

www.ubqari.org

## جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

**پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں:** ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام' موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

### ڈاکٹر کا جواب! آپ کے شوہر باپ نہیں بن سکتے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو سات سال ہوگئے ہیں میرے خاوند کے سپرم بہت کم ہیں' ہم نے جہاں سے بھی چیک کروایا تو ڈاکٹرز نے جواب دے دیا کہ سپرم نہ ہونے کے برابر ہیں کہ اولاد ہو ہی نہیں سکتی پھر ہم نے ایک جگہ سے ہربل علاج کروایا تو صرف ایک ماہ دوا کھائی تو اللہ کریم نے امید لگا دی اور پانچ سال بعد ایک بیٹے سے نوازا۔ اب ہم نے پھر چیک کروایا اور اسی جگہ سے دوبارہ دوا لی مگر دو سال ہوگئے ہیں پھر سپرم کا ہی مسئلہ آرہا ہے۔ براہ مہربانی کوئی دوائی دیں اللہ پھر اپنا کرم فرما دیں۔ (ف، سرگودھا)

**مشورہ:** آپ عبقری دواخانہ کا ''بے اولادی کورس'' اپنے شوہر کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ دو سے تین کورس استعمال کروانے کے بعد اپنے شوہر کے ٹیسٹ کروائیے ان شاءاللہ آپ کو مثبت رپورٹ ملے گی۔ چند ہفتے ضرور استعمال کروائیے گا۔

### بڑی آنت (کانچ) کا باہر نکلنا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری عمر 35 سال ہے غیر شادی شدہ ہوں میرا مسئلہ ہے کہ عرصہ پندرہ سال سے مجھے مرض کانچ نکلنا جس میں حاجت کے دوران بڑی آنت یعنی مقعد کا کچھ حصہ باہر نکل آتا ہے میں مبتلا ہوں۔ ڈاکٹرز آپریشن کا مشورہ دیتے ہیں کبھی کبھار قبض کی شکایت بھی ہو جاتی ہے کمزوری بہت ہے۔ کوئی عمل یا نسخہ ہو تو رہنمائی فرمائیں۔ (م، ع۔ ملتان)

مشورہ: دوران پاخانہ بڑی آنت کا باہر نکل آنا بڑا تکلیف دہ مرض ہے۔ اس مرض کو دور کرنے کیلئے آپ اپنی غذا میں ٹھنڈی اشیاء کا استعمال بڑھائیے' نرم غذا کھائیے' مرچ مصالحہ اور تلی ہوئی اشیاء سے پرہیز کیجئے۔ موسمی پھل دل بھر کر کھائیے' سبزیوں کا استعمال بڑھائیے اور اس کے ساتھ عبقری دواخانہ کا سفوف ''ٹھنڈی مراد'' اور ایک معجون ''ستر شفائیں'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق مستقل مزاجی سے استعمال کیجئے۔ ان شاءاللہ چند ہفتوں میں ہی آپ اس تکلیف دہ مرض سے نجات پالیں گے۔

### بچپن کا ٹائیفائیڈ بخار

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے بچپن میں کئی بار ٹائیفائیڈ بخار ہوا تھا اب میری عمر 32 سال ہے دو سال پہلے میں سفر میں تھا کہ مجھے پھر بخار ہوگیا۔ چار پانچ بار گولیوں اور انجکشن کا کورس کیا بڑی مشکل سے بخار اترا۔ اب میری کیفیت یہ ہے کہ ہلکا بخار محسوس ہوتا ہے ہڈیوں میں درد رہتا ہے، کمزوری اتنی ہے کہ پانچ کلو وزن اٹھا کر چلوں تو تھک جاتا ہوں۔ گردوں میں پتھری ہے معدہ کی صلاحیت ختم ہو چکی ہے جو کھاتا ہوں نکلتا نہیں ہے۔ جلاب بھی لے لوں تو جلاب نہیں لگتے۔ سینہ بچپن سے خراب ہے نزلہ اندر گرتا ہے سینے میں ایسے لگتا ہے زخم ہوگئے ہیں دل کی دھڑکن تیز رہتی ہے۔ جگر میں بہت گرمی ہے ٹھنڈی چیز کھاؤں تو سینہ میں درد ہوتا ہے گرم کھاؤں تو جگر میں گرمی محسوس ہوتی ہے۔ (محمد قربان، سعید آباد)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کے تین سفوف ''جوہر شفاء مدینہ' ٹھنڈی مراد اور روحانی پھکی'' لیکر ایک جار میں مکس کر کے رکھ لیں۔ روزانہ صبح سے لیکر رات سوتے وقت تک ہر گھنٹے بعد ایک چائے کا چمچ تازہ پانی کے ساتھ اس سفوف کو کھائیں اور یہ عمل کم از کم تین سے چار ماہ مسلسل کریں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''فٹنس فولاد ٹانک'' ایک گلاس دودھ میں دو چمچ ڈال کر صبح و شام ضرور پئیں۔ ان شاءاللہ آپ اس نامراد مرض سے چھٹکارا پالیں گے۔

### بیماری نے ذہنی سکون ختم کر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ کو عمر دراز عطا فرمائے اور آپ کو محتاج خلقت کے لیے وسیلہ خیر و برکت بنائے اور آپ کی آل اولاد اور نسلوں کی حفاظت فرمائے آمین۔ مجھے بھی کافی عرصے سے ایک مسئلہ درپیش ہے مسئلہ کچھ یوں ہے کہ مجھے پیشاب بار بار آتا ہے اور پیشاب کرنے کے بعد پیشاب کے چار یا پانچ قطرے خارج ہو جاتے ہیں دن کو سات یا آٹھ مرتبہ اور رات کے وقت تین یا چار دفعہ پیشاب کرنے کے لیے اٹھنا پڑتا ہے۔ جس کی وجہ سے نیند پوری نہیں ہوتی اور کپڑے ناپاک رہتے ہیں جس کی وجہ سے نہ تو نماز پڑھنے میں اور نہ کسی کام میں دل لگتا ہے۔ ذہنی سکون ختم ہوگیا ہے۔ (اجمل حق، جہلم)

مشورہ: آپ یہ نسخہ استعمال کریں پیشاب کی جلن' قطرہ قطرہ آنا' پیشاب کی رکاوٹ' پیشاب سے پہلے یا بعد قطروں کا گرنا' پیشاب کی زیادتی حتیٰ کہ پتھری کیلئے بھی۔ ان سب عوارضات کیلئے یہ ایک نہایت مفید اور موثر دوائی ہے۔

ھوالشافی: پھٹکڑی خام یعنی پھول نہ کریں بلکہ اصلی حالت میں 10 گرام' کباب چینی 100 گرام دونوں نہایت باریک کر کے پیس لیں۔ چوتھائی چھوٹا چمچ دن میں 4 بار یا حسب ضرورت 6 بار کچی لسی یا پانی کے ہمراہ دیں۔ بس ایک احتیاط لازم اور نہایت توجہ طلب ہے اس وقت کباب چینی کی بجائے ایک اور دوائی ہے۔ اصلی کباب چینی کی نشانی یہ ہے کہ اس کے ساتھ ڈنڈی ہوگی یہ کالی مرچ کی طرح کے بیج ہوتے ہیں اگر ڈنڈی نہ ہو تو ہرگز ہرگز نہ لیں۔

### مہروں کا درد

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے اور میری بیٹی کے سر کے بال بہت زیادہ گرتے ہیں۔ دو ماہ پہلے میرا مس کیرج ہوا تھا اس دوران ہی میرے ایک مہرے سے ہلکی ہلکی ٹیس اٹھنا شروع ہوگئی اس سے پہلے زندگی میں کبھی نہیں ہوا بعد میں اس مہرے پر ہلکا سا ہاتھ بھی لگ جاتا تو بہت درد ہوتی اب تو مہرے کے ساتھ والی پسلیوں سے بھی درد نکلتا ہے تھوڑا سا اوپر نیچے ہونے سے بہت تکلیف نکلتی ہے۔ میں بہت زیادہ پریشان ہوں۔ (پوشیدہ، لاہور)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ''کمر درد کورس'' اور ''کراماتی تیل'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کیجئے۔ اس کے علاوہ بالوں کے مسائل کیلئے عبقری دواخانہ کا ''طب نبوی ہیئر آئل'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کیجئے۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے
دانے' کیل مہاسے' چھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہو جانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ

میری زندگی کیسے بدلی؟

# انوکھی کتاب! جس جس نے پڑھی! زندگی بدلتی گئی!

قارئین! حضرت جی کے درس، موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں' روز سنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کتابیں پڑھنے کا مجھے بچپن سے شوق تھا بک سٹال سے ایک کتاب خریدی ''جادو، جنات اور سائنس'' جس کے مصنف جناب محترم ڈاکٹر طارق محمود چغتائی صاحب ہیں۔ اتنی معیاری اور دلچسپ کتاب میں نے کبھی نہیں پڑھی تھی۔ وہ میں نے رات بھر میں ختم کرلی میں نے سوچا اس کے لکھنے والے سے ضرور ملوں گا۔ صبح میرے کمرے میں وہ کتاب بھائی نے دیکھی وہ اٹھا کر لے گئے اور آفس میں پڑھتے رہے وہیں سے ان کے کولیگ نے لے لی اور آج تک واپس نہ کی۔ پھر میں بیمار ہوگیا اور مصائب میں گھرتا چلا گیا اتنا پریشان ہوگیا کہ اگر اسلام میں خودکشی حرام نہ ہوتی تو میں ضرور مرجاتا لیکن میرا بڑا بھائی مجھے کہتا کہ اس کتاب کے منصف سے ضرور ملو تم ٹھیک ہوجاؤ گے۔ پھر کتابوں کی دکان پر ماہنامہ عبقری دیکھا تو پڑھتا چلا گیا اور میری خوشی کی انتہا نہ رہی کہ اس کے مصنف ڈاکٹر طارق محمود چغتائی صاحب ہیں گھر پر میں نے اپنی بیوی سے مشورہ کیا اور ہم نے فون کرکے ملنے کا وقت لے لیا۔ ہمارے خیال میں تھا کہ جناب ڈاکٹر صاحب بہت بوڑھے اور ضعیف بزرگ ہوں گے لیکن جب ہم ملے تو حیران کہ یہ تو جوان ہیں اور اللہ تعالیٰ نے اتنی عزت دی ہوئی ہے۔ جناب محترم ڈاکٹر طارق محمود صاحب ہمیں بڑی شفقت سے ملے مجھے اور میری بیوی کو وظائف دیئے دوائی بھی دی۔

آپ نے مجھے یہ وظائف عنایت فرمائے: ''سو مرتبہ آیت کریمہ ایک روٹی پر دم کرکے کھانا' انڈے پر چالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرکے توڑنا اور اذان کا عمل'' چالیس دن کا عمل بتایا پہلے بیس دنوں میں ہی میں 80% ٹھیک ہوگیا۔ چالیس دن پورے ہونے والے تھے کہ میرے دل میں یہ بات آئی جو عمل انہوں نے بتایا ہے میں اس سے ٹھیک ہوا ہوں یا دوائی سے شیطانی خیال آیا۔ میں گھر سے دور تھا کوئی سواری نہ تھی نماز مغرب کا ٹائم تھا ہمارے سامنے نئی بس کھڑی تھی اس کا مالک آنے کے لیے تیار نہ تھا' میں نے تصور کرکے عمل شروع کیا تو وہ بس کا مالک اور ایک نامور وکیل میری طرف دوڑے کہ سر ہمارے ساتھ چلیں گے تو میں نے کہا بیٹے نماز پڑھوں گا تو پھر جاؤں گا تو وہ خوشی سے میرے ساتھ مسجد کی طرف چل پڑے۔ میں نے باجماعت نماز ادا کی۔ بیس منٹ قرآن پاک پڑھا۔ وہ میرا انتظار کرتے رہے پھر عزت سے مجھے میرے گھر چھوڑ گئے' راستے میں کبھی میرا ہاتھ چومتے اور کبھی خوشامد شروع کرتے' پھر جب چالیس دن عمل کے پورے ہونے والے تھے تو میرے پاس پیسے تھے لیکن دل میں یہ خیال آیا کہ اگر حکیم طارق صاحب کا پیغام سچا ہے تو مزید پیسے آئیں گے تو پھر جاؤں گا۔ یہ بات سوچ رہا تھا اور دفتر میں اپنی سیٹ پر بیٹھا ہوا تھا۔ آفیسر میرے بڑے مخالف تھے۔ میرے سامنے میرا باس بیٹھا تھا۔ مجھے گھورتے ہوئے بولا کہ تم نے پچھلے ساڑھے تین سال سے اپنا الاؤنس نہیں لیا فوراً دستاویزات مکمل کرکے دو اور اپنے پیسے لو۔ باس نے خود ہی مکمل کرکے کہا کہ شرم کرو اپنا حق بھی نہیں لے سکتے اور زبردستی مجھے -/4400 روپے دلوائے اور میں دل میں وہی عمل دہرا رہا تھا۔

# جو مجھ پر جادو کرواتے اب مجھے جادوگر کہتے ہیں!

پھر شیخ الوظائف سے ملاقات ہوئی انہوں نے دو ماہ کے بعد مزید آنے کا کہا ان کا پرنور چہرہ اور شفقت والا ہاتھ مجھے نہیں بھولتا۔ عمل جاری رہا دفتر گھر سے 70 کلومیٹر دور تھا بس پر آتا جاتا تھا ایک دن واپسی پر بس پر سوار ہوا تو میرا بھائی میرے ساتھ بیٹھا تھا۔ میرے دل میں آیا کہ بھائی آج ہم غلط بس پر بیٹھ گئے ہیں اس کا ایکسیڈنٹ ہوسکتا ہے میں نے خوفزدہ ہوکر عمل شروع کردیا اور اپنی ٹانگیں اوپر کرلیں' مجھے نیند آگئی ہماری بس دوسری سمت سے آنے والے ٹرالے سے بچتی ہوئی سڑک سے نیچے اتر گئی اور الٹتے الٹتے زمین میں دھنس گئی چیخ وپکار شروع ہوگئی تو میں اور تمام مسافر محفوظ رہے میں نے توبہ کی۔ ابھی وظیفے کے دن پورے نہیں ہوئے تھے کہ میں اور میرا بھائی دفتر سے بس پر واپس آرہے تھے بس کا ڈرائیور بڑی لاپرواہی سے گاڑی چلا رہا تھا ڈرائیور نوجوان لڑکا تھا میں نے دل میں عمل شروع کردیا 20 کلومیٹر کے بعد اس نے گاڑی روکی جیسے ہی اس نے گاڑی روکی اسے دل کا دورہ پڑا ڈرائیور کو اٹھا کر پیچھے سیٹ پر بٹھایا اور دوسرے آدمی نے گاڑی چلا کر منزل مقصود پر پہنچایا میں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ اب وظیفے کے دن پورے ہوگئے اور مجھے حکیم صاحب سے ملنے لاہور آنا تھا میں نے لاہور کے لیے چھٹی مانگی تو باس ناراض ہوگیا میں خاموش ہوگیا اور عمل شروع کردیا کچھ ہی دیر بعد باس غصے سے آیا کہ یہ تمہارے الاؤنس کے چار ہزار ہیں اور لاہور چلے جاؤ بلکہ فون پر میری سیٹیں خود ہی بک کروادیں اور کہا کہ فوراً چلے جاؤ اور میں نے روحانی طور پر حکیم صاحب سے رابطہ کیا ہوا تھا۔ اب دفتر والے مجھ پر جو ناجائز عمل کرواتے تھے مجھے کچھ نہیں ہوتا بلکہ انہوں نے تو یہ کہنا شروع کردیا کہ یہ جادوگر ہے اس سے بچو۔ میرے بہت سے مخالفین ہیں اور اس عمل کی بدولت سے مجھے خواب میں سب چیزیں نظر آگئیں کہ کس نے مجھ پر جادو کیا ہے اور کیوں کیا ہے۔ واضح طور پر یہ بھی بتایا گیا کہ کس چیز میں ملا کر کھلایا گیا ہر چیز واضح نظر آگئی۔ مجھے بزرگوں کی زیارتیں بھی ہوئیں ہیں اور سب سے بڑی نعمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے دوبارہ صحت کاملہ عطا کی ہے۔ اب بھی دشمن مجھ پر وار کرتے ہیں مگر مجھے تھوڑی سی تکلیف آتی ہے اور پھر ٹھیک ہوجاتا ہوں اس عمل کے دوران ہر وقت جو شیطان جنات آتے ہیں مجھے واضح نظر آتے ہیں وہ مجھ پر حملہ کرتے ہیں لیکن محترم حکیم طارق محمود کے روحانی ہاتھ کی وجہ سے مجھے کچھ نہیں ہوتا اور آخر میں میں ان ظالم عاملوں اور لوگوں سے یہ کہنا چاہتا ہوں اللہ تعالیٰ کے قہر سے ڈریں اور جادو نہ کریں اور نہ کروائیں۔ لوگوں سے حسد نہ کریں بلکہ اللہ تعالیٰ سے مانگیں جو سب کو دیتا ہے۔ اور اس پرآشوب دور میں حکیم طارق صاحب نے جہاد کا علم بلند کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو کامیابی دے۔ اللہ تعالیٰ حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل بیت کے صدقے شیخ الوظائف کو دنیا اور آخرت میں کامیابی وکامرانی عطا فرمائے اور ہر لمحہ اپنے حفظ وایمان میں رکھے اور ہمیں بھی تندرستی اور ایمان عطا فرمائے۔ (آمین)۔ (محمد فاروق، حاصل پور)

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سوفیصد شفاء
ستر شفائیں
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج (قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# تم نے مجھ پر جادو کر دیا، میرا درد ختم!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کراچی میں واقع ایک فارن مشن کا ریٹائرڈ ملازم ہوں میرا تعلق ٹرانسپورٹ سیکشن سے تھا جسے موٹر پول کہا جاتا تھا۔ ہمارے موٹر پول سپروائزر کا نام وکٹر ٹم تھا جو کہ اینگلو انڈین تھا۔ ایک دن میں صبح جب اپنی ڈیوٹی پر موٹر پول پہنچا اور جیسے ہی دروازے سے اندر داخل ہوا تو وکٹر ٹم کی چلاتی ہوئی آواز سنائی دی او بھائی سوری صبح سے میرے سر میں شدید درد ہو رہا ہے۔ ایک ٹیبلٹ بھی کھا چکا ہوں لیکن درد کم نہیں ہوا تم تو مولوی ہو (باریش ہونے کی وجہ سے اس نے کہا) ذرا دم تو کر دو“۔ میں نے اسے بہت ٹالنا چاہا مگر اس نے میرا پیچھا نہ چھوڑا ناچار میں اس کی طرف متوجہ ہوا اور دل میں اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کے دعا کی کہ اس شخص نے مجھے امتحان میں ڈال دیا ہے یارب میری لاج رکھ لے‘ پھر میں نے اس کا ماتھا پکڑا اور چاروں قل پڑھ کر دم کر دیا۔ اچانک اس نے اُچھل کر میرا ہاتھ پکڑ لیا اور بولا ”تم نے تو مجھ پر جادو کر دیا درد کا نام تک نہیں رہا“۔ میں نے اسے بتایا ”یہ جادو نہیں قرآن کریم کی سورتیں پڑھی ہیں“۔ الحمدللہ میرے رب نے کیسے وقت میں میری دعا قبول کی اور ایک غیر مسلم کے آگے مجھے سرخرو کیا۔ بے شک اس کریم رب کو جب بھی یقین توجہ اور دھیان سے پکارا جائے وہ سنتا ہے۔ (محمد یعقوب سوری، راولپنڈی)

# نسلیں ایسی کامیاب کہ لوگ مثالیں دیں! لاجواب دعا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج میں قارئین عبقری کیلئے ایک ایسی مسنون دعا اور اس کا مشاہدہ لے کر حاضر ہوا کہ جو نسلوں کو بخت لگانے والی کامیاب دعا ہے۔ حضرت احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ بہت بڑے اللہ والے گزرے ہیں ان کے بیٹے مولانا حبیب وہ سعودی عرب میں رہتے تھے‘ وہ اپنے والد کی بالکل کاپی تھے اور ان کے بارے میں مشہور تھا کہ یہ تھرمامیٹر ہیں یعنی حرام حلال ایک پل میں بتا دیتے ہیں۔ کسی نے حضرت لاہوری رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ حضرت آپ کی اولاد اتنی نیک، درویش اس کی وجہ؟ فرمایا ”حلال کھلایا“ اور ہر نماز کی التحیات میں ”رَبِّ اجْعَلْنِی “ کے بعد یہ دعا پڑھی۔ ”رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا“ (الفرقان 74)۔ یہ دعا کو اس یقین کے ساتھ پڑھیں کہ مولا اگر میرے بیٹے، بیٹی یا میرے گھر میں کسی فرد پر کوئی آفت آئے یا کوئی پریشانی، آزمائش آئی تو اللہ میری آنکھوں کو ٹھنڈک تو نہ پہنچی تو مولا ایسا فرما دے کہ آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچا دے۔ ہمیشہ مزدور کو مزدوری پہلے ملتی ہے یا آخر میں ملتی ہے؟ ظاہر ہے آخر میں دی جاتی ہے اور التحیات یہ آخری لمحہ ہوتا ہے عبادت کا اور اللہ پاک نے فرمایا اب التحیات میں بیٹھا ہے یوں سلام پھیرے گا اور اس کا مجھ سے گفتگو کا جو سلسلہ ہے ختم ہو جائے گا اور یہ دنیا میں گم ہو جائے یا کسی کام میں گم ہو جائے، چلو اس کو مزدوری دے دو یہ التحیات آخری لمحہ ہے مزدوری پانے کا کتنا بڑا نکتہ ہے۔ التحیات میں دعاؤں کا اہتمام کیا کریں۔ اس دعا سے آنکھیں ٹھنڈی ہوتی ہیں اس دعا سے نسلوں میں صلاحیت پیدا ہوتی ہے اور اللہ غیب کے خزانوں سے صالح اور صلاحیت پیدا کرتا ہے اور ایمان پیدا کرتا ہے اور نسلوں میں اللہ پاک ایسی نعمتیں دیتا ہے کہ نسلیں زندگی کے مسائل میں اٹکتی نہیں، بھٹکتی نہیں اور دلوں میں کھٹکتی نہیں۔ کیوں؟ اللہ پاک نے اس دعا میں وعدہ کیا ہے کہ میں تمہاری بیوی اور اولادوں کو تمہارے لیے ٹھنڈک بناؤں گا۔ ٹھنڈک اس وقت بنے گی جب یہ مسائل نہیں ہوں گے۔ (حضرت لاہوریؒ نے مزید فرمایا) میرے پاس کئی کیس آئے کہ میاں بیوی کی ازدواجی زندگی میں مسائل ہیں محبت کی کمی ہے انکی شکایت تھی میں نے کہا اس دعا کا اہتمام کرو اور کثرت سے پڑھو جب پڑھا تو ازدواجی زندگی کی شکایت دور ہو گئی۔ تلخیاں محبت میں تبدیل ہو گئیں اس دعا میں یہ بھی تاثیر ہے انوکھی تاثیر ہے میرے استاد فرمانے لگے کہ بھائی اس دعا کو ہر نماز کے بعد بھی اہتمام سے تین مرتبہ اللہ سے مانگا کرو‘ مانگتے وقت گھر والی اور بچوں کا تصور کیا کرو۔ یہی بات اپنی گھر والی کو بھی بتاؤ کہ وہ بھی ہر نماز کے بعد یہی کام کیا کرے پھر دیکھو گھر کی زندگی کیسے بدلتی ہے۔ (حوالہ جات: (۱) سوانح حیات حضرت لاہوریؒ صاحب، (۲) بکھرے موتی ج ۵ ص ۵۲۰، مؤلف: حضرت مولانا محمد عمر پالن پوریؒ)

# پاگل پن! وکیل کی انوکھی وصیت

مولانا وحید الدین خان

ایک لطیفہ ہے کہ کسی وکیل صاحب نے قانون کی پریکٹس میں کافی پیسہ کمایا تھا۔ جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے وصیت نامہ لکھوایا۔ اپنی وصیت میں انہوں نے کہا تھا کہ میری ساری دولت اور جائیداد میرے مرنے کے بعد پاگل لوگوں میں تقسیم کر دی جائے کسی نے اس کار خیر کی وجہ پوچھی تو وکیل صاحب نے جواب دیا: ”میرے پاس جو کچھ ہے وہ پاگلوں ہی سے تو مجھے ملا ہے“

یہ ایک حقیقت ہے کہ ”قانون“ کا کاروبار پاگل انسانوں کے ذریعہ دنیا میں قائم ہے۔ آدمی انتقام کے جوش میں آ کر کسی کو قتل کر دیتا ہے۔ کوئی شخص کسی کی جائیداد ہڑپ کر لیتا ہے کوئی حسد اور بغض کا شکار ہو کر کسی کو پریشان کرنا چاہتا ہے اور اپنے آپ کو بے بس پا کر اس کو عدالت کے شکنجہ میں الجھانے کے لیے اس کے اوپر جھوٹے مقدمے قائم کرتا ہے یہی وہ لوگ ہیں جن کے ذریعہ وکیلوں کی تجارت قائم ہے۔

اس قسم کے لوگ اگرچہ خود کو عاقل اور ہوشیار سمجھتے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ وہ بدترین قسم کے پاگل ہیں۔ عام پاگل صرف اپنے لیے پاگل ہوتے ہیں مگر یہ ہوشیار پاگل اپنے ساتھ ساری انسانیت کے لیے پاگل ہیں۔ ان کی آخری سزا اگرچہ خدا کے یہاں ملے گی مگر اکثر ایسا ہوتا ہے کہ موجودہ دنیا میں بھی بالآخر وہ عبرت ناک انجام کا شکار ہوتے ہیں جس انسان کو انہوں نے اپنے پاگل پن کا شکار بنانا چاہا تھا وہ تو خدا کی مدد سے محفوظ رہتا ہے مگر یہ لوگ خود اسی گڑھے میں داخل کر دیئے جاتے ہیں جہاں اور دوسروں کو داخل کرنا چاہتے تھے۔ ہر آدمی جو کچھ کرتا ہے اپنے فائدہ کے لیے کرتا ہے۔ اپنا فائدہ انسان کا سب سے بڑا معبود ہے۔ آدمی اگر معتدل حالت میں ہو تو وہ کبھی جان بوجھ کر ایسی کارروائی نہیں کرے گا جو اس کو خود اپنے نقصان کی طرف لے جانے والی ہو مگر غصہ اور انتقام وہ چیزیں ہیں جو آدمی کو اندھا کر دیتی ہیں۔ وہ دوسرے کی ضد میں ایسی کارروائیاں کرنے لگتا ہے جس کا نقصان بالآخر خود اسی کو اٹھانا پڑے۔ ایسی ہر کارروائی یقینی طور پر پاگل پن ہے معروف پاگل اگر طبی پاگل ہوتے ہیں تو ایسے لوگ نفسیاتی پاگل۔

خون افزاء ٹانک

خون بنانے والی گولیاں

☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے‘ جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ‘ اسٹریس‘ ڈیپریشن کا چند ڈبیوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔

قیمت:- 120/ روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# خوشگوار سسرال! یقین نہ آئے تو عمل کر کے دیکھئے!

عروج زہرہ، کاموکے

## شادی ایک اہم فریضہ

شادی کی بروقت ادائیگی پر والدین ہی نہیں خدا بھی خوش ہوتا ہے۔ یہ ایک ایسا مذہبی و سماجی معاہدہ ہے جو دو دلوں کے درمیان ہی نہیں دو خاندانوں کے درمیان طے پاتا ہے۔لہٰذا شادی محض دو افراد ہی نہیں بلکہ دو خاندانوں کے مابین باہمی تعلقات استوار کرتی ہے اور ان تعلقات کو نباہنے کے لیے بسا اوقات پھولوں کی سیج سے ہوتے ہوئے کانٹے بچھے فرش پر چلنا پڑتا ہے۔شرمایا شرمایا سجا سنورا سا روپ لے کر جب نئی نویلی دلہن پیا کے آنگن کی دہلیز پار کرتی ہے تو اس کے ہاتھوں میں رچی مہندی، کلائیوں میں سجی چوڑیاں اور جھکی پلکوں تلے ہزاروں خواب بھی اس کے ساتھ ہی یہ دہلیز عبور کرتے ہیں۔ نرمل، کومل روپہلے خوابوں کی تکمیل ہی اس کی زندگی دلکش و رنگین بناتی ہے۔کامیاب ازدواجی زندگی کی بنیادوں پر ہنستے بستے گھروں کی تعمیر ہوتی ہے۔لیکن کبھی آپ نے سوچا کہ ان ہنستے بستے گھروں کی عمارتیں کھوکھلی کیوں ہونے لگتی ہیں؟ صرف اور صرف ہمارے اپنے رویوں کی وجہ سے۔کڑوے کسیلے، خشک بے زار اور چبھتے ہوئے رویے ہماری خوشیوں کو دیمک کی طرح چاٹ جاتے ہیں ہر عمل کا ردعمل ہوتا ہے۔ بے زار کن رویے، چبھتی ہوئی باتیں، طنزو تحقیر بھرا انداز اور روکھے پھیکے لہجے کس کو اچھے لگتے ہیں؟

## شادی دو دماغوں، دو نظریات کی ہم آہنگی کا نام

ازدواجی زندگی کی بڑی بڑی کامیابیاں چھوٹی چھوٹی بے ضرورتوں میں پوشیدہ ہوتی ہیں۔ ہم دوسروں پر توجہ کریں ان کی تکلیف کو محسوس کریں ان کی خوشیاں شیئر کریں تو جواب میں یقیناً ہمیں بھی یہی سب ملے گا۔اگر آپ کہیں جانے سے پہلے اپنی ساس صاحبہ سے صرف اتنا پوچھ لیں کہ امی میں فلاں جگہ پر چلی جاؤں تو یہ چھوٹا سا جملہ آپ کے باہمی تعلقات کو انتہائی خوشگوار بنا دے گا۔اپنی نندوں کے بنائے ہوئے ملبوسات کی، کھانوں کی تعریف کریں۔ ساس کے سلیقے و سگھڑاپے کو سراہیں۔ سسر کی ضرورتوں کا خیال رکھیں۔گھر والوں کی چھوٹی چھوٹی باتوں کو انجوائے کریں اور معمولی لاپرواہیوں کو نظر انداز کریں۔شادی شدہ نند کی آمد پر نہ صرف مسکراتے چہرے سے ان کا استقبال کریں بلکہ کھانے پر تھوڑا سا اہتمام بھی کر لیں خواہ ایک سویٹ ڈش ہی بنا لیں۔ سسرالی رشتے داروں کے ساتھ کبھی اپنے گھر کا کوئی معاملہ ڈسکس نہ کریں۔گھر میں کوئی مسئلہ درپیش ہو تو بلاوجہ مت بولیے، پہلے تمام افراد کی رائے بغور سنیں اور پھر اگر آپ سے مشورہ طلب کیا جائے تو نپے تلے الفاظ میں اپنی رائے اظہار کریں۔مگر اس طرح کہ آپ کے الفاظ کسی کو بھی ناگوار نہ گزریں۔اگر آپ کچھ دیر کے لیے میکے گئی ہیں اور وہاں پر ایک آدھ دن رکنا پڑ جائے تو فون کر کے گھر میں اطلاع ضرور کر دیجئے۔شوہر کے آفس جانے کی تمام تیاری رات کو ہی مکمل کر لیں تا کہ صبح ناشتے پر افراتفری کا عالم نہ ہو۔خود کو کبھی غیر شادی شدہ نندوں کے ساتھ موازانہ مت کریں کہ بہر حال آپ اس گھر کی بہو ہیں اور وہ بیٹیاں۔ یہ وہ چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں جن میں آپ کی خوشیوں کے راز پنہاں ہیں۔

یاد رکھئے شادی ایک فریضہ، ایک ذمہ داری کا نام ہے اور جس نے یہ ذمہ داری احسن طریقے سے نباہ لی اس کے لیے زندگی انتہائی سہل و خوبصورت ہو جاتی ہے یقین نہ آئے تو ہماری باتوں پر عمل کر کے دیکھ لیجئے!

# شادی ایک مذہبی فریضہ! مذاق نہیں ہے!

شادی ہمارے آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سنت ہے مگر آج کل اس فریضے کو سفید پوش لوگوں کے لیے زحمت بنا کر رکھ دیا صاحب حیثیت لوگوں نے جو آئے روز اس ضمن میں نئی نئی رسمیں اور ریتوں کو رواج دے رہے ہیں۔ پچھلے دنوں ایک ملنے والی خاتون نے بتایا کہ ان کے پڑوسی نے اپنی بیٹی کی شادی پر 80 لاکھ خرچ کیے جن میں سے 70 لاکھ مالیت کا زیور و سامان وغیرہ تھا اور ایک لاکھ ڈیکوریشن پر خرچ کیا گئی دن تک لائٹیں روشن رکھیں' پوری گلی میں چراغاں کا سا گمان ہوتا تھا رات میں دن محسوس ہوتا اگر یہی روپیہ کسی غریب کو دے دیتے تو اللہ تعالیٰ بھی خوش ہو کر بندے سے تکلیفیں دور کر دیتے دھوم دھام سے شادی کرنے کے بعد چوتھے ہی دن ہارٹ اٹیک کی وجہ سے ہسپتال جا پہنچے اور اب خاندان والے کہتے پھر رہے ہیں کسی کی نظر لگ گئی ہے سو سجن سو دشمن آفرین ہے ایسی سوچ پر ایک لمحے کے لیے ابھی بھی یہ نہیں سوچ رہے کہ اگر کچھ پیسہ غریبوں پر خرچ کر دیا جاتا تو شاید بدنظر کا شکار نہ ہوتے مگر سادگی تو مفقود ہے پچھلے دنوں میں خود ایک ملنے والی خاتون کے اکلوتے بیٹے کی شادی میں شریک تھی۔مہندی پر وہ ہلہ گلہ کہ الامان الحفیظ لڑکے کی بہنوں نے اسٹیج پر ڈانس پیش کیا۔ دوسرے دن بارات تقریباً دو گھنٹے لیٹ ہوگئی۔ لڑکی والوں نے مقامی مسجد (عید گاہ) میں انتظام کیا ہوا تھا پونے چار بجے بارات وہاں پہنچی بینڈ والے بینڈ بجانا شروع ہوئے تو عصر کی اذان ہونے لگی لڑکی کی طرف سے ایک بزرگ نے کہا اذان ہو رہی ہے بند کر دیں تھوڑی دیر بعد اذان ختم ہو گئی تو وہ پھر شروع ہو گئے مسجد میں نمازیوں کی آمد شروع ہو گئی۔ ان لوگوں نے پھر کہا کہ بند کر دیں نماز کا وقت ہو گیا ہے تو لڑکے کی بہن بولی اذان ہو رہی ہے یا نماز کا وقت ہے تو پھر کیا ہوا۔اذان اور نماز تو روز ہی کا معمول ہے ہمارا ایک ہی بھائی ہے اور اس کی ایک ہی دفعہ شادی ہونی ہے، ہم اپنے شوق نہ پورے کریں۔اس بات سے ان میں تکرار ہو گئی اور جھگڑے کی شکل اختیار کر لی بہر حال مولوی صاحب اور دیگر معزز نمازیوں نے بات ختم کروائی۔ مجھے اس بات کا اتنا ملال ہوا کہ بیان نہیں کر سکتی ایسی ذہنیت پر اب کیا کہوں۔ولیمہ مقامی ہوٹل میں تھا اور جو کچھ وہاں ہوا بیان سے باہر ہے اور ہم خود ہی انہیں وہاں چھوڑ کر واپس گھر آ گئے جانا بھی ضروری تھا تعلقات ہی ایسے ہیں جتنی بدمزہ میں ہوئی شاید ہی کوئی ہوا ہو گا کیونکہ باقی سب لوگ تو بہت انجوائے کر رہے تھے۔ میں اور تفصیل میں جائے بغیر صرف یہ کہوں گی کہ قصور نہ میڈیا کا ہے نہ ہی رسموں کا بلکہ زیادہ قصور مرد حضرات کا ہے جن کی عقلوں پر پردہ پڑ گیا ہے اور ان کی آنکھوں پر پٹی بندھ گئی ہے۔ نجانے اس وقت ان کی غیرت کیوں نہیں جاگتی؟ اللہ ہماری حفاظت فرمائے۔آمین! (رفعت، لاہور)

آنکھ شفاء موسمی وبائی اور تمام آنکھوں کے امراض کیلئے

آشوب چشم' موتیا بند' دھندلا پن' سوزش چشم' ضعف چشم' آنکھیں درد کرتی ہوں' صبح کے وقت آنکھیں کیچڑ سے جڑ جاتی ہوں یا بوجھل ہوتی ہوں' آنکھوں کے سامنے پتنگے سے اڑتے ہوں' آنکھوں میں دھندلا غبار یا جالا ہو' آنکھوں میں خارش ہو' نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہو' آنکھوں کی جلن' ان تمام امراض کو دور کرتا ہے۔ قیمت 70 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# خوبصورت اور چمکدار آنکھوں کیلئے آسان ٹوٹکے

کشفان اعظمی، لاہور

آنکھیں باری تعالیٰ کا ایک عظیم تحفہ ہیں جس کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے۔ اس کے بغیر زندگی کا تصور نامکمل اور ادھورا ہے۔ اس کی قدر و قیمت اور اہمیت کا درست اندازہ صرف وہی اشخاص لگا سکتے ہیں جو اس نعمت خداوندی سے محروم ہیں۔ آنکھوں کی حفاظت سے غفلت نہایت نقصان دہ ہے، اس سے بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔

وقفہ وقفہ سے آنکھوں کا معائنہ بڑا اہم ہے۔ اس سلسلے میں دو سال کی عمر سے پہلے یا چالیس سال بعد آنکھوں کے معائنہ کی طرف بھرپور توجہ دینی چاہیے۔ کیونکہ آنکھوں کی بیماریاں ان دو انتہائی عمروں میں آتی ہیں۔ آنکھوں کی اچھی صحت کے لیے نیند اور آرام کے علاوہ روزانہ ورزش اور متوازن غذا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ آنکھوں کو گرد و غبار سے محفوظ رکھنا چاہیے۔ مطالعہ لیٹ کر نہ کریں چمکدار کاغذ پر تیز روشنی سے پڑھنا آنکھوں کے لیے نقصان دہ ہے۔ کتاب کو آنکھوں سے سولہ سے اٹھارہ انچ کے فاصلے پر اور ستر سے پینتالیس ڈگری کے زاویہ پر رکھا جائے اور وقفہ وقفہ کے بعد پڑھائی کی جائے۔ ایک اور اہم بات یہ ہے کہ روشنی بائیں کندھے کی طرف سے آئے اور اس سے آنکھ کے دباؤ میں کمی آتی ہے۔ آنکھوں کے نقائص مثلاً دورنظری اور کورنظری کو مناسب عدسوں سے درست کیا جائے۔ دکھتی آنکھ کا علاج اچھے معالج سے کرانا چاہیے، نیز تندرست افراد کو چھوت سے احتیاط ضروری ہے اس کی طرف مناسب توجہ کی جائے۔

کام کی بہت زیادتی، باریک کام کرنے یا دیر تک مطالعے سے آنکھیں سرخ ہوجاتی ہیں اس کے علاوہ بے خوابی کے باعث بھی آنکھوں میں سوجن پیدا ہوجاتی ہے اس تکلیف سے نجات کا ایک موثر طریقہ یہ ہے کہ ایک کرسی پر بیٹھ کر پاؤں کو کسی دوسری کرسی یا میز وغیرہ پر رکھیں اور آنکھیں بند کرلیں اور پھر پپوٹوں پر کھیرے کا ایک ٹکڑا کاٹ کر رکھیں تھوڑی ہی دیر کے عمل سے ٹھنڈک اور تازگی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ اسی طرح آنکھوں کی ورزش بھی بہت کارآمد اور آسان ہے اس سے پٹھوں کو تقویت اور بینائی کو اچھا کرنے میں مدد ملتی ہے۔ سر کو ساکن رکھ کر آنکھ کو گول گول گھمائیں انہیں ہر سمت پھیریں یہ ورزش دن میں دوبار کرنے سے بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ احتیاط: ☆ دکھتی آنکھ صحت مند آنکھ کو خراب کرسکتی ہے اس لیے صحت مند بچوں کو بیمار آنکھوں والے بچوں سے نہ ملنے دیں۔ ☆ دکھتی آنکھوں کی صفائی کے لیے دھوتی، دوپٹے، یا ساڑھی کا پلو استعمال نہ کریں۔ ☆ مکھیوں کا قلع قمع کریں کیونکہ یہ صحت مند آنکھوں کو خراب کرسکتی ہیں۔ ☆ ہر آدمی کا الگ تولیہ ہونا چاہیے۔ ☆ آنکھوں کی حفاظت کے لیے متوازن غذا کا ہونا اہم بات ہے۔ ناقص غذا بھی خرابی کا سبب بنتی ہے۔ **بچوں کی آنکھوں کی حفاظت:** یہ آنکھ کی صحت کا اہم پہلو ہے۔ گھروں اور سکولوں میں روشنی کے ناکافی انتظامات اور آنکھوں کے علاج معالجہ کا ناکافی اہتمام آنکھوں کی بیماریوں کا سبب بنتے ہیں اس میں ہمہ قسم کی بیماریاں اور نقائص شامل ہیں، مثلاً نظر کی کمزوری، بھینگا پن، دھند، خارش، آشوب اور ککرے وغیرہ ان کا خاص خیال رکھنا چاہیے اور ڈاکٹر کے مشورے کے ساتھ علاج مکمل کرانا چاہیے۔ آنکھ کی صحت کے لیے مندرجہ ذیل تدابیر پر عمل کرنا ضروری ہے۔

## بچہ متواتر سر درد کی شکایت کرے تو ماہر امراض چشم سے رجوع کیجئے

بچے کی پیدائش سے پہلے ماں (حاملہ عورت) کی خوراک صحیح ہو تاکہ بچے کے وزن کے علاوہ باقی اعضاء تندرست رہیں اور بہتر نشوونما پاسکیں۔ جب بچہ پیدا ہو اور اس دنیا میں پہلا سانس لے اسی وقت اس کی آنکھوں کے ڈیلوں اور پپوٹوں کو آلائش سے صاف کردینا چاہیے۔ اس کے علاوہ کئی مرتبہ مناسب دوا کے قطرے بھی ڈالنا چاہئیں۔ اس کے بعد آنکھوں کو ہمیشہ میل کچیل سے صاف رکھیں، صفائی کے لیے خراب یا میلا کپڑا کبھی استعمال نہ کریں۔

سکول کی انتظامیہ کو چاہیے کہ مطالعہ کے لیے خوب کھلے، روشن اور ہوادار کمروں کا انتظام کرے۔ بچوں کو دھندلی روشنی، چکا چوند اور دھوپ میں نہ پڑھنے دیا جائے، پڑھتے وقت روشنی بائیں اور پچھلی طرف سے آنا چاہیے۔ بچوں کو میز پر رکھی ہوئی کتاب پر گردن اور کمر جھکا کر پڑھنے کی اجازت نہ دی جائے۔ اس سے بینائی کمزور ہونے کے علاوہ کمر کے نقائص بھی ہوسکتے ہیں۔ لیٹ کر پڑھنے کی عادت بچوں میں پیدا نہ ہونے دیں۔ "لکھتے" پڑھتے وقت کتاب کاپی آنکھوں سے اٹھارہ سے سولہ انچ دور ہو۔ بچوں کو سورج گرہن دیکھنے کے مخصوص چشمے کے بغیر سورج گرہن نہ دیکھنے دیں، بہتر یہی ہے کہ دیکھنے ہی نہ دیں۔ بچوں کی آنکھوں کو ہر روز صبح و شام صاف ٹھنڈے پانی سے ضرور دھویا کریں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ بچہ میلے ہاتھوں سے آنکھوں کو نہ ملے نہ کسی دوسرے کا رومال یا تولیہ استعمال کرے۔ اگر بچے کی آنکھ میں مٹی، کوئلہ یا کوئی کیڑا پتنگا وغیرہ پڑ جائے تو آنکھوں کو ملنے کے بجائے صاف جراثیم سے پاک روئی سے صاف کریں اور پانی کے ذریعے نہایت احتیاط سے نکالیں یا مائع ویپرانس ڈال کر نکالیں۔ سب سے احسن یہ ہے کہ کسی مستند ڈاکٹر یا ماہر امراض چشم سے رجوع کیا جائے۔ بچوں کو ہدایت کیجئے کہ پڑھتے وقت تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد چند سیکنڈ کے لیے آنکھیں بند کرلیں۔ صبح کی سیر اور سبزہ و درختوں کو دیکھنے سے آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچتی ہے اور نظر تیز ہوتی ہے۔ بچوں کو نوکدار چیزوں سے نہ کھیلنے دیں، مثلاً چاقو، قینچی، چھری وغیرہ، بچے کی آنکھ میں بھینگا پن کا شک ہو تو فوراً ماہر امراض چشم سے رجوع کریں، دیر کرنے سے بھینگا پن دور نہ ہوگا اور بینائی میں بھی مستقل نقص آنے کا اندیشہ ہے۔ اگر امتحان کے دنوں میں بچے کو رات دیر تک لکھنا پڑھنا ہے تو لیمپ یا بجلی کے قمقمے پر کاغذ یا کپڑا لگادیں تاکہ آنکھیں تیز روشنی سے محفوظ رہیں۔ بچوں کی پڑھائی کے ساتھ ورزش اور کھیل کا بھی انتظام ہونا ضروری ہے تاکہ ان کی عمومی جسمانی صحت کے علاوہ نظر بھی بہتر ہو۔ اگر بچے کی آنکھ میں معمولی سی بھی تکلیف ہو تو فوراً ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔ بچوں کی غذا متوازن ہو خصوصاً حیاتین الف کی ضروری مقدار بے حد اہم ہے، کیونکہ اس کی کمی سے ابتداء میں بچے کو شب کوری (یعنی رات کو نظر نہ آنا) کی بیماری ہوسکتی ہے۔ جو بعد ازاں اندھے پن پر منتج ہوتی ہے۔ اگر بچے کے سر میں درد متواتر رہتا ہو تو ماہر امراض چشم سے رجوع کریں، کیونکہ ہوسکتا ہے کہ اس کی نظر کمزور ہو اور عینک کی ضرورت ہو۔

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے، اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا، اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار، مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# تنقیدی رویہ خوبصورت ازدواجی رشتے کا دشمن

تقدیس ملک، اسلام آباد

ازدواجی زندگی کی کامیابی کے لیے دنیا میں مختلف انداز سے لکھا اور بولا جاتا ہے۔ کتابوں کی کتابیں بھری ہیں کہ آپ اس رشتے کی خوبصورتی اور پائیداری کو کیسے قائم رکھ سکتے ہیں۔ رشتے کے شروع کے دو چار سال تو بڑے حسین اور دلکش لگتے ہیں لیکن پھر آہستہ آہستہ اس رشتے کے رنگ پھیکے پڑتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔ وہی میاں بیوی جو ایک دوسرے کی خوبیوں کی دن رات تعریف کرتے ہیں۔ آہستہ آہستہ ایک دوسرے کے معاملات میں ایک دوسرے کے سب سے بڑے نقاد بن جاتے ہیں، چھوٹی موٹی باتیں جنہیں شروع کی زندگی میں کوئی اہمیت نہیں دی جاتی وہ بھی بڑی بڑی باتیں لگنے لگتی ہیں۔ برداشت اور صبر کا دامن تھامنے کا پیمانہ بدل جاتا ہے۔ آپ کو شاید یہ پڑھ کر بہت حیرانگی ہوگی کہ پچھلے دنوں میاں بیوی کے رشتے پر ہونے والی ایک ریسرچ کو بہت زیادہ مقبولیت ملی۔ اس میں سب سے زیادہ ایک نکتے پر زور دیا گیا تھا اور وہ یہ تھا کہ بیشتر میاں بیوی کی زندگی میں خرابی کی جڑ ایک دوسرے پر بے جا تنقید تھی۔ آج ہم اس موضوع کو ذرا وسیع تر تناظر میں دیکھیں گے۔

**حوصلہ افزائی ہمیشہ اچھے نتائج دیتی ہے:** ازدواجی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر ریسرچ کرنے والوں کی اکثریت نے اس بات سے اتفاق کیا کہ شادی کے شروع کے دن صرف اس لیے زیادہ سہانے لگتے ہیں کہ اس میں میاں بیوی کا فوکس ایک دوسرے کی اچھی باتوں پر ہوتا ہے اور اسی عرصے میں دونوں جانب سے حوصلہ افزائی کا رجحان زیادہ ہوتا ہے۔ ایک دوسرے کی چھوٹی چھوٹی اور معمولی باتوں پر توجہ نہیں دی جاتی۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر میاں بیوی میں بحث وتکرار کی نوبت کم آتی ہے لیکن جونہی کچھ عرصہ گزر جاتا ہے، دونوں یا ان میں سے کوئی ایک نکتہ چینیوں کے پیچھے لگ جاتا ہے۔ ہمارے ہاں کہتے ہیں کہ ایک تو کیڑے نکالنا ہوتا ہے اور دوسرا کیڑے ڈال کر نکالنا ہوتا ہے۔ میاں بیوی کی ایک دوسرے پر تنقید کی عادت انہیں اس رشتے کی خوبصورتی سے محروم کرسکتی ہے، شادی شدہ جوڑوں کا تنہائی میں ایک دوسرے پر نکتہ چینی کرنا ان کے ازدواجی رشتے کو خراب کرسکتا ہے۔

**تنقید سے بچنے کا علاج کیا خاموشی ہے؟:** یہ چیز بھی نوٹ کی گئی کہ اکثر شادی شدہ جوڑوں میں جب کوئی ایک محسوس کرتا ہے کہ دوسرا بہت زیادہ نکتہ چینی کرنے لگا ہے تو وہ خاموشی کا راستہ اختیار کرتا ہے۔ ماہرین نے تسلیم کیا کہ ازدواجی زندگی کے چھوٹے موٹے جھگڑوں میں کسی ایک کی خاموشی بڑے جھگڑے کو ٹال سکتی ہے لیکن ماہرین کا کہنا ہے کہ ایک ساتھی یا دونوں کی مکمل خاموشی کے ساتھ ہی ازدواجی زندگی میں دراڑیں پڑنا شروع ہوجاتی ہیں۔ یہ جذباتی رویہ لاتعلقی کہلاتا ہے اور یہ لاتعلقی اگر بڑھتی جائے تو ازدواجی بندھن اور اپنے جیون ساتھی کے لیے دل میں ناپسندیدگی یا پھر نفرت کے جذبات پیدا کرتی ہے۔ خاموشی ایک طرح سے دفاعی حربہ ہے جو لوگ اس وقت استعمال کرتے ہیں جب وہ سمجھتے ہیں کہ ان کی ذات پر حملہ کیا جارہا ہے۔ میاں بیوی کی لاتعلقی اور غیر مطمئن رویے کا ان کے ازدواجی رشتے کے ساتھ براہ راست تعلق ہے۔

# شادی شدہ خوشگوار زندگی چاہیے تو شکست مان لیجئے

**مجھے تمہاری پرواہ نہیں:** ازدواجی زندگی پر ریسرچ کرنے والے ایک اور ماہر نے اسی لاتعلقی کے رویے کے بارے میں لکھا کہ اکثر معمولی تنقید بڑھتے بڑھتے جھگڑے کی صورت اختیار کرلیتی ہے۔ لہٰذا ایک ساتھی مزاحمت سے دست بردار ہوجاتا ہے جبکہ دوسرا مطالبے پر ڈٹا رہتا ہے۔ جتنا زیادہ دوسری طرف سے شکایت اور تنقید بڑھتی ہے اس کے ساتھ دوسرا شخص اتنا ہی لاتعلقی برتتا چلا جاتا ہے۔ گویا یہ دوسرے کے لیے پیغام ہوتا ہے کہ مجھے اس کی باتوں کی کوئی پرواہ نہیں۔ بقول ڈاکٹر کیتھ سین فورڈ اگرچہ اس رشتے میں شریک حیات کو تنقید کا نشانہ بنانا کوئی نئی بات نہیں ہے لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ زیادہ تر ایسے رشتے سے وابستہ جوڑے پریشان ہیں۔ ان میں خودمختاری، کنٹرول اور فاصلے کو برقرار رکھنے کی خواہش ہوتی ہے۔ ماہرین میں سے کچھ کی رائے یہ تھی کہ وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ ان کا ساتھی اپنی غلطی کا احساس کرلے گا، وہ بے چین تھے اور محسوس کررہے تھے کہ ان کو نظر انداز کیا جارہا ہے۔ ان میں سے کچھ ایسے لوگ بھی تھے جنہیں یہ فکر ستا رہی تھی کہ کیا ان کا ساتھی ان سے محبت کرتا بھی ہے یا نہیں، نظر انداز ہونے کے احساس نے ان کے اندر دکھی اور تکلیف دہ جذبات پیدا کردیئے تھے۔

**شخصی نظریات کا احترام کریں:** آپ کی ازدواجی زندگی میں آپ اور آپ کے شوہر میں بہت سارے ایسے اختلافی نظریات پائے جاتے ہیں جو بالکل ایک دوسرے کے برعکس ہوتے ہیں۔ یہ وہ معاملات ہیں جو گویا قیامت تک حل ہونے والے نہیں ہیں۔ ان مسائل کے ساتھ کیسے نمٹنا ہے سب سے بہتر آپ خود جانتی ہیں۔ ایسا کچھ کریں کہ نہ سیخ جلے نہ کباب۔ مطلب دوسرے لفظوں میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ اپنی زندگی کی انتہائی سیاست کو استعمال کریں۔ اگر کہا جائے کہ برداشت اور درگزر سے کام لیں تو ہوسکتا ہے کہ آپ کے لیے یہ کوئی نئی بات نہ ہو یا آپ یہ بھی کہیں کہ یہ تو آپ کرہی رہے ہیں چونکہ ہر کسی کا اپنا ایک سلیقہ اور عقیدہ ہوتا ہے وہ زندگی کو اپنے طور پر دیکھتا ہے، اصل مسئلہ وہاں کھڑا ہوتا ہے جب آپ دوسرے کو بھی وہیں کھڑا کرنا چاہتے ہیں حالانکہ ہم سب کو یہ بات جان لینی چاہیے کہ دوسرے کے خیالات اور عقائد اپنی جگہ قابل احترام ہوتے ہیں اگر آپ کا انداز زندگی کے آخری لمحے تک اپنی بات پر اڑے رہنے کا ہے تو مشکل ہی سے آپ دوسرے کے نکتہ نظر کو اہمیت دیتے ہوں گے۔ ضد اور ہٹ دھرمی کبھی اچھے نتائج نہیں دیتی۔ آپ کو دنیا کے ہر رشتے میں اور ہر انسانی تعلق میں کچھ ماننا اور کچھ منوانا پڑتا ہے۔ خواہ آپ کے خیال میں آپ کتنے ہی درست کیوں نہ ہوں۔ **ایک دوسرے کی اہمیت تسلیم کریں:** اگر آپکی زندگی میں ایک دوسرے کی اہمیت ختم ہوگئی ہے تو آپکی زندگی میں کچھ بھی نہیں رہا۔ ایک بچہ بھی یہ چاہے گا کہ اسے بہت ہی اہم سمجھا جائے اور آپ تو پھر عاقل و بالغ ہیں۔ میاں بیوی جب تنقیدی ہونے لگتے ہیں تو اس کا بڑا نقصان یہ ہوتا ہے کہ دونوں میں یہ احساس بڑھنے لگتا ہے کہ وہ ایک دوسرے کیلئے شاید اہم نہیں رہے یا کم از کم اتنے اہم نہیں رہے جتنا کہ انہیں ہونا چاہیے جبکہ اس رشتے کی مضبوطی کی اصل بنیاد ہی یہ ہے کہ آپ ایک دوسرے کے لیے ناگزیر ہوں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپکی محبتیں سدا بہار رہیں تو آپ کو ایک دوسرے کو ہمیشہ ایمانداری کیساتھ یہ احساس دلاتے رہنا چاہیے کہ آپکا پارٹنر آپ کیلئے بہت اہم ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

فٹنس فولاد ٹانک — مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک — چہرے کو گلنار بنائے — بچوں کیلئے انمول تحفہ
فٹنس فولاد ٹانک
کاروباری، ملازم پیشہ مردوں، عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# زندگی کو بہترین بنانے والے اعمال

لقمان بشیر، لاہور

## ہر پریشانی ختم

(۱) اگر کوئی مسلمان کسی وجہ سے کسی امتحان میں مبتلا ہو کسی شخص کی وجہ سے دکھی ہو تو وہ اس آیت مبارکہ کو 101 مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ عزوجل ہر پریشانی ختم ہو جائے گی۔ اوّل آخر درود ابراہیمی سات بار پڑھے:

سَلٰمٌ عَلَيۡكُمۡ بِمَا صَبَرۡتُمۡ فَنِعۡمَ عُقۡبَى الدَّارِ

ترجمہ: سلامتی ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو آخرت کا گھر کیا ہی خوب ملا (سورۃ الرعد، آیت: ۲۴)

## ایک ہی رات میں حاجت پوری

(۲) ایک ہی رات میں حاجت پوری ہو جائیگی یا حاجت پوری ہونے کے اسباب بن جائینگے۔ بشرطیکہ حاجت جائز ہو رات کو عشاء کی نماز کے بعد باوضو ہو کر کھلے آسمان تلے یعنی گھر کے صحن میں کھڑا ہو جائے اور 100 مرتبہ اَلْوَهَّابُ پڑھیں اور دعا کریں ان شاء اللہ ہر جائز حاجت پوری ہوگی۔

## بچھو کاٹ لے تو

(۳) ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بچھو نے کاٹ لیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پانی اور نمک منگوایا پانی کاٹنے کی جگہ پر لگاتے رہے اور تین قل پڑھتے جاتے۔ تین قل یہ سورتیں ہیں' سورۃ الکافرون، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس۔

## گردے کی پتھری کیلئے

(۴) گردے کی پتھری ہو تو اکتالیس مرتبہ سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 74 پڑھ کر پانی میں دم کر کے پانی پی لیں۔

## اگر کوئی آپ کی رقم واپس نہ کر رہا ہو تو

(۵) دوسرا شخص آپ کی ذاتی رقم واپس نہ کر رہا ہو تو اپنا پیسہ وصول کرنے کے لیے سورۂ یوسف کی آیت نمبر 56 پڑھے۔

(۶) اولاد کیلئے 41 مرتبہ تین ماہ تک سورۃ الروم کی آیت نمبر 22 دودھ پر پھونک کر میاں بیوی دونوں پیئیں۔

## حمل ٹھہرنے کے لیے

(۷) حمل کے لیے 111 بار سورۂ نوح کی آیت نمبر 12 تا 13 نو ماہ تک پڑھے لڑکے کے لیے کسی بھی وقت پڑھیں۔

## غصیلے شخص کا علاج

(۸) غصہ دور کرنے کے لیے سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 134 ایک سو ایک بار چینی پر دم کر کے استعمال کریں۔ یا نماز کے بعد دو مرتبہ پڑھیں۔

## خارش کا روحانی علاج

(۹) روزانہ 21 مرتبہ سورۃ المومن کی آیت نمبر 14 پانی پر دم کر کے 41 روز تک پانی پیئیں۔

## اثمد کا سرمہ لگایا کرو

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روزانہ رات کو ''اِثمد'' کا سرمہ لگایا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک سرمہ دانی تھی اس میں سے تین تین سلائی دونوں آنکھوں میں لگایا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ اِثمد کا سرمہ لگایا کرو یہ نگاہ کو روشن اور تیز کرتا ہے اور پلک کے بال اُگاتا ہے۔ (سیرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ص 584)

## رزق میں برکت کے لیے

مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص صبح کے 70 بار پابندی سے سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر 19 پڑھے گا وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا اور فرمایا کہ بہت مجرب عمل ہے۔ (معارفِ القرآن جلد ۷، صفحہ ۶۸۷)

## اللہ کی خوشنودی درکار ہے تو پھر والدین کو خوش رکھیں!

علامہ تاج الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب (طبقات) میں ذکر فرمایا ہے کہ ایک مرتبہ امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہٗ اپنے دونوں شہزادوں حضرت حسنؓ و حسینؓ کے ساتھ حرم کعبہ میں حاضر تھے کہ درمیانی رات میں ناگہاں یہ سنا کہ ایک شخص بہت ہی گڑگڑا کر اپنی حاجت کے لیے دعا مانگ رہا ہے اور زار زار رو رہا ہے۔ آپؓ نے حکم دیا کہ اس شخص کو میرے پاس لاؤ۔ وہ شخص اس حال میں حاضر خدمت ہوا کہ اس کے بدن کی ایک کروٹ فالج زدہ تھی اور وہ زمین پر گھسٹتا ہوا آپؓ کے سامنے آیا۔ آپؓ نے اس کا قصہ دریافت فرمایا تو اس نے عرض کیا کہ اے امیر المومنین! میں بہت ہی بے باکی کے ساتھ قسم قسم کے گناہوں میں دن رات منہمک رہتا تھا اور میرا باپ جو بہت ہی صالح اور پابند شریعت مسلمان تھا وہ بار بار مجھ کو ٹوکتا اور گناہوں سے منع کرتا تھا۔ میں نے ایک دن اپنے باپ کی نصیحت سے ناراض ہو کر اس کو مارا اور مار کھا کر میرا باپ رنج و غم میں ڈوبا ہوا حرم کعبہ آیا اور میرے لیے بددعا کرنے لگا۔ ابھی اس کی دعا ختم بھی نہیں ہوئی تھی کہ بالکل ہی اچانک میری ایک کروٹ پر فالج کا اثر ہو گیا اور میں زمین پر گھسٹ کر چلنے لگا۔ اس غیبی سزا سے مجھے بڑی عبرت حاصل ہوئی اور میں نے رو رو کر اپنے باپ سے اپنے جرم کی معافی طلب کی اور میرے باپ نے اپنی شفقت پدری سے مجبور ہو کر مجھ پر رحم کھایا اور مجھے معاف کر دیا اور کہا کہ بیٹا چل! جہاں میں نے تیرے لیے بددعا کی تھی اسی جگہ اب میں تیرے لیے صحت و سلامتی کی دعا مانگوں گا۔ چنانچہ میں اپنے باپ کو اُونٹنی پر سوار کر کے مکہ مکرمہ لا رہا تھا کہ راستے میں بالکل ناگہاں اونٹنی ایک مقام پر بدک کر بھاگنے لگی اور میرا باپ اس کی پیٹھ پر سے گر کر دو چٹانوں کے درمیان ہلاک ہو گیا اور اب میں اکیلا ہی حرم کعبہ میں آ کر دن رات رو رو کر رب تعالیٰ سے اپنی تندرستی کے لیے دعا مانگتا رہتا ہوں۔ امیر المومنین علی المرتضیٰؓ نے ساری سرگزشت سن کر فرمایا کہ اے شخص اگر واقعی تیرا باپ تجھ سے خوش ہو گیا تھا تو اطمینان رکھ کر خدا کریم بھی تجھ سے خوش ہو گیا ہے۔ اس نے کہا کہ اے امیر المومنین! میں بحلف شرعی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میرا باپ مجھ سے خوش ہو گیا تھا۔ امیر المومنین حضرت علیؓ نے اس شخص کی حالت زار پر رحم کھا کر اس کو تسلی دی اور چند رکعت نماز پڑھ کر اس کی تندرستی کے لیے دعا مانگی۔ پھر فرمایا: اے شخص اٹھ کھڑا ہو جا، یہ سنتے ہی وہ بلا تکلیف اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور چلنے لگا۔ آپؓ نے فرمایا کہ اے شخص! اگر تو نے قسم کھا کر یہ نہ کہا ہوتا کہ تیرا باپ تجھ سے خوش ہو گیا تھا تو میں ہرگز تیرے لیے دعا نہ کرتا۔ (حجۃ اللہ علی العالمین ج ۲ ص ۸۶۳، کرامات حابہ ص ۱۹۹) والدین کو کسی حالت میں بھی ناراض نہیں کرنا چاہیے خصوصاً جب وہ بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کا خصوصی خیال رکھنا چاہئے کیونکہ والدین کی ناراضگی سے اللہ ناراض ہوتا ہے۔ اگر اللہ کی خوشنودی درکار ہے تو پھر والدین کو خوش رکھا کریں۔

جادو شکن پانی
خاص الخاص عمل کے بعد کالا جادو، جنات، نظر بد، سفلی عمل، بدروحوں کے برے اثرات، لاعلاج بیماریاں، گھریلو جھگڑے، اولاد کی نافرمانی، مسلسل ناکامیاں، دورے پڑنا اور ایسے روگ جو کسی کی سمجھ میں نہ آتے ہوں حتیٰ کہ جہاں ہر معالج نے آپ کو مایوس کر دیا ایسے حالات میں ''جادو شکن پانی'' کا استعمال مایوسی کو ختم کر کے آس اور امید کو دلاتا ہے۔
قیمت صرف 60 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

**1**۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کر رہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کر دیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

شاہدہ جمیل، لاہور۔ عظمیٰ شفاعت، لاہور۔ نائلہ انوار، لاہور۔ طیب ظہور، دھیر کوٹ۔ محمد اسلم مغل، چک نمبر 7 شمالی بھلوال۔ خورشید انور، کراچی۔ صوفیہ خورشید انور، کراچی۔ راحیلہ خورشید انور، کراچی۔ غلام، جہلم۔ زہرہ مشتاق، ملکوال۔ فرزانہ اظہر، کراچی۔ سید رضا حسین، نارووال۔ عائشہ، ملتان۔ ایک بہن، اٹک۔ حسنین ممتاز، شکر گڑھ۔ انعم بی بی، ٹنڈو حیدر۔ سہیل، کراچی۔ غلام شبیر، اٹک۔ اقراء، میانوالی۔ عاصمہ بتول، مڈھ رانجھا۔ رخصت منیر، مڈھ رانجھا۔ نواز احمد رانجھا، منڈھ رانجھا۔ سائرہ بتول، چھنی ریحان۔ محمد اکمل فاروق، چھنی تاج ریحان۔ سمعیہ کلثوم، چھنی تاج ریحان۔ عمران حیدر، کوٹ مومن۔ طیب ظہور، دھیر کوٹ۔ نور الحق عباسی، اسلام آباد۔ ثناء سہیل، لاہور۔ وسیم شہزاد، میانوالی۔ محمد نعیم، پشاور۔ عامر علی، لاہور۔ مسز سہیل احمد، ڈی جی خان۔ ساجدہ امجد، ساہیوال۔ نور فاطمہ، اسلام آباد۔ شازیہ برہان، کراچی۔ ذوالفقار علی، خانپور۔ عمرانہ خورشید، کراچی۔ محمد آصف ظہور، عبدالحکیم۔ شمسہ اشرف، اوکاڑہ۔ ثریا بیگم، اسلام آباد۔ تہمینہ کوثر، جہلم۔ راجہ اللہ دتہ ظفر، گجرات۔ آمنہ ناظر حسین، گوجرانوالہ۔ محمد نعیم، ملتان۔ واجد اقبال، نوشہرہ۔ محمد جنید علی چشتی، بہاولنگر۔ تسلیم رضا حسین، سکندر آباد۔ مہ جبیں، حیدر آباد۔ نائلہ انوار، لاہور۔ عظمیٰ شفاعت، لاہور۔ محمد اسلم مغل، بھلوال۔ شاہدہ جمیل، لاہور۔ محمد عبداللہ، خانپور۔ ثمرین، کوہاٹ۔ سخی سلطان، مانسہرہ۔ اسد الاسلام، سرگودھا۔ محمد سہیل عبدالمجید، کراچی۔ نوید احمد، لاہور۔ دُر بی بی، کراچی۔ محمد قاسم، کراچی۔ یاسمین پروین، دنیاپور۔ آمنہ طارق، حویلی لکھا۔ محمد شاکر، کراچی۔ معین الدین، عیسیٰ خیل۔ محمد حمزہ، ہری پور۔

## آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پر پہنچے تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو نا وضو' پاک ناپاک۔ یہ **عمل** چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

ریحانہ قیصر، جھنگ۔ محمد اسلم، جہلم۔ میاں غلام مرتضیٰ، سیالکوٹ۔ شازیہ پروین، کوٹ ادو۔ ثروت پروین، جام پور۔ ثریا لطیف، لاہور۔ حسین اکرم، سیالکوٹ۔ الیاس بی بی، راولپنڈی۔ لائبہ، مانسہرہ۔ آصف احمد، لاہور۔ یاسمین یوسف، کراچی۔ ثوبیہ، بھمبر۔ صاحب اللہ، ایبٹ آباد۔ عاصمہ ملک، اسلام آباد۔ فرحت ناز، سرگودھا۔ محمد اسد اقبال، حیدر آباد۔ نائلہ اعجاز، شاہکوٹ۔ شبانہ ارم، ملتان۔ نسیم بی بی، عیسیٰ خیل۔ شفقت علی، لاہور۔ محمد خان، ڈی آئی خان۔ محمد اجمل ملک، لاہور۔ عشرت سلطانہ، لاہور۔ عائشہ، لاہور۔ محمد محمود الحسن، کہرڑ و پکا۔ کشور ناہید، پوشیدہ۔ الطاف الرحمن، بدین۔ عنبرین اصغر، کاموکی۔ محمد عارف اسحاق، گکھڑ۔ بشریٰ، لاہور۔ محمد عرفان، گوجرہ۔ عقیل احمد، ٹوبہ ٹیک سنگھ۔ نور خاتون، جوہر آباد۔ شازیہ عارف، کراچی۔ صوفیہ طاہرہ قیوم، منڈی بہاؤالدین۔ نوشی نوردین، جہلم۔ اقراء بوٹا، راولپنڈی۔ رابعہ حنیف، لاہور۔ سفیر احمد جاوید، اٹک۔ یاسمین طاہرہ، گجرات۔ شبانہ محمد حنیف، کراچی۔ ناصر علی، میرپور خاص۔ تبسم اعجاز، کلر کہار۔ نسیم ارشد، لاہور۔ سائرہ وقار، چکوال۔ امان اللہ خان، پشاور۔ فائزہ ثمن، بہاولپور۔ الیاس، مانسہرہ۔ محمد باقر سہیل، چکوال۔ سیف الرحمٰن، حیدر آباد۔ حسینہ کاشف، کراچی۔ محمد انور، اسلام آباد۔ عابد علی خاں، حیدر آباد۔ فوزیہ، نواب شاہ۔

## آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

**اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ** کا نادر النوادر وظیفہ: دو رکعت نماز نفل حاجت کی نیت سے پڑھیں اور اس میں ثناء کے بعد سورۂ فاتحہ شروع کریں جب اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ پر پہنچے اس کو بار بار دوہرائیں اور اتنا دھرائیں' اتنا دھرائیں کہ تین سو، چار سو، دو ہزار، تین ہزار کی تعداد میں اس کو دوہرا اگر کھڑے ہو کر نفل پڑھ لیں تو سعادت اگر کھڑے نہیں ہو سکتے تو بیٹھ کر پڑھ لیں۔ جتنا کریں گے اتنا کمال پائیں گے۔ یہ **عمل** چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

نور خان، چکوال۔ محمد صہیب خان بلوچ، کراچی۔ محمد ظفر شاہ، میاں چنوں۔ کوثر ریاض، واہ کینٹ۔ حافظہ شفق وشال، منڈی بہاؤالدین۔ سارہ حجاب، منڈی بہاؤالدین۔ الٰہی بخش، قلات۔ وحید اختر، چکوال۔ سفینہ یوسف، چکوال۔ غلام معصوم طاہرہ، شاہکوٹ۔ شاہینہ حیدر، لاہور۔ ہیرا فروز، کراچی۔ نسیم اختر، لاوہ۔ معراج خالد، سرگودھا۔ افتخار حسین، لاہور۔ تحریم رضا، چونیاں۔ نور محمد بنت ورنجمینہ، پشاور۔ غلام عباس، قلعہ احمد آباد۔ شازیہ، پنڈی۔ عشرت فاطمہ، عبدالحکیم۔ شازیہ بشیر، گجرات۔ رابعہ علی، کراچی۔ عبدالصمد، کوئٹہ۔ بی بی فرزانہ، کوئٹہ۔ ناہید اختر، کلر سیداں۔ زبیدہ، حیدر آباد۔ ثمینہ بی بی، لاچی کوہاٹ۔ نادیہ عباسی، کراچی۔ خافرہ امین، ڈسکہ۔ شازیہ خضر حیات، چک 37۔ سردار احمد، فیصل آباد۔ غلام اصغر، چکوال۔ فرید، کراچی۔ اقبال زیبا، مردان۔ شازیہ نور، کالا گوجراں۔

## آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

**سورۂ اخلاص کا عمل:** دو رکعت نماز نفل پڑھیں اس کی ہر رکعت میں **101** بار سورۂ اخلاص پڑھیں دوران نفل ہاتھ میں تسبیح لے سکتے ہیں لیکن تسبیح صرف نوافل کیلئے ہے فرائض کیلئے نہیں۔ دو نفل پڑھنے کے بعد سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں' پھر سجدے میں گر کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں' پھر سجدے سے اٹھ کے گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ اسی طرح گیارہ سجدے کرنے ہیں اور ہر سجدے میں گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے اور اٹھ کر بھی گیارہ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ اس کے بعد گیارہ دفعہ کوئی سا بھی استغفار پڑھنا ہے اس کے بعد گیارہ دفعہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے اور گیارہ منٹ کم از کم انتہائی زاری کے ساتھ اپنے مقصد کیلئے دعا کرنی ہے۔ یہ **عمل** چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم

برص پھلبہری کورس

برص' خارش' چنبل' کوڑھ' جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج

500

# تین گائے ایک عمل! جانور صحت یاب کسان خوشحال

## کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں چکوال کے دور افتادہ ایک گاؤں کا رہائشی ہوں‘ میں تو چٹا ان پڑھ ہوں مگر میں نے اپنی بیٹی کو میٹرک تک تعلیم دلوائی ہے‘ میری بیٹی کی سہیلی شہر کے کالج میں پڑھتی ہے‘ دونوں کی آپس میں گہری دوستی ہے‘ روزانہ شام کو مل بیٹھتی ہیں اور خوب وقت گزار لیتی ہیں‘ میں بھی ان دونوں کو خوش دیکھ کر خوش ہوتا رہتا ہوں اور ان دونوں کیلئے دل سے ایک جیسی ہی دعائیں نکلتی ہیں کہ اللہ کریم ان دونوں کو ہمیشہ ایسے ہی خوش رکھے۔ آمین!

میری بیٹی کی سہیلی نے ایک مرتبہ ایک رسالہ لاکر میری بیٹی کو دیا کہ لے اس کو پڑھا کر اس میں بہت کام کی باتیں ہوتی ہیں‘ میری بیٹی نے جب پڑھنا شروع کیا تو ’’ہماری تو شامت آگئی!‘‘۔ یہ کھاؤ‘ یہ نہ کھاؤ‘ رزق ضائع مت کرو‘ فلاں بیماری فلاں ٹوٹکہ استعمال کریں‘ فلاں نسخہ بہت کمال کا ہے‘ ہم پہلے تو اس کی باتوں پر غور نہ کرتے جب اس کے بتائے دو چار نسخے آزمائے تو بہت کام کے نکلے‘ ہم نے کہا تمہیں یہ باتیں بتاتا کون ہے تو اس نے ہمارے سامنے عبقری رسالہ رکھ دیا‘ اس نے میری بیگم کو چند وظائف بھی بتائے اس نے کیے تو اس کو فوری رزلٹ ملا‘ میری اہلیہ کے سر کا درد ہی نہ جاتا تھا‘ بہت دم کروائے‘ ڈاکٹری علاج کروائے‘ گاؤں کے مشہور حکیم کے پاس بھی لے کر گیا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ مگر اس رسالہ میں موجود ایک چھوٹے سے وظیفے نے اس کے سر کا درد ختم کردیا۔ میرا معدہ ٹھیک ہی نہیں ہوتا تھا‘ مگر اس نے مجھے رسالہ میں سے ایک چھوٹا سا نسخہ نکال کر دیا‘ میں نے پنساری سے بنوایا‘ استعمال کرنا شروع کیا‘ میرا معدہ زبردست ہوگیا۔ وہ نسخہ مجھے اب بھی یاد ہے میری بیٹی نے بتایا کہ اس کا نام ’’سفید پاؤڈر‘‘ ہے۔ وہ نسخہ یہ ہے۔ ھوالشافی: چینی باریک ایک پاؤ پسی ہوئی‘ میٹھا سوڈا ایک چھٹانک اور ست پودینہ ایک تولہ‘ یعنی پورا ایک تولہ (12 گرام) چینی اور میٹھا سوڈا آپس میں ملائیں اور پھر ست پودینہ اس میں ملا کر خوب رگڑیں اتنا کے چینی میٹھا سوڈا اور ست پودینہ آپس میں یکجان ہوجائیں۔ کسی ہوا بند ڈبے یا بوتل میں محفوظ رکھیں۔ زیادہ مقدار میں نہ بنائیں‘ نمی کے موسم میں جم جاتا ہے۔ بناتے رہیں‘ استعمال کرتے رہیں‘ آدھا چمچ کھانے کے بعد‘ دن میں تین دفعہ بھی لے سکتے ہیں‘ اگر طبیعت زیادہ خراب ہو تو بار بار بھی لے سکتے ہیں۔ اب میں آتا ہوں اصل بات کی طرف‘ میری تین گائے ہیں‘ ان کو زخم ہوگئے تھے‘ بے شمار مرہم‘ ادویات‘ ٹیکے استعمال کیے‘ مگر افاقہ نہ ہوا‘ گائے سوکھ کر کانٹا ہوگئیں‘ میں سوچ رہا تھا کہ تینوں قصائی کو بیچ دوں اس سے پہلے کہ حرام ہوجائیں‘ اچانک سوچا کیوں نہ بیٹی سے پوچھوں کہ کیا عبقری میں کوئی اس مرض کیلئے بھی نسخہ یا عمل آیا ہے‘ بیٹی سے پوچھا تو اس نے فوراً بتایا کہ آپ سات سودخوروں کے نام ایک صفحہ پر لکھ کر تعویذ بنا کر تینوں گائیوں کے گلے میں ڈال دو‘ زخم خشک ہوکر ٹھیک ہوجائیں گے‘ میں سن کر بڑا حیران ہوا‘ میں نے بیٹی سے کہا کہ مجھے بنا کردے‘ گاؤں سے معلوم کیا کہ کون کون سود پر رقم دیتا ہے اور کون لینے والے ہیں‘ ان کے سات نام اکٹھے کیے‘ ایک صفحے پر لکھے اور گائے کے گلے میں دھاگہ کے ساتھ باندھ دیئے۔ یقین کیجئے! چار سے پانچ دن کے اندر اندر زخم خشک ہوکر ٹھیک ہوگئے‘ گائے پھر سے صحت یاب ہونا شروع ہوگئیں۔ بس مجھ سے اب ایک غلطی ہوگئی کہ ٹھیک ہونے کے بعد میں نے وہ تعویذ اتارے نہیں‘ تعویذ نہ اتارنے کا نقصان یہ ہوا کہ ان تین گائیوں کا دودھ بھی خشک ہوگیا۔ جب بیٹی سے کہا تو اس نے دفتر ماہنامہ عبقری فون کرکے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ فوراً تعویذ اتار دیں‘ ہم نے تعویذ اتار دیئے‘ اب ان شاء اللہ گائے روبرو صحت یاب ہورہی ہیں۔ نوٹ: قارئین یہ خط میں نے اپنی بیٹی سے لکھوایا ہے‘ میں نے صرف اپنا مشاہدہ بتایا باقی الفاظ اسی کے ہیں۔ (م۔ط‘ چکوال)

### کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں‘ فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو‘ یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

**جانور شفاء:** سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند‘ سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔ (قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# معذور بیٹی کی من چاہی جگہ شادی! لاجواب عمل

**ابو سے صلح ہوگئی!:** میری شادی والدین کی رضامندی سے ہوئی‘ شادی کے بعد کچھ حالات ایسے بنے کہ میرے والد مجھ سے بہت زیادہ ناراض ہوگئے‘ میں نے انہیں منانے کی بہت کوشش کی‘ خاندان کے بڑے بھیجے‘ بھائیوں سے بات کی‘ شوہر کو بھیجا مگر میرے والد میری شکل بھی دیکھنا گوارا نہیں کرتے تھے۔ میرے شوہر عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں‘ انہوں نے مجھے ایک کتابچہ جوکہ عبقری کا ہی شائع شدہ ہے ’’آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل‘‘ لاکر دیا‘ اس میں درود پاک کا وظیفہ دیکھا‘ اسے پڑھنا شروع کردیا‘ الحمدللہ! گیارہ دن کے بعد میرے والد نے مجھے خود فون کیا اور کہا کہ کل رات کا کھانا میں تمہارے گھر تمہارے ساتھ بیٹھ کر کھاؤں گا۔ میرے لیے تو اس دن خوشی کا کوئی ٹھکانہ ہی نہ تھا۔ الحمدللہ! میں ہر ماہ پانچ سو کتابچے لیکر مختلف جگہوں پر شوہر کے ذریعے تقسیم کرواتی ہوں۔ (ن، لاہور)

**معذور بیٹی کا رشتہ طے:** میری 16 سالہ بیٹی حافظ قرآن ایک ٹانگ سے معذور ہے‘ اس کے رشتہ کیلئے شدید پریشان تھی‘ میری بیٹی کو اس کی ایک دوست عبقری رسالہ کا بتایا‘ میری بیٹی نے گھر میں رسالہ منگوا کر پڑھنا شروع کردیا‘ ایک مرتبہ میرے چھوٹے بیٹے کو مسجد کے باہر ایک شخص نے ایک کتابچہ ’’آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا خاتمہ‘‘ دیا۔ جب میں نے پڑھا تو بڑی خوشی ہوئی (باقی صفحہ نمبر 27 پر)

قارئین! بلا رنگ و نسل دکھی انسانیت کی خدمت ہمارا عزم ہے۔ آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پہنچایئے! یہ کتابچہ خود بھی پڑھیے اور دکھی عوام تک بھی زیادہ سے زیادہ پہنچائیں۔ جیلوں‘ ہسپتالوں‘ کچہریوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر دادرسی کا ذریعہ بنیں! (قیمت فی کتابچہ 20 روپے‘ تقسیم کیلئے خاص رعایت صرف 10 روپے میں حاصل کیجئے)




تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا نوابی نسخہ زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو جود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے
لاغر انسان کو بھی قابلِ فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، روساء اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر موثر قیمت صرف 2200 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# جلدی بیماری کیلئے تجویز کردہ ڈاکٹر بوٹا کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم اسی طرح آپ پر مہربان رہے اور آپ کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے اور پروردگار آپ کو سدا سلامت رکھے۔ میرے پاس ذاتی آزمایا ہوا نسخہ ہے۔ میرے بیٹے کو پہلے ہاتھوں پر پھر چہرے پر عجیب قسم کے پھوڑے نکلنے شروع ہوئے جو درد تو نہیں کرتے تھے مگر بڑے بدنما لگتے تھے۔ آہستہ آہستہ وہ پھیلنا شروع ہوگئے ہم پریشان ہوگئے کہ یہ کیا بیماری ہے؟ ڈاکٹروں اور مقامی حکماء کا علاج بے فائدہ رہا۔ ہمیں کسی نے بتایا کہ لاہور ایم اے او کالج کے بیک سائیڈ پر جو روڈ جارہی ہے اس روڈ پر شام کو ماہر امراض جلد بیٹھتے ہیں ان کو دکھائیں‘ وہاں بڑا رش تھا‘ بڑی مشکل سے باری آئی‘ ڈاکٹرز نے اس کا علاج شعاعیں تجویز کیا‘ پہلے دن بیٹے کو جب شعاعیں لگیں تو اس کی چیخ و پکار سے ہمارا دل ہل گیا۔ میں نے ایک آدمی سے ذکر کیا‘ کیونکہ یہ معاملہ بڑا خطرناک ہوتا جارہا تھا‘ ہم سے بیٹے کی تکلیف دیکھنا برداشت سے باہر ہوتا جارہا ہے۔ اس نے ہمیں بتایا کہ اپنے محلے میں ہی جلد اسپیشلسٹ ریٹائرڈ چوہدری بوٹا صاحب ہیں‘ جو کہ ایک بڑے ہسپتال سے ریٹائرڈ ڈاکٹر ہیں۔ ہم ان کے پاس گئے‘ وہ بڑی محبت سے ملے‘ انہوں نے کہا کہ اس کو ہم ڈاکٹر لوگ جڑ والا پھوڑا کہتے ہیں۔ اس کا علاج شعاعیں ہی ہے‘ میں نے کہا شعاعیں ناقابل برداشت ہیں‘ چھ سال کا معصوم بچہ ہے‘ میرا تو اپنا دل دہل گیا تھا۔ بچے کا کیا حال ہوگا۔ تو انہوں نے کہا کہ کل آنا‘ ہم دوسرے دن گئے تو انہوں نے ایک دوا کی شیشی دی اور کہا کہ یہ لگائیں ٹھیک ہوجائے گا۔ ہم نے ابھی آدھی دوا ہی استعمال کی تھی کہ ہمارا بچہ مکمل تندرست ہوگیا۔ اب چار سال ہوچکے ہیں بچہ بالکل ٹھیک ہے۔ سوچا عبقری میں ضرور بتاؤں‘ لاکھوں لوگ پڑھتے ہیں لاکھوں کا بھلا اور میرے لیے صدقہ جاریہ۔ اللہ کریم آپ کو آپ کی نسلوں کو تاقیامت شاد و آباد رکھے۔ یاد آیا اس دوا کا نام بتانا بھول ہی گیا۔ لیجئے قارئین! آپ کا تجسس ختم اس دوا کا نام جو انگلش میں لکھا ہوا تھا وہ یہ ہے:۔

DOUFILM (مقبول احمد‘ لاہور)

# کشمش سے ٹانگوں اور بازوؤں کا درد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کا سایہ ہم پر قائم رکھے۔ آپ جیسے لوگ ہزاروں لاکھوں میں ایک ہوتے ہیں۔ اللہ پاک آپ کو جزائے خیر عطاء فرمائے۔ عبقری رسالہ کے بارے میں بہت سن رکھا تھا‘ پھر جولائی 2016ء سے عبقری منگوانا شروع کیا‘ پھر میرے شوہر نومبر 2016ء کے عبقری روحانی اجتماع میں شریک ہوئے‘ آپ کی شخصیت سے متاثر ہوئے اور اس طرح ہمیں امید کی کرن نظر آئی اور ہمیں گویا سہارا مل گیا‘ آپ کے دروس کے میموری کارڈ منگوائے کر سارا دن درس سنتے ہیں اور اپنے مسائل کا حل اعمال سے جانتے ہیں۔ عبقری میگزین میں بے شمار ٹوٹکے اور اعمال آتے ہیں۔ بعض وظیفہ جات ہم پڑھتے ہیں ہمیں فائدہ ہوتا ہے اور کبھی گھر میں کسی کو بیماری ہوجائے تو عبقری رسالہ سے دیکھ کر نسخہ جات اور ٹوٹکے آزماتے ہیں فوری فائدہ ہوتا ہے۔ میں بھی آج عبقری کیلئے کچھ لائی ہوں۔ کراچی میں میری بہن رہتی ہیں اس نے ہی سب سے پہلے ہمیں عبقری کے بارے میں بتایا اور عبقری سے دیکھ دیکھ کر ہمیں ٹوٹکے بتاتی تھی‘ ہم نے چند ٹوٹکے آزمائے جن سے ہمیں بہت فائدہ ہوا اور آپ کے لیے اور ٹوٹکے بھیجنے والوں کیلئے دل سے دعائیں نکلیں۔ پہلا ٹوٹکہ کلونجی کا ہے آدھ پاؤ کلونجی پاؤڈر میں لیموں نچوڑ کر خشک کرکے رکھ لی اور کھانے کے بعد آدھی چمچ استعمال کی جس سے میرے ابو اور امی کے معدہ کا مسئلہ حل ہوگیا۔ جلن اور ڈکاریں ختم ہوگئیں‘ بھوک لگنے لگی اور جتنی بھی مرچ کھالیں اب کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ ایک اور ٹوٹکہ میرا آزمودہ بھی حاضر ہے۔ اگر کسی کی ٹانگوں بازوؤں میں درد رہتا ہو‘ بعض بچوں کو تھکاوٹ کی وجہ سے ٹانگوں‘ بازوؤں میں درد رہتا ہے‘ بڑوں کو بھی ایسا ہی مسئلہ درپیش ہوتا ہے‘ اس درد کا علاج میرا آزمودہ ہے‘ وہ کشمش یعنی میوہ۔ اگر کسی کو تھکاوٹ کی وجہ سے ٹانگوں میں درد ہو چاہے وہ بچے ہوں یا بڑے تو سارا دن وقفے وقفے سے کشمش کھاتے رہیں‘ اللہ کریم کے فضل و کرم سے ایک ہی دن میں آرام آجاتا ہے‘ پھر نہیں ہوتا‘ اگر ہوجائے تو پھر یہی ٹوٹکہ آزما لیا جائے۔ میری اور میری بیٹی کی ٹانگوں میں درد رہتا تھا‘ میں نے کھایا تو آرام آگیا‘ جب خود پر آزمالیا تو بیٹی کو بھی کشمش منگوا کردی‘ اس نے استعمال کی اس کو بھی آرام آگیا‘ میری بھانجی کو بھی یہی مسئلہ تھا‘ اس نے کھایا اس کو بھی آرام آگیا۔ الحمدللہ!۔ چلتے چلتے ایک روحانی ٹوٹکہ بھی پڑھ لیجئے۔ میری امی کے گھٹنوں میں شدید درد تھا‘ بے شمار مشہور جگہوں سے علاج کروایا‘ ہزاروں روپے گھٹنوں پر لگادیے مگر کہیں سے بھی مستقل شفاء نہ مل رہی تھی۔ عبقری رسالہ میں سورۂ کافرون کا عمل پڑھا۔ عمل یہ ہے: سرسوں یا زیتون کا تیل لے کر اس پر ایک ہزار ایک مرتبہ سورۂ کافرون اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ یہ عمل گھر کے چند افراد مل کر بھی کرسکتے ہیں ورنہ ایک شخص سہولت سے دو سے چار دنوں میں مکمل کرسکتا ہے۔ اب اس تیل کو ختم نہ ہونے دیں اور مزید تیل ملا کر استعمال کریں اور جب بھی استعمال کریں اس پر ایک مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ کھانے‘ پکانے میں بھی چند قطرے استعمال کرسکتے ہیں‘ جہاں درد ہے وہاں مالش کریں‘ کمر درد‘ جوڑوں کے درد‘ دماغی امراض‘ فالج‘ حتیٰ کہ پولیو کے علاج کیلئے بھی انتہائی مفید روحانی نسخہ ہے۔ میری والدہ نے صرف تین دن یہ تیل اپنے گھٹنوں پر لگایا اور ان کا درد بالکل ختم ہوگیا‘ الحمدللہ! اب دو سال ہوچکے ہیں انہیں دوبارہ درد نہیں ہوا‘ بالکل آرام ہے۔ (محبوب الرشید‘ نارووال)

## دانت اور ڈاڑھ درد سے نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں سے مسلسل پڑھ رہا ہوں‘ بے شمار ٹوٹکے آزمائے‘ بے شمار لوگوں کو بھی بتائے ہر کوئی تعریف کیے بنا نہیں رہتا۔ میرے پاس بھی ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتا ہوں:۔ **ھوالشافی:** لہسن کو کوٹ کر اس میں نمک ملا کر پیسٹ بنالیں اور جس دانت یا ڈاڑھ میں درد ہو اس کے اوپر یا نیچے رکھیں۔ تھوڑا مشکل ہوگا لیکن اللہ تعالیٰ نے چاہا تو درد تھوڑی دیر میں ہی ختم ہوجائے گا۔ (آصف نواز‘ ننکانہ صاحب)

**ناک شفاء** دائمی نزلہ‘ الرجی‘ چھینکیں‘ ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے

نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری
بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا
موسمی تبدیلی کی وجہ شدید الرجی کا ہونا
قیمت -/100 روپے

الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# تین چٹکلے تین کہانیاں

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کرلاتا ہوں اور چھپاتا نہیں‘ آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

دنیا میں انسان تمام علاج معالجے سے جب تھک جاتا ہے کوئی ٹوٹکہ اور چٹکلہ اس کے بہت کام آتا ہے اور اتنا کام آتا ہے کہ حسرت رہ جاتی ہے کہ اے کاش! یہ ٹوٹکہ اور چٹکلہ پہلے ہی ہاتھ آجاتا‘ حالانکہ اس سے پہلے اسے ان چھوٹی چھوٹی چیزوں پر اعتماد نہیں تھا لیکن جب وہی ٹوٹکہ صحت مند ثابت ہوا تو پھر اعتماد اتنا بڑا کہ لوگوں کو بتانا شروع کیا۔ آیئے! آپ کو سب سے پہلا چٹکلہ بتاتے ہیں‘ آٹے کا پانی:

**پہلا چٹکلہ:** خواتین جب آٹا گوندھ رہی ہوتی ہیں تو آٹا گوندھتے ہوئے ساتھ کسی برتن میں پانی ہوتا ہے‘ اس سے حسب ضرورت پانی کا چلو بھر بھر کر آٹے میں ڈالتی ہیں اور آخر میں اسی برتن میں ہاتھ دھوتی ہیں‘ وہ ہاتھ جس سے آٹا گوندھتی ہیں اب یہ پانی پھینکنے کا نہیں‘ جن بچوں کا پیشاب رات کو بستر پر نکل جاتا ہو یا جو لوگ بار بار رات کو بستر سے پیشاب کیلئے اٹھتے ہوں ایسے لوگوں کیلئے یہ پانی آب حیات سے کم نہیں‘ اس کو گھونٹ گھونٹ پئیں روزانہ پئیں‘ روزانہ تازہ پانی بنتا ہے روزانہ تازہ آٹا گوندھا جاتا ہے‘ اس میں سے چند گھونٹ پانی پی لیا کریں یا بچوں کو پلادیا کریں۔ کچھ ہی دنوں کے بعد ان کا پیشاب والا مسئلہ حل ہوجائے گا۔ یہ بڑوں کا تجربہ ہے اور واقعی کامیاب علاج ہے۔

**دوسرا چٹکلہ:** جب بھی کھانا کھائیں تو کھانا کھانے کے بعد دوانگلی کے برابر تازہ ناریل کا ایک ٹکڑا کھالیں اگر آپ کو تازہ ناریل میسر نہیں تو رات کو خشک ناریل پانی میں بھگودیں‘ صبح اور ہر کھانے کے بعد دوانگلی کے برابر یہ ٹکڑا کھالیں۔ اس کے ساتھ واقعہ یوں ہوا کہ میں سکھر میں تھا جن کے بڑے بھوپال سے ہجرت کرکے آئے تھے‘ کہنے لگے: ہمارے بڑوں میں موٹاپا نہیں تھا‘ پیٹ بڑا ہوا نہیں تھا گیس‘ بادی‘ تبخیر‘ قبض نہیں تھی اور قبل از وقت بڑھاپا نہیں تھا‘ اس کی بنیادی وجہ دراصل ہمارے معمولات میں ہے کہ ہم ہر کھانے کے بعد ناریل ضرور کھاتے ہیں اب اس کا رزلٹ کیا ہے؟ جسم کو کیا فائدہ دیتا ہے میڈیکلی اور سائنسی طور پر تو واقعی اس کی بہت افادیت ہے اور اس کی تاثیر اور کمالات میں شک نہیں حتیٰ کہ سائنس میں یہاں تک ہے کہ جن علاقوں میں ناریل بہت زیادہ کھایا جاتا ہے وہاں خوبصورتی ہے‘ چہرے پر جھریاں نہیں ہیں‘ لمبی عمر کا راز ہے۔ بس وہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارا خاندانی راز ہے اور ہمارے خاندان میں کسی فرد کو موٹاپا نہیں ہے‘ کسی کا پیٹ بڑا ہوا نہیں ہے حالانکہ ان کے خاندان میں تمام کی رنگت سانولی ہے لیکن محسوس نہیں ہوتی‘ ناریل نے اپنی تاثیر ایسی دکھائی کہ سانولے خاندان کو گورا بنا کر رکھ دیا۔ لہٰذا آپ بھی ہر کھانے کے بعد یہ ٹوٹکہ ضرور آزمائیں میں نے بے شمار لوگوں کو آزمایا سالہا سال ہوگئے اور جس نے بھی مستقل مزاجی سے کیا اس کو کبھی فائدہ نہ ہوا ہو اور اس کو کبھی نفع نہ ہوا ہو مجھے امید نہیں۔

**تیسرا چٹکلہ:** میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ تجربہ کار معالج تھے‘ جو بھی شخص ان کے پاس ایسا آتا جس کو موشن‘ دست‘ اسہال اور بار بار حاجت کے لیے جانا ہوتا تو اسے ٹوٹکہ بتاتے کہ وہ برفی کھائے اور واقعی وہ برفی کھاتا تھا تو صحت یاب ہوجاتا تھا‘ میرے سامنے کی بات ہے کہ ایک صاحب کہنے لگے کہ میں بڑی مشکل سے گھر سے نکل کر آیا ہوں‘ میں شلوار باندھنے والا بندہ دھوتی باندھ کر آیا ہوں کہ جگہ جگہ مجھے حاجت کے لیے بیٹھنا پڑتا ہے‘ اتنے زیادہ دست اور اسہال آرہے ہیں اور کسی دوا سے فائدہ نہیں ہورہا‘ والد صاحب نے فرمایا کہ ابھی آدھ پاؤ برفی منگواؤ۔ اس نے آدھ پاؤ برفی منگوائی‘ فرمایا: اس کو تھوڑا تھوڑا کھانا شروع کردو‘ بس اس کو ایک طرف بٹھادیا اور وہ تھوڑا تھوڑا کھاتا رہا‘ کچھ ہی دیر میں اس نے آدھ پاؤ برفی ختم کردی‘ پھر اور باتوں میں لگ گیا اس طرح کوئی دو گھنٹے ہوگئے‘ اس کے بعد اسے احساس ہوا کہ میں تو زیادہ سے زیادہ دس منٹ نہیں گزار سکتا تھا اور دس منٹ کے بعد مجھے بہت زوردار مروڑ اٹھتا تھا اور موشن آتا تھا یہ کیا ہوا؟ آخر کار اسے احساس ہوا کہ یہ سب برفی کا کمال ہے اور برفی نے میرے دست اسہال روک دیئے ہیں۔ مجھے یہ ٹوٹکہ میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ذریعے ملا اور میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو نامعلوم یہ ٹوٹکہ کہاں سے ملا؟ لیکن واقعی ہے آزمودہ اور تجربہ شدہ۔ حتیٰ کہ اس کا ایک اور فائدہ بھی ہوتا ہے کہ اسہال کی وجہ سے جو کمزوری ہوجاتی ہے ٹانگوں میں درد‘ جسم میں کھچاؤ‘ چلنا پھرنا نڈھال اس کو بھی یہ فوراً کنٹرول کرتا ہے اور جسم کو تقویت دینے کا ذریعہ بنتا ہے۔

## لاجواب جسمانی طاقت اور شوگر کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! پندرہ سال پہلے ایک اخبار میں ایک حکیم صاحب جو کہ گوجرہ کے تھے انہوں نے ایک غذائی ٹوٹکہ بتایا جو کہ میرے دل کو لگا۔ میں اس وقت سے بنا کر استعمال کررہا ہوں‘ لاجواب جسمانی طاقت‘ چستی اور شوگر کا آزمودہ علاج ہے۔ ان کی تحقیق اور میرے آزمودہ تجربہ پر مبنی یہ ٹوٹکہ قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔

ھوالشافی: پانچ کلو گندم‘ جو تین کلو اور کلونجی 20 گرام‘ لیکر انہیں صاف کرکے پتھر کی چکی میں پیس لیا جائے اور پھر اسی کی روٹی بنا کر استعمال کی جائے۔ شوگر ختم ہوجاتی ہے‘ جسم میں طاقت اور جوانی لوٹ آتی ہے۔ حکیم صاحب نے مزید بتایا تھا کہ گوجرہ میں اس نسخہ سے متعدد لوگوں نے شوگر سے نجات حاصل کی ہے۔ (محمد سلیمان‘ حافظ آباد)

(بقیہ: پیغمبر اسلام کا غیر مسلموں سے حسن سلوک)

کعب چونکہ اپنے قتل کا اعلان سن چکا تھا، اس لیے اپنے بھائی بجیر سمیت مکہ سے بھاگ کر ایرق الغراف کے مقام پر پناہ گزین ہوگیا۔ پھر بجیر حالات کا پتہ چلانے مکہ مکرمہ واپس پہنچا تو اس نے کعب کو پیغام بھیجا کہ جو لوگ توبہ کرکے معافی کے طلبگار ہوئے تھے، رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی جاں بخشی کردی تھی۔ اس کے بعد بجیر مدینے چلا گیا اور وہاں جا کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا اور مسلمان ہوگیا۔ اگرچہ کعب کو اپنے بھائی کا اسلام لانا ناگوار گزرا لیکن اس کے منظوم دعوتی پیغام نے کعب کے دل پر بہت اثر کیا اور حق کی کشش نے حُبِ رسول کا جذبہ پیدا کردیا۔ اسی کیفیت میں قصیدہ ’’بَانَتْ سُعَادُ‘‘ لکھا اور مدینے روانہ ہوگیا۔ وہ وہاں ایک دوست کے گھر ٹھہرا۔ پھر علی الصبح مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں پہنچا۔ نمازِ فجر کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کو ادب سے تھام لیا۔ اجنبی بن کر کہنے لگا: ’’یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر کعب بن زہیر امان کا طالب ہو۔ اپنے خطاؤں پر نادم ہو تو کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اُسے معاف کردیں گے؟‘‘ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’ہاں، کیوں نہیں۔‘‘ پھر کعب نے سر جھکا کر عرض کیا کہ وہ خطا کار میں ہی ہوں۔ یہ سن کر ایک انصاری بولا: ’’یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اجازت دیں تو میں خدا کے اس دشمن کی گردن اُڑا دوں۔‘‘ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’تم اس سے دُور رہو۔ یہ اپنے گناہوں پر شرمسار ہے اور توبہ کے ساتھ معافی چاہتا ہے‘‘۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے معاف فرمادیا اور اس نے اسلام قبول کرلیا۔ اس کے بعد کعب بن زہیر نے اپنا مشہور قصیدہ ’’بَانَتْ سُعَادُ‘‘ پڑھا۔ اس قصیدے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان بیان کی گئی تھی۔ جس سے خوش ہوکر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے اپنی یمنی دھاری دار چادر بھی عنایت فرمادی تھی۔ (سیرت ابن ہشام، البدایہ والنھایہ لابن کثیر، سیرت المصطفیٰ از مولانا محمد ادریس کاندھلوی)۔ یوں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے غیر مسلم جو کہ واجب القتل تھا سے حسن سلوک فرماتے ہوئے اس کی جاں بخشی فرمادی۔

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت مند اور ہشاش بشاش بنایئے
معدہ میں درد ہو‘ معدہ کا کینسر ہو‘ تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف 400/- روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# پریشان اور بدحال گھرانوں کے الجھے خطوط اور سلجھے جواب

## درد کا بہانہ یا سچائی

میرا بیٹا تیسری جماعت میں پڑھتا ہے۔ ایک ماہ سے سکول جانے میں پریشان کر رہا تھا۔ ہر روز پیٹ کے درد کا بہانہ کبھی سر کے درد کا ذکر، ہم لوگ اس کی چھٹی کروا لیتے پھر تنگ آ کر زبردستی بھیجنا شروع کر دیا۔ میں نے سکول جا کر ماحول پر غور کیا تو معلوم ہوا کہ اس کی نئی ٹیچر آ گئی ہیں اور وہ بہت سخت مزاج ہیں۔ چھٹیاں کرنے کی وجہ سے بچوں کی پٹائی لگاتی ہیں۔ اب میں نے بچے کو باقاعدگی سے سکول بھیجنا شروع کر دیا ہے لیکن پڑھائی میں وہ پہلے جیسا اچھا نہیں رہا۔ (ح، لاہور)

مشورہ: بچہ اگر سکول کی چھٹیاں کرتا ہو تو اس کے والدین سے بات کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ پیٹ کے درد اور دوسری تکلیفوں کا ذکر وہ بھی خاص طور پر سکول جاتے وقت کرنا بہانہ تو ہوتا ہے لیکن یہ بہانہ جھوٹا نہیں ہوتا۔ جن بچوں کو کسی نہ کسی وجہ سے سکول جانے میں مشکل ہو رہی ہو تو واقعی ان کے پیٹ میں درد ہوتا ہے، وہ جس تکلیف کا ذکر کرتے ہیں وہ ان کو ہوتی ہے اور صرف اس وقت تک ہوتی ہے جب تک سکول کا وقت ہوتا ہے۔ جب انہیں اطمینان ہو جاتا ہے کہ اب سکول نہیں جانا تو طبیعت بھی ٹھیک ہو جاتی ہے۔ بہرحال آپ اچھی ماں ہیں جو بچے کے سکول جا کر ماحول پر غور کرتی ہیں۔ اب سکول میں یہ بھی کہہ دیں کہ وہاں بچوں کی پٹائی نہ ہوا کرے۔ تشدد اور سختی کے بغیر تعلیم کے ساتھ بچے کی دلچسپی کو ازسرنو بیدار کرنا ہوگا۔

## وہ اپنی غلطی ماننے کو تیار نہیں

میرے کزن کا حادثہ ہو گیا۔ میں اپنی بیوی کے ساتھ اس کو ہسپتال دیکھنے گیا لیکن اس کے کمرے میں نہ جا سکا۔ میری بیوی نے ہی اس کو میری طرف سے پوچھ لیا اور یہ بتا بھی دیا کہ میں باہر کھڑا ہوں۔ اس نے مجھ سے فون پر شکایت کی تو میں گھر جا کر بیوی پر ناراض ہوا۔ وہ اپنی غلطی ماننے کو تیار نہ تھی۔ میرے ساتھ مسئلہ ہے کہ میں کسی کو بیماری یا تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا۔ (ر۔ا، اسلام آباد)

مشورہ: اگر غیر جانب داری سے سوچیں تو غلطی آپ کی ہے۔ بیوی کو بھیجنے کے بجائے کزن کی مزاج پرسی خود کرنی چاہیے تھی۔ تقریباً ہر انسان ہی مشکلات اور مصائب میں گھرا ہوا ہے۔ بسا اوقات ہماری نگاہ ایسے لوگوں پر پڑتی ہے جو بے چارے کسی دکھ یا مصیبت میں مبتلا ہوتے ہیں۔ پرسکون زندگی گزارنے والے اچانک حادثے کا شکار ہو کر مشکل میں پڑ جاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کا حال پوچھنا نیکی ہے، اس کے ساتھ ان کو حوصلہ بھی دینا چاہیے اور دل میں خدا کا شکر ادا کریں کہ اس نے آپ کو تکلیف سے محفوظ رکھا۔ آئندہ کبھی کوئی ایسا موقع آئے جس میں کسی کی عیادت کرنا ہو تو اپنی گھبراہٹ پر قابو پاتے ہوئے ضرور ملاقات کریں۔

## سب کچھ چھوڑ کر

میری چھوٹی بہن کی 8 ماہ پہلے شادی ہوئی۔ تین ماہ پہلے وہ امریکہ چلی گئی۔ اس کی ساس وہاں اپنے بیٹے کے ساتھ پہلے سے مقیم تھیں، اب انہوں نے بہن کا جینا حرام کر رکھا ہے۔ کوئی دن ایسا نہیں گزرتا جب وہ کسی نہ کسی بات پر گھر میں جھگڑا نہ کریں، بہت شور کرتی ہیں۔ بہن وہاں اکیلی ہے۔ اس کے شوہر نے اس سے فون بھی لے لیا ہے کہ وہاں سے رابطہ نہ رکھ سکے اب بہن واپس آنا چاہتی ہے، یہ سوچ کر میں فکر مند ہوتی ہوں کہ والدین کو دکھ ہوگا اور لوگ کیا کہیں گے کہ اس کو گئے ابھی صرف تین ماہ ہوئے ہیں۔ (شبانہ، کراچی)

مشورہ: آپ کی بہن جس جگہ پر گئی ہے وہاں عورتوں کو بہت حقوق حاصل ہے۔ وہ کسی بھی طرح اپنی ساس کا ظلم سہنے پر مجبور نہیں۔ فی الحال عقلمندی کا تقاضا ہے کہ صبر سے کام لے کر ساس کے مزاج کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ بہن کو سمجھائیں بہت سے لوگ جو ہمارے ساتھ اچھے نہیں ہوتے، اگر ہم ان کے ساتھ احسان کا معاملہ کریں تو دلی دوست بن سکتے ہیں۔ ابھی صرف تین ماہ ہوئے ہیں، گھر والے بھی یاد آتے ہوں گے۔ حوصلہ سے کام لے کر شوہر کو احساس دلائیں کہ والدین سے بات کرنی کتنی ضروری ہے۔ شادی کے بعد اپنا ملک ہو یا اجنبی جگہ، ہر لڑکی کو چھوٹے یا بڑے امتحان سے گزرنا ہوتا ہے۔ وقت کے ساتھ حالات اور تعلقات سدھرتے جاتے ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ ایسے ذہنی مریضوں سے واسطہ پڑ جائے جن کا علاج بھی نہ ہو رہا ہو۔

## غیر محرم کو گھر میں ہرگز نہ آنے دیجئے!

میرے والدین بہت سیدھے سادے اَن پڑھ لوگ ہیں۔ بچپن سے دیکھ رہا ہوں، وہ بزرگوں کی بہت عزت کرتے ہیں۔ میری دو بہنیں ہیں جو اب بڑی ہو گئی ہیں آج کل ایک جوان آدمی بابا کے حلیے میں ہمارے گھر آنے لگا ہے۔ وہ چھوٹی بہن میں خاص دلچسپی لیتا ہے۔ کسی دن سامنے نہ آئے تو بلاتا ہے۔ مجھے یہ بات اچھی نہیں لگتی۔ بہن اس کے آنے سے پہلے گھر میں ٹہلنا شروع کر دیتی ہے۔ میں سوچتا ہوں اس آدمی نے میری بہن پر کوئی عمل تو نہیں کر دیا یا بہن نفسیاتی مریضہ ہو رہی ہے؟ (شاہد، راولپنڈی)

مشورہ: آپ کے گھر میں بہت عجیب صورت حال ہے۔ والدین اور بہنوں کو دینی کتابیں لا کر دیں۔ بہنیں تعلیم یافتہ ہیں تو خود پڑھ لیں گی۔ والدین کو آپ پڑھ کر سنائیں تاکہ ان میں صحیح شعور پیدا ہو اور وہ غیر لوگوں کو گھر میں اپنی بیٹیوں سے ملنے سے روک سکیں۔ والدین کو مشورہ دیا جا سکتا ہے کہ وہ جن لوگوں کو گھر بلاتے ہیں، کوشش کریں کہ ان کے گھر جا کر مل آئیں۔ بہن کے ٹہلنے سے پریشانی یا اضطراب ظاہر ہو رہا ہے۔ آپ اس سے بات کیا کریں تاکہ وہ بھی کچھ کہے جس سے ذہنی کیفیت کا اندازہ لگایا جا سکے۔ ایک کم عمر لڑکی کا خواہ مخواہ کسی آدمی سے بار بار ملاقات کرنا اچھا عمل نہیں ہے۔ اس کے نتائج بھی ناگوار ہی ہوں گے۔

## غلط قسم کی لڑکیوں سے دوستی! اب بھروسہ نہیں

کچھ سال پہلے غلط قسم کی لڑکیوں سے دوستی ہو گئی تھی جنہوں نے مجھے بدنام بھی کر دیا۔ اب میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں کس سے دوستی کروں۔ اگر دوستی کر بھی لیتی ہوں تو بھروسہ نہیں ہوتا۔ اب میں صرف لڑکیوں پر ہی نہیں ہر لڑکے پر بھی شک کرتی ہوں۔ نہ چاہتے ہوئے بھی دماغ میں الٹے سیدھے خیال آتے ہیں' اسی وجہ سے سوچتی بھی زیادہ ہوں۔ گھر میں سب سے بڑی بیٹی ہوں۔ مجھ سے بڑا ایک بھائی اور دو چھوٹی بہنیں ہیں۔ مجھے لگتا ہے میرے والدین مجھ سے زیادہ ان کو اہمیت دیتے ہیں، اس بات پر غصہ بھی بہت آتا ہے۔ (ر۔ کینیڈا)

مشورہ: برے دوستوں سے تنہائی اچھی ہوتی ہے اور تنہائی کی بہترین ساتھی اچھی کتابیں ہوتی ہیں۔ خاص طور پر ایسی کتابیں ضرور پڑھیں جن میں محرم اور نامحرم سے تعلقات کی حدود بیان کی گئی ہیں اس کے علاوہ دوستی کرتے ہوئے دین دار اور نیک لڑکیوں کا انتخاب کریں۔ آپ کو معلوم ہوگا ''انسان اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے'' والدین آپ کو توجہ دیں یا نہ دیں، آپ کا فرض ہے کہ ان کی فرماں برداری کریں۔ ان کے سامنے جھگڑا کرنا نہ صرف بدتمیزی ہے بلکہ گستاخی اور گناہ ہے۔ اپنی ذہنی کیفیت پر قابو پائیں اور منفی سوچوں کو دماغ سے باہر نکال پھینکیں۔

الرجی، چھینکیں، دائمی نزلہ، ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس)
ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتی کہ الرجی
دائمی نزلہ، الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال، دماغ کمزور، حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا
قیمت صرف -/600 روپے

# 30 کیکر کے کانٹے اور بینگن! کینسر کا روحانی علاج

سید تصور حسین، مانسہرہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! سدا سلامت رہیں آپ کا رسالہ 2006ء سے پڑھ رہا ہوں، بہت اچھا ہے جتنی تعریف کی جائے کم ہے قابل تعریف ہے۔ کینسر یا سرطان کے روحانی علاج کے لیے حکیم وطبیب و روحانی معالج کے لیے ضروری ہے کہ مرض کی کامل تشخیص کرے اگر تشخیص سے استفادہ حاصل کرنے سے قبل یہ امر ذہن نشین کرلیں کہ بذات خود کوئی مرض نہ ہے اور نہ ہی اس کی حقیقت ہے کوئی بھی مرض پرانا ہو کر بگڑ جاتا ہے اور بعض اوقات وہ کینسر بن جاتا ہے۔ اکثر اوقات جسم میں گلٹیاں بن جاتی ہیں بعض اوقات پھوڑا بن جاتا ہے جو تربوز کے برابر بھی ہوجاتا ہے سرجن کہتا ہے اسے کاٹ کر پھینک دو کیونکہ سرجری کے سوا اس کا کوئی چارہ نہیں ہوتا لیکن بیسیوں شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ کاٹنے کے باوجود جراثیم ختم نہیں ہوتے بلکہ آگے سفر جاری رکھتے ہیں جس سے موت بھی واقع ہوجاتی ہے کسی بھی مرض کے علاج کیلئے اپنے تخلیق کار سے رجوع کرنا بنیادی شرط ہے کیونکہ شفاء صرف اللہ کریم کے پاس ہے میرے تخلیق کار کا فرمان عالیشان کچھ اس طرح ہے ”جب کوئی بیمار ہوتا ہے تو میں ہی اسے شفاء دیتا ہوں‘ موت‘ حیات اور شفاء میں ہی دیتا ہوں“ اگر طبیب روحانی کامل ہو‘ علوم روحانیہ پر مکمل دسترس رکھتا ہو با کردار اور راتوں کو جاگنے والا ہو‘ عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم‘ حب اہل بیت اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے سرشار رہتا ہو‘ رزق حلال کھانے والا ہو‘ سچ گو ہو تو وہ علاج کرسکتا ہے اس کے سامنے کوئی مرض مرض نہیں رہتا کیونکہ اس کے پاس چشم فیض روحانی ہے شفاء حاصل کرنے کے واضح راستے موجود ہوتے ہیں۔

## کینسر کے علاج کا ٹوٹکہ

کینسر کے علاج کیلئے ایک تازہ صاف ستھرا گول بینگن حاصل کریں جو صاف ستھرا ہو کیڑا وغیرہ نہ لگا ہو بعدازیں کیکر کے 30 کانٹے حاصل کریں بینگن کی ڈنڈی ساتھ ہو اب ایک کانٹا لیں اس پر سات مرتبہ سورۂ والناس پڑھ کر دم کریں اور اس کانٹے کو ڈنڈی کے پاس سے بینگن کے اندر چبھو دیں اس طرح یکے بعد دیگرے 30 کانٹے سب ایک اقطار میں بینگن کے اندر چبھو دیں اور اس بینگن کو مریض کی سونے والی چارپائی کے اوپر لٹکا دیں مریض اکثر بیشتر وقت اسی بینگن کے سائے میں گزارے دس یوم گزارنے کے بعد اس بینگن کو اتار کر قبرستان میں دفن کردیں البتہ دفن کرنے سے قبل ایک نیا بینگن تیار کرلیں تاکہ پرانے کو اتار کر نیا بینگن فوراً لٹکا دیا جائے اس طرح چالیس یوم یہ عمل کریں یعنی چار بینگن قبرستان میں دفنانے ہیں۔ بعدازیں ایک بوتل میں صاف پانی ڈالیں اس پر 70 مرتبہ سورۂ فاتحہ، 21 بار اول آخر درود شریف پڑھ کر دم کریں اور روزانہ نہار منہ تین چار گھونٹ مریض کو پلائیں اگر چشمے کا پانی یا بارش کا پانی ہو تو بہت اچھا ہوگا نتیجہ ملنے کے امکانات ہوں گے اگر اس کے ساتھ دھماسہ بوٹی کا عرق بھی پینا شروع کردیں تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔ بوٹی پنساری سے مل جائے گی‘ ایک برتن میں ابال لیں ایک کپ پانی رہ جائے تو مریض کو پلادیں دن میں تین دفعہ کریں ان شاء اللہ شفاء ہوگی چھاتی کی گلٹیاں پھوڑا ختم ہوجاتا ہے۔ آپریشن نہیں کروانا پڑتا ہر آدمی یہ کام مریض کیلئے کرسکتا ہے۔

## یادداشت اور دماغی کمزوری یقینی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کیلئے ایک نایاب نسخہ لیکر حاضر ہوا ہوں۔ بے شمار نے آزمایا ہے‘ لاجواب نسخہ ہے‘ ضرور آزمائیے!

ھوالشافی: برہمی بوٹی سو گرام‘ ورچ بیس گرام‘ گل منڈی بیس گرام‘ مصری پچاس گرام‘ فلفل دراز پانچ گرام‘ مرچ سیاہ پانچ دانے‘ مغز بادام شیریں بیس عدد۔ **ترکیب تیاری:** باریک کوٹ چھان کر اصل شہد ملا کر گولیاں بقدر دانہ مٹر تیار کرلیں۔ **فوائد:** ان گولیوں کے استعمال سے دماغ اور یادداشت بے حد مضبوط ہوتی ہے‘ حافظہ ایسا تیز ہوجاتا ہے کہ بعض دفعہ کوئی مضمون صرف ایک مرتبہ پڑھ لینے سے ہی یاد ہوجاتا ہے‘ موسم سرما میں گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں‘ گرما میں تازہ دودھ کے ساتھ نہار منہ اور رات کو دو عدد قرص لیں۔ (غلام محمد مدنی‘ لودھراں)

## گھریلو مسائل کا انسائیکلو پیڈیا

## لاعلاج امراض کیلئے درود

جو کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو جس میں ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ ذیل کا درود پاک کثرت سے پڑھا کرے۔ اس سے نہ صرف یہ شکایت رفع ہوجائے گی بلکہ یہ تمام لاعلاج امراض کا شافی علاج بھی ہے۔ درود پاک یہ ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ۔

## ناخنوں کی تکلیف سے نجات

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! ناخنوں کی ایک تکلیف جسے ناسور پکنا کہتے ہیں کیلئے ٹوٹکہ عرض ہے جس سے میں خود بھی شفاء یاب ہوچکا ہوں۔ بہت سوں کو بتا کر دعائیں لے چکا ہوں۔ ھوالشافی: چائے کی پتی کا قہوہ بنا کر جب ہلکا گرم رہ جائے تو پیروں یا ہاتھوں کی متاثرہ انگلیاں یا انگوٹھا اس میں ڈبویا جائے دن میں تین بار یہ عمل کریں۔ اس کے تیسرے عمل تک اگر زخم کے اندر پیپ (ریشہ) پڑ گیا ہے تو خارج ہو کر درد کو آرام آجائے گا۔ کم از کم تین دن تک یہ عمل کریں۔ اگر ہلکی پھلکی تکلیف ہو تو ایک دن میں ہی ختم ہوجائے گی۔ ناخنوں کو تراشتے ہوئے سائیڈوں سے زیادہ گہرائی میں نہ کاٹیں‘ کبھی یہ تکلیف نہ ہوگی اور خاص طور پر کبھی بھی پاؤں میں تنگ جوتے نہ پہنیں کیونکہ اکثر پاؤں کی انگلیوں میں یہ بیماری تنگ جوتے کی وجہ سے ہوتی ہے۔

**سفید بال سیاہ:** ھوالشافی: پوست ہلیلہ‘ پوست بلیلہ‘ آملہ‘ مازو پھل اور بابچی برابر وزن پیس کر سفوف بنالیں۔ دس ماشہ صبح نہار منہ کھائیں‘ جڑ سے بال سیاہ ہوجائیں گے۔ نان‘ گندم بے نمک استعمال کریں۔ (بحوالہ عبقری جلد نمبر 11)

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی‘ جسمانی‘ نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔

قیمت فی جلد-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

گھریلو ناچاقیوں‘ رزق کی تنگی‘ پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج

جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج

چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں

ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں

حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن

شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں

داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج

صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ



www.ubqari.org

# اجنبی مسافر! ظالم سردار اور ہمدرد ہستی

(محمد ابوبکر، فقیر والی)

وہ بے چارہ اجنبی مسافر تھا۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ بڑا لمبا سفر کرکے آیا ہے۔ وہ بڑا پریشان دکھائی دیتا تھا اور اس کی پریشانی بجا تھی۔ اس بستی کے ایک سردار نے اس سے کوئی چیز خریدی تھی اور اب وہ اس کے دام نہیں دے رہا تھا۔ یہ بے چارہ غریب آدمی اس قدر خسارہ برداشت نہیں کرسکتا تھا جب کہ بستی کا وہ سردار ایک انتہائی ظالم انسان تھا، لوگ اس سے ڈرتے تھے کیونکہ سردار ہونے کے ساتھ ساتھ وہ ایک نامی گرامی پہلوان اور ماہر جنگجو بھی تھا۔ اسی بستی میں ایک انتہائی نیک اور شریف انسان بھی رہتے تھے۔ وہ ہمیشہ لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے اور ظلم سے منع کرتے تھے اور آپ جانتے ہیں کہ شرک سب سے بڑا گناہ ہے۔ وہ نیک انسان لوگوں کو شرک سے بھی منع کرتے تھے۔ اس بستی کے تمام لوگ مشرک تھے۔ وہ ایک اللہ کے علاوہ اوروں کو بھی پوجتے اور ان کے سامنے دستِ سوال دراز کرتے تھے۔ اس بات سے وہ نیک دل انسان بڑے غمگین ہوتے تھے۔ انہوں نے جب لوگوں کو شرک سے روکا تو سوائے چند ایک کے اکثر لوگ ان کے مخالف ہوگئے۔ یہ ظالم سردار بھی ان کے مخالفین میں سے تھا بلکہ ان کا سب سے بڑا مخالف تھا۔ تو بات چل رہی تھی اس پریشان حال اجنبی کی۔ وہ بے چارہ جب مایوس ہوگیا تو اب وہ کسی سفارشی کی تلاش میں نکلا جو اسے اس سردار سے دام وصول کردے۔ اس کی نظر سامنے بیٹھے چند آدمیوں کے ایک گروہ پر پڑی، یہ بھی اونچے طبقے کے لوگ تھے اور اسی سردار کے ساتھی تھے۔ اجنبی نے سوچا کہ چلو ان کے پاس چلتا ہوں، شاید میرا مسئلہ حل کردیں۔ اس نے ان لوگوں کے پاس جاکر بڑے التجا آمیز لہجے میں کہا: ”جناب فلاں سردار نے مجھ سے مال تو خرید لیا مگر اب اس کے دام نہیں دے رہا۔ مہربانی فرما کر مجھے اس سے دام وصول کردیں۔ میں آپ کا احسان زندگی بھر نہیں بھولوں گا“۔ انہوں نے اس آدمی کی بات سنی اور سوچا کہ موقع اچھا ہے، وہ جو آدمی ہمارے خداؤں کی توہین کرتا رہتا ہے اور لوگوں کو ایک خدا کی طرف بلاتا ہے، اس کی بے عزتی ہونی چاہیے۔ انہیں کیا معلوم تھا کہ عزت اور ذلت کا مالک تو صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے جسے وہ ذات کبریا عزت سے نوازے، دنیا کی کوئی طاقت اسے ذلیل و رسوا نہیں کرسکتی۔ ان لوگوں نے اپنے منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اس غریب مسافر سے کہا: ”بھئی! تم اس نیک انسان کے پاس جاؤ۔ ہمارا سردار اس کی بڑی عزت کرتا ہے اور اس کی بات مانتا ہے۔“ حالانکہ حقیقت اس کے برعکس تھی۔ ان شریروں نے سوچا تھا کہ وہ شریف انسان جب سردار کے پاس جائے گا تو سردار اس کی بے عزتی کرے گا۔ اسے برا بھلا کہے گا، اور ہم تماشہ دیکھیں گے۔ غرض بے چارہ اجنبی بڑی امید کے ساتھ اس نیک انسان کے دروازے پر آیا۔ وہ باہر آئے تو انہیں اپنے مسئلے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بڑی توجہ سے اس کی بات سنی، وہ سمجھ گئے کہ اس آدمی کو ان کے پاس کیوں بھیجا گیا ہے مگر انہوں نے انکار نہ کیا اور اس اجنبی کے ساتھ چل پڑے، حالانکہ وہ اس اجنبی کو جانتے تک نہ تھے اور انہیں یہ بھی علم تھا کہ ظالم سردار ان کا جانی دشمن ہے مگر یہ بات ان کی شان کے خلاف تھی کہ کوئی سائل ان کے دروازے سے خالی ہاتھ لوٹ جائے۔

# جان لیجئے وہ ہمدرد اور سخی ہستی کون؟

وہ ایک انتہائی نیک دل اور ہمدرد انسان تھے۔ کسی کو پریشان دیکھ کر جب تک اس کی پریشانی دور نہ کرلیتے، چین سے نہ بیٹھتے تھے۔ لہٰذا اس اجنبی کے ساتھ چلتے ہوئے وہ اس ظالم سردار کے دروازے پر پہنچے۔ دستک دینے پر وہ خود ہی باہر آیا اور اپنے دروازے پر انہیں دیکھ کر حیرت زدہ رہ گیا۔ یک دم اس پر نیک انسان کا رعب طاری ہوگیا اور وہ کانپنے لگا۔ اس نے پوچھا۔ ”آپ میرے دروازے پر کیسے آئے؟“ جواب میں انہوں نے بجائے منت سماجت کرنے کے بڑے پروقار لہجے میں کہا: ”تم نے اس آدمی سے جو چیز خریدی ہے فوراً اس کے دام ادا کرو۔“ حیرت کی بات تھی کہ ان کا دشمن ہونے کے باوجود وہ ظالم سردار انکار کی جرأت نہ کرسکا اور اس پر اس قدر رعب طاری ہوا کہ فوراً اس آدمی کو اس کی چیز کے دام ادا کردیئے۔ ”کیا آپ جانتے ہیں؟ یہ نیک دل انسان کون تھے جو غیروں کی مدد کرنے میں ہچکچاہٹ کا شکار نہیں ہوتے تھے اور بے لوث ہوکر لوگوں کی مدد کرتے تھے، بغیر کسی غرض کے اوروں کے کام آتے تھے۔ امید ہے آپ جان گئے ہوں گے یہ ہمارے آقا جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تھے اور وہ ظالم کون تھا وہ آقائے کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا سب سے بڑا دشمن ابوجہل تھا۔ اس کا اصل نام عمرو بن ہشام تھا۔ یہ مردود ساری عمر اسلام کا بدترین مخالف ہی رہا۔ یہ اکثر تاج دارِ انبیاء صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی توہین کا ارتکاب کیا کرتا تھا جو رب العالمین کو قطعاً پسند نہیں کہ کوئی اس کے محبوب کی شان میں گستاخی کرے۔ لہٰذا اسی جرم کی پاداش میں رب العزت نے اسے ذلت و پستی کے گہرے گڑھے میں پھینک دیا۔ جنگ بدر کے موقع پر یہ گستاخ دو ننھے بچوں کے ہاتھوں قتل ہوا۔

(بقیہ: آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل)

کہ یہ بھی عبقری والوں نے ہی پرنٹ کروایا ہے اس میں موجود وظیفہ ”ناممکن کو ممکن بنانے والا عمل“ پڑھا اور اپنی بیٹی کے رشتہ کیلئے پڑھنا شروع کردیا۔ الحمدللہ! عمل کرتے ہوئے جب تین ماہ گزر گئے تو خود ہی ہمارے گھر ایک بہت اچھا رشتہ آیا‘ لڑکے کا پاؤں بھی پولیو کی وجہ سے ٹیڑھا تھا۔ ہم نے تحقیق کی تو لڑکا پانچ وقت کا نمازی‘ شرعی ڈاڑھی رکھی ہوئی اور الیکٹرک کے سامان کی اپنی دکان لاہور کی مشہور مارکیٹ میں تھی‘ الحمدللہ! رشتہ طے پاگیا اور صرف رشتہ طے پانے کے 36 دن بعد نکاح ہوا اور اسی دن سادگی سے رخصتی بھی ہوگئی۔ اللہ کا شکر میری بیٹی اپنے گھر میں بہت خوش ہے‘ میں جھولیاں اٹھا اٹھا کر شیخ الوظائف اور اس شخص جس نے یہ ”کتابچہ“ تقسیم کیا اس کو دعائیں دیتی ہوں کہ اس کتابچے سے ہمیں وظیفہ ملا اور ہمارا کام بن گیا۔ طریقہ عمل یہ ہے:۔ اول و آخر 3,3 مرتبہ کوئی بھی درود شریف، ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص مع تسمیہ (یہ پورا ایک عمل ہوا) اس طرح روزانہ 41 مرتبہ کریں۔ اپنے مقصد کا سخت تصور رکھیں۔ (خ، شاہدرہ)

## نزلہ، سر، آنکھوں یا گلے میں درد آزمائیے!

کسی کو نزلہ ہو یا سر یا آنکھوں میں درد یا گلا خراب ہو تو ناک بند کرکے کلمہ پڑھتے جائیے یہاں تک کہ سانس ختم ہونے لگے (کلمہ دل میں پڑھنا ہے) دو تین دفعہ کرنے سے بہت زیادہ طبیعت میں فرق محسوس ہوتا ہے‘ میرا آزمودہ ہے۔ (پوشیدہ)

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# بلی پہلے گدھا بنی پھر انسان سے کتا!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے یہ واقعہ میری ایک شاگرد 'ح' نے سنایا جو اس کے تایا کے ساتھ پیش آیا تھا یہ بہت پرانی بات ہے۔ مانسہرہ شہر کے ایک محلے کی ہے جب وہاں آبادی بہت کم تھی۔ 'ح' کے تایا تب نوجوان تھے۔ ایک مرتبہ کہیں کام سے 'ح' کے تایا گھر سے باہر کہیں گئے ہوئے تھے جب وہ گھر واپس آنے لگے تب تک رات ہوگئی تھی۔ ابھی وہ گھر سے تھوڑا دور ہی تھے ان کی نظر راستے کے ایک طرف کھڑی بلی پر پڑی جوان کو دیکھتے ہی دیکھتے بلی سے گدھا پھر گدھے سے انسان پھر انسان سے کتا بن گئی وہ ڈر کے مارے آیۃ الکرسی کا ورد کرتے ہوئے گھر پہنچنے کے لیے تیزی سے قدم اٹھانے لگے کہ انہیں پیچھے سے کسی کی آواز آئی شکر کرو کہ تم بچ گئے ہو ورنہ ہمارے قبضے میں ہوتے۔ پھر گھر پہنچنے کے بعد انہیں ایک یا دو دن تک بخار رہا۔

## قبر سے ڈھانچہ نکلا اور درخت پر چڑھ کر بیٹھ گیا

میری اسی شاگرد 'ح' نے مجھے یہ واقعہ سنایا تھا جو کہ گلگت میں رہائش پذیر اس کے نانا کے ساتھ بہت پہلے پیش آیا تھا۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ سردیوں کا موسم تھا تقریباً رات 12 بج رہے تھے 'ح' کے نانا اپنے گھر کے برآمدے میں سو رہے تھے۔ اصل میں 'ح' کے نانا کے گھر کی عمارت کافی پرانی ہے اور اس میں ایک باغ ہے جس میں کچھ پرانے درخت ہیں انہی میں سے ایک درخت کے آگے ایک بہت پرانی قبر ہے 'ح' کے نانا کی آنکھ کھلی اور وہ پانی پینے کے لیے چارپائی سے اترے تو ان کی نظر وہاں قبر پر پڑی کیا دیکھتے ہیں کہ قبر تھوڑی سی پھٹی جس میں سے ہڈیوں کا ایک ڈھانچہ نکلا۔ جو چل کر تھوڑا آگے تک گیا اور اِدھر اُدھر دیکھ کر قبر کے ساتھ والے درخت (جو سیب کا تھا) کے اوپر چڑھ کر بیٹھ گیا' 'ح' کے نانا ڈر کے مارے چارپائی سے اتر کر سائیڈ پر چھپ کر بیٹھے رہے ڈر کے مارے وہ جاگتے رہے تقریباً دو یا اڑھائی بجے کے قریب وہ ڈھانچہ درخت سے چھلانگ لگا کر قبر میں چلا گیا اور اس کے بعد نانا کی آنکھ لگ گئی اور جب دن میں قبر دیکھی گئی تو ایسے لگتا جیسے کسی نے کھودی ہوئی ہے اور 'ح' کے نانا کو دو دن تک بخار رہا پھر بہت عرصے بعد کسی وجہ سے قبر میں سے ڈھانچے کی ہڈیاں نکال کر ایک نہر میں پھینک دی گئیں۔ (پوشیدہ)

# ویران مساجد کو آباد کریں

یہ دنیا بڑی رنگین ہے اور ابلیس نے ہر جگہ اپنا پرکشش جال بچھا یا رکھا ہے' اس پرکشش جال سے کوئی نکل نہیں پاتا۔ اکثر ایسا ہوتا ہے خواتین وحضرات بازاروں کا رخ کرتے ہیں بازار سے خرید و فروخت کے بعد قریب ہی ہوٹل ہوتے ہیں وہاں کھانا وغیرہ کھاتے ہیں' قریب مساجد ہوتی ہیں مگر ان کی نظر نہیں پڑتی یا پھر اپنی سواری میں دوسرے شہر کا سفر کرتے ہیں اس سفر کے دوران بڑی بڑی مساجد نظر آتی ہیں لیکن ان کو نظر انداز کر کے آگے بڑھ جاتے ہیں۔ آیئے ان مساجد کو آباد کریں۔ گاڑی کو مساجد کے قریب روکیں۔ تحیۃ المسجد کے دو نفل پڑھیں پھر تحیۃ الوضو کے نفل پڑھیں۔ دعا مانگیں اے اللہ یہ دنیا بڑی رنگین ہے۔ میں نے تیرے گھر کو یاد رکھا اس کو تیری یاد سے آباد کیا۔ تو مجھے آخرت میں یاد رکھنا۔ صدق دل سے جتنی بھی دعائیں مانگیں گے اللہ قبول کرے گا۔ کچھ دیر مسجد میں بیٹھ کر اذکار کریں' اپنی مغفرت طلب کریں۔ یقین کیجئے! زندگی کے تمام مسائل حل ہوں گے۔ زندگی کا اصول بنالیجئے جب بھی گھر سے کسی مقصد کیلئے نکلیں تو راستے میں آنے والی مسجد میں نوافل کا عمل اور اذکار کریں۔ خواتین کے لیے مساجد میں جانا کچھ مشکل ہوتا ہے لیکن کچھ خواتین نے مستقل مزاجی کے ساتھ یہ عمل کیا تو زندگی میں بہت نکھار آیا 'دلوں کا زنگ اتر گیا' دعاؤں کے ساتھ محسوس ہوتا کہ مساجد بھی اپنی تنہائی محسوس کرتی ہیں مساجد کی تنہائی دور کریں اللہ آپ کی قبر کی تنہائی کو دور کرے گا۔ (ذکیہ اقتدار، بہاولنگر)

# عبقری میگزین جنات چرا کر لے گئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کو اکثر خطوط آتے ہوں گے کہ عبقری رسالہ گھر میں آتے ہی گم ہوجاتے ہیں' سمجھ بالکل نہیں آتی کہ کون اٹھا کر لے جاتا ہے؟ میں نے بھی اکثر درس میں بھی یہ بات سنی کہ جنات ''عبقری'' رسالہ چرا کر لے جاتے ہیں' میں سن کر حیران ہوتا تھا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ جنات ''عبقری رسالہ'' چُرا کر لے جائیں' بھلا ان کا اس رسالے سے کیا کام۔ خیر میں رسالہ ہر ماہ خریدتا ہوں' مگر چند ماہ سے ایک مسئلہ مجھے درپیش آنا شروع ہوگیا کہ میں پانچ تاریخ کو رسالہ بک سٹال سے خرید کر لاتا' ابھی چند صفحات ہی پڑھتا کہ رسالہ گھر سے غائب ہوجاتا' شروع میں تو میں نے کوئی خاص توجہ نہیں دی کہ ادھر ہی ہوگا' مل جائے گا' مگر یہ واردات میرے ساتھ مسلسل پانچ ماہ سے جاری تھی کہ میرے ذہن میں فوراً آپ کے درس میں ادا کیے ہوئے الفاظ آئے کہ ''میرے پاس اکثر خطوط آتے ہیں کہ جنات ''عبقری'' رسالہ چُرا لیتے ہیں۔ اب جب بھی رسالہ عبقری آتا میں اس کے اوپر ایک تسبیح یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر دم کر دیتا ہوں' ایک مرتبہ مشاہدہ ہوا کہ خواب میں مجھے کوئی کہہ رہا ہے کہ ''ہم جنات ہیں' ہم نے بھی یہ شمارہ پڑھنا ہوتا ہے' اس لیے ہم اٹھا کر لے جاتے تھے' مگر جب سے آپ نے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ کر دم کیا ہے ہم رسالہ نہیں اٹھا پا رہے۔ اس دن سے مجھے یقین ہوگیا کہ جنات واقعی عبقری پڑھتے ہیں مگر میں نے بھی جنات سے کہہ دیا ہے کہ چوری کا عبقری پڑھنے کی اجازت میں بھی آپ کو نہیں دوں گا۔ اپنا خریدو اور پڑھو۔ الحمدللہ! جب سے یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ پڑھ رہا ہوں میرا کوئی بھی عبقری شمارہ چوری نہیں ہوا۔ قارئین! سے بھی التماس ہے کہ جنات کو گنہگار یعنی چور بننے سے بچائیں اور ہر شمارہ پر یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ کم از کم گیارہ مرتبہ تو ضرور پڑھ لیا کریں۔ (ج، ڈسکہ)

## تین دن وظیفہ کیا! شوہر کا فیصلہ بدل گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شادی کے بعد جھگڑے حد سے بڑھے تو ساس نے گھر سے نکال دیا اور شوہر کو مجھے طلاق دینے کا حکم دیا۔ عبقری میں شروع سے پڑھتی تھی' گھر آتے ہی بسم اللہ کا 12 ہزار والے نوافل کا عمل صرف تین دن کیا' تو میرے شوہر اپنا گھر چھوڑ کر میرے پاس آگئے' انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ مجھے طلاق نہیں دینگے بلکہ میرے ساتھ علیحدہ کرائے کے گھر میں رہیں گے۔ اب ہم علیحدہ گھر میں خوشحال زندگی گزار رہے ہیں' مگر میں اب بھی چاہتی ہوں کہ اپنی ساس صاحبہ کے ساتھ رہوں۔ عمل اس طرح ہے: 24 نوافل دو دو کرکے پڑھنے ہیں اور ہر دو نوافل کے بعد ایک ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنی ہے۔ (ج، راولپنڈی)

موذی ترین مرض کا موثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید' جگر کو طاقت دے' خون بڑھائے' چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320 چھوٹی 120 روپے میں)
ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک

# کالا علم کرنے والوں کی نسلیں برباد! جوان اموات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج آپ کو ایک بہت خاص بات بتانا چاہتی ہوں کہ میری امی بتارہی تھیں کہ میرے دادا ابو کالا علم کرتے تھے اور اپنے دور کے مشہور کالے جادوگروں میں ان کا شمار ہوتا تھا جب سے یہ بات مجھے پتہ چلی ہے میں بہت زیادہ پریشان ہوں۔ حکیم صاحب! ہمارے خاندان میں بہت زیادہ جانی نقصانات ہوتے رہے ہیں۔ میرے سات بھائی چھوٹی عمر میں ہی فوت ہوئے ہیں اور دو بہنیں فوت ہوئی ہیں۔ اب ہم پانچ بہن بھائی الحمدللہ زندہ ہیں۔ آپ اکثر اپنے درس میں فرماتے ہیں کہ کالا علم کرنے والوں کی نسلیں ختم ہوجاتی ہیں۔ میں اپنے کزنوں کی دردناک اموات دیکھ کر بھی بہت پریشان ہوں۔ ابھی گزشتہ ہفتے ہی میرے تایا کے 22 سالہ شادی شدہ بیٹے نے خود کو پھانسی لے کر خودکشی کرلی ہے یہ میرے تایا کے گھر میں خودکشی کا دوسرا واقعہ ہوا ہے‘ وہ میرا کزن اپنے ابو سے ناراض ہوا اور اپنے کمرے میں جاکر پنکھے سے رسی باندھ کر خودکشی کرلی۔ جب کمرے میں جانے لگا تو بیوی سے کہا کہ دو گھنٹے بعد مجھے اٹھا دینا‘ دو گھنٹے بعد جب وہ کمرے میں گئی تو کمرہ اندر سے لاک تھا‘ بار بار کھٹکھٹانے کے باوجود جب اندر سے جواب نہ آیا تو مجبوراً دروازہ توڑ کر اندر گئے تو اس کی لاش دو گھنٹے سے پنکھے کے ساتھ لٹکی رہی کوئی اتارنے کو تیار نہ تھا‘ پولیس آئی تو انہوں نے لاش پنکھے سے اتاری۔ یہ میرے تایا کا دوسرا بیٹا تھا جس نے بائیس سال کی عمر میں خودکشی کرلی۔ ان کے بڑے بیٹے نے بھی بائیس سال کی عمر میں ہی تیزاب پی کر خودکشی کی تھی۔ وہ بھی شادی شدہ تھا‘ اسی واقعے سے تقریباً ڈیڑھ سال پہلے میری پھپھو کی نوجوان بیٹی اچانک بیس سال کی عمر میں فوت ہوگئی۔ ان لوگوں نے اپنی پہلی دو بیٹیاں بیاہیں تو ان دونوں کو طلاق ہوگئی‘ ان کا دوسری مرتبہ نکاح ہوا تو ان دونوں کے گھروں میں شدید لڑائیاں شروع ہوگئیں اور ایک کو تو دوسری مرتبہ رخصتی سے پہلے ہی طلاق ہوگئی ہے۔ ہمارے خاندان میں بہت زیادہ جانی نقصانات ہورہے ہیں۔ میرے تایا ابو نے حساب لگوایا ہے تو کسی نے بتایا کہ تمہارا باپ غلط پڑھائی کرتا تھا‘ جنات قابو کرتا تھا‘ لوگوں پر تعویذ دھاگہ کرتا‘ آپ کے بزرگ جو پڑھائیاں کرتے تھے اس کا اثر اب آپ کے گھر پر ہے۔ حکیم صاحب! میرے دادا کی موت بھی بہت دردناک ہوئی تھی ٹرک کے نیچے آئے تھے‘ ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے تھے‘ چادر میں اکٹھا کرکے باندھ کر گھر لائے تھے۔ میری قارئین عبقری سے گزارش ہے کہ خدارا اگر کوئی کا عزیز یا جاننے والا ایسے غلط کام میں ملوث ہے اور خود کو بڑا جادوگر سمجھ کر اکڑتا پھرتا ہے تو اسے یہ تحریر ضرور پڑھایئے اور بتایئے کہ تو تو مرجائے گا تیرا انجام تو نامعلوم کیا ہو؟ مگر تیرے پیچھے تیری نسلیں ایسے برباد ہوں گی۔ شاید کسی کو میری بات سمجھ آجائے۔ (ا۔ح)

# سوتیلی ماں کے مظالم اور بے اولادی کا روگ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کو زندگی میں پہلی بار خط لکھنے کی جرأت کررہی ہوں اور یہ بات سچی ہے بلکہ یہ کہانی نہیں حقیقت ہے جو میں بیان کرنے جارہی ہوں یہ کنڈیارو شہر کے ایک گھرانے کی بات ہے جب یہ منظر عام پر آئے گی تو پڑھنے والوں میں سے کسی ایک نے بھی نصیحت حاصل کرلی تو یہ میرے لیے اللہ کا کرم ہوگا۔ یہ ایک شادی شدہ جوڑے کی کہانی ہے میں ان کا نام ظاہر نہیں کرنا چاہتی جب انکی شادی ہوئی تو وہ دونوں میاں بیوی بہت خوش تھے پھر اللہ تعالیٰ نے انہیں اولاد کی نعمت سے نوازا انکے پانچ بچے تھے جن میں سے تین کا انتقال ہوگیا دو حیات ہیں اللہ انہیں زندگی دے۔ کافی عرصہ گزر گیا شادی کو‘ ان کے شوہر کے کسی دوسری عورت کے ساتھ تعلقات بنے‘ اس عورت نے ان کی بیوی کو طلاق دلوا کر خود اس سے شادی کرلی اور دونوں بچوں کو بھی اپنے ساتھ رکھ لیا۔ اب وہ عورت بھی روایتی سوتیلی ماں ثابت ہوئی‘ ان دو معصوم بچوں پر بہت ظلم کرتی‘ ان کو گھر میں برداشت نہ کرتی تھی۔ محلے والے سارا دن بچوں کی چیخیں سنتے۔ محلے کے چند معززین نے بیٹے کو قریبی مدرسہ میں داخل کروادیا کہ وہاں تعلیم بھی حاصل کرتا رہے اور سوتیلی ماں کے ظلم سے بھی محفوظ رہے۔ جبکہ بیٹی اپنی سوتیلی ماں کے پاس ہی رہتی تھی۔ وہ بچی صرف آٹھ یا نو سال کی تھی‘ سوتیلی ماں اس سے پورے گھر کا کام لیتی‘ جھاڑو برتن، کپڑے دھونا، باتھ روم کی صفائی‘ جب بچی سے ذرا سی غلطی ہوجاتی تو پورا محلہ بچی کی سسکیاں آہیں اور چیخیں سنتا۔ کئی مرتبہ ساتھ والے گھر سے خواتین آکر بچی کو اس ظالم سے چھڑواتیں اور اسے خدا کا خوف دلاتیں مگر اس عورت کے کان پر جوں تک نہ رینگتی۔ جب اسے محسوس ہوا کہ اس کی چیخیں سن کر محلے دار آجاتے ہیں تو اس نے ظلم کا نیا طریقہ ایجاد کیا‘ جب بھی بچی کو مارتی پہلے اس کے ہاتھ باندھتی پھر اس کے منہ میں کپڑا ٹھونس کر مارتی تاکہ کسی کو آواز نہ پہنچے‘ چمچ گرم کرکے اس کی نازک جلد کو جلاتی۔ کھانے کیلئے صبح و شام صرف آدھی روٹی اور بچا ہوا سالن اس کے آگے پھینکتی۔ شدید سردی میں زمین پر سلاتی‘ ٹھنڈ میں گرم بستر تک نہ دیتی۔ اس کا والد سب کچھ دیکھ کر بھی نجانے کیوں خاموش تھا۔ خود کا حال یہ تھا کہ جدید سے جدید فیشن‘ ہر دوسرے دن شوہر کے ساتھ گھومنے نکل جاتی‘ جس وقت اس کی ماں گھر نہ ہوتی ہمسائی بچی اکثر پیٹ بھر کھانا فراہم کرتی۔ اعلیٰ سے اعلیٰ برانڈز کے سوٹ پہنتی‘ گلے میں سونے کی چین‘ بازوؤں میں کنگن اور ہاتھوں میں انگوٹھیاں۔ اس بیچاری بچی کیلئے لنڈے سے کپڑے لاتی یا کسی رشتہ دار کو کہہ دیتی کہ اپنے بچوں کے بچے ہوئے کپڑے مجھے دے دیا کرو تاکہ میں اس بچی کو پہنا سکوں۔ باپ سب کچھ دیکھتے ہوئے پروا نہ کرتا۔ مگر رب کریم نے انصاف فرمادیا۔ وہ عورت آج تک اولاد کی نعمت سے محروم ہے‘ شہر کے مشہور ترین معالجین سے علاج کرواتی ہے‘ مہنگی سے مہنگی ادویات‘ ٹیسٹ کرواتی ہے مگر سب ناکام۔ اللہ پاک نے فرمایا جو میرے بندوں پر رحم نہیں کرتا میں اس پر رحم نہیں کرتا۔ جیسی کرنی ویسی بھرنی‘ خدارا کسی کا ہنستا بستا گھر مت برباد کریں اور میری اپنی بہنوں اور بھائیوں سے گزارش ہے کہ خدا کے لیے اپنے گھروں کو مت برباد کریں اور اپنے خوشحال گھروں کو مت اجاڑیں کیونکہ خدا سب دیکھتا ہے کسی معصوم کے ساتھ ناانصافی مت کریں ورنہ دنیا میں تو منہ دکھانے کے لائق نہیں رہو گے اور اپنی آخرت بھی خراب کروگے لیکن آخر میں اتنا ضرور کہوں گی جیسا کروگے ویسا بھروگے۔ رب دکھاتا ہے مگر پھر بھی لوگ سمجھتے نہیں۔ (بنت عمر دین، کنڈیارو)

اکسیر البدن کامیاب بچپن‘ لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا
بے رونق جسم‘ پچکے گال‘ آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیر البدن ☆ کمزور حافظہ ہو امتحان کا خوف یا دماغی وجسمانی کام کرنے والے صرف اکسیر البدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی
چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل ودماغ اور جگر کی طاقت پائیں

| | | |
|---|---|---|
| میڈیکل انٹری ٹیسٹ کامیاب | کمزور حضرات کیلئے تحفہ | دانے ختم رنگت صاف |
| کمزور بچوں کو صحت مند بنائیں | بھائی کی شادی اور میری پسند | بہنوئی بہن کو مارتا ہے |

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ تجربہ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

## جون کے جوابات

1۔ میڈیکل انٹری ٹیسٹ میں کامیابی کیلئے یہ وظیفہ آزمایا ہوا ہے۔ چند دن، چند ہفتے مستقل مزاجی سے کیجئے ان شاء اللہ آپ کا انٹری ٹیسٹ کلیئر ہوجائے گا۔ 1۔ صبح 313 بار اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ 2۔ رات کو 313 بار یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابْ (بعد نماز عشاء)۔ میرے بھتیجے نے یہی عمل تین ماہ مستقل مزاجی سے کیا تھا' الحمدللہ! دو مرتبہ ناکامی کے بعد تیسری مرتبہ اس وظیفے کی بدولت اس کا میڈیکل ٹیسٹ کلیئر ہوگیا۔ (ام حسام' لاہور)

2۔ میں آپ کو ایک آسان سا سیرپ بتاتی ہوں' آپ عبقری دواخانہ کا ''ہیپا ٹائٹس نجات سیرپ'' اور ''طب نبوی حسن و جمال کریم'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔ میں خود آزما چکی ہوں' اس سیرپ کے استعمال سے میرے چہرے کے دانے بالکل ختم اور رنگت بالکل صاف اور چمکدار ہوگئی۔ آپ بھی استعمال کیجئے ان شاء اللہ آپ کو فائدہ ہوگا۔ (سویرا کامران' کراچی)

3۔ ح صاحب! میں جب بھی کمزوری کیلئے کوئی طاقت ور دوا استعمال کرتا تھا میرا معدہ خراب ہوجاتا تھا' جس کی وجہ سے میں سخت پریشان اور دن بدن کمزور ہوتا جارہا تھا۔ آپ یقین کیجئے میں نے دو سال حقوق زوجگی ادا کیے بغیر گزار دیئے' پھر مجھے کسی نے عبقری دواخانہ کا بتایا وہاں اسسٹنٹ صاحب نے مجھے عبقری دواخانہ کی دوا ''معجون مراد'' ''قوتی'' اور ''جوہر شفاء مدینہ'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ الحمدللہ! اس دوا کے استعمال سے میری زندگی کی بہاریں لوٹ آئیں اور میرا معدہ بھی بالکل ٹھیک رہا۔ آپ بھی یہی ادویات استعمال کریں ان شاء اللہ آپ کیلئے بھی بہترین ہیں۔ (شفیق' سرگودھا)

4۔ آپ اپنے بچے کی تِل کے تیل سے صبح و شام مالش کریں' عبقری دواخانہ کی ''معجون شفاء یابی'' لکھی گئی ترکیب کے مطابق چند مہینے مستقل مزاجی سے ضرور کھلائیے!۔ بچے کو مصروف رکھیں' کھلونے وغیرہ دیں' ساگودانہ بنا کر اس میں سیب کے کتلے ڈال کر پیار محبت سے کھلائیں۔ (قاسم' لاہور)

## جولائی کے سوالات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بہن کی شادی کو بیس سال ہوگئے ہیں اس کے پانچ بچے ہیں۔ ہم صرف دو بہنیں ہی ہیں والد صاحب کی کافی جائیداد تھی جو انہوں نے دونوں بیٹیوں میں تقسیم کردی اب والد اور والدہ دونوں اس دنیا سے رخصت ہوگئے ہیں۔ میرا بہنوئی بہت ظالم ہے۔ وہ اتنا پڑھا لکھا بھی نہیں ہے پولیس میں ملازم ہے وہ دھوکے سے میری بہن کی جائیداد فروخت کرکے سارا پیسہ کھا گیا ہے۔ اب اس کے پاس صرف ایک گھر ہے جس میں رہ رہی ہے۔ یہ اکثر میری بہن کو بہت مارتا ہے اور جھگڑا کرتا رہتا ہے اکثر جھگڑے میں کہتا ہے کہ میرا تمہارا رشتہ ختم میں نے تمہیں آزاد کیا وغیرہ اور پھر گھر سے چلا جاتا ہے پھر کچھ عرصہ بعد میری بہن خود جا کر اس کی منت سماجت کرکے اسے گھر لے آتی ہے۔ اس طرح پچھلے بیس سالوں میں کئی بار ہوا۔ (پروین اختر، لاہور)

2۔ محترم قارئین السلام علیکم! ہم نے اپنے بھائی کے رشتہ کی بات ایک جگہ کی ہوئی ہے' وہ لڑکی بھی راضی ہے' اس کی امی بھی راضی ہے مگر اس کے والد اور چچا نہیں مان رہے' وہ لوگ بھی بہت ہی اچھے ہیں' میں چاہتی ہوں کہ میرے بھائی کی شادی اسی گھر میں ہو' وہ لڑکی بہت اچھی ہے اور مجھے بہت پسند ہے۔ مجھے کوئی ایسا وظیفہ بتادیں کہ وہ لوگ رشتہ کیلئے مان جائیں۔ (ہ۔ص، آزاد کشمیر)

3۔ قارئین السلام علیکم! میرے ابو کو ہر وقت کمر کا درد رہتا ہے' مہروں کی بھی پرابلم ہے' بہت علاج کروا چکے' کوئی فرق نہیں پڑتا' اس کا حل بتادیں۔ نوازش ہوگی۔ (ص، س)

4۔ قارئین! میرا حافظہ بہت کمزور ہے' بی اے کی طالبہ ہوں' سبق یاد کرنے میں بہت دقت ہوتی ہے' جو سبق باقی طالب علم 15 منٹ میں یاد کرلیتے ہیں اسے یاد کرنے میں مجھے 30 منٹ تک لگ جاتے ہیں۔ دوسرا مسئلہ میرے بال بہت گرتے ہیں' سر میں خشکی بھی بہت ہے۔ (پوشیدہ)

# مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی

المعروف کمی احمد پوری

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب آیت مباہلہ نازل ہوئی: ''آپ فرمادیں آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے'' تو حضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی' حضرت فاطمہ' حضرت حسن اور حسین رضوان اللہ علیہم اجمعین کو بلایا' پھر فرمایا: یااللہ! یہ میرے اہل (بیت) ہیں۔'' (مسلم' ترمذی)

☆ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں تم میں ایسی دو چیزیں چھوڑے جارہا ہوں کہ اگر میرے بعد تم نے انہیں مضبوطی سے تھامے رکھا تو ہرگز گمراہ نہ ہوگے۔ ان میں سے ایک دوسری سے بڑی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی کتاب آسمان سے زمین تک لٹکی ہوئی رسی ہے اور میری عترت یعنی اہل بیت اور یہ دونوں ہرگز جدا نہ ہوں گی یہاں تک کہ دونوں میرے پاس حوض کوثر پر آئیں گی پس دیکھو کہ تم میرے بعد ان سے کیا سلوک کرتے ہو؟'' (ترمذی' نسائی' احمد)

## اچانک مصیبت آئے تو یہ پڑھ لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری بہت شوق سے پڑھتا ہوں' میں بھی چاہتا ہوں کہ میرا حصہ بھی اس کار خیر میں مل جائے۔ لہٰذا ایک انتہائی مؤثر اور تیر بہدف ہے۔ وظیفہ مصائب اور غم انسانی زندگی کا لازمی حصہ ہے اگر مصیبت کے وقت اللہ کی رحمت شامل ہوجائے تو مصیبت بہت جلد رفع ہوجاتی ہے اس مقصد کے لیے اس دعا کا ورد انتہائی اکسیر ہے اگر کسی شخص پر اچانک مصیبت آجائے اور اسے خلاصی کا کوئی راستہ نظر نہ آتا ہو تو مصیبت زدہ کو چاہیے کہ وہ نماز تہجد ادا کرے اور اس کے بعد اس دعا کو 313 مرتبہ 21 یوم تک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے مصیبت سے نجات کی دعا مانگے ان شاء اللہ عزوجل مصیبت سے نجات حاصل ہوجائے گی۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ لَامَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ۔ (عبدالقیوم، پشاور)

خون روک شفاء

حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی

خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا' پیچش میں خون آرہا ہو نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا' رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔ (قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

# ہم شفاء یاب کیسے ہوئے؟

## دکھیاروں کے قلم سے بے ربط تحریریں لیکن لفظ لفظ اجلی کرنیں!


نہ رکنے والی قے کا فوری علاج
چلتے چلتے جھٹکے لگتے! آج صحت یاب
الرجی ختم اور ناک سے خون آنا بند
عبقری رسالہ گھر کی ضرورت بن گیا


## مفلوج بچی آج ذہین ترین بچوں کی لسٹ میں شامل!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی اور آپ کی قیامت تک آنے والی نسلوں کی حفاظت فرمائے اور قیامت تک آنے والی تمام نسلوں کے لیے بے حساب رزق عطا فرمائے اور اپنی شانِ کریمی کے مطابق عطا فرمائے آمین۔ حکیم صاحب میں 2014ء سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں اور آپ کے بتائے ہوئے بہت سے وظائف کو میں نے اپنی زندگی کا حصہ بنایا ہوا ہے اور میرے ان وظائف کے کرنے سے بہت سے کام بنے اور پریشانیاں ختم ہوئیں۔ 2016ء میں آپ ملتان درس کے سلسلے میں تشریف لائے اور میں نے وہ پہلا درس آپ کا سنا اور وہی ہال میں بیٹھے ہی اللہ تعالیٰ سے درخواست کی میری اللہ کے اس نیک بندے سے ملاقات ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے چار سال بعد میری آپ سے ملاقات ہوئی۔ 700 بار فون ملانے پر مجھے ٹوکن ملا اور آپ سے ملاقات ہوئی۔ لاہور میں اپنی بیٹی کے سلسلے میں آپ کے پاس آئی اب اس کی عمر تقریباً 9 سال چار ماہ ہے اس کے علاج کے سلسلے میں میں نے کوئی ڈاکٹر، حکیم وغیرہ نہیں چھوڑا تھا لیکن کہیں سے بھی افاقہ نہ ہوا میں تمام ڈاکٹروں حکیموں سے مایوس ہو گئی لیکن اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ تھا جب میں عبقری رسالہ پڑھتی تھی اکثر سوچتی تھی کاش! میری بیٹی کو بھی عبقری سے شفاء مل جائے۔ 2016 سے لے کر اب تک میں اپنی بچی کو آپ کے دواخانہ کی ادویات کھلا رہی ہوں اور مجھے اور میری بیٹی کو صرف آپ پر ہی یقین ہے اور بھروسہ بھی۔ عبقری ادویات کے ساتھ آپ نے حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ کا وظیفہ دیا تھا جو میں نے کامل یقین کے ساتھ سوا لاکھ کے تین نصاب کر لیے ہیں ایک سوا لاکھ اکتالیس دن میں کیا اور دوسرا سوا لاکھ بھی اکتالیس دن میں مکمل کیا اور تیسرا سوا لاکھ 91 دن میں مکمل کیا اور اب میں نماز تہجد کے بعد 313 دفعہ پڑھتی ہوں بیٹی کی بیماری کی نیت کر کے اور پھر سارا دن کھلا پڑھتی ہوں۔

حکیم صاحب! میری بیٹی کا مسئلہ یہ تھا کہ اس کے جسم کا توازن نہیں تھا چلتے چلتے جھٹکے لگتے اور گر جاتی اور اس کے منہ سے رال یعنی پانی بھی آتا تھا۔ ذہنی طور پر ماشاء اللہ بالکل ٹھیک ہے سکول جاتی ہے اور اپنی کلاس میں ذہین بچوں کی لسٹ میں اس کا نام ہے اور اب وہ تیسری جماعت میں پڑھتی ہے اسکی کلاس ٹیچر بھی بہت تعریف کرتی ہیں کہ تحریم جسمانی کمزوری کے باوجود ایکٹو اور ذہین بھی ہے اور ہر بات کو بہت جلدی پک کرتی ہے۔ میں آپ کی میڈیسن کے علاوہ اسے کوئی اور میڈیسن نہیں کھلا رہی کیونکہ اپنی بچی کے لیے بہت سے ڈاکٹروں اور حکیموں کے پاس جا جا کر پیسہ بھی برباد کیا اور دھکے بھی کھائے مگر افاقہ نہ ہوتا تھا‘ میں نے تو سوچ لیا تھا کہ زندگی بھر بیٹی کو ایسے ہی دیکھوں گی مگر الحمدللہ! عبقری دواخانہ کی ادویات سے اللہ نے میری بچی کو شفاء عطا فرمائی۔ (مسز تنویر، ملتان)

**دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی جتنی پرانی اتنی انمول**

## نہ رکنے والی قے کا فوری علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے عبقری رسالہ ابھی نیا نیا پڑھنا شروع کیا ہے۔ الحمدللہ! زندگی اعمال پر آ رہی ہے‘ اس میں موجود وظائف سے مشکلات حل ہوتی اپنی آنکھوں سے دیکھی ہے‘ چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے بہت کارآمد ہیں‘ حتیٰ کہ مجھے تو معلوم ہی نہ تھا کہ کچن میں موجود اشیاء اتنی مفید ہیں‘ اگر عبقری نہ ملتا تو شاید یہ باتیں مجھے کبھی معلوم نہ ہوتیں‘ مجھے قے بہت آتی تھی‘ جو کسی دوا سے نہ رکتی‘ عبقری رسالہ میں عبقری دواخانہ کی ادویات ’’ستر شفائیں اور روحانی پھکی‘‘ منگوا کر کھانا شروع کی تو میں حیران رہ گئی چند خوراکوں سے ہی میری قے بالکل ختم ہو گئی۔ الحمدللہ! ایک سال ہو گیا مجھے دوبارہ قے نہیں ہوئی۔ (مسز فوزیہ شفقت، لاہور)

## الرجی ختم اور ناک سے خون آنا بند

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ عبقری ادویات استعمال کرنے کے بعد پڑھنا شروع کیا۔ میری عبقری سے شناسائی میری بھتیجی کی وجہ سے ہوئی۔ واقعہ کچھ یوں ہے کہ مجھے گزشتہ کئی سال سے عجب قسم کی الرجی تھی‘ چھینکیں آتی تھیں‘ نزلہ زکام اور ساتھ میں ناک سے خون بھی آنا شروع ہو جاتا تھا جس کی وجہ سے میں کافی پریشان تھی‘ میری شادی کو دو سال ہو چکے تھے‘ گزشتہ سال گرمیوں کی چھٹیوں میں میری بھتیجی میرے گھر تین چار دن کیلئے رہنے آئی‘ تو اس نے جب میری حالت دیکھی تو مجھے ’’عبقری‘‘ ادویات کے متعلق تفصیل سے بتایا‘ اس کے موبائل میں عبقری دواخانہ کا نمبر تھا‘ میں نے کال کر کے اپنی بیماری کی تفصیل اسسٹنٹ صاحب کو بتائی‘ انہوں نے میری بات تسلی سے سنی اور مجھے عبقری دواخانہ کا تیار کردہ ’’بنفشی قہوہ‘‘ اور ’’شفاء حیرت سیرپ‘‘ لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کرنے کا مشورہ دیا‘ ہم نے اسی وقت عبقری دواخانہ سے یہ ادویات بذریعہ پارسل منگوا لی‘ دو دن بعد ہمیں ادویات مل گئیں‘ میں نے لکھی گئی ترکیب کے مطابق یہ ادویات استعمال کرنا شروع کر دیں‘ میری تو حیرت کی انتہاء صرف ایک دن کے استعمال سے میری حالت پچاس فیصد بہتر ہو گئی‘ میری بھتیجی نے عبقری رسالہ کے متعلق بتایا‘ اپنے شوہر کو فون کر کے میں نے اسی دن قریبی بک سٹال سے عبقری رسالہ منگوا لیا‘ بس وہ دن اور آج کا دن عبقری رسالہ ہمارے گھر کی ضرورت بن گیا ہے۔ آج میری الرجی بالکل ختم ہو چکی ہے‘ شفاء حیرت واقعی ہی ’’حیرت‘‘ ہے۔ (ب۔ظ‘ لاہور)


نوجوان شفاء!
• قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ • خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
• کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے • نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
• شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند • منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن
قیمت صرف-/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# ہیپاٹائٹس سی سے شفا اور پیٹ کا درد ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو دنیا و آخرت کی برکات عطا فرمائے۔ آمین! میری عمر 28 سال ہے' ضلع جہلم کے قریب ایک علاقے کا رہائشی ہوں۔ گزارش ہے کہ پچھلے چار سال سے ہیپاٹائٹس سی کا مریض ہوں تقریباً دو سال ہومیو پیتھک کی دوائی استعمال کی ہے لیکن بیماری ختم نہیں ہوئی تھوڑا افاقہ ضرور ہوا تھا لیکن پھر حالت ویسی ہوگئی۔ کافی نسخے اور دم وغیرہ بھی کرواچکا ہوں لیکن افاقہ نہیں ہوا۔ جہلم اور راولپنڈی کے بڑے بڑے دواخانوں' ہسپتالوں اور مشہور ترین اسپیشلسٹ معالجین سے علاج کروایا مگر صرف وقتی فائدہ' پھر ایک ڈاکٹر نے کہا کہ ٹیکوں کا کورس مکمل کرو' میں نے قرض اٹھا کر وہ کورس کروایا جس سے میری صحت مزید بگڑ گئی۔ میرے سر کے بال جھڑنا شروع ہوگئے۔ تکلیف دہ مراحل سے گزرا' مگر اس بیماری نے میری جان نہ چھوڑی۔ ایک دن راولپنڈی کے ایک پرائیویٹ ہسپتال میں ایک اسپیشلسٹ ڈاکٹر سے چیک اپ کروانے کیلئے اپنی باری کا انتظار کررہا تھا کہ ایک شخص اندر آیا اور تمام بیٹھے ہوئے افراد کو عبقری رسالہ دے گیا' میں اس شخص کو دیکھ کر مسکرایا کہ اچھا خاصا مہذب بندہ ہے اور کسی حکیم کی ادویات کے اشتہار تقسیم کررہا ہے' انتظار کی گھڑیاں ابھی طویل تھیں' میں نے سوچا چلو اتنی دیر ادویات کے اشتہار ہی پڑھ لوں مگر جیسے ہی میں نے ٹائٹل پر نگاہ دوڑائی' خوشگوار حیرت ہوئی خود کو کوسا بھی کہ میں اس میگزین کو کیا سمجھ رہا تھا اور یہ کیا نکلا؟ پھر ورق گردانی شروع کی پڑھتا ہی گیا' اتنی دیر میں میرا ٹوکن آگیا' اپنی باری پر اندر گیا' ڈاکٹر صاحب نے وہی سرسری چیک کیا مزید میرا نسخہ تبدیل کیا اور مجھے واپس بھیج دیا اور مجھے چار ہزار روپے کا بل تھما دیا۔ خیر گھر جہلم پہنچا' اور گھر آتے ہی عبقری پڑھنا شروع کردیا۔ بس وہ دن اور آج کا دن عبقری سے ایک ماہ بھی دور نہ رہا' ہر ماہ باقاعدگی سے عبقری خریدتا ہوں پڑھتا ہوں پرسکون رہتا ہوں۔ عبقری رسالہ سے عبقری دواخانہ کا نمبر دیکھا' فون کیا' آپ کے اسسٹنٹ سے بات ہوئی' ان کو اپنی بیماری کی تمام تفصیلات سے آگاہ کیا انہوں نے مجھے کم از کم 30 بوتلیں عبقری دواخانہ کی تیار کردہ سیرپ ''ہیپاٹائٹس نجات سیرپ'' پینے کا مشورہ دیا۔ میں نے اسی دن جہلم شہر جاکر عبقری دواخانہ کی ایجنسی سے یہ سیرپ لے لیا اور لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کرنا شروع کردیا۔ اب تک میں 26 سیرپ کی بوتلیں پی چکا ہوں' الحمدللہ! اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء دے دی ہے۔ دوسرا اس کا فائدہ یہ ہوا ہے کہ پاؤں اور ایڑیوں میں شدید درد ہوتا اور پیٹ میں بھی ہروقت درد رہتا تھا وہ ختم ہوگیا ہے اور جسم میں بھی قوت مدافعت بھی بڑھ گئی ہے۔ (طارق عزیز' جہلم)

# لوگ نفسیاتی مریض سمجھتے! 3 بوتل سے شفایاب

## کریانہ کی دکان شفاء خانہ بن گئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں پہلی بار کسی ادارے میں خط لکھ رہا ہوں' خواہش ہے کہ آپ سے ملاقات ہوجائے اور آپ کے اس نیک مقصد میں میرا بھی حصہ شامل ہوجائے یہی سوچ کر آج قلم اٹھایا ہے۔ میں آزاد کشمیر کے دور افتادہ گاؤں کا رہائشی ہوں' چھوٹا سا جنرل اسٹور ہے الحمدللہ! گھر کا گزربسر اچھا ہوجاتا ہے' ایک مرتبہ ضروری کام سے راولاکوٹ جانا ہوا' وہاں عبقری رسالہ دیکھا' خرید لایا اور دکان پر بیٹھ کر پڑھنا شروع کردیا' لاجواب تحریریں' نسخہ جات اور وظائف تھے اسی دن عبقری دفتر لاہور میں کال کی تفصیلات معلوم کیں' معلوم ہوا کہ عبقری کے تمام شمارے سالانہ جلد کی شکل میں موجود ہیں' تین سال کی جلدیں منگوالیں' سارا دن بیٹھا گزشتہ عبقری پڑھتا رہا' معلومات کا سمندر ملا۔ میں خود کو ملامت کرتا رہا کہ اتنا بڑا علم کا سمندر آزاد کشمیر کی بک سٹالز پر پڑا رہا اور مجھے علم نہ ہوا۔ پھر عبقری دواخانہ کی ادویات کے متعلق پڑھا' راولاکوٹ میں عبقری کی ایجنسی کے متعلق معلوم ہوا وہاں سے جاکر عبقری کی ادویات لاکر استعمال کیں' مجھے بہت فائدہ ہوا' علاقہ کے لوگوں کا میری دکان پر بہت زیادہ آنا جانا رہتا ہے۔ میں نے لوگوں کو عبقری اور اس کی ادویات کے متعلق بتانا شروع کردیا' لوگوں نے میرے بتانے پر راولاکوٹ سے عبقری ادویات لاکر استعمال کیں انہیں بہت فائدہ ہوا۔ پھر میں نے بھی عبقری کی ادویات اپنی دکان پر رکھ لیں' میں نے جن جن مریضوں کو عبقری ادویات لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کروائیں الحمدللہ! سب کو بہت زیادہ فائدہ ہورہا ہے۔ لوگ مجھے جھولیاں اٹھا اٹھا کر دعائیں دیتے ہیں اور میں آپ کو۔ میری خواہش ہے کہ مجھے ضلع پلندری میں عبقری ادویات کی شاخ کھولنے کی اجازت دی جائے تاکہ مخلوق خدا کو ایسے ہی فیض پہنچتا رہے۔ (محمد ریاض' ضلع پلندری آزاد کشمیر)

## لوگ نفسیاتی مریض سمجھتے! 3 بوتل سے شفاء یاب

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ سے روشناس ایک ہاکر نے کروایا جو کہ اخبار کے ساتھ زبردستی مجھے یہ عبقری رسالہ بھی دے گیا کہ پڑھ لیں پسند آیا تو پیسے دے دیجئے گا ورنہ واپس کردیجئے گا۔ خیر میں نے منی بیک گارنٹی کی شرط پر رسالہ رکھا اور پڑھنا شروع کردیا۔ بس وہ دن اور آج کا دن ہاکر ہر ماہ خوشی سے رسالہ دیتا ہے اور میں خوشی سے اسے پیسے دیتا ہوں۔ عبقری رسالہ پڑھ کر ہی آپ کو اپنی بیماری کے متعلق خط لکھا تھا کہ مجھے تقریباً بچپن سے ہی کچھ ایسی تکالیف تھیں کہ جس کے باعث میں ادویات استعمال کررہا تھا لیکن اس سے میری حالت ٹھیک نہیں ہوئی تو میرے گھر والوں نے میرا نفسیاتی علاج کروانا شروع کردیا مگر دن بدن صحت بگڑتی ہی چلی گئی پھر کسی نے کہا اس کی شادی کردیں خود ہی ٹھیک ہوجائے گا یہ سوچ کر گھر والوں نے میری شادی بھی کردی مگر حالات مزید خراب ہوگئے۔ میرے معاشی حالات بھی کچھ ایسے تھے کہ میں مہنگا علاج نہیں کرواسکتا تھا۔ آپ نے مجھے جوابی خط میں میری حیثیت کے مطابق مجھے بہت سستا اور کامیاب علاج ''سکون افزاء'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے اس کی چھوٹی اور ایک بڑی بوتل استعمال کی ہے اور تیسری بڑی بوتل استعمال میں ہے جس سے بہت فائدہ ہوا ہے اور جو میری بچپن کی شکایات تھیں وہ ختم ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ شادی شدہ زندگی میں بھی بہتری آئی ہے۔ رات کو اب سکون سے سوتا ہوں۔ (محمد محمود عباس' کراچی)

مشروب عبقری افزا
بوند بوند خالص
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

**یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں**

## قبض اور خارش

میرا بیٹا بارہ سال کا ہے اس کو شدید قبض رہتی ہے۔ قبض کی وجہ سے خارش بہت ہوتی ہے کوئی آسان علاج بتایئے۔ (ت، سوات)

**مشورہ:** رات کو چار خوبانیاں ایک گلاس پانی میں بھگو دیجئے۔ صبح اٹھ کر کھا لیجئے اور پانی پی لیجئے۔ پابندی سے خوبانیاں کھلانے سے قبض دور ہو جائے گی۔ انار کا چھلکا لے کر اسے تھوڑے سے تیل میں جلایئے ہلکی آنچ پر جلانا ہے۔ جب کوئلے کی طرح کالا ہو جائے تو اتار لیجئے۔ چھلکا اچھی طرح پتھر پر پیس کر تیل میں ملا کر رات کو خارش کی جگہ لگایئے۔ بعض دفعہ پیٹ میں کیڑے ہونے کی وجہ سے اس جگہ خارش ہوتی ہے۔ اگر آپ کے بیٹے کے پیٹ میں کیڑے ہیں تو عبقری کی ''تریاق'' دوائی استعمال کریں۔

## سسر نے شادی کرلی

میرا پچھلے سال نکاح ہوا تھا۔ رخصتی اگست میں ہونی ہے۔ میرے سسر کے پاس بڑی دولت اور زرعی زمینیں ہیں۔ میری ساس کا انتقال بیس برس پہلے ہوا تھا۔ اب میرے سسر کی عمر 78 سال ہے۔ پچھلے دنوں انہوں نے ایک بائیس سالہ لڑکی سے شادی کرلی۔ سب لوگ حیران ہیں کہ انہوں نے اس عمر میں کیوں شادی کی ہے؟ میری عمر اس وقت پچیس سال ہے سوچتی ہوں کہ اپنے سے چھوٹی عمر کی لڑکی کو ساس کیسے کہوں گی اور اس کے ساتھ کیسے ایک گھر میں گزارہ ہوگا۔ میرے شوہر بھی سخت پریشان ہیں۔ مجھے بتایئے کہ میں ان حالات میں کیسے گزارہ کروں؟ (ع۔ا، لاہور)

**مشورہ:** محترمہ! ظاہر ہے آپ کے سسر کو نکاح سے کوئی نہیں روک سکتا تھا۔ ساس عمر میں چھوٹی ہو یا بڑی، اب آپ دونوں کا رشتہ ماں بیٹی کی طرح مقدس ہے۔ آپ پریشان کیوں ہیں؟ آپ کو یہ بھی فکر ہے کہ ایک گھر میں کیسے گزارہ ہوگا؟ گھر میں نوکر چاکر ہیں، آپ کو کام کاج نہیں کرنا پڑے گا۔ آپ صرف رشتے کے تقدس کا دھیان رکھیے اور انکی عزت کیجئے۔ محبت سے، اپنائیت سے رہیں گی تو سارے کام سہل ہو جائینگے۔ شوہر کو سمجھایئے کہ وہ والد کا احترام ملحوظ رکھتے ہوئے کوئی ناپسندیدہ بات نہ ہونے دیں۔

## ایک عجیب بیماری

مجھے حیدرآباد سندھ میں کچھ عرصہ رہنا پڑا۔ وہاں میں نے خوب کھجوریں کھائیں۔ اس وقت تو کوئی تکلیف نہیں ہوئی، بعد میں ایک عجیب بیماری میں مبتلا ہوگیا۔ وہ یہ کہ ذرا دھوپ لگنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ہزاروں چیونٹے کمر پر رینگ رہے ہوں۔ قمیص اتار کر پاگلوں کی طرح کھجاتا ہوں۔ یہ سایہ دار یا ٹھنڈی جگہ جانے پر خارش ختم ہو جاتی ہے۔ بعض دفعہ بڑی شرمندگی ہوتی ہے۔ دوست مذاق اڑاتے ہیں۔ اس کا کوئی حل ہے تو خدارا میری مدد کیجئے۔ (ذ۔ندیم)

**مشورہ:** ہر غذا کو اعتدال کے ساتھ استعمال کرنا چاہیے۔ کھجور کا مزاج گرم تر ہے، زیادہ کھانے سے جگر اور تلی میں سدہ پیدا ہوتا ہے۔ کھجور خون کو جلاتی ہے۔ ایک وقت میں سات کھجوروں سے زیادہ نہ کھایئے اور پھر پانی ضرور پیجئے۔ کھجوریں زیادہ کھائی ہیں اس لیے جسم میں حدت بڑھ گئی۔ انہیں ٹھنڈی چیزوں کا استعمال کرنا چاہیے اور تازہ کچی پکی سبزیاں کھائیں۔ ٹھنڈے مشروب اور پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ آپ کو چاہیے کہ گرمی کے موسم میں ٹھنڈی چیزیں خوب کھایئے۔

## کھمبی کے بارے میں معلومات

میں کھمبی کاشت کرنا چاہتی ہوں۔ اس سلسلے میں معلومات درکار ہیں۔ اسے اگانے کے لیے کتنی زمین درکار ہے اور اس کے فائدے کیا ہیں۔ (شمائلہ، لاہور)

برسات کے موسم میں جگہ جگہ خودبخود کھمبی (مشروم) اگ جاتی ہے۔ یہ پرانے دروازوں کے نیچے گلی سڑی لکڑی، کیاریوں میں نظر آتی ہیں۔ چھتری کے نیچے دھاریاں ہوتی ہیں۔ ان کو Gills کہتے ہیں۔ ان کے اندر کالے کالے دانے یا سپورز ہوتے ہیں۔ ان کی تعداد لاکھوں اربوں تک ہوسکتی ہے۔ پوری دنیا میں کھمبی کاشت کرنے کا رجحان بڑھتا جارہا ہے۔ ان سپورز کو پیک کرکے فروخت کیا جاتا ہے۔ اسے سبزی میں بھی شمار کیا جاتا ہے۔ ان میں حیاتین کا قدرتی خزانہ موجود ہے۔ مزے کی بات یہ کہ درختوں پر جہاں جگہ ملے آپ اسے اُگا سکتی ہیں۔ چین کے لوگ درخت کے تنے پر کھمبی اُگاتے ہیں۔ ان کے لیے خاص طور پر جگہ اور زمین کی ضرورت نہیں۔ آپ ان کو ٹوٹی پھوٹی ٹرے۔ برتنوں اور حد یہ کہ چائے کی پیالی میں بھی لگا سکتی ہیں۔ اس سے بھی زیادہ مزے کی بات یہ کہ آپ ان کو پولی تھین کے لفافوں میں اگا سکتی ہیں۔ بیکار ٹرے میں چاول کی پرالی، بھوسہ کی تہہ لگا کر پانی سے تر کردیجئے۔ اس میں سپورز پھیلا دیجئے۔ ایک خاص درجہ حرارت میں اس ٹرے کو رکھ دیجئے۔ چند دنوں میں کھمبیاں پھوٹ آئیں گی اور پھر خوبصورت چھتریوں سے آپ کی ٹرے بھر جائے گی۔ آپ اپنی فصل کو چھری سے کاٹ کر دھو کر حسب مرضی پکا سکتی ہیں۔ مشروم کو آپ تمام سال کاشت کرسکتی ہیں۔ سفید رنگ کی کھمبی لذیذ ہوتی ہے اسے زمین کی چیچک بھی کہا جاتا ہے۔ عرب میں لوگ اسے نبات الرعد یعنی آسمانی بجلی کی سبزی کہتے ہیں کیونکہ یہ بارش کے بعد نظر آتی ہے۔

## ہاتھی دانت کا تاج محل

میرے والد کو کسی نے ہاتھی دانت کا بنا ہوا تاج محل دیا تھا۔ وہ بڑا خوبصورت ہے مگر اس کا رنگ پیلا پڑ گیا ہے۔ اس کا حسن پہلے والا نہیں رہا۔ کیا ہمارے تاج محل کی خوبصورتی واپس آسکتی ہے؟ (ح، کراچی)

**مشورہ:** ہاتھی دانت کی بنی ہوئی اشیا قیمتی ہوتی ہیں۔ ان کا رنگ ماند پڑ جائے تو بڑا دکھ ہوتا ہے۔ آپ شیشے کا بنا کھلے منہ کا ایسا مرتبان لیں جس میں تاج محل سما جائے۔ اب اسے روزانہ صبح ایسی جگہ رکھیے جہاں سورج کی کرنیں مرتبان پر پڑیں۔ کچھ دن رکھ کر دیکھیے، دھوپ سے پیلا ہاتھی دانت سفید ہوتا ہے یا نہیں۔ ایک پیالی نیم گرم پانی میں چند قطرے ایمونیا کے ڈال کر اس میں کپڑا بھگویئے۔ ہاتھی دانت کی بنی اشیا اس محلول سے صاف کرنے پر چمک جاتی ہیں۔

## منہ کی بدبو

میرے منہ سے بہت بو آتی ہے۔ شادی سے پہلے خیال نہیں کیا، اب مجھے بہت شرمندگی ہوتی ہے۔ میرے شوہر بہت اچھے ہیں۔ انہوں نے کبھی شکایت نہیں کی مگر جب کبھی کسی دعوت میں جانا ہو، تو کہتے ہیں کہ الائچی ساتھ رکھ لو تاکہ منہ سے خوشبو آتی رہے۔ مجھے قبض کی شکایت بھی ہے۔ (پوشیدہ)

**مشورہ:** میتھی دانے کی چائے آپ کیلئے بہت مفید ہے جب ایک پیالہ پانی ابل جائے تو ایک چمچ میتھی دانہ ڈال کر ڈھک دیجئے۔ دس منٹ بعد چھلنی سے چھان کر پی لیجئے۔ صبح شام یہ چائے پینی ہے۔ گلے سے بلغمی مواد نکلنے کا مسئلہ بھی یہ چائے ٹھیک کردیگی۔ یہ سانس اور منہ کی بدبو دور کرتی اور جسم سے گندے زہریلے مادے نکالتی ہے۔ چائے کا ذائقہ بہتر نہ لگے تو لیموں کے رس کے چند قطرے ملالیں۔ اس سے قبض بھی دور ہوجائیگی اور منہ کی بدبو بھی۔

الرجی کھانسی، ناک بہنا یا بند ہونا، جسم میں درد، دماغی بوجھ، سستی کاہلی، بخار، ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
جوش جوشاندہ
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل

# کدو! یہ فوائد یقیناً آپ نے پہلے نہ پڑھے ہوں گے

راجہ وسیم شیخوپورہ

احادیث میں لکھا ہے کہ ہمارے پیارے رسول ﷺ کو کدو بہت مرغوب تھے۔ سنت نبوی ﷺ کے پیش نظر کدو کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے اور بعض لوگ تو اسے ادب سے ''کدو شریف'' بھی کہتے ہیں' اسے شوق سے کھایا جاتا ہے۔ اس کی ڈنڈی سے لے کر بیج تک کار آمد ہیں۔ روغن کدو کو آج سے نہیں پرانے حکماء برسوں سے دماغ کی خشکی، بلڈ پریشر اور اعصاب کے کھچاؤ میں استعمال کرا رہے ہیں۔ نیند کے لیے دوائیں کھائی جاتی ہیں جبکہ گہری نیند کے لیے روغن کدو سے بہتر شاید ہی کوئی چیز ہو۔ پہلے تو یہ روغن کونڈی ڈنڈے سے نکالا جاتا تھا، اب مشینوں کے ذریعے چند منٹوں میں نکل آتا ہے۔ نزلہ' بخار میں اینٹی بائیوٹک دوا استعمال کرنے کے بعد سینے میں خراش، خشک کھانسی اور بلغم میں کبھی کبھی خون آنے لگتا ہے۔ ایسے میں ہلکے گرم دودھ میں ایک چھوٹا چمچہ روغن کدو ملا کر صبح شام پینے سے نزلہ اور سینے کی خراش دور ہو جاتی ہے۔ گلا صاف ہو جاتا ہے اور خون نہیں آتا۔ یہی روغن پیشاب کم آنے اور جلن اور درد کے لیے بھی مفید ہے۔ صبح شام شربت بزوری کے ساتھ چائے کا چمچ روغن کدو پینے سے پیشاب کی جلن ختم ہو جاتی ہے اور پیشاب کھل کر آتا ہے۔ دائمی قبض کے لیے یہ روغن بے حد مفید ہے۔ معدے کی تیزابیت اور آنتوں کی خشکی دور ہو جاتی ہے۔ اسی طرح جن لوگوں کی ناک بند رہتی ہو یا بار بار چھینکیں آ کر ناک میں جلن ہو جائے تو وہ بھی روغن کدو استعمال کریں اور ناک میں اندر کی طرف دو بار لگائیں، فائدہ ہوگا۔ جن لوگوں کو نیند نہ آتی ہو وہ شام کا کھانا جلدی کھا کر سوتے وقت روغن کدو پی لیں اور ایک چمچ تیل کی سر سے گدی تک خوب مالش کریں۔ ایک ہفتے کے اندر ہی خشکی دور ہو کر گہری نیند آنے لگے گی۔ جن لوگوں کے سر میں مسلسل درد رہتا ہو، تناؤ، دماغی پریشانی سے مزاج چڑچڑا ہو گیا ہو، چکر آتے ہوں، ان کے لیے بھی روغن کدو بہترین دوا ہے۔ رات کو روزانہ اس کی مالش کریں، اپنی غذا میں گھیا شامل کریں، انشاءاللہ صحت یاب ہو جائیں گے۔ گرمی کے موسم میں بخار تیز ہو، مریض بے چین ہو جائے تو نرم گھیا کدو کش کر کے یا باریک ٹکڑے کاٹ کر سر پر رکھنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

# آنتوں کی خشکی کمی خون کمزوری دل چند دن میں یقینی ختم

گول گھیا لے کر درمیان میں سے دو ٹکڑے کر لیجیے، پھر دونوں کو ملا کر ٹوتھ پک لگا دیجیے۔ اس پر گوندھا ہوا آٹا لگا کر تندور میں رکھ دیجیے۔ آٹا سرخ ہو جائے تو نکال کر آٹا ہٹائیے اور گھئے کا پانی نچوڑ لیجیے۔ یہ پانی انار کے شربت یا شربت بزوری میں ملا کر پلانے سے بخار کی تیزی، بے چینی اور گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے۔ بخار بہت تیز ہو تو نرم گھئے کے چار ٹکڑے کر کے دہی کی لسی میں بھگو کر ہاتھ اور پاؤں پر ملئے۔ امید ہے ٹمپریچر کم ہو جائے گا۔ ایسے لوگ جو نازک طبع ہوں، آئے دن بیمار رہتے ہوں، جسمانی لحاظ سے بھی کمزور ہوں، کبھی کبھار دل کی کمزوری محسوس ہوتی ہو، چلنے پھرنے سے سانس پھولتا ہو، انہیں چاہیے کہ اپنی غذا میں کدو کو شامل کریں۔ بکری کے گوشت کے ساتھ ہلکی آنچ پر پکائیے، بہترین غذا ہے۔ کمزور بچے بوڑھے، جوان سب کے لیے یکساں مفید ہے۔ غریب لوگوں کے لیے چنے کی دال اور گھیا بہترین غذا ہے، محنت مزدوری اور جسمانی مشقت کے بعد کھائی جائے تو جسم میں توانائی آ جاتی ہے۔ ایک طرح سے یہ گوشت کا نعم البدل ہے۔

**حلوا کدو غدۂ مثانہ میں مفید:** پچاس گرام کدو کے چھلے ہوئے بیج پیس کر دلیے اور دودھ یا شہد میں ملا لیے جائیں اور پھر انہیں دو خوراکوں میں تقسیم کر کے صبح خالی پیٹ کھایا جائے۔ بچوں کے لیے بیجوں کی مقدار کچھ کم یعنی ۳۰ سے ۳۵ گرام ہو۔ بیج کھانے کے چند گھنٹے بعد ارنڈی کے تیل یا اپسم کے نمک جیسا کوئی مسہل لے لیا جائے۔ ایک خیال یہ بھی ہے کہ کدو کے بیج غدۂ مثانہ کے ورم کے علاج کے لیے بھی مفید ہیں۔ معمر لوگوں میں تو یہ عارضہ عام تھا ہی، لیکن اب یہ جوانوں میں بڑھ رہا ہے جس کی وجہ کھانے کی خراب عادتیں اور ورزش کی شدید کمی ہے۔ ورم کے باعث غدۂ مثانہ (جو عام حالت میں شاہ بلوط کے پھل کے برابر یا ثابت اخروٹ سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے) مثانے کے منہ پر دباؤ ڈالتا ہے۔ اس دباؤ کا اثر یہ ہوتا ہے کہ پیشاب کی دھار کم ہو جاتی ہے اور زور لگانا پڑتا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

# شک ہے اگر کسی کو تو آزما کے دیکھ لے

محترم قارئین! کچھ عرصہ قبل عبقری کا رسالہ پڑھنے کا اتفاق ہوا اور پھر اتنی متاثر ہوئی کہ اسکے بعد ہر ماہ شدت سے عبقری رسالے کی منتظر رہتی ہوں۔ میں نے ایک دفعہ اپنی کسی ذاتی پریشانی کی وجہ سے حکیم صاحب کو خط لکھا تو ایک دن اپنی بڑی بہن سے اس کا ذکر کر دیا تو وہ کہنے لگی: ''تم تو پاگل ہو تم نے اپنے مسائل لکھ کر بھیج دیئے' بھلا اس دور میں کس کے پاس اتنا وقت ہے کہ وہ مسائل سنتا پھرے اور بلا معاوضہ ان کا حل بھی تجویز کرے''۔ میں نے ان کی اس بات کا جواب میں کچھ دلائل تو دیئے لیکن جب بولنے والا یقین سے محروم ہو تو سننے والا تاثیر سے محروم رہتا ہے کچھ اسی طرح کی کیفیت میرے ساتھ بھی تھی کیونکہ میں اس وقت عبقری کی نئی نئی قاریہ تھی اس لیے اپنی بہن کو پوری طرح سے قائل نہیں کر سکی مگر چند ہی دنوں بعد جب مجھے اپنے خط کا جواب ملا تو میری خوشی کی انتہا نہیں تھی کیونکہ میں نے پہلے کبھی کسی اخبار، رسالے یا پروگرام میں خط نہیں لکھا تھا اور جب لکھا تو جواب پایا۔ پھر تو میں نے اپنی بہن کو پورے یقین کیساتھ سمجھایا کہ برائیوں سے بھرے اس معاشرے میں کچھ لوگ اب بھی ایسے ہیں جو رضائے الٰہی اور قرب الٰہی کی خاطر اپنی قابلیت اور اپنا وقت وقف کرتے ہیں اور بے شمار دعائیں سمیٹتے ہیں۔ بس پھر محترم قارئین! جب عبقری اور اس کے ایڈیٹر میری آزمائش پر پورا اترے تو میرے دل نے یہ الفاظ کہے کہ ''ثابت قدم رہیں گے ہمیشہ ہم ہی لوگ' شک ہے اگر کسی کو تو آزما کہ دیکھ لے'' واقعی ہی میرا یہ شعر عبقری کو ہی زیب دیتا ہے جو آزمائش پر پورا اترتے ہیں تو پھر آپ بھی بے شک آزما لیجئے۔ (انیلہ جاوید، ہزارہ)

## گھر سے جھگڑے' ناچاقیاں ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تین سال سے عبقری پڑھ رہی ہوں۔ الحمدللہ وظائف سے بڑا فائدہ بھی ہوا يَارَبِّ موسٰی يَا رَبِّ كَلِيْم بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کا تو بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے گھر سے جھگڑے' ناچاقیاں اور وساوس کا خاتمہ ہوا ہے۔ ہر کوئی اب دوسرے سے محبت سے پیش آتا ہے۔ (وقار الحسن، پھالیہ)

نُورتن شفاء
بواسیر' الرجی' بڑھا پیٹ' اٹھرا' خون کی خرابی' پھوڑے پھنسی' شوگر کے زخم' رسولی چاہے کینسر کی ہی ہو' دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی
لاعلاج بیماریوں کا آزمودہ شافی علاج
قیمت 150 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# قارئین کی خصوصی اور آزمودہ تحریریں

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں اپنے معمولی سے تجربے کو کبھی بیکار نہ سمجھئے یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہو سکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں، صفحات کے ایک طرف لکھیں نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔

## دادا انڈیا کے مشہور حکیم! لیکوریا کا علاج لے لیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس طبی و روحانی راز ہیں جو میں عبقری قارئین کی نذر کرنا چاہتی ہوں۔ **ہر جائز حاجت کے لیے:** چار رکعت نفل پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُـْۨجِی الْمُؤْمِنِیْنَ (100 بار) **دوسری رکعت میں:** رَبَّهٗ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ (100 بار)۔ **تیسری رکعت میں:** وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ (100 بار) **چوتھی رکعت:** حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ (100 بار) سلام کے بعد رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (100 بار)

**جنات سے حفاظت کے لیے:** سورہ الصافات چالیس دن پڑھنے سے افاقہ ہوتا ہے۔

**دادا انڈیا کے مشہور حکیم! لیکوریا کا علاج لے لیجئے!:** میرے دادا حکیم تھے انڈیا میں میں بچپن سے دیکھتی تھی کہ ان کے پاس بہت لوگ آتے تھے دوائی میری امی کوٹ کر دیتی تھیں اب بھی ہمیں کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو ہم انہیں کے نسخے پر عمل کرتے ہیں یہ نسخہ بہت کارآمد ہے بارہا کئی لوگوں کا آزمایا ہے۔ (۱) سنگجراہت (۲) طباشیر (۳) چھلکا اسپغول (۴) موصلی سفید (۵) گل سرخ (۶) پھول سپاری (۷) سپاری سرخ (۸) کمرکس (۹) پھلی کیکر (۱۰) مصری۔ سب چیزیں ہم وزن لے کر پیس لیں صبح اور شام استعمال کریں ایک ہی خوراک سے پتہ چل جائے گا کم از کم ایک ماہ استعمال کریں۔ طبیعت کے مطابق دودھ یا پانی کیساتھ استعمال کریں۔ (محمد احمد زبیری، اسلام آباد)

## چہرے کے غیر ضروری بالوں کے لیے ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ چند سالوں مسلسل پڑھ رہی ہوں، عبقری کے ایک سابقہ شمارے میں چہرے کے غیر ضروری بالوں کو ختم کرنے کیلئے ٹوٹکے اور نسخہ جات بھیجنے کا حکم نامہ ملا۔ عبقری نے ہمیں بہت کچھ نوازا ہے اب حکم ملا ہے تو لکھنے بیٹھ گئی۔ میں خود بھی بہت عرصہ ان غیر ضروری بالوں کی وجہ سے پریشان رہی، مگر اب مجھے ان بالوں سے نجات مل چکی ہے۔ یہ ٹوٹکے بڑے مفید اور ہمارے آزمائے ہوئے ہیں یقیناً قارئین اس سے مستفید ہوں گے۔ (1) چہرے کے غیر ضروری بالوں کے لیے جو ٹوٹکہ آپ کو بتانے جا رہی ہوں وہ بڑا مفید اور آزمایا ہوا ہے یہ ایک طرح کا ابٹن ہے جسے بنانا نہایت آسان ہے۔ **ھوالشافی:** دو چمچ بیسن، ایک چوتھائی چمچ ہلدی، دو چمچ لیموں کا رس اور آدھی چمچ دودھ کی ڈال کر ایک گاڑھا سا آمیزہ تیار کر لیں پھر اسے پورے چہرے اور گردن پر لگائیں۔ جب یہ ابٹن خشک ہو جائے تو انگلیوں کے پوروں کو تر کر کے رگڑ رگڑ کر ہٹاتے جائیں۔ اس عمل سے بال کی جڑیں کمزور ہوں گی اور چند دن، چند ہفتے یا چند مہینوں کے استعمال کے بعد چہرے سے بال داغ مکمل ختم ہو جائیں گے۔ بعد میں ٹھنڈے پانی سے منہ دھو لیں۔ یہ ابٹن روزانہ ایک دفعہ لگائیں ان شاء اللہ غیر ضروری بالوں میں کمی نظر آئے گی یہ میں نے خود بھی آزمایا ہے۔

(2) ایک اور ٹوٹکہ ہے کہ رات کو سونے سے قبل دو چمچ کچا دودھ لیں اور آدھی چمچ نمک کی مکس کر کے روئی سے چہرے پر لگائیں اور بیس منٹ کے بعد چہرہ دھو لیں اور اسکے بعد کچھ نہ لگائیں چہرے پر یہ بھی میرا آزمودہ ٹوٹکہ ہے۔ (سلمیٰ عنایت حیا، ٹاؤن شپ)

# آم مزیدار پھل! آزمودہ ٹوٹکوں کے ساتھ

### پیشاب بند ہو جائے تو

(۱) جس مریض کا پیشاب بند ہو جائے اسے آم کی جڑ کا چھلکا اور برگ شیشم ایک ایک تولہ ایک کلو پانی میں ڈال کر جوش دیں جب پانی ڈیڑھ سے ایک پاؤ رہ جائے نیچے اتار لیں ٹھنڈا ہونے پر چھان لیں حسب ضرورت چینی یا مصری ملا کر مریض کو پلا دیں پیشاب فوراً کھل جائے گا۔

### مردانہ پوشیدہ امراض کا آم سے علاج

(۲) پرانے جید حکماء کرام سوزاک کے مریضوں کو مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کروایا کرتے تھے۔ آم کے خشک پھول، الائچی خورد، بھنگرہ سفید پھول والا جو تالابوں کے کنارے بکثرت پیدا ہوتا ہے ان تمام چیزوں کو ہموزن لے کر سفوف تیار کر لیں مریض کو نہار منہ ایک تولہ سفوف تازہ پانی یا لسی سے کھلا دیں۔ سوزاک کا مرض چاہے نیا ہو یا پرانا یہ نسخہ ایک ماہ استعمال کرنے سے مریض تندرست ہو جاتا ہے۔ عضو خاص سے پیپ آنے کو چوبیس گھنٹوں کے اندر اندر بند کر دیتا ہے۔

### مثانہ کی معمولی پتھری ختم

(۳) اگر کسی مریض کو مثانہ میں معمولی پتھری ہو نہار منہ کچے آم کھلائیں چند روز بعد پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی مگر حاملہ خواتین اور بچوں کو دودھ پلانے والی خواتین کچے آم کھانے سے پرہیز کریں ورنہ نقصان کی ذمہ دار خود ہونگی۔

### شوگر کے مریضوں کیلئے آم کے پتوں کا نسخہ

(۴) شوگر کے مریض آم کے پتے جو خود بخود جھڑ کر نیچے گر جائیں ان پتوں کا سفوف تیار کر لیں صبح و شام دو چمچ تازہ پانی کیساتھ کھائیں انشاء اللہ چند ماہ بعد شوگر بالکل ختم ہو جائے گی۔ (حکیم قاری محمد صادق، مظفر گڑھ)

عبقری تلبینہ
عورتوں، بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
ٹینشن، ڈیپریشن، تھکان، جسمانی، کمر، ٹانگوں کا درد، پٹھوں کا کھچاؤ، ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100 روپے علاوہ ڈاک خرچ
بچوں، بڑوں، بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا، ٹانک بھی، دوا بھی، شفاء بھی اور عطا بھی
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# آئیے! شکر ادا کر کے بڑی بڑی نعمتیں پالیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ واقعہ میرے ساتھ پیش آیا ہے اس لیے لکھ رہا ہوں' ایک دن میرے کچھ پیسے اور چیزیں مجھ سے کھو گئیں تو میرا دل بڑا سخت پریشان ہوا میں نے دل میں کہا کہ یا اللہ یہ میرے ساتھ کیا ہو گیا اب میں کیا کروں! اتفاق سے اسی دن میں نے ایک ایسے آدمی کو دیکھا جس بیچارے کے دونوں بازو ہی نہیں تھے مجھے ایک بڑا سخت جھٹکا لگا میں بڑا رویا اور میں نے دل میں کہا یا اللہ یہ تو چھوٹی موٹی چیزیں مجھ سے گم ہوگئیں اور میں اتنا پریشان ہو رہا ہوں لیکن اس بیچارے کے تو دونوں بازو ہی نہیں ہیں وہ بیچارا کس درد اور غم کو لیے ہوئے زندگی گزار رہا ہو گا یہ سوچ کر میرا غم بالکل ختم ہو گیا اور میرے لبوں پر یہ الفاظ جاری ہو گئے کہ اے مولا کریم تیرا کن الفاظ کے ساتھ میں شکر ادا کروں کہ تو نے مجھے اتنی عظیم نعمتوں سے نوازا ہے کیا ہوا جو مجھ سے یہ چھوٹی موٹی چیزیں کھو گئیں۔ تیری اتنی بڑی نعمت ہاتھ تو موجود ہیں کہ جس سے میں دوبارہ یہ گری پڑی چیزیں حاصل کر سکتا ہوں۔ وہ الگ بات ہے کہ ہمیں اس عظیم نعمت کا ذرا بھی احساس نہیں ہے خدا کی قسم ذرا جا کر اس آدمی سے پوچھو جس کے پاس یہ عظیم نعمت نہیں ہے کہ اسکی قدر کتنی ہے اس کے نزدیک وہ آپ کو بتائے گا کہ اس کی کیا قیمت ہے۔ شیخ سعدیؒ کے بارے میں آتا ہے کہ وہ کہیں جا رہے تھے اور رو رہے تھے کہ میرے پاؤں میں جوتے نہیں ہیں اچانک ایک شخص کو دیکھ کر چپ ہو گئے دیکھا اس کے پاؤں ہی نہیں تھے۔ پھر انہوں نے شکر ادا کیا اے مولا کریم شکر ہے تیرا کیا ہوا جو میرے جوتے نہیں اتنی بڑی نعمت پاؤں تو ہیں نا۔ لہٰذا ہر حالت میں اس کریم کا شکر ادا کرو کہ اس نے کتنی بڑی بڑی نعمتیں ہمیں دی ہیں جس کا شکر ہم اگر اپنی ساری زندگی اس کے حضور سجدے میں گزار دیں تب بھی اس کریم ذات کا شکر ادا نہیں کر سکتے۔ (لقمان بشیر، لاہور)

# ہائی کولیسٹرول' معدہ کا السر اور ٹائیفائیڈ کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا رسالہ ماشاء اللہ بہت ہی فائدہ مند ہے اگر ایک نسخہ یا کوئی ایک عمل بھی مل جائے تو بہت ہی بڑی نعمت ہے اللہ آپ کو لمبی زندگی صحت کے ساتھ عنایت فرمائے مخلوق خدا کی یہ ایک اچھی خدمت آپ کر رہے ہیں۔ آج آپ کو چند چیزوں کے بارے معلومات فراہم کر رہی ہوں امید ہے کہ یہ عبقری میں ایک اچھی نعمت ہے کیونکہ ہر شخص کو کوئی نہ کوئی مرض ہے کولیسٹرول تو ہر بندے کو ہے اس کے لیے کچھ عرض کرتی ہوں کہ بہت سستی اور کچن سے برآمد ہونے والی اشیاء سے ہم اس مرض سے چھٹکارا پا سکتے ہیں۔ **ہائی کولیسٹرول:** دھنیا خشک غذائی اجزاء سے مالا مال ہے حکیم جالینوس کے نسخوں میں دھنیا کے بیج ہاضم طعام، دافع تبخیر اور طاقتور معدہ ہیں اسکے کھانے کی مقدار 5 سے 7 ماشہ ہے اس کا مزاج سرد دوسرے نمبر پر ہے اور خشک نمبر 2 ہے ہمارے گھروں میں اگر موشن لگ جانے پر ثابت دھنیا ایک چمچ سادہ پانی سے لیتے ہیں تو آرام آجاتا ہے۔ دھنیا کا جوس وٹامن اے، بی، سی اور آئرن کی کمی دور کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس کے علاوہ بواسیر، ہیپاٹائٹس اور معدے کے السر کے لیے بہترین ہے اس کا جوس دو چمچ لسی میں ڈال کر پینا چاہیے یہ ٹائیفائیڈ بخار میں بھی مفید ہے۔ آنتوں کے کیڑوں اور تیزابیت کیلئے بھی بہت مفید ہے۔ آنکھ میں دو قطرے ٹپکانا چیچک کی انفیکشن کیلئے نقصان کا اندیشہ نہیں رہتا۔ کولیسٹرول لیول کم کرتا ہے دو کھانے کے چمچ خشک دھنیا ایک گلاس پانی میں ابالیں دو تین جوش کے بعد ٹھنڈا کر کے دو بار صبح شام کئی ماہ پیتے رہیں یہ نہایت پیشاب آور ہے، گردوں کو فعال بناتا ہے کھل کر پیشاب آتا ہے۔ **کثرت حیض:** چھ گرام دھنیا آدھے لیٹر پانی میں ابال لیں جب پانی آدھا رہ جائے چینی شامل کر کے نیم گرم پئیں تین ماہ تک مسئلہ ختم ہو جاتا ہے۔ **جلد کے کیل مہاسے:** تازہ پتے لے کر جوس نکال لیں ایک چمچہ ہو۔ ہلدی کا سفوف ایک چٹکی ہو۔ خشک جلد پر لیپ کرنے سے تر و تازہ جلد ہو جاتی ہے۔ **بواسیر کیلئے:** تیز جوشاندہ بنا کر دودھ اور شکر کے ساتھ لیں تو افاقہ ہو جاتا ہے۔ **دھنیا:** خفقان، وساوس کیلئے مفید ہے معدہ کو قوت بخشتا ہے منہ اگر اندر سے پک جائے دانے، آبلے ہو جائیں تو دھنیا کے پانی سے کلیاں کرنے سے آرام آجاتا ہے۔ چھوٹے بچوں کو قولنج جائے تو پیس کر سفوف بنا کر دیا جاتا ہے اس کے پتوں میں حیاتین ج (وٹامن سی) اور کیروٹین موجود ہوتے ہیں۔ آخر میں عرض ہے کہ آپ اور عبقری نے لوگوں کی مشکلات کو آسان کرنے میں بہت مدد کی' اللہ ہمیشہ آپ کو سرخرو رکھے۔ (مسز سید اعجاز شبیر بخاری، تلہ گنگ)

## دو انمول خزانے اور سورۃ والضحیٰ کا فیض

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! حضور کا فیض مخلوق خدا کو تا قیامت ملتا رہے (آمین)۔ بندہ دو انمول خزانے پر نماز کے بعد اور خزانہ نمبر 2۔ زیادہ سے زیادہ پڑھنے کی کوشش کرتا ہے۔ الحمدللہ فیض ہو رہا ہے۔ انشاء اللہ ہوتا رہے گا۔ سورۂ والضحیٰ کا عمل بہترین ہے مگر جس کے نصیب میں ہو گا وہی کرے گا۔ ایک لڑکے کو بتایا ملازمت کیلئے ہفتہ کے بعد پوچھا کہنا لگا کہ میں نے پڑھا ہی نہیں۔ میں نے کہا جا تیرے نصیب میں ہی نہیں۔ یہ وظائف یا سورۂ والضحیٰ والا عمل نصیب والے ہی پڑھتے ہیں ماشاء اللہ اس وظیفے کا بہت فیض برکت و فائدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا پاک کا کلام اور صاحب روحانیت شیخ الوظائف کا فرمایا ہوا ہے۔ کیوں نہ اثر ہو۔ ایک واقعہ عرض کرتا ہوں سورۃ والضحیٰ والا عمل یقین جانیے تین دن ہی پڑھا ہو گا کہ اللہ تعالیٰ کا ایسا کرم ہوا کہ نئی (کار) گاڑی آگئی۔ ورنہ ہم عرصہ بیس سال سے کوشش کر رہے تھے۔ کہ کس طرح گاڑی مل جائے مگر یقین جانئے کہ یہ رقم ہی نہیں بنتی تھی 20 سال سال پہلے ہمارے پاس گاڑی تھی مگر وہ بیچ دی کیونکہ حالات ایسے ہو گئے تھے اب الحمدللہ اللہ تعالیٰ اس سے بہتر نئی گاڑی دے دی۔ یہ سب سورۃ والضحیٰ والے وظیفے کا کمال ہے۔ انشاء اللہ اب گاڑی کی کوئی کمی نہیں رہے گی اس سے بھی عمدہ گاڑیاں ملتی رہیں گی ہم سب گھر والے حضرت حکیم صاحب کو دعائیں دیتے ہیں۔

## جنتری میں دیئے ہوئے حافظہ کے تعویذ کا فیض

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بیٹے کو عرصہ دراز سے یادداشت کی کمی حافظہ کی بہت کمزوری تھی۔ ہر وقت اپنے کورس کی کتابیں نوٹس وغیرہ پڑھتا رہتا مگر جب ٹیسٹ دینے جاتا تو سب کچھ بھول جاتا تھا اور مایوس آتا کہ پیپر آنے کے باوجود یادداشت حافظہ کی کمی کے باعث مکمل پیپر زحل نہیں کر سکا۔ الحمدللہ عبقری روحانی جنتری نے ہمارا یہ مسئلہ حل کر دیا حالانکہ اس سے پہلے اسے دو تین ڈاکٹر کے پاس بھی لے کر گیا وقتی آرام آتا مگر پھر یادداشت کی وہی حالت رہتی اب الحمد اللہ اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ عبقری روحانی جنتری 2018 سے ایک تعویذ جو کہ حافظہ یادداشت تیز کرنے کا صفحہ نمبر 307 پر زیادتی حافظہ کے لیے موجود ہے:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۳۳ | ۱۱۰۸ | ۱۱۴۴ |
| ۱۱۳۹ | ۱۱۲۸ | ۱۱۱۸ |
| ۱۱۱۳ | ۱۱۴۹ | ۱۱۲۳ |

اب ماشاء اللہ جو بھی پڑھتا ہے ذہن میں محفوظ ہو جاتا ہے۔ اب پیپرز میں اچھے دے رہا ہے امید ہے امتحان میں اعلیٰ کامیابی حاصل کرے گا۔ (سید خالد حیات، سرگودھا)

شوگر کورس بے شمار کا آزمودہ!
شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن ہے
قیمت 800 روپے
علاوہ ڈاک خرچ

# جولائی کی گرمی کا کیکر سے شافی علاج

محمد منظور خان، قصور

کیکر پاکستان، ہندوستان، عرب اور افریقہ کے اکثر ممالک میں بکثرت پیدا ہوتا ہے یہ بہت عام سا درخت ہے ہمارے یہاں سکولوں اور میدانوں میں جا بجا کیکر کی جھاڑیاں نظر آتی ہیں جنہیں اکثر بے کار سمجھ کر کاٹ دیا جاتا ہے اور اس کی اہمیت سے ناواقفیت کی بناء پر کوئی خاطر خواہ فوائد حاصل نہیں کئے جاتے۔ طب میں کیکر کے پتے، پھول، چھال، لکڑی اور گوند دوا کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں۔ کیمیائی تجزیئے کے مطابق کیکر کی پھلیوں اور چھال میں ایک قابض جزو عفصین Tannin موجود ہوتا ہے۔ اب کیکر کے ان طبی خواص کے بارے میں درج کیا جارہا ہے جس کے بارے میں عموماً لوگوں کو معلومات نہیں ہوتی ہے۔ ببول یا کیکر گرم امراض کے لیے بہت مفید ثابت ہوا ہے اس کی عمومی تاثیر قابض ہے۔ بعض محققین کا خیال ہے کہ اس درخت میں لوہے کا جزو غالب ہے۔ مختلف امراض میں اس کا استعمال درج ذیل طریقہ سے کرتے ہیں۔ **امراض دماغ:** گرمی کی وجہ سے سردرد کی شکایت ہو تو کیکر کا گوند پانی میں گھول کر ماتھے پر لیپ کرنے سے درد کو آرام ہوسکتا ہے۔ بہتے نزلے میں کیکر کا گوند منہ میں رکھ کر چوستے رہنے سے نزلہ بہنا بند ہوسکتا ہے۔ **قلب:** کیکر کے پھولوں کا عرق دل کی گھبراہٹ کو دور کرنے میں مفید پایا گیا ہے۔ کیکر کے پھولوں کی ڈوڈیاں بارہ گرام پانی سے گھوٹ کر مصری یا شکر ملا کر پینے سے خفقان اور دل دھڑکنے میں فائدہ ہوتا ہے۔ **یرقان:** کیکر کے پھولوں کا سفوف بقدر دو چمچ کھانے سے یرقان کو جلد فائدہ ہوسکتا ہے۔ اسی طرح کیکر کی پھلیاں بارہ گرام بھگو کر ان کا نتھرا ہوا صاف پانی لے لیں اور مصری ملا کر ہر روز پیتے رہنے سے بھی یرقان کی شکایت دور ہونے لگتی ہے۔

**چشم:** آنکھوں کے درد میں کیکر کے پتوں کو اصلی گھی میں بھون کر ہلکا گرم پپوٹوں پر باندھنے سے درد میں اکثر فائدہ ہوجاتا ہے۔ کیکر کے ایک سیر پتے پانچ سیر پانی میں جوش دیں اور جب پانی چوتھائی حصہ باقی رہ جائے تو اسے چھان کر پانی صاف کرلیں یہ پانی پلکوں پر لگانے سے گوہانجنی کو خاطر خواہ فائدہ ہوسکتا ہے۔

# یہ گوند صرف چوسیں! سینے کی تکلیف کھانسی ختم

**منہ کی تکالیف:** منہ کے اندر پیدا ہونے والی تکالیف میں بھی کیکر کے اجزاء بہت فائدہ مند ثابت ہوئے ہیں۔ اگر منہ میں چھالے ہوگئے ہوں تو کیکر کی چھال اور آم کی چھال چھ چھ ماشہ کو ایک سیر پانی میں جوش دے کر اس سے کلیاں کی جائیں تو منہ میں چھالے پیدا ہونے کی شکایت دور ہوسکتی ہے۔ اس کے علاوہ اگر کیکر کے پھول باریک پیس کر شہد میں حل کرکے بچہ کے منہ میں لگائے جائیں تو اس طرح بھی منہ کے چھالے دور ہوسکتے ہیں۔ اگر کیکر کی لکڑی سے مسواک کی جائے تو دانت مضبوط ہوجاتے ہیں۔ اسی طرح اگر اس کی چھال کو پیس کر مسوڑھوں پر ملیں تو مسوڑھے مضبوط ہوجاتے ہیں اور دانتوں کا ہلنا بند ہوجاتا ہے۔ اگر کیکر کی لکڑی کو جلا کر پیس لیا جائے اور اس میں تھوڑا سا نمک ملا کر دانتوں پر ملیں تو دانت چمکدار ہوسکتے ہیں اس کے ساتھ اگر چھال کے جوشاندہ سے کلیاں بھی کریں تو مسوڑھوں سے پیپ وغیرہ آنے میں بھی آرام آسکتا ہے۔ **حلق وسینہ کی تکالیف:** کیکر کی چھال کو جوش دے کر اس کے پانی سے غرغرے کئے جائیں تو گلے کے درد میں فائدہ ہوتا ہے اور حلق کے دوسرے امراض میں بھی آرام ملتا ہے۔ اگر کیکر کا گوند منہ میں ڈال کر چوسا جائے تو یہ سینے کی تکالیف اور کھانسی میں فائدہ کرتا ہے اور سینہ کی خشونت ختم ہوسکتی ہے۔ کیکر کے گوند کا سفوف ساڑھے تین گرام، مکھن کے ساتھ کھاتے رہنے سے پھیپھڑے کے زخم بھر سکتے ہیں اور کھانسی ختم ہونے لگتی ہے۔ کیکر کی خشک چھال دس گرام، پانی میں جوش دے کر نیم گرم پلانا پرانی کھانسی میں مفید ہوسکتا ہے۔ **پیٹ کی تکالیف:** کیکر کی گوند پیچش کا اچھا علاج ہے۔ اس مقصد کے لیے بقدر 6 گرام گوند پانی میں حل کرکے پلائیں یا اس کا سفوف بکری کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اس سے بواسیر کا خون بھی بند ہوسکتا ہے۔

## اسم اعظم کے روحانی دم سے جادو ختم، رشتہ طے ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی دعا میں وہ طاقت اور روحانی سکون ہے جو ہمیں اللہ کی طرف رجوع کرتی ہے اور اس سے نہ صرف ہمارے بگڑے کام پورے ہوتے ہیں بلکہ ہمیں اللہ پر یقین اور اللہ سے مانگنے کا ہنر بھی ملتا ہے آپ کو اللہ تعالیٰ لمبی صحت و تندرستی عطا کرے، آپ کا فیض قیامت تک مجھے اور میری نسلوں کو ملتا رہے (آمین) آپ کی نسبت سے رب نے مجھے ایسی مشکلوں سے نکالا ہے جو ناممکن بات تھی اگر تسبیح خانہ نہ ملتا تو اگلا قدم خودکشی تھی۔ الحمدللہ اسم اعظم کے دم سے بیس سال پرانا جادو ٹوٹ گیا میرا رشتہ ہوگیا اور اچھی نوکری مل گئی۔ (احمد رضا ملک، لاہور)

## جس دن کروایا تین دن بعد رشتہ آگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم نے پہلی بار آپ کے روحانی دم میں حاضری کی سعادت حاصل کی ہے۔ میں نے پہلی بار اتنا بڑا مجمع لاہور میں دیکھا حیران رہ گیا میری امی آپ کا رسالہ دس سال سے پڑھ رہی ہیں اور بہت سے وظائف بھی بتاتی رہتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اتنی عزت دی ہے اللہ تعالیٰ آپ کو سلامت رکھے۔ آپ ہمارے لاہور کی زینت بن گئے ہیں میں نے پہلا دم جون 2019 میں کروایا اس لیے کہ میری بہت ہی نیک لڑکی سے شادی ہوگئی جو کہ الحمدللہ! تہجد گزار ہے میری اور (باقی صفحہ نمبر 43)

حکومتی ہدایات پر عمل! اسم اعظم کا روحانی دم اور شفائیہ دعا آن لائن عبقری فیس بک اور یوٹیوب چینل پر ہر ماہ ہوتی ہے۔ حکومتی ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے جلد اسم اعظم کا روحانی دم اور شفائیہ دعا کا تسبیح خانہ میں ہونے کا اعلان کردیا جائے گا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے سے وقت لینے کی ضرورت نہیں، اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی، بیماری، گھریلو الجھن، کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

**اسم اعظم کا روحانی دم کروایا، فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے!**
**لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ**

دردی ہربل بام
خصوصی رعایتی پیکیج بڑی ڈبی کم قیمت، کئی ہفتے چلے
پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو، بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو، فالج، لقوہ، رعشہ، کمر کا درد، پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے، کسی عضو کا پھڑکنا، پنڈلیوں کا درد، نقرس، لاغری، ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا، موچ آجانا، بجلی کا شاک لگنا، کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا، جوڑ جوڑ درد کرتا ہو، بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں۔ قیمت: 80/= روپے
ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

آ۔ا، جہلم

# باپ سے لڑ کر پسند کی شادی! انجام صرف بربادی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو دن دگنی اور رات چوگنی ترقی دے (آمین)۔ میں آج عبقری کی قارئین ماؤں کے لیے اپنی زندگی کا تجربہ لیکر حاضر ہوئی ہوں' میں دل پر پتھر رکھ کر یہ تحریر لکھ رہی ہوں کہ شاید میری تحریر سے کسی بچی کا مستقل محفوظ ہوجائے' شاید کسی کوئی بچی یا ماں یہ تحریر پڑھے اور وہ غلطی نہ کرے جو میری بچی اور ہم سے ہوئی۔ میں روزانہ جیتی ہوں اور روزانہ مرتی ہوں' سسک سسک کر زندگی گزار رہی ہوں جس بچی کو نازونعم سے پالا تھا آج وہ نشے کی عادی اور روٹی کے ٹکڑے ٹکڑے کو ترس رہی ہے' جو بچی اعلیٰ سے اعلیٰ برانڈ کے کپڑے پہنتی تھی آج وہ اتوار بازاروں میں پڑی سستی ترین لان پہنتی ہے۔

قارئین! میری بیٹی سے کیا گناہ سرزرد ہوا کہ اسے اس کی اتنی بڑی سزا مل رہی ہے تو جان لیجئے' اس نے پسند کی شادی کی ہے۔ ہم سے لڑ کر' جھگڑ کر' باپ نہ مانا تو اس کے سامنے کھڑی ہوگئی' میں اور میرے شوہر نے یہ سوچ کر کہیں ہماری عزت کو تارتار نہ کردے' اس سے پہلے کہ ہم معاشرے میں کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہیں' ہم نے اس کے آگے ہار مان لی' اس ساری رات میں نہ سوئی جبکہ میری بیٹی نے اس رات جشن منایا جب ہم نے شادی کیلئے ہاں کی تھی۔ بیٹی کو رخصت کرتے ہوئے نجانے میرے دل سے دعائیں کیوں نہیں نکل رہی تھیں' ہمیں نظر آرہا تھا کہ ہم اپنی بیٹی کو ایک ایسے اوباش خاندان میں اپنے ہاتھوں سے بھیج رہے ہیں کہ جن کے نہ طوراچھے نظر آرہے تھے نہ طریقے' وہ کسی بھی طرح سے کسی سلجھے خاندان کی طرح ہم سے پیش نہ آرہے تھے' ہم نے ان کی ڈیمانڈ کے مطابق جہیز دیا بلکہ میری بیٹی کے شوہر نے میری بیٹی کے ساتھ مل کر جہیز کا سامان پسند کیا۔ نجانے وہ کون سی پٹی تھی جو میری بیٹی کی آنکھوں پر بندھی تھی۔ بہرحال میری بیٹی نے اپنی بات منوائی اور شادی کرلی۔ پسند کی شادی اور اس کے بعد کے حالات جانیے اور آپ میرے غم میں برابر کے شریک بنیے مگر اس سے پہلے میری ایک عرض سن لیجئے کہ خدارا کبھی بھی اپنی اولاد کو اتنی آزادی نہ دیجئے کہ وہ بڑی ہوکر اپنے باپ کے سامنے کھڑی ہوجائے' خود کو ماں باپ سے بڑا سمجھنے لگے' میری نوجوان بچیوں سے بھی درخواست ہے کہ آپ کو کوئی پسند ہے تو ذرا یہ سوچ لیجئے کہ آپ کے والدین بھی آپ کو پسند کرتے ہیں' آپ کیلئے دن رات دعائیں کرتے ہیں' آپ اپنی ماں سے اظہار ضرور کیجئے مگر تحقیق کے بعد اگر وہ کہیں وہ تمہارے لیے بہتر نہیں تو ان کا حکم مانیے' احترام کیجئے ان کے ساتھ جنگ نہ شروع کردیجئے۔

## بیٹی کی پسند کا شوہر چور' نکما اور نشئی نکلا

یقین مانیے! خوشیاں آپ کے قدم چومیں گی۔ میں نہیں چاہتی کہ کوئی دوسری ماں اپنی بچی کو رخصت کررہی ہو تو اس کے دل سے دعائیں نہ نکل رہی ہوں وہ چاہے بھی تو دعا اس کے ہونٹوں پر نہ آرہی ہو۔ یہ غم اور یہ صدمہ میں جھیل چکی اور جھیل رہی ہوں۔ اب میری بیٹی کے حالات ملاحظہ فرمایئے! اس کا شوہر بالکل نکما ہے' چور ہے اور چوری میری بچی کی چیزیں کرتا ہے۔ نہ کبھی نماز پڑھی' نہ قرآن کی تلاوت' بلکہ قرآن تو اسے پڑھنا آتا ہی نہیں۔ خود جاب نہیں کرتا زبردستی میری بچی کو ایک ملٹی نیشنل کمپنی میں لگایا ہے۔ اس کی تنخواہ پر گزارہ کرتا ہے' میری بچی صبح آٹھ بجے گھر سے نکلتی ہے اور شام چھ بجے تھکی ہاری آتی ہے اور پھر اس سے کھانا بنواتا ہے۔ میری بچی کا زیور' برانڈڈ جوتے' میک اپ کپڑے الغرض ہر چیز اس کی بیچ دیتا ہے۔ نشہ کرتا ہے اور زبردستی میری بچی کو نشے کے انجکشن لگاتا ہے۔ وہ دن بدن کمزور ہوتی جارہی ہے' اولاد کا اس کو شوق نہیں ہے۔ اس کی ساس اس کی تنخواہ سے زبردستی پیسے لیتی ہے اور اپنی چونچلے پورے کرتی ہے۔

میں اب طلاق کی بات کرتی ہوں تو مانتی نہیں' میرے پاس گھر نہیں آتی' باپ اس کی شکل دیکھنا گوارا نہیں کرتا مگر اندر ہی اندر کڑھتا ہے' تکیہ میں سر دے کر رولیتا ہے۔ مگر اس سے بات نہیں کرتا۔ بس رب کریم سے دعا مانگتی ہوں کہ میری بیٹی کا شوہر جاب کرنا شروع کردے' میری بیٹی کو عزت دے' اس سے نوکری نہ کروائے۔ اس کو گھر کی رانی بنا کر رکھے۔ اس کا شوہر چوریاں چھوڑ دے' اپنا گھر سنبھال لے میری بیٹی کو عزت دے۔

حلقہ کشف المحجوب

# اللہ سے لینے کا گُر

**ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہٗ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔**

جیسا کہ آپ نے پچھلی اقساط میں پڑھا کہ پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ ہمیں اللہ سے لینے کے گُر بتا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں میں نے آپ کو حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک قول بھی سنایا کہ دل میں اللہ کا غیر ہے تو چاہے سو نفل پڑھ لے کوئی فائدہ نہ ہوگا، کوئی نفع نہ ہوگا۔ کیوں؟ اللہ سے بڑا غیرت والا کوئی نہیں ہے تو قارئین! کیا رب سے بڑا کوئی غیرت والا ہے؟ جس کریم کے خزانے سے حیاء اور غیرت آئی ہے، خود اس کے پاس کتنی غیرت ہوگی...! کپڑے والے نے تو سوٹ کاٹ کے دیا تو خود کپڑے والے کے پاس کتنا کپڑا ہوگا؟ یہ کپڑا اور کپڑے والا ایک مثال ہے۔ ساری کائنات کے سمندر میں جتنا پانی ہے، یہ ایک قطرہ ہے اور قطرے کا ارب اور کھرب اور کروڑواں حصہ ہو اور یہ قطرہ بھی میرے آپ کے سمجھانے کیلئے عرض کررہا ہوں ورنہ میرے رب کے پاس سمندر ہیں، ساری کائنات کے جتنے پہاڑ ہیں یہ ایک کنکر ہیں اور کنکر بھی میرے آپ کے سمجھانے کیلئے ہے۔ اللہ جل اللہ شانہٗ کے پاس پہاڑ ہیں تو جس کے پاس اتنا کچھ ہو اس سے لیے بغیر، اس سے مانگے بغیر اور اس کی حفاظت کے بغیر ہمارا گزارا نہیں۔

**نیکی اور بدی سے بچانے والی ذات!:** میں اکثر ایک بات عرض کیا کرتا ہوں کہ یا اللہ! تیرے بغیر گزارا نہیں۔ بندے کا اللہ جل اللہ شانہٗ کے سوا کوئی مددگار نہیں جو نیک کاموں میں اسکی مدد و نصرت کرے اور زیادہ کی توفیق بخشے۔ نیک کام اس کو کہتے ہیں لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کہ الٰہی نیک کاموں کی توفیق صرف تیری مدد سے ہے اور اللہ! برے کام سے بچانا صرف تیری ذات کی مدد کے علاوہ کسی اور کے بس میں ہے ہی نہیں۔ بات سمجھ رہے ہیں؟ نیکی کے کام کس کی مدد سے ہیں؟ اللہ کی مدد سے ہیں۔ اور برے کام سے کون بچا سکتا ہے؟ صرف اللہ! یہی پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے سبق دیا ہے۔ (جاری ہے)

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں سے اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطابات کے مجموعہ "حلقہ کشف المحجوب" کا آج ہی مطالعہ کریں۔

جوہر شفاء مدینہ موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج

شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب بیشتر نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود گارنٹی اور کسوٹی بنادیا ہے

معدہ کا مسئلہ' بلڈ پریشر' جگر' گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلاسکتی ہیں

بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔

قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ

علامہ لاہوتی پراسراری

# جنات کا پیدائشی دوست

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 127

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے‘ اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہورہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

## جنات پر اعتراضات کا خمیازہ

جنات کی زندگی کا ایک اہم پہلو جسے عام طور پر لوگوں کی معلومات کی کمی ہے یا لوگ اس طرف توجہ نہیں کرتے کہ وہ ہمیشہ تعریف کو پسند کرتے ہیں اور اعتراض‘ شک کو ناپسند کرتے ہیں۔ جو لوگ بھی جنات کے اوپر اعتراض کرتے ہیں واقعات اور مشاہدات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ وہ کسی نہ کسی شکل میں جنات کی پکڑ میں آجاتے ہیں ان کی گرپ میں آجاتے ہیں اور اس گرفت میں ان کے بہت زیادہ نقصانات بہت زیادہ پریشانیاں اور زندگی کے مسائل ان کے لیے کھڑے ہوجاتے ہیں۔

## جنات نے زندگی اجیرن بنادی

ایک صاحب میرے پاس آئے ان کے گھر میں جنات بہت زیادہ بکھرے ہوئے تھے اور ہر چیز پر غالب تھے حتیٰ کہ وہ ہنڈیا پکا کر رکھتے‘ اس میں یا گوبر ڈال دیتے یا مٹی اور ریت ڈال دیتے اور دودھ ہوتا پھٹ جاتا یا پھر دودھ کا رنگ بدل جاتا اور اس کا ذائقہ خراب ہوجاتا۔ اکثر ایسا ہوتا کہ الماری میں سجے برتن ریک وغیرہ میں ہوتے ہیں جو خصوصی مہمانوں کے لیے استعمال میں لائے جاتے ہیں جب ان کو کبھی کبھار اٹھایا جاتا تو اس میں خشک پاخانہ یا کسی بکری کی مینگنیں یا جانور کا گوبر یا انسانی فضلہ ہوتا۔

یہ ایک سلسلہ تھا جو سالہا سال سے ان کے گھر چلا آرہا تھا‘ پہلے انہوں نے اس کو اپنا وہم سمجھا‘ بے احتیاطی سمجھی‘ کسی کی شرارت سمجھی لیکن کب تک وہم ہوتا‘ کب تک بے احتیاطی کب تک شرارت پھر آخر کار کچھ عاملوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا اور عاملوں نے آنا جانا شروع کیا۔ بات یہ نکلی کہ یہ کوئی جنات ہیں جو بہت زیادہ تنگ کررہے ہیں‘ ان کے گھر میں بڑا گھر تھا‘ تین فیملیاں رہتی تھیں‘ حیرت انگیز بات یہ ہے کہ یہ سب کچھ صرف ایک فیملی کے ساتھ ہورہا تھا‘ باقی دو فیملیز کے ساتھ نہیں ہورہا تھا‘ بہت تھکے ہارے میرے پاس آئے تھے‘ ہر طرف سے علاج معالجہ کرکے پیسے مال چیزیں ضائع کرکے آئے تھے۔ جب میں نے ان سے ان کا حال احوال پوچھا تو مجھے کچھ ایسی حقیقت اس میں سے نظر نہ آئی کہ اس کی وجہ آخر کیا ہوسکتی ہے اور اس کی بنیاد کیا ہوسکتی ہے؟ میں بنیاد اور اس کی تہہ تک پہنچنے کی بہت کوشش اور محنت کرتا رہا لیکن اس کی بنیاد تک میں پہنچ نہ سکا۔ بہرحال انہیں کچھ اعمال بتائے‘ الحمدللہ! جس سے ان کا مسئلہ حل ہوگیا۔ ان سے شناسائی ہوگئی تو میں نے ایک ملاقات میں ان سے اچانک پوچھا کہ مجھے لگتا ہے کہ آپ کا جنات کے ساتھ بہت پرانا تعلق ہے یا آپ کے بڑوں میں سے کوئی ایسا شخص تو نہیں تھا جو جنات کے وجود کا انکار کرتا ہو یا جنات کو کسی انداز سے تنگ کرنے یا اس طرح کے کارناموں کا جھٹلاتے ہوں یا کسی کا کوئی اسی طرح سلسلہ شروع ہوا ہوگا اور انہوں نے اس کا مذاق اڑایا ہو‘ جھٹلایا ہو۔

## کیمسٹری کے پروفیسر کا جنات سے انکار

ابھی میری بات پوری بھی نہیں ہوئی تھی کہ ان میں سے ایک صاحب کہنے لگے: ہمارے والد صاحب اللہ بخشے فوت ہوگئے ہیں وہ کیمسٹری کے پروفیسر تھے‘ ریٹائر ہوئے‘ ہمارے پرانے گھر کے پڑوس میں اس طرح کے واقعات ہوتے تھے اور آنکھوں سے دیکھے بھی تھے لیکن وہ مسلسل مذاق اور اس کو باقاعدہ مذاق کا موضوع بناتے تھے کہ دیکھو کہ سائنس کہاں سے کہاں پہنچ گئی اور یہ ابھی تک جنات کے ان شعبدوں کے ساتھ لگے ہوئے ہیں حالانکہ یہ ان کی اپنی کوتاہیاں ہیں اپنی کوتاہیوں کا ازالہ نہیں کرتے نفسیاتی الجھنوں میں خود کو مبتلا رکھا ہوا اور بتاتے جنات کا قصور ہے۔ کبھی کبھار ایسا بھی ہوتا کہ جنات کا کوئی وجود نہیں ہے اور اس کے لیے نامعلوم کہاں کہاں سے وہ دلائل جمع کرکے لے آتے اور اتنے دلائل کہ انسان یہ سمجھتا کہ شاید ساری دنیا میں سب سے زیادہ علم ہے ہی انہی کے پاس۔

## جنات کا وجود ہے ہی نہیں! سب دھوکہ ہے!

بہت لمبی لمبی تقاریر کرتے اور لوگوں کو منواتے‘ تسلیم کرواتے‘ کہ جنات کا وجود نہیں ہے‘ یہ سب دھوکہ ہے‘ یہ سب فریب ہے کچھ بھی نہیں سلسلہ چلتا رہا‘ چلتا رہا‘ میرے والد صاحب کی زندگی ہی میں ہمارے گھر میں یہ سلسلہ شروع ہوگیا اور ہمارے گھر کے افراد کے بعض اوقات سب سے پہلے سلسلہ جو شروع ہوا وہ یہ ہوا کہ ان کو بہت زیادہ ٹھوکریں لگنا شروع ہوگئیں‘ کبھی چارپائی سے‘ کبھی دیوار سے‘ کبھی دروازے سے‘ کبھی گھٹنا کبھی پاؤں کبھی کہنی‘ کبھی کندھا ٹھوکریں اتنی خطرناک نہیں ہوتی تھیں لیکن کئی کئی دن ان پر دوائی لگانا پڑتی اور پٹی رکھنا پڑتی۔ ان ٹھوکروں کو بھی کچھ نہ سمجھا گیا ٹھوکروں سے کیا ہوتا ہے؟ ٹھوکریں عام معمول میں لگ جاتی ہیں‘ لگتی رہتی ہیں‘ انسان کو چوٹیں‘ تکالیف ہوتی رہتی ہیں اس لیے ان ٹھوکروں پر توجہ نہ دی گئی۔

## مصیبت اور پریشانی

ایک مرتبہ ہمارے والد صاحب رات کو میں خواب میں آکر کسی نے کہا کہ تم ہمارا مذاق اڑاتے ہو‘ تم نے ہمارے وجود کو جھٹلایا ہے‘ ہم اس وقت تمہیں مرتا نہیں دیکھیں گے جب تک کہ تم ہمارے وجود کے قائل نہ ہوجاؤ اور یہ ٹھوکریں جتنی بھی تمہیں لگ رہی ہیں ہم لگا رہے ہیں‘ ابھی یہ سلسلہ ہم نے ٹھوکروں سے شروع کیا ہے اور ٹھوکروں سے سلسلہ چلتے چلتے تمہارے گھر کے ایک ایک کونے کو تمہارے لیے مصیبت اور پریشانی کا گھر بنادیں گے۔ اس طرح کی بہت دھمکی آمیز باتیں انہوں نے والد صاحب سے بیان کیں لیکن والد صاحب نے ساری عمر سائنس پڑھی تھی حالانکہ سائنس تو ان چیزوں کی واقعی بہت قائل تھی لیکن شاید ان کی نظر اس پر نہیں اٹھی۔ صبح اٹھے تو سب کو جمع کیا اور اس طرح کی باتیں بتائیں اور گھر میں اونچا اونچا قہقہہ لگا کر جنات کو بڑی بڑی گالیاں دیں اور کہنے لگے اگر تم ہو بھی تو ہمارا کچھ نہیں کرسکتے۔ ساری دنیا کو جتنی ٹھوکریں لگ رہی‘ کوئی زخمی ہو رہا تم کررہے ہو؟ کسی کی پٹی کسی کا زخم کسی کی چوٹ یہ سب تم کررہے ہو؟

## گھر کے سٹور میں زوردار دھماکہ

گھر کے کچھ افراد انہیں روکتے رہے‘ آپ ایسا نہ کریں یہ ٹھوکروں کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہمیں کچھ بتارہا کہ سلسلہ کہیں اور سے شروع ہے اور شاید اس کو ہم نہ سنبھال سکیں۔ لیکن والد صاحب کو کچھ سمجھ نہ آئی وہ اپنی ضد پر ڈٹے ہوئے تھے ابھی یہ ساری باتیں ہو ہی رہی تھیں اور والد صاحب جنات کو پہلے سے زیادہ چیلنج کررہے تھے اچانک گھر کے آخری کونے میں ایک چھوٹا سا سٹور تھا اس میں دھماکہ کی

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا‘ نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کرکے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کرکے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

آواز آئی' سب پریشان ہو کر اس طرف بھاگے سٹور کا دروازہ کھولا دیکھا تو اندر ایک بہت بڑا پرانا صندوق تھا جو ہمارے آباؤ اجداد کا بہت مضبوط لوہے کا اس کا دروازہ کھلا ہوا ہے اس انداز سے کھلا ہے کہ جیسے کسی نے کھینچ کر اندر سے توڑا ہو اور اس کے اندر کی تمام چیزیں بکھری ہوئی ہیں اور ٹکڑے ٹکڑے ہوئی پڑی ہیں' ایسے ہے جیسے کسی نے صندوق میں کوئی بارود رکھ دیا ہو اور وہ ایک دم پھٹا ہو صندوق کے اوپر کے حصہ کے ٹکڑے ٹکڑے کردیئے اور سامان سارا بکھر گیا۔

## پہلی مرتبہ والد صاحب سہم گئے

جب والد صاحب نے یہ دیکھا تو پہلی مرتبہ ان کے چہرے پر گھبراہٹ اور سہم گئے تھے اب سب گھر والے پریشان اور اچانک ہماری پھپھو جو بوڑھی مگر بہت سمجھدار تھی' انہوں نے والد صاحب کو مشورہ دیا کہ آپ یہیں کھڑے کھڑے ان سے معافی مانگ لیں اور اللہ سے توبہ کرلیں' مگر والد صاحب اپنی انا پر اڑ گئے کہ میں معافی نہیں مانگوں گا۔ اگر ان کے پاس طاقت ہے تو میرے پاس بھی طاقت ہے اور والد صاحب نے پھپھو کے کہنے پر آیت الکرسی پڑھنا شروع کردی۔ وہ مزید بتانے لگے: اس وقت پتہ چلا کہ آیۃ الکرسی اللہ کا کلام ہے مگر جس نے ساری عمر اعمال' نماز' تسبیح ذکر کی طرف توجہ نہ کی ہو اس کی آیۃ الکرسی وہ تاثیر نہیں رکھتی' وہ شخص جس نے اعمال' تسبیحات' ذکر اور آیۃ الکرسی پڑھی ہو اس کی پڑھی آیۃ الکرسی تاثیر رکھتی ہے۔ انہوں نے پڑھا لیکن انہیں اب ایک احساس ہوگیا کہ جنات کا وجود ہے اور جنات کی حقیقت ہے۔ جنات کا غصہ' جنات کا انتقام ان ساری چیزوں کی حقیقت واضح ہوگئی۔

## ہماری پریشانی کے دن شروع

لیکن وہ دن ہمارے لیے بہت پریشان دن تھا' بس اس دن کے بعد جنات کا انتقام بہت زیادہ شروع ہوگیا۔ حد سے زیادہ ہمارے لیے مسائل' مشکلات اور پریشانیاں بڑھنا شروع ہوگئیں کوئی دن ایسا نہیں گزرتا تھا کہ ہماری مشین' استری' پنکھا' موٹر یا گھر کی کوئی نہ کوئی چیز خراب نہ ہوتی ہو۔ بڑے بڑے مکینک اور مستری آتے ٹھیک کرکر کے پاگل ہوجاتے حیران ہوجاتے اتنا چھوٹا سا پنکھا ہے بناتے ہیں' چلاتے ہیں تو چلتا نہیں چلتا ہے تو پھر خراب ہوجاتا ہے۔ پھر بناتے ہیں پھر سنبھالتے ہیں حتیٰ کہ وہ تھک گئے اور بہت زیادہ بیزار ہوگئے۔ مستریوں نے ہمارے گھر رخ کرنا چھوڑ دیا اور ایک بات مشہور ہوگئی کہ ان کے گھر میں جو کاریگر مستری مرمت کرنے جاتا ہے تو اس کے کندھے پکڑے جاتے ہیں اعصاب کھچ جاتے ہیں' ٹانگیں پکڑی جاتی ہیں یا اسے بخار ہوجاتا ہے یا بیمار ہوجاتا ہے یا اس کا کوئی نقصان ہوجاتا ہے اور یہ حقیقت تھی' ایسا ہی ہوتا تھا۔

اب عالم یہ ہوا کہ ہمارے گھر میں کئی کئی راتیں پنکھے کے بغیر' اے سی کے بغیر گزرتیں۔ کئی کئی ہفتوں ایسے ہوتا تھا فریج گھر میں پڑا ہے لیکن خراب ہے' ٹھیک کروایا پیسہ خرچ کیا مگر پھر خراب ہوگیا۔ ہمارا گھر ویرانی میں' پریشانی میں' مشکلات میں' ہمیں بعض اوقات بستر سے اٹھا کر نیچے پھینک دیا جاتا' نامعلوم ایک رات کیا ہوا ان کے دل میں آیا اور اٹھ کر زور زور سے گڑگڑا کر جنات سے معافی مانگنے لگے' روتے رہے' معافی مانگتے رہے بہت زیادہ رو رہے تھے' اس رات ان کا رونا معافی مانگنا حیرت انگیز تھا' کمرہ بند تھا' ہمیں آوازیں آرہی تھیں۔

## جنات کے آگے رونا' سسکنا اور معافی

زندگی میں ہم نے انہیں اتنا روتا سسکتا اور معافی مانگتا نہیں سنا تھا جتنا کہ اس رات سنا۔ کئی گھنٹے تک روتے رہے اور جنات سے معافی مانگتے رہے۔ مہربانی کریں آپ کو میں نے ستایا ہے' بے عزت کیا ہے' آپ اب ہمیں معاف کردیں' اور ہمارا جتنا نظام بگاڑا ہے اس کو بھی بنادیں ہم بہت پریشان ہیں حتیٰ کہ والد صاحب معافی مانگتے مانگتے بے ہوش ہوگئے جبکہ ہم سمجھے کہ سو گئے ہیں۔ صبح پتہ چلا کہ بیہوش پڑے تھے' ہسپتال لے گئے' کئی گھنٹوں کے بعد ہوش میں آئے' پھر انہوں نے سارے حالات بتائے گزشتہ ساری رات میں نے جنات سے گڑگڑاتے روتے معافی مانگتے گزاری ہے۔

## تین ہفتے معافیاں مانگنے کے بعد پھر کیا ہوا؟

اس کا جو نتیجہ ہمیں ملا کہ ان جنات کے اندر کچھ نرمی آئی' اور پھر ہم نے معمول بنالیا' روزانہ سارے بیٹھ کر اجتماعی طور پر ان سے معافیاں مانگتے تھے' زاریاں کرتے تھے اور بہت زیادہ معافی مانگتے اور ان سے کہتے کہ آپ ہمیں معاف کردیں' دو تین ہفتے یہ سلسلہ چلتا رہا' ان دو تین ہفتوں میں صرف چند واقعات نقصانات کے ہوئے باقی سب ٹھیک رہا۔ پھر اگر نقصان ہوا بھی تو وہ بہت جلد بہتر ہوجاتا تھا بہترین ہوجاتا تھا۔ ایک دن والد صاحب صبح اٹھے تو بہت خوش تھے۔

## جناتی قافلہ اور دوستی کا ہاتھ

فرمانے لگے: رات کو میرے پاس کچھ لوگ آئے ہیں اور میں نے ان کے سامنے معافی مانگی ہے' مجھ سمجھ آگئی تھی کہ یہ وہی لوگ ہیں' بہت بڑا انسانوں کی شکل میں قافلہ آیا تھا' میں معافی مانگتا رہا' ان کے پاؤں پر ہاتھ جوڑے' ان کے گھٹنوں پر ہاتھ رکھے' وہ سب خاموش تھے اور ان کی آنکھوں سے شعلے برس رہے تھے' آخرکار انہوں نے کہا کہ آپ کا سارا گھرانہ اتنے ہفتوں سے معافی مانگ رہا ہے' ہم نے آپ کو معاف کیا اور آئندہ احتیاط کرنا' کبھی بھی کسی جن کی توہین نہ کرنا' ذلیل نہ کرنا' رسوا نہ کرنا' ان کا مذاق نہ اڑانا اور ان کو تکلیف نہ دینا' ورنہ پھر ان کے انتقام کا سلسلہ چل پڑتا اور ایسا کہ نہ ختم ہونے والا ہوتا ہے' والد صاحب یہ باتیں ہمیں بتا رہے تھے' ہم خوش ہو رہے تھے۔

## آئندہ آپ کو کبھی نہ ستاؤں گا

والد صاحب نے مزید فرمایا: میں نے ان سے وعدہ کیا ہے کہ آئندہ کبھی بھی آپ کو میں نہیں ستاؤں گا' میری نسلیں بھی آپ کی عزت کریں گی' آپ کا احترام کریں گی اور میری نسلیں بھی آپ کو برا بھلا نہیں کہیں گی اور کہا کہ میں نے ان کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھایا تو ان کے بڑے نے میرے ہاتھوں میں ہاتھ دیا' اب بھی ان کے ہاتھوں کا انداز اور کیفیت میرے ہاتھ محسوس کررہے ہیں۔ کہنے لگے: وہ دن اور آج کا دن ہمارے گھر سے مصائب دور ہوئے' پریشانیاں دور ہوئیں' الجھنیں ختم ہوئیں' ناکامیاں ختم ہوئیں اور پریشانیاں ذلتیں' خیر میں بدل گئیں اور ہم خوشحال ہوگئے' ہم روزانہ ان کا شکریہ ادا کرتے' ان کی طرف سے ہمیں بعض اوقات تحائف بھی ملتے' کبھی پھل ملتے' کبھی پھول ملتے' کبھی عطر (خوشبو) کی کوئی شیشی ملتی' یہ سلسلہ ہمارے اس گھر میں اب بھی جاری ہے۔ بعض اوقات ہم کہیں الماری دروازہ کھلا چھوڑ دیتے جہاں سے کوئی چیز چرائے جانے یا نقصان ہونے کا خطرہ ہوتا تو وہ ہمیں اس کی اطلاع بھی کرتے اور انہوں نے ہماری معافی کو بھی قبول کیا اور ہمارے بڑھے ہوئے دوستی کے ہاتھ کو بہت زیادہ محبت سے لیا اور پیار دیا۔ (جاری ہے)

**حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل**

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 64 پر دیا گیا کوپن پر کرکے بھجوادیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

**اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔**

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہورہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
برص پھلبہری کورس
برص، خارش، چنبل، کوڑھ، جذام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج
500

# ٹی وی بند کیا اور گھر میں رزق دروازے توڑ کر آیا!

## فاقے ختم‘ دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ’’ان کی مشکلات‘ فاقے‘ بے روزگاری‘ بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا‘ دولت مند ہوا‘‘ شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہر لمحہ رحمت او برکت آپ اور آپ کے اور آپ کے اہلخانہ پر برستی رہے۔ میں آپ کو ایک خاص بات بتاتا ہوں چاہوں گا کہ آپ درس میں اس کا ذکر کریں اگر آپ کو مناسب لگے۔ میرے گھر میں ہر وقت پریشانی رہتی تھی۔ نوکری کے ساتھ کاروبار بھی ہے۔ مگر بہت کم کام چلتا تھا اور کسی نہ کسی طرح سے پریشانی رہتی تھی۔

میں ایک دن اپنے ایک قریبی عزیز کے گھر گیا‘ وہاں مجھے کچھ کام تھا‘ جب میں گھر میں داخل ہوا اور وہاں بیٹھا تو مجھے کسی کی موجودگی کا احساس ہوا پتہ نہیں کون تھا مگر ان کے گھر میں بہت روشنی تھی۔ دیواروں پر جامنی رنگ ہونے کے باوجود اور کھڑکی نہ ہونے کے باوجود بہت روشنی تھی‘ اس کے علاوہ بہت زیادہ خوشبو تھی۔ میں نے بہت تلاش کیا کہ خوشبو کہاں سے آرہی ہے مگر خوشبو تو ہر لمحہ بڑھتی جارہی تھی اور خوشبو اتنی بڑھ گئی کہ میں جیسے مدہوش ہو گیا۔ آخر کار میں نے خاموشی توڑ دی اور پوچھا کہ اس روشنی اور خوشبو کا کیا معاملہ ہے؟ وہ بولا کہ مجھے اور بھی کئی لوگوں نے کہا ہے‘ ہم میاں بیوی پانچ وقت کے نمازی ہیں اور کچھ وظائف پڑھتے ہیں اور سب سے بڑھ کر ہم نے ٹی وی کو اپنے گھر سے ہمیشہ کیلئے نکال دیا ہے۔ بس جب سے ٹی وی گھر سے نکالا‘ اللہ کریم نے کرم فرمادیا‘ رزق میں برکت‘ جان میں‘ مال میں برکت اور سب سے گھر بڑھ کر آپ گھر میں سکون خود محسوس کر رہے ہیں۔ میں نے ان کی باتیں سنیں اور ان سے سلام دعا لی اور گھر واپس لوٹ آیا۔ بس وہ دن ہے اور میں نے گھر آکر ٹی وی نہ دیکھنے کا ارادہ کرلیا مگر اپنی زوجہ کو منع نہیں کیا اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کی کہ میری زوجہ کا دل بھی ٹی وی سے پھیر دے۔ اللہ نے میری سنی اور میری زوجہ نے ایک دن ٹی وی نہ چلایا تو ہمیں بہت منافع بخش آرڈر ملا‘ ہم کھانا بنا کر فروخت کرتے ہیں۔ میری زوجہ نے فوراً ٹی وی دیکھنا چھوڑ دیا۔ الحمدللہ آج تقریباً دو ماہ ہو چکے ہیں ہم نے ٹی وی نہیں دیکھا آج ماشاء اللہ ہمارے گھر میں بہت خیر و برکت ہے۔ ٹی وی سے گھر میں اتنی نحوست پھیلتی ہے مجھے اس بات کا ہرگز علم نہیں تھا۔ اللہ کی رحمتیں تو جیسے ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں۔ اللہ اکبر۔ (قیصر مختار راجپوت، کویت)

# 28 سال روتے سسکتے گزرے! اس عمل نے خوشحال بنادیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ سلامت رکھے اور یونہی آپ دکھی انسانیت کی خدمت کرتے رہیں اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین! ہمارے سلنڈر میں گیس ختم ہوگئی تھی میں کچن میں انمول خزانہ کام کرنے کے دوران پڑھتی ہوں‘ انمول خزانہ کی برکت سے ہمارا سلنڈر پھر سے بھر گیا شاید یہ بات کچھ لوگوں کو مذاق لگے لیکن کرنے والی ذات تو اللہ کی ہے۔ میرے میاں پوچھتے ہیں کہ سلنڈر بھروایا ہے؟ میں نے کہا نہیں اعمال کی برکت سے ابھی تک چل رہا ہے۔ ہماری ہمسائی ہے‘ وہ بے چاری بہت دکھی تھی‘ اس نے آکر اپنے گھر کی کہانی سنائی‘ مجھے بھی بہت دکھ ہوا‘ پھر میں نے اسے ایک عمل بتایا تین دفعہ اوّل و آخر درود ابراہیمی ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین دفعہ سورۂ اخلاص اپنے مسائل کو ذہن میں رکھ کر زیادہ سے زیادہ باوضو پڑھو۔ اس نے پڑھنا شروع کردیا پورا ایک ماہ اس نے پڑھا تو اس کو اس عمل کے فوائد ملنا شروع ہوگئے ہیں۔ اس کی شادی شدہ زندگی کے 28 سال روتے ہوئے گزرے تھے۔ آج صبح صبح ہمارے گھر آئی بہت خوش تھی میں نے پوچھا (ب) بہت خوش نظر آرہی ہو‘ وہ کہنے لگی باجی بات ہی خوشی کی ہے‘ کہنے لگی: میرے میاں نے مجھے اٹھائیس سال بعد عزت دینا شروع کردی ہے‘ میرے میاں نے کبھی میرے ہاتھ میں پیسے نہیں رکھے‘ کل رات میرے میاں نے میرے ہاتھ پر آٹھ ہزار روپے رکھے کہ لے تو رکھ لے۔ ورنہ میں تو اپنی ماں سے خرچہ لے کر اپنی ضرورت کی چیزیں خریدتی تھی۔ گھر میں غربت تھی‘ بہت روتی تھی کہ یا اللہ کسی کے آگے ہاتھ پھیلاتی جان نکلتی ہے تو کرم فرمادے‘ (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

# برداشت!

## صحت افزاء توانائی

لوگ جب غصہ میں ہوتے ہیں تو وہ خود کو طاقتور اور بااختیار محسوس کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ برداشت اور معاف کرنے کو بزدلی سمجھتے ہیں۔ مگر وہ غلطی پر ہیں۔ کیونکہ برداشت اور معاف کرنے سے زیادہ طاقتور ہونے کا احساس ملتا ہے۔ جب آپ کسی کو معاف کرتے ہیں تو آپ کو انتخاب کرنے کی طاقت ملتی ہے۔ یہ بات غیر اہم ہے کہ آیا کوئی شخص قابل معافی ہے یا نہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ آپ آزاد ہونے کے مستحق ہیں اور آزاد آپ اسی وقت ہوں گے جب آپ دوسرے کو معاف کردیں گے۔ اور اسے برداشت کریں گے۔ دوسروں کو معاف کرنے میں ہچکچاہٹ اس مقبول عام تصور سے پیدا ہوتا ہے کہ معاف کرنے کا مطلب ہار ماننا ہے۔ اس کے ذریعے ہم دوسروں کا دباؤ تسلیم کرتے ہیں۔ ان کے آگے جھک جاتے ہیں، بعض لوگ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ برداشت اور معاف کرنے کا مطلب یہ اقرار کرنا ہے کہ ہم غلطی پر تھے جب کہ دوسرا رفیق راستی پر تھا۔ یہ نقطہ نظر ایک غلط فہمی سے پیدا ہوتا ہے۔ وہ غلط فہمی یہ ہے کہ جس کو ہم معاف کرتے ہیں، اس پر ہم احسان کرتے ہیں۔ پھر ہم سوچتے ہیں کہ دوسرے فرد نے ہمارے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا، ہم اس پر احسان کیوں کریں۔ میں نے اس کو غلط فہمی کہا ہے تو اس کی وجہ ہے کہ برداشت کرنے اور معاف کرنے کا مطلب دوسرے پر احسان کرنا نہیں۔ بلکہ خود اپنے ساتھ اچھا سلوک کرنا ہے۔ معاف کرکے ہم اپنے دل سے کانٹا نکالتے ہیں۔ اپنے آپ کو مصیبت سے نکالتے ہیں۔ چنانچہ جب کوئی مطلقہ بیوی اپنے سابق شوہر کو معاف کردیتی ہے اور گزری ہوئی ازدواجی زندگی کی تلخیاں بھلا دیتی ہے تو وہ تکلیف دہ ماضی کا بوجھ اپنے سر سے اتار پھینکتی ہے۔ وہ آزاد ہوجاتی ہے۔ جب آپ کسی دوست کو معاف کردیتے ہیں جس نے آپ کے اعتماد سے ناجائز فائدہ اٹھایا تھا تو آپ پرسکون ہوجاتے ہیں۔ یہاں یہ بھی یاد رکھیئے کہ اکثر صورتوں میں دوسرے فرد کے وہم گمان میں بھی نہیں ہوتا کہ آپ اس کی حرکت کا بدلہ (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

گُردی

مختصر دوائی‘ فائدے بے شمار کمزور گردے پرانی سے پرانی گردہ مثانے کی پتھری یوریا یورک ایسڈ، کریٹنن ڈائیلاسز سے نجات کیلئے خالص جڑی بوٹیوں سے بنی گردی استعمال کریں

گردے کے مریض کو جہاں شفایابی کا ذریعہ بنتی ہے وہاں مرض کی وجہ سے کمزوری ضعف اور نقاہت کو فوری ختم کرتی ہے۔

(قیمت صرف 230 روپے)

# روزانہ تین ڈبیاں سگریٹ پینے والے اور ورزش

ڈاکٹر سید اسلم کراچی

گزشتہ 50 سال سے احمد خان سگریٹ کی تین ڈبیاں روزانہ پی رہے تھے اور اس کے نتیجے میں سخت دم کشی اور بلند فشار خون میں مبتلا تھا۔ انہوں نے طبی مشورے پر حال ہی میں تمباکو نوشی ترک کردی ہے، گو اب ان کی عمر 88 سال ہے مگر اپنے معالج کے اصرار پر انہوں نے ورزش بھی شروع کردی ہے جس کے فوائد جلد مرتب ہونا شروع ہوگئے ہیں اور وہ خود کو اس قدر اچھا محسوس کرنے لگے ہیں کہ اپنے آپ کو 35 سالہ جوان آدمی کی طرح سمجھتے ہیں۔

اس زمانے میں مغرب میں ورزش ہر حصہ عمر کے افراد میں مقبول ہوتی جارہی ہے۔ اس کے جو فائدے عمر رسیدہ افراد میں ظاہر ہورہے ہیں انہوں نے اس تحقیق کی تصدیق کردی ہے کہ اگر باقاعدگی سے روزانہ ورزش کی جائے تو سال خوردگی کا عمل دھیما ہوسکتا ہے اور سال ہا سال اپنی صحت کو نظر انداز کرکے جو ضرر پہنچایا تھا، اس کا ازالہ کیا جاسکتا ہے یعنی بازگشت شباب یا کم از کم بازیافت صحت ضرور ہوسکتی ہے۔ ایک مغربی اولڈ ہاؤس (بوڑھے لوگوں کی اقامت گاہ) میں، جب بعد اصرار و تاکید بوڑھے لوگوں کو ورزش پر آمادہ کرلیا گیا تو یہ خوش آئند معلومات ہوئیں کہ 90 سال سے زیادہ عمر کے افراد بھی ورزش کے بعد خود کو طاقت ور محسوس کرنے لگتے ہیں۔ ان کے پٹھوں کی جسامت میں بھی اضافہ ہوتا ہے جس سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ بڑھاپے کے ساتھ پٹھوں میں جو کمزوری اور دبلا پن آتا ہے، وہ ناقابل واپسی نہیں کیوں کہ ان ورزشوں سے پٹھوں کی گم شدہ طاقت اور جسامت واپس لائی جاسکتی ہے۔ نوجوان افراد میں تو ورزش کے فوائد حیرت انگیز ہیں کہ وہ ورزش و مشق سے اپنے پٹھوں کی قوت میں 200 فیصد اور ان کی جسامت میں 15 فیصد اضافہ کرسکتے ہیں۔ یہ تمام معلومات ناقابل یقین معلوم ہوتی ہیں مگر یہ ناقابل تردید حقیقت ہے۔ ٹانگوں کی ورزشوں سے ٹانگوں کی قوت میں اضافہ کیا جاسکتا ہے اور اگر ورزش جاری رکھی جائے تو اس توانائی کو برقرار رکھا جاسکتا ہے۔

## 88 سالہ خاتون کی ورزش اور قوت

ایک 88 سالہ خاتون نے ورزش اور سیر سے اس قدر قوت حاصل کرلی کہ اب وہ باآسانی ایک میل سیر روزانہ کرلیتی ہے اور خود کو نہایت اچھا محسوس کرتی ہے۔ ورزش اور سیر نہ صرف دل اور جسم وجاں کے لیے اچھی چیز ہے، بلکہ جسم کے سانچے اور ہڈیوں کے لیے بھی مستحسن ہے۔ ورزش سے عمر رسیدگی اور سال خوردگی کا عمل مدھم ہوجاتا ہے اور ہڈیوں جوڑوں اور پٹھوں کی تکالیف میں افاقہ ہوتا ہے۔

## ورزش سے امراض کا سدباب

ایک مریضہ بتاتی ہے کہ وہ جوڑوں کی سخت تکلیف میں مبتلا تھی اور جب تک وہ ہر صبح اپنے جوڑوں کو نیم گرم پانی میں ڈبو کر نہیں سینک لیتی تھی چلنے کے قابل نہیں ہوسکتی تھی۔ ورزش شروع کرنے کے وقت وہ خود کو گھسیٹتی تھی اور ورزش و مشق کے بعد وہ نہایت سبک بلکہ سبک خرام ہوگئی ہے، چنانچہ اس بات میں کوئی شک نہیں ہر عمر کے افراد میں ورزش سے قوت میں اضافہ اور توازن جسم کو برقرار رکھنے میں جسم اعتدال پر آجاتا ہے اور یہ بوڑھے لوگ جو پہلے ہل بھی نہیں سکتے تھے، اب اس قدر چاق چوبند ہوگئے ہیں کہ ان کے کاہل ہم عمر معاصران کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔ ورزش سے امراض کا سدباب بلکہ علاج بھی ہوسکتا ہے، حرکات سے جسم میں تیزی وطراری آتی ہے اور قرار صحت میں مدد ملتی ہے، دائمی امراض کے ساتھ گزارا کرنا سہل ہوجاتا ہے۔ جن لوگوں کے دل کی سرخ رگوں میں متبادل رگ یعنی ''بائی پاس'' ہوچکا ہے، وہ بھی ورزش سے فائدہ حاصل کرتے ہیں اور تن درست رہتے ہیں۔ اب اس بات میں کوئی شک نہیں کہ دائمی امراض کے علاج کے ضمن میں صرف ادویہ پر انحصار نہیں کیا جائے بلکہ غیر ادویاتی طریقے مثلاً ورزش وغیرہ کو ضرور آزمایا جائے کہ اکثریت میں ادویہ اور ورزش کا مشترکہ لائحہ عمل نہایت مفید ہوسکتا ہے۔ مثلاً بلند فشار خون (بلڈ پریشر) کا علاج صرف دوا سے نہیں ہونا چاہیے بلکہ اپنے تمام اسلوب زندگی میں تبدیلی لانا چاہیے یعنی غذا میں نمک کم کیا جائے، تمباکو نوشی ترک کی جائے ورزش کو شعار بنایا جائے رفتار زندگی میں اعتدال اختیار کیا جائے۔

## دماغی طور پر کمزور بچہ صحت یاب ہورہا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا عبقری رسالہ بہت زبردست ہے اس کے وظائف اور نسخہ جات بہت کام آتے ہیں۔ میرا بھی ایک مشاہدہ ہے جو میں قارئین عبقری کیلئے خاص طور پر لکھ رہی ہوں کہ کوئی بھی مسئلہ پریشانی ہو سورۂ الم نشرح پڑھیں مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ میرا بیٹا دماغی طور پر کمزور ہے اسے میں فزیوتھراپی کیلئے لے کر جاتی ہوں اور 12 ہزار روپے ماہانہ ادا کرتی ہوں۔ پیسوں کا انتظام کافی مشکل سے ہوتا ہے۔ اس سے بھی تکلیف دہ منظر یہ تھا کہ جو لڑکی میرے بچے کو فزیوتھراپی کرواتی تھی وہ بس ٹائم پاس کرتی تھی میں نے کئی مرتبہ اسے کہا ٹھیک سے کرو، ہم بمشکل پیسے دیتے ہیں مگر وہ نہیں مانی رسالہ میں سورۂ الم نشرح کا پڑھا میں نے وہ پڑھنا شروع کردی کیونکہ میں بہت پریشان تھی کہ وقت اور پیسہ ضائع ہورہا ہے۔ الم نشرح پڑھتی رہی۔ اللہ کے فضل سے اگلے ہی دن فزیوسنٹر میں بڑے پروفیسر صاحب آئے انہوں نے میرے بیٹے کو تسلی سے چیک کیا اور خود ورزش کرائی اور اس فزیو کو بھی کہا کہ اس کو اس طریقے سے ورزش کراؤ الحمدللہ! اب میرے بیٹے میں بہتری آرہی ہے۔ اس کے علاوہ الم نشرح پڑھنے کی بدولت میں خود میں بھی بہت بہتری محسوس کررہی ہوں۔ (فریال، اسلام آباد)

## قبرستان والوں کا ھدیہ

حضرت بشر بن منصور رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں جب طاعون کی وبا پھیلی ہوئی تھی تو ایک آدمی کثرت سے قبرستان جاتا اور جنازے پڑھتا تھا جب شام ہوتی تو قبرستان کے دروازے پر کھڑا ہوجاتا اور کہتا: ''اے قبرستان والو! اللہ تعالیٰ تمہاری وحشت کو انس میں بدل دے اور تمہاری مسافرت پر رحم فرمائے اور تمہارے گناہوں سے درگزر کرے اور تمہاری نیکیاں قبول فرمائے۔'' اس کے بعد گھر چلا جاتا۔ وہ آدمی خود بتاتا ہے کہ ایک شام مجھے بہت دیر ہوگئی لہٰذا میں قبرستان نہ جاسکا۔ گھر چلا گیا۔ رات کو نیند میں لوگوں کا ایک بہت بڑا مجمع میرے پاس آیا۔ میں نے پوچھا کہ تم کون ہو اور کیا کام ہے؟ کہنے لگے: ہم قبرستان والے ہیں میں نے پوچھا کیا کام ہے؟ کہنے لگے: آپ نے اپنی طرف سے ہمیں شام کے وقت ہدیہ پہنچانے کا عادی بنا رکھا ہے۔ میں نے پوچھا کون سا ہدیہ؟ کہنے لگے: وہی دعائیں جو آپ مانگا کرتے تھے۔ آدمی کہتا ہے کہ اس کے بعد میں نے وہ معمول قائم رکھا اور کبھی نہیں چھوڑا۔ (بحوالہ: علامہ ابن الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ)

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
درد شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
گلے کی خراش، نسیان، منہ میں چھالے پڑنا، آنتوں کے امراض
بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

www.ubqari.org

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب ''نسیم ہدایت کے جھونکے'' پڑھنے کے قابل ہے۔

# اتباعِ سنت ہر مشکل کی کلید

رفقاء اور اہل تعلق نے اصرار کیا کہ حضرت والا ان صاحب کی دعوت قبول فرمالیں یہ امریکہ کی ایک اہم یونیورسٹی میں کسی شعبہ کے صدر ہیں اور بہت ہی ذہین وزیرک انسان ہیں مگر ان کی کمزوری یہ ہے کہ اہل دین خصوصاً علمائے دین کو دقیانوسی سمجھتے ہیں اور دین داروں کا اکثر مذاق اڑاتے ہیں اگر حضرت والا نے ان کی دعوت قبول فرمالی تو حضرت کی صحبت مبارکہ اور توجہ سے امید ہے کہ یہاں نیویارک میں یہ دین اور دعوت کا بہت کام کریں گے اس لیے کہ یہ عبقری صلاحیت کے انسان ہیں۔ حکیم الاسلام حضرت قاری محمد طیب صاحب نے رفقاء کے اصرار پر ان صاحب کی دعوت قبول فرمالی دوپہر کے وقت وہ صاحب حکیم الاسلام کو اپنی گاڑی میں اپنے گھر لے کر گئے اور اپنے مزاج سے مجبور ہوکر انہوں نے حضرت کے ساتھ بھی دعوت کھلانے میں ایک کھیل کھیلا جو وہ اکثر دین داروں کے ساتھ ان کو دنیا سے نابلد سمجھ کر کھیلا کرتے تھے۔ انہوں نے حضرت کے اکرام میں ڈائننگ ٹیبل کے بجائے دسترخوان بچھایا مگر دسترخوان پر مختلف رنگوں اور ڈیزائنوں کی کراکری چھریاں کانٹے، پھول گلدستے، چمچے، پلیٹیں سجا کر رکھ دیں اور حضرت سے عرض کیا کہ حضرت شروع فرمائیں؟ حکیم الاسلام حضرت قاری صاحب نے فرمایا کہ مجھے بڑا عجیب لگا کہ برتن اور چھری کانٹے' کراکری سب سجادی ہیں کھانا ہے ہی نہیں اور میزبان کہہ رہا ہے کہ شروع کیجئے تو حضرت نے فرمایا کہ میں نے رہنمائی کیلئے اسوہ رسول اکرم ﷺ کی روشنی میں سنت کے دروازہ پر حاضری دی' وہاں سے فوراً رہنمائی ہوئی اور میرے اللہ نے مشکل حل کردی' میں نے ان سے عرض کیا: سنت یہ ہے کہ میزبان پہلے شروع کرے' یہ ایک غلط بات خلاف سنت ہمارے معاشرہ میں رائج ہے کہ مہمان پہلے شروع کرے سنت یہ ہے کہ میزبان پہلے شروع کرے۔ ان صاحب نے وہ کانٹے چھریاں' پھول اور پلیٹیں توڑ کر کھانا شروع کردیں وہ سب فاسٹ فوڈ تھے جو انہوں نے کانٹے اور چھریوں' گل دستوں اور برتنوں کی شکل میں تیار کرائے تھے ہم لوگوں نے ان کو دیکھ کر کھانا کھایا اور دعوت کا مزہ لیا اور ان صاحب کا یہ خیال غلط ثابت ہوا کہ دین دار لوگ دقیانوسی سوچ کے لوگ ہوتے ہیں اور چودہ سو سالہ دین اس نئے زمانے کے لیے موزوں نہیں ہے۔ حضرت نے اپنے ایک بیان میں یہ واقعہ سنا کر فرمایا کہ یہ ایک سنت کہ میزبان پہلے شروع کرے اس میں کتنی رحمت اور عافیت ہے۔ پوری دنیا میں لوگوں کے رہن سہن اور کھانے پینے کی چیزوں کا انداز مختلف ہے' کسی کھانے کو کھانے کا جو طریقہ ہے اسے اسی طرح کھا کر اس کا صحیح لطف اٹھایا جاسکتا ہے اور اس علاقہ کے لوگوں کو اُسی طرح کھانا اچھا بھی لگتا ہے اس طریقہ کے علاوہ اگر کوئی بڑے سے بڑا عالم بھی کھائے گا تو لوگوں کی نگاہ میں اس کا مذاق بنے گا اگر میزبان شروع کرے گا تو مہمان کے لیے کوئی دقت نہیں ہوگی حضرت نے یہ واقعہ بیان فرما کر فرمایا کہ میں نے یہ بات اس پس منظر میں کہی ہے کہ اس کائنات کے مالک حکیم وخبیر رب نے اس دین کو جس کا عملی نمونہ اللہ کے رسول ﷺ کی حیات طیبہ کو قرار دیا اور آپ ﷺ کی حیات اور سنت کو اسوہ حسنہ قرار دیا' یہ قیامت تک کے لوگوں کیلئے موزوں ترین طرز حیات ہے۔ بس انسان کے لیے ضروری ہے کہ اس کو سنت کا صحیح علم ہو اگر وہ طریقہ سنت کو جانتا ہے تو اسے جدید سے جدید تر دور میں اور مشکل ترین مراحل زندگی میں سنت سے روشنی حاصل ہوگی اور سنت کو کامل طریقہ پر جاننے اور اس پر عمل کرنے والا کبھی بھی کسی مشکل سے مشکل مرحلہ میں پھنسے گا نہیں مگر ضروری ہے کہ اسے سنت کا کامل علم ہو اور محض رواجی طور پر مشہور ان چیزوں کو وہ دین نہ سمجھے جن کا سنت سے کہیں ثبوت نہیں ملتا۔ جیسے یہ بات مشہور ہے اور مہمان کی عزت اس میں سمجھی جاتی ہے کہ مہمان پہلے شروع کرے حالانکہ سنت اس کے خلاف ہے۔ کاش ہم سنت کو اس کی اصل سے اور اہل علم محققین سے سیرت پاک کی عظمت کو سمجھیں اور زندگی کے ہر مرحلہ میں اپنے مسائل کو اس احسن ترین طریقے سے حل کرنے کا مزاج بنائیں!!

(اسم اعظم کے روحانی دم کا فیض)

میرے گھر والوں کی خدمت کرتی ہے۔ میری امی بھی دم میں پہلی بار آئیں ہیں میں نے اس نیت سے دم کروایا کہ شاید اسم اعظم کے دم سے میری بھی مشکل دور ہوجائے۔ میں نے جس دن دم کروایا اس سے تقریباً دو تین دن بعد ہی میرا رشتہ آگیا میں بہت خوش ہوا کہ میری امی صحیح کہہ رہی تھیں۔ (غلام سرور، لاہور)

## 12 ہزار سال عبادت کا ثواب

**عرفہ اور امت کی بخشش:** ایک بار عرفہ کے دن حضرت جبرائیل علیہ السلام نے خدمت نبوی ﷺ میں حاضر ہوکر پیام الٰہی پہنچایا کہ اللہ نے تمام حاجیوں کو بخش دیا' آپ ﷺ نے آبدیدہ ہوکر فرمایا اور جو حج کو نہیں آئے ان کا کیا حال ہوگا؟ پھر فرمان الٰہی آیا کہ آپ ﷺ آبدیدہ نہ ہوں میں نے آپ ﷺ کی امت کو بخش دیا۔ یہاں تک کہ جس کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان تھا، اس کو بھی میں نے آج کے دن بخش دیا۔ **ایک اور حدیث مبارک میں ہے کہ حق تعالیٰ شانہٗ فرماتے ہیں** یہ میرے بندے بکھرے ہوئے بالوں والے میرے پاس آئے ہیں' میری رحمت کے امیدوار ہیں (اس کے بعد بندوں سے خطاب فرماتے ہیں) اگر تمہارے گناہ ریت کے ذروں کے برابر ہوں اور آسمان کی بارش کے قطروں کے برابر ہوں اور تمام دنیا کے درختوں کے برابر ہوں تب بھی بخش دیئے جاؤ گے' بخشے بخشائے اپنے گھر چلے جاؤ۔ (کنزالعمال)

**12 ہزار سال کی عبادت کا ثواب:** حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے مروی ہے کہ حضور سرور کائنات ﷺ نے فرمایا ہے کہ جس نے یوم ترویہ کو روزہ رکھا تو گویا اس نے بارہ ہزار برس اللہ کی عبادت کی۔ ایک شخص نے آپ ﷺ سے عرض کیا میں دوزخ سے بہت ڈرتا ہوں آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا یوم ترویہ کو روزہ رکھا کر یہ روزہ جنت کی طرف کھینچ کر لے جانے والا ہے۔ **دعا قبول ہوتی ہے:** حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ، حضور نبی کریم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ ''ملتزم ایسی جگہ ہے جہاں دعا قبول ہوتی ہے کسی بندہ نے وہاں ایسی دعا نہیں کی جو قبول نہ ہوئی ہو'' **فائدہ:** ملتزم حجر اسود سے لے کر کعبہ شریف کے دروازہ تک کا حصہ کہلاتا ہے۔ **فریاد پوری ہوگی:** حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص دنیا اور آخرت کا کوئی مطلب و مراد رکھتا ہو وہ خانہ کعبہ کا ارادہ کرے۔ بندہ اللہ پاک سے دنیا کی جس کسی چیز کا سوال کرتا ہو تو اللہ پاک عطا فرمادیتے ہیں اور جو آخرت کے امور کو چاہتا ہے اللہ پاک اس کا ذخیرہ بنا کر دکھلا دیتے ہیں (القریٰ ص40) (بحوالہ: حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ)

''حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ''
عیدالضحیٰ اور حج وعمرہ مقبول عبادات، فضائل، روحانی نسخے اور بہت کچھ اس کتاب میں پڑھیں! گھر بیٹھے کتب و ادویات منگوانے کیلئے اس نمبر پر کال کیجئے۔ 0332-7552382

فیملی شفاء
گیس۔ بدہضمی۔ سینے کی جلن سے فوری نجات، ہروقت جیب میں رکھنے کی چیز
شفاء کی ایسی پڑیا جس کے کھاتے ہی ہوجائے تکلیف دور۔ ہروقت گھر میں اور سفر میں ساتھ رکھیں۔ کھایا پیا فوراً ہضم طبیعت ہشاش بشاش۔ (قیمت فی ساشے صرف 10 روپے)

# محترم اساتذہ اور ان کی ذمہ داریاں

خالدہ پروین، وزیر آباد

یوں تو عام انسان انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کرام رحمۃ اللہ علیہم کا رتبہ حاصل نہیں کر سکتے کیونکہ وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے خاص بندے ہوتے ہیں مگر رب پاک نے کچھ نیک کام کرنے والوں کو اپنے خاص اور بہترین بندوں میں شامل فرمایا ہے جس میں ایک ہے علم کا دوسروں تک پہنچانا جو کہ نبیوں کا پیشہ رہا ہے۔ روایات میں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد پاک ہے کہ ''تم میں بہترین وہ لوگ ہیں جو علم سیکھیں اور سکھائیں''، مگر نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج کے دور کے اساتذہ کی اکثریت علم صدقہ جاریہ سمجھ کر نہ تو سیکھتے ہیں اور نہ ہی سکھاتے ہیں بلکہ اس کے برعکس یہ کام صرف دنیا اور دولت کمانے کے لیے کیا جاتا ہے اور جو کچھ نصاب کی کتابوں میں لکھا ہوتا ہے صرف وہی طوطے کی طرح رٹوا کر پیپرز دلوا دیئے جاتے ہیں اور خود کو بری الذمہ سمجھ لیا جاتا ہے جبکہ اساتذہ کو روحانی والدین کا درجہ دیا گیا ہے یعنی کہ روح کو سنوارنے والے' انہیں چاہیے کہ بچے کی روح کی بھی تربیت کریں اسے جھوٹ، حسد، بغض سے نفرت دلائیں، سچ بولنے کی ترغیب دیں۔ چھوٹے چھوٹے بچوں میں حسد کی بیماری اتنی عام ہے کہ بچے اگر کوئی اچھی چیز جیسے بیگ، جیومیٹری یا پین وغیرہ سکول لے کر جاتے ہیں تو بڑائی ظاہر کرنے کے لیے اپنے دوستوں سے جھوٹ بولتے ہیں کہ یہ چیز تو امریکہ یا لندن سے آئی ہے اور دوسرے بچے مزید جھوٹ بولتے ہیں کہ ہاں ہمارے پاس بھی پچھلے سال بالکل ایسی ہی تھی ہم تم سے پہلے ہی یہ چیز استعمال کر چکے ہیں اگر بچوں کو گاہے بگاہے لیکچرز دیئے جائیں کہ جھوٹ بولنا کتنی بُری بات ہے اور سچ کا سر ہمیشہ اونچا ہوتا ہے تو یقیناً وہ ایسی باتیں کرنے سے پہلے ضرور بچنے کی کوشش کریں گے اور بچپن کی عادات ہی آہستہ آہستہ پختہ ہو جاتی ہیں۔ ایک استاد تو وہ تھے کہ اگر کوئی طالب علم چھٹی کرتا تو خیریت دریافت کرنے اس کے گھر پہنچ جایا کرتے تھے مگر آج کے استاد ان کو کسی کی طبیعت سے کوئی غرض ہی نہیں۔ چھوٹی سی غلطی پر بچوں کو گھنٹوں تک کھڑا رکھا جاتا ہے دوسرے بچوں کے سامنے ان کو ذلیل کیا جاتا ہے۔ بچے کی شخصیت بنانے کی بجائے اسے نفسیاتی مریض بنا دیا جاتا ہے۔ استاد کو چاہیے کہ بچے کے ساتھ محبت اور عزت سے پیش آئے بچہ اگر کوئی اچھا کام کرے تو سب بچوں کے سامنے اس کی تعریف کی جائے اس کی ہمت بندھائی جائے تاکہ اسے دیکھا دیکھی دوسرے بچے بھی اچھے کام کریں۔ بچوں کو اتنا نہ ڈرا دھمکا دیں کہ وہ سزا سے بچنے کیلئے جھوٹ کا سہارا لیں بلکہ پیار اور نرمی سے بات کریں کہ اگر کسی بچے سے غلطی ہو بھی گئی ہو تو اس کے مان لینے پر اسے سزا دینے کی بجائے نرمی سے بھی سمجھایا جا سکتا ہے کہ آئندہ وہ ایسی غلطی نہ کرے اور اگر ضروری ہو تو مناسب سزا دینی چاہیے اتنی کہ اسے جھوٹ نہ بولنا پڑے بلکہ سچ کو ترجیح دے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ خود بھی نماز کی پابندی کریں اور بچوں کو بھی نماز پڑھنے کی تلقین کریں نماز پڑھنے والے بچوں کو شاباش دیں' اسلامیات کی کلاس میں باقاعدہ پوچھیں کہ کل کس کس بچے نے نماز پڑھی آپ کی وجہ سے نمازی بننے والے بچے آپ کے لیے صدقہ جاریہ بن سکتے ہیں۔ دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم بہت ضروری ہے اکثر بچے ڈاکٹر اور انجینئرز تو بن جاتے ہیں لیکن دینی معاملات کو سمجھنے سے قاصر رہ جاتے ہیں۔ اساتذہ کو چاہیے کہ کسی بھی ایک دن کوئی ایک پریڈ ایسا رکھیں کہ جس میں اسلامی معلومات پر لیکچر دیں تاکہ انہیں دین واسلام کی سمجھ بھی آئے اور وہ دنیاوی تقاضوں کیساتھ ساتھ دینی تقاضے بھی پورے کر سکیں اور جن روحانی بیماریوں کا شکار یہ معاشرہ ہو رہا ہے ان سے بچ سکیں۔

## ٹماٹر کا رس اور قوت مدافعت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے سوچ رہی ہوں کہ اپنے اس پسندیدہ ترین میگزین کیلئے کچھ لکھوں آج قلم اٹھایا تو میرے سامنے ٹماٹر پڑے تھے' آج کل کافی سستے بھی ہیں' ابھی میرا بیٹا بیس روپے کلو کے حساب سے لیکر آیا ہے آیئے اسی کے چند فوائد بتاتی ہوں: خاص طور پر بچے ٹماٹر کو بہت پسند کرتے ہیں۔ ٹماٹروں کا رس بچوں کے لیے بہت مفید ہوتا ہے۔ ٹماٹر بچوں کی بہترین پرورش کرتا ہے اور دانت مضبوط ہوتے ہیں۔ ٹماٹر کا رس پینے سے کئی قسم کی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔ خون کی کمی، چہرے اور آنکھوں کی زردی، موٹاپا اس سے دور ہو جاتا ہے۔ ٹماٹر میں وٹامن اے، بی اور سی کے علاوہ معدنی نمکیات اور فولاد بھی پایا جاتا ہے۔ جسم میں قوت مدافعت پیدا کرتا ہے۔ یہ قبض کشا ہوتے ہیں اور آنتوں کو طاقت دیتے ہیں۔ (مسز عابد' لاہور)

## دہی کے رائتے سے کالا یرقان ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے ایک شمارے میں دہی کی کرامات پڑھیں! مجھے دس سال سے کالے یرقان کا مرض تھا اور میری 2100.LFT تھی بقول ڈاکٹروں کے کہ بچنے کی حالت نہیں ہے لیکن چھ ماہ میں نے صرف دہی میں سبز پودینہ اور سبز دھنیا کوٹ کر ملایا اور ہلکی نمک اور سبز مرچ ملا کر تین وقت یہی استعمال کیا' کبھی سادی روٹی کھائی تو وہ بھی اسی سے اور پانی میری خوراک تھا تو کالے یرقان کا وجود ہی اللہ تعالیٰ نے جسم سے غائب کر دیا' میں نے خون بھی چیک کروایا تو رپورٹ میں اے، بی، سی تینوں یرقان نہیں تھے۔ عبقری رسالہ میں آئے چھوٹے چھوٹے نسخہ جات سے الحمدللہ بڑی بڑی بیماریاں ختم ہو جاتی ہیں' بس کوئی یقین سے استعمال کرنے والا ہو۔ میں نے چھ ماہ تک مستقل مزاجی سے یہ ٹوٹکا آزمایا آج صحت یاب ہوں۔ (محمد یونس قادری' ٹنڈو آدم)

## صلی اللہ علی محمد پڑھا' کام بن گیا

یہ واقعہ مجھے آفس بوائے نے کچھ یوں سنایا:۔ اس کے بھائی کے گھر بچہ ہونے والا تھا اور جب اس کی بھابی کو ہسپتال لے جایا گیا تو ڈاکٹروں نے بتایا کہ ڈلیوری کے وقت یا تو ہم بچہ کو بچا سکتے ہیں یا اس خاتون کو! پھر اللہ کا کرنا کچھ یوں ہوا کہ میں نے اس آفس بوائے کو اس واقعہ سے دو دن پہلے یہ عمل ہر وقت پڑھنے کیلئے بتایا۔ اس نے مجھے کہا تھا کہ بہت زیادہ پریشانی ہے اس نے فوراً ہی اس پر عمل کرنا شروع کر دیا اور ڈلیوری والے دن وہ اپنے دل میں صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد کا ورد کرتا رہا۔ اس خوبصورت درود پاک کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے بہت کرم فرمایا اور اس کے بھائی کے ہاں خوبصورت سی بیٹی یعنی رحمت آئی اور ماں اور بچی دونوں اللہ کے فضل سے خیریت سے ہیں۔ یہ سب اس وظیفے کی بدولت ممکن ہوا۔ حالانکہ ڈاکٹر اپنی طرف سے جواب دے چکے تھے۔ (فرحت' لاہور)

ساتِ تخمِ شفاء
اس دوا کو درویش کی دعا ہے۔ یقین والوں کیلئے اتنا کافی ہے۔ زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔
بواسیر۔ ذیابیطس۔ ہائی بلڈ پریشر۔ معدہ کے تمام امراض کا علاج۔ موٹاپا۔ ڈپریشن۔ ذہنی دباؤ کا مکمل علاج۔ پرانی خارش۔ الرجی زخموں کیلئے۔ چھائیاں' داغ دھبوں کا علاج۔ (قیمت 150 روپے علاوہ ڈاک خرچ)



www.ubqari.org

# قارئین لائے انوکھے اور آزمودہ ٹوٹکے

## قارئین نے بار بار آزمایا پھر عبقری کیلئے سینے کے راز کھولے اور لاکھوں لوگوں کی خدمت کیلئے آپ کی نذر

### پیارا گمشدہ طوطا! کیسے ملا؟ حیران کن قصہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ نے تہجد نماز کے بارے میں فرمایا ہے کہ مجھ سے تہجد کے وقت مانگو جو کچھ مانگتے ہو مانگو میں آپ کی دعائیں قبول کروں گا۔ میرا ایک طوطا جو کہ میں نے بہت چھوٹا سا پالا تھا‘ بچوں سے وہ طوطا بہت محبت کرتا تھا‘ گزشتہ دنوں گھر میں مہمانوں کی آمد پر وہ طوطا نکل کر چلا گیا۔ تمام گھروں میں محلے میں تلاش کیا پر نہ ملا۔ بہت پریشان تھا میں گھر میں ماتم کا سماں تھا‘ رات بھر نیند نہیں آتی‘ ٹھیک دو بجے رات اللہ تعالیٰ کے حضور میں دعا کی اور چار رکعت تہجد کی نماز پڑھی۔ صبح نماز کے بعد محلے کے ایک خالی گھر سے میرے طوطے کی آواز آنا شروع ہوئی پڑوس میں ایک بچے نے بتایا کہ فلاں جگہ سے طوطے کی آواز آرہی ہے‘ میں نے فوراً جا کر خالی گھر کی چابی لی‘ اندر گیا تو دیکھا کہ طوطا درخت پر بیٹھا جیسے کسی کا انتظار کررہا ہو۔ میں نے اپنے طوطے کو مخصوص زبان میں آواز دی وہ فوراً میری طرف چلا آیا۔ تہجد کی نماز کی برکت سے میرا طوطا مجھے مل گیا۔ (اورنگزیب، مردان)

### ایک نمبر سے داخلہ رہ گیا! وظیفہ پڑھا اور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یہ میرا اپنا ذاتی مشاہدہ ہے میرا بھائی جو کہ ایف ایس سی میں 908 نمبرز سے پاس ہوا۔ بی ایس کیمسٹری میں ایڈمیشن ہوا‘ بی فارمیسی کرنا چاہتا تھا میں نے کہا کاغذ بھیج دو‘ تیسری میرٹ لسٹ 912 پر لگی، چوتھی 910 پر لگی اور پانچویں اور آخری لسٹ 909 پر لگی میرے بھائی کا داخلہ ایک نمبر سے رہ گیا۔ ابو کے ایک شاگرد یونیورسٹی میں پروفیسر تھے۔ ابو نے انہیں داخلہ دلوانے کا کہا انہوں نے پتہ کرکے بتایا کہ میرے بھائی کا نام آٹھویں نمبر پر ہے‘ داخلہ ناممکن ہے اور فیس کا بھی مسئلہ تھا ہمارے پاس پیسے نہیں تھے۔ میں نے رات کی تاریکی میں رو کر عرض کیا۔ الٰہی تو مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ ہے دنیا کا نظام ختم ہوچکا ہے تو غیب سے وسیلہ کر اور صبح نماز فجر کے بعد 313 مرتبہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اور عشاء کی نماز کے بعد 313 مرتبہ یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ سَبِّبْ لِیَ الْخَیْرَ پڑھنا شروع کردیا۔ کچھ ہی دن گزرے‘ میرا بھائی گھر آیا ہوا تھا کہ اسے فون آیا کہ آپ کا داخلہ ہوچکا ہے آپ دو دن کے اندر اندر فیس جمع کروادیں۔ میرے ابو نے فوراً تنخواہ بینک سے نکلوائی اور چالیس ہزار روپے بھائی کی فیس ادا کی اور باقی سات ہزار روپے میں گھر کا نظام چلالیا۔ چند دن تنگی کے گزرے مگر بھائی کا خواب سچ ہونے جارہا ہے۔ الحمدللہ! اس آسان عمل نے فوراً کام کیا اور جو کام بظاہر ناممکن نظر آرہا تھا اس وظیفہ کی برکت سے ممکن ہوگیا۔ (عبداللہ، میانوالی)

### بچے کو ٹھنڈ لگ جائے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے قارئین کے لیے ٹوٹکے بھیج رہی ہوں۔ اگر بچے کو ٹھنڈ لگ جائے تو یہ تیل بنا کر گھر میں رکھ لیں رات کو سوتے ہوئے بچے کی کمر اور سینے پر مالش کرکے گرم کپڑے پہنا کر سلادیں ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ **اجزاء:** سرسوں یا تِل کا تیل آدھا پاؤ، کلونجی آدھا چمچ، ہلدی آدھا چمچ، اجوائن آدھا چمچ، سب مکس کرکے تیل میں ملا کر چھان لیں اور بوتل میں ڈال کر رکھ لیں ضرورت پر گرم کرکے لگالیں۔

### کچی گری سے لیکوریا کا علاج

یہ نسخہ میری بیٹی کو اس کی سہیلی نے بتایا تھا الحمدللہ جس کو بتایا افاقہ ہوا۔ **نسخہ:** کچی گری جو ٹھیلے والے سے ملتی ہے ایک چھوٹا ٹکڑا کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں‘ دن میں کسی بھی وقت یا رات کو سوتے ہوئے ان شاء اللہ فائدہ ہوگا مہینے میں ایک یا دو دفعہ کھالیں جڑ سے ختم ہوجائے گا۔

# میرے سسر مرحوم کے بتائے نسخہ جات

### میرے سسر مرحوم کے بتائے نسخہ جات

میرے سسر (مرحوم) حکیم تھے یہ نسخے ان کے بنائے ہوئے ہیں جب کسی کو سردی لگ جائے یا بخار ہو اور کپکپی نہ ٹھیک ہو رہی ہو تو ایک کپ گرم پانی میں ایک کھانے والا چمچ شہد ملا کر گرم گرم چسکی لے کر پئیں سردی لگنا فوراً بند ہوجائیگی۔

پرانی سے پرانی کھانسی چاہے وہ بلغمی ہو یا خشک آرام آجاتا ہے سردی ہو یا گرمی ہر موسم میں گھر میں بنا کر رکھ لیں۔ ہر عمر ہر موسم میں مفید ہے۔ ہر گھر کی ضرورت ہے۔ **نسخہ:** آدھا پاؤ شہد، کالی مرچ آٹھ دانے، بڑی الائچی دو عدد، دار چینی ایک ٹکڑا، بڑی الائچی کو چولہے میں جلالیں اوپر سے جلا ہوا چھلکا اتار کر بیج نکال لیں اب کالی مرچ‘ دار چینی‘ الائچی کے دانے خوب باریک پیس لیں اور شہد میں ملا کر رکھ لیں‘ ضرورت پر ایک چھوٹی چمچ کھالیں ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

### سفید سرکہ سے اپھارے یا بدہضمی کا علاج

اگر پیٹ میں درد ہو یا بدبودار ڈکار آئیں تو ایک گلاس پانی میں سفید سرکہ ایک چمچ‘ چٹکی نمک اور چینی دو چمچ ملا کر پی لیں فوراً آرام آجائے گا۔ سردی میں نارمل پانی میں اور گرمی میں ٹھنڈا کرکے۔ سرکہ کی سکنجبین بہت مزیدار اور فائدہ مند ہے۔

### گرمی میں بدہضمی کے لیے ایک اور ٹوٹکہ

گرمی میں گولے کی طرح برف کو کوٹ کر اوپر باریک چینی اور آدھا لیموں چھڑک کر چوسیں فوراً آرام آجائے گا۔

### پرانی سے پرانی نکسیر کا سرمہ سے علاج

یہ ٹوٹکہ بھی میری امی جان کا بتایا ہوا ہے اور سالہا سال سے ہے جب ہم چھوٹے تھے تو میری اور میری کزن کی گرمی میں بہت نکسیر نکلتی تھی‘ جب بھی سکول سے آنا ناک سے خون آنا شروع ہوجاتا یا وقتاً فوقتاً ناک سے خون نکلنا شروع ہوجاتا‘ میری امی کے اس ٹوٹکے سے مستقل آرام آگیا۔ **نسخہ:** گھر کا پیسا ہوا سرمہ دو چٹکی‘ گھر کا مکھن ایک چمچ‘ چینی حسب ضرورت‘ مکھن کو سرمہ اور چینی لگا کر کھانا ہے اور سرمہ مکھن ناک میں اور ناف میں بھی لگانا چند دن استعمال کرنے سے نکسیر بالکل ٹھیک ہوجاتی ہے۔ (نسرین بی بی، لاہور)

تریاق پیٹ کے کیڑوں کا مؤثر ترین علاج

الحمدللہ! یہ دوا بے شمار مریضوں پر سالہا سال سے آزمودہ ہے۔ اس کا چند دنوں کا استعمال پیٹ سے کیڑوں کا مکمل صفایا کرتا ہے اور غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔ (قیمت 120 روپے)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# قبض و گیس، گردے کی پتھری والے مریض متوجہ ہوں

پروفیسر (ر) غلام قادر ہراج جھنگ

## گردے کی پتھری ختم! مفید نسخہ جات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گردے کی پتھری خارج کرنے کے لیے چند مفید آزمودہ علاج پیش خدمت ہیں:

(۱) تینوں وقت کی غذا سے دو گھنٹے قبل تین چار گلاس پانی پییں رات کو نہ پییں۔

(۲) کھیرے کا استعمال ایک ماہ کریں بشرطیکہ اس کی قاشوں پر کالا نمک اور پسا ہوا نوشادر چھڑک دیا جائے۔

(۳) خربوزے کا چھلکا نصف کلو لیں، چار کلو پانی میں ابالیں جب آدھا رہ جائے تو چھان لیں، حسب منشاء میٹھا کر کے ایک ایک گھنٹے کے وقفہ سے ایک کپ پلائیں۔

(۴) گاجروں کا پانی ایک پاؤ لیکر تین ماشے قلمی شورہ ڈالیں اور ملا کر روزانہ پلائیں۔

(۵) انار کے دانے پیس کر چنے کے شوربہ کے ساتھ استعمال کریں دن میں تین بار یہ عمل کریں۔

(۶) چھوٹی الائچی کا سفوف چھ ماشہ صبح شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(۷) ایک پیالی رس چقندر دن میں تین بار استعمال کریں۔

درج ذیل غذا سے دوران بیماری پرہیز کریں۔

آلو، اروی، مسور کی دال، ٹماٹر، انڈہ، پالک، چاول، دال ماش، گوبھی، مٹر اور ٹھنڈا پانی۔

## سنگرہنی جان لیوا مرض! آسان علاج لیجئے!

سنگرہنی: یہ ایک مہلک بیماری ہے جس سے مریض دستوں میں مبتلا ہو کر گھل گھل کر جان دے دیتا ہے۔ سنگرہنی کے معنی ہیں ''ہمیشہ ساتھ رہنے والی بیماری''۔ **علامات:** مٹیالے رنگ کے دست آتے ہیں کبھی کبھی ان میں خون بھی آتا ہے۔ کبھی کبھی بغیر علاج دست رک بھی جاتے ہیں پھر دوبارہ شروع ہو جاتے ہیں اکثر مریض کے منہ کے اندر چھالے بن جاتے ہیں۔ علاج: (۱) دھماسہ بوٹی (جسے کینسر کا تریاق کہا جاتا ہے) ایسی حالت میں اکھاڑیں جب پھول لگنے کے بعد اس کی کچی ڈوڈیاں لگ چکی ہوں۔ اکھاڑ کر سایہ میں خشک کر لیں ایسی جگہ آگ لگائیں جہاں ہوا نہ لگتی ہو ورنہ راکھ اُڑ جانے کا خدشہ ہے۔ اس راکھ کو ڈبیہ میں بند کریں اس دوائی سے تین چار ماشے حسب مزاج، عمر، قد، چاول کے پانی سے ایک خوراک صبح ایک خوراک شام کو دیں۔ سوائے دہی کے کوئی غذا نہ دیں۔ تین روز کے بعد چاول بھی دے سکتے ہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ مریض کلی طور پر صحت پائے گا۔ (۲) آم کی اندرونی چھال پانی میں پیس کر ناف کے ارد گرد ضماد کریں۔

(۳) مریض کے سرہانے امرود کے تازہ پتے، سبز دھنیا اور گلاب کی پتیاں رکھیں اور مریض سے کہیں کہ ہر وقت باری باری ان تینوں چیزوں میں سے کوئی ایک چیز منہ میں رکھیں اور منہ خالی نہ رکھیں۔ دو دن وہی کے علاوہ کچھ نہ کھائیں پھر چاول استعمال کریں۔ پندرہ دن کے بعد کچا آلو، کچا امرود اور کلیجی کا پانی استعمال کرے۔ ان شاء اللہ مریض تندرست ہو جائیگا۔

## ٹانگوں میں درد دیسی بیر سے گیا

میری ٹانگوں میں شدید درد ہوتا تھا۔ اٹھنا بیٹھنا بہت مشکل ہو رہا تھا میں نے ایک ہفتہ دیسی بیر کھائے اور صبح جَو کی روٹی استعمال کی ٹانگوں کا درد اللہ تعالیٰ کے فضل سے بالکل دور ہو گیا۔

## قبض و گیس والے مریض متوجہ ہوں

ایک بزرگ حکیم صاحب سے نسخہ ملا ہے جو ان کا بارہا کا تجربہ شدہ ہے۔ ایلوا 20 گرام، سونف 10 گرام، انیسون 10 گرام، سفید زیرہ 10 گرام، پوست ہلیلہ زرد موٹی (بیج نکال کر) 20 گرام، اسبغول ثابت (لیس دار) 10 گرام۔ ترکیب: 150 گرام پانی میں اسپغول رات کو بھگوئیں صبح جالی دار کپڑے سے لعاب نکال دیں۔ تمام اجزاء باریک پیس کر لعاب میں مکس کریں، سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔ دو گولیاں رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کریں۔

## دل میں سوراخ ہونا

بھوآنہ ضلع چنیوٹ کے ایک حکیم صاحب کو دل کا عارضہ تھا ڈاکٹروں نے چیک کیا کہ دل میں سوراخ ہو چکا ہے۔ انہوں نے تین ماہ متواتر ''حٰمٓ لَا یُنۡصَرُوۡنَ'' کا وظیفہ کیا اور بے تحاشا ورد کر کے اللہ تعالیٰ سے دعا کی۔ تین ماہ کے بعد دوبارہ لیبارٹری ٹیسٹ کرایا تو ڈاکٹر حیران رہ گئے کہ دل کے سوراخ کا نام و نشان تک نہیں اس کے کلام میں کتنی برکت ہے۔

## یہ وظیفہ پڑھیں اور اپنی نسلوں کو رنگ لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں رب کریم سے ہمیشہ دعائیں کرتی ہوں کہ آپ خیریت سے رہیں، آپ کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر سلامت رہے۔ رب رحمان آپ کی نسلوں کو رنگ دے۔ ہمارے تسبیح خانے کا فیض تا قیامت جاری رہے، عبقری رسالہ یونہی دن دگنی رات چگنی ترقی کرتا رہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی زندگی، صحت اور نسلوں میں برکت عطا فرمائے۔ (آمین) محترم حکیم صاحب! میں نے آپ کو شادی کے سلسلہ میں خط لکھا تھا کہ شادی ہو نہیں پا رہی، آپ نے دو انمول خزانے کا وظیفہ عطا فرمایا وہ میں نے پڑھا اور ایک بہت اچھی جگہ میرا رشتہ ہوا اور پھر شادی بھی ہو گئی۔ شادی کے بعد آپ کو ایک اور خط لکھا آپ نے سورۃ القصص کی آیت عطا فرمائی وہ بھی پڑھتی رہی اور انمول خزانہ بھی نہیں چھوڑا جو میں بعد نماز فجر 21 دفعہ پڑھتی ہوں کیوں کہ مجھے اس وظیفہ سے بڑی محبت ہو گئی دل نہیں کرتا چھوڑنے کو شادی بھی ہو گئی اور اللہ پاک نے مجھے امید بھی لگا دی ہے ڈاکٹروں کے چکروں سے بچا لیا۔ (مسز عمر حسن، پوشیدہ)

## ہنی مون! ہوٹل کا کمرہ اور قرآن کی آہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کے درس بہت شوق سے سنتا ہوں، آپ کے درس نے میری زندگی سچ میں بدل دی ہے، بڑوں سے کیسے پیش آنا ہے، چھوٹوں سے میرا رویہ کیسا ہو، گھر میں کس طرح رہنا ہے، صلہ رحمی کے کیا کمالات اور فوائد ہیں یہ سب مجھے آپ کے درس سے ہی معلوم ہوا۔ مجھے تو اب محسوس ہوتا کہ جیسے پہلے میں جانوروں سے بھی بدتر زندگی گزار رہا تھا مگر آپ کے درس سن کر معلوم ہوا کہ میں بھی انسان ہوں اور اب انسانوں جیسی زندگی گزار رہا ہوں۔ آپ کے درس میں اکثر یہ الفاظ سنتا کہ اگر قرآن پاک کی تلاوت نہ کی جائے تو قرآن پاک نہ پڑھنے والے کو بددعائیں دیتا ہے، سن کر لرز جاتا ہوں۔ حال ہی میں میری شادی ہوئی، میں ہنی مون پر شمالی علاقہ جات میں گیا، وہاں ایک ہوٹل میں کمرہ لیا، اس کمرے میں ایک بوسیدہ سی الماری کے اوپر قرآن پاک مٹی سے اٹا ہوا پڑا تھا جس پر میری پہلے نگاہ نہ پڑی۔ نجانے کب سے کسی نے اسے کھولا بھی نہ تھا۔ میں تین دن وہاں رہا، روزانہ خواب میں مجھے ایک آواز آتی جیسے کوئی درخواست کر رہا ہو (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

چھلکا اسپغول

معدے کو صاف رکھے۔ بلڈ پریشر کا لیول برقرار رکھنے میں مدد دے۔ کولیسٹرول کم اور دل صحت مند۔ قبض سے دور۔ نظام ہضم کو تندرست رکھے۔ پیچش۔ مروڑ میں فائدہ بخش۔ گھر میں رکھنے کی چیز۔

قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ

# ہر معالج سے بے نیاز کر دینے والا آزمودہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کا اور علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ آپ نے خدا کی مخلوق یعنی جنات کے بارے میں اتنی معلومات فراہم کی کہ شاید ہمیں کبھی اتنا نالج نہ حاصل ہوتا کہ جنات کی پسند ناپسند اور ان کے ماحول کے بارے میں علم ہوا۔ شر پھیلانے والے جنات اور ان کی اقسام کے بارے میں علم ہوا اور نیک جنات اور ان کی عبادات اور ذکر الٰہی اور انسانوں سے محبت کرنے کے بارے میں علم ہوا اور ان کا مراقبہ کرنا اور ان کی خوراک اور جنات کا چیزوں کو چوری کرنا اور انسانوں کا مسنون دعاؤں کا اہتمام نہ کرنے سے جنات کا انسانوں کو اور ان کی چیزوں کو نقصان پہنچانے کا علم حاصل ہوا شکریہ عبقری شکریہ حکیم صاحب و علامہ لاہوتی صاحب دامت برکاتہم۔

گزشتہ سال میری ٹانگوں میں شدید درد ہوا دن میں بھی درد رہتا لیکن رات کو نماز کھڑے ہو کر پڑھنا محال ہو گیا تھا ادھر گھروں کا مشورہ تھا کہ بلڈ پریشر کا مسئلہ بن گیا ہے دوائی لو لیکن مجھے پتہ چل گیا تھا کہ یہ ڈاکٹری علاج نہیں بلکہ روحانی علاج ہے۔ میں نے ''یَاقَھَّارُ'' والا عمل جو کہ یوں تھا ایک برتن میں اتنا پانی لیں جتنا پاؤں ڈوب جائیں اور گیارہ سو مرتبہ یَاقَھَّارُ اپنی بیماری کی نیت سے' پریشانی کی نیت سے پڑھتی فقط گیارہ دن کا عمل کیا۔ الحمدللہ اس کا مجھے 100 فیصد رزلٹ ملا پہلے دن تو پڑھنے سے شدید درد رہا دوسرے دن سے کچھ فرق محسوس ہوا کہ دن کو بھی اچھی نیند آئی اور رات عشاء کے صرف چار فرض کھڑے ہو کر پڑھے۔ ماشاء اللہ تیسرے دن مکمل افاقہ ہوا پوری نماز کھڑے ہو کر پڑھی اور دل کو خوب سکون ملا اور آپ کیلئے ڈھیروں دعائیں کیں کہ اللہ آپ کو جزائے خیر عطا کرے کہ جنہوں مشاہدات و تجربات اور وظائف لکھے اپنے لیے صدقہ جاریہ بنایا اور مخلوق خدا نے اس سے فائدہ اٹھایا اور اگر لوگ کامل یقین رکھ کر ''یَاقَھَّارُ'' والا عمل کریں تو میرا یہ مشورہ ہے کہ کسی ڈاکٹر یا پیر عامل کے پاس جانے کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔

میرے پاس ایک عورت آئی اس نے کہا کہ میرا بیٹا بیرون ملک ہے دو دن سے بخار میں مبتلا ہے دوائی سے بھی فرق نہیں پڑ رہا میں ماں ہوں مجھے سکون نہیں مجھے لگتا ہے کہ میرے بیٹے پر کسی نے جادو کر دیا تو میں نے ان کو 'یَاقَھَّارُ' پانی والا عمل بتایا کہ بیٹے کی نیت سے پڑھیں وہ عورت چلی گئی اور دو دن بعد بڑی خوش ہو کر آئی کہ میں بہت خوش ہوں اللہ کا شکر ہے اور آپ کا بھی کہ اس وظیفہ سے میرا بیٹا ٹھیک ہے اس فون آیا تھا اب وہ ماشاء اللہ مکمل ٹھیک ہے اور آج جاب پر بھی گیا ہے۔ (مومنہ حنیف، گاؤں سیدھڑی گجرات)

# جب سے شادی ہوئی تب سے بیمار! مگر اب نہیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ضلع سرگودھا سے تعلق رکھتی ہوں میری عمر 35 سال ہے میری شادی کو 15 سال ہو گئے ہیں اللہ تعالیٰ نے مجھے اولاد سے بھی نوازا ہے اور میرے گھریلو حالات بھی اللہ کے فضل و کرم سے ٹھیک ہیں جب سے شادی ہوئی ہے تب سے صحت کا مسئلہ شروع ہو گیا جو کہ کبھی معدہ' کبھی دل اور کبھی بواسیر کی حالت میں پیش آتا لیکن یہ کیفیت کچھ سالوں سے شروع ہوئی' پہلے کبھی نہ تھی۔ تقریباً دو سال پہلے ایک رات میری طبیعت زیادہ خراب ہوئی اور وہ جنات کی صورت میں ظاہر ہوئی اور اس نے بولنا شروع کر دیا اور تکلیف دینا شروع کر دی' اب دو سال سے زیادہ ہو گئے ہیں طبیعت خراب رہتی ہے' بہت زیادہ عاملوں کے پاس گئے ہیں' سایہ بولتا ہے لیکن جاتا نہیں۔ میری ایک کزن جو کہ عبقری کی قاری ہے اس نے مجھے ''یا قہار'' کا وظیفہ پڑھنے کیلئے کہا کہ پانی میں پاؤں ڈبو کر صبح و شام گیارہ گیارہ تسبیح پڑھنی ہیں اور ہر وقت اپنی زبان پر بھی جاری رکھنا ہے' اس نے بھی یہ وظیفہ عبقری رسالہ سے پڑھ کر بتایا ہے۔ میں نے خدا کو یاد کر کے یہ وظیفہ کرنا شروع کر دیا ہے تقریباً بیس دن سے لگاتار میں یہ وظیفہ کر رہی ہوں تب سے میری طبیعت پہلے سے بہت بہتر اور ہشاش بشاش ہے اور میں بظاہر ٹھیک ہو گئی ہوں۔ (ص۔ا، سرگودھا)

# امتحان میں شاندار کامیابی اور علامہ لاہوتی کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب سے عبقری کا اجراء ہوا ہے تب ہی سے ہمارے گھر آنے لگا تھا' 2006 کو میرے کزن کو ایجنسی والے نے تقریباً زبردستی عبقری پکڑا دیا صاحب آپ پڑھیں تو سہی یہ بڑا انمول رسالہ ہے۔ واقعی جیسے ہی وہ رسالہ گھر آیا جس نے بھی پڑھا گرویدہ ہو گیا اب صرف ہماری فیملی کے گھروں میں سات رسالے آتے ہیں ان کے وظائف سے ہم مستفید ہوتے ہیں میں نے امتحان کی کامیابی کیلئے سورۂ قلم والا وظیفہ بھیجا تھا مجھے بہت خوشی ہوئی جب قارئین لکھتے ہیں ہم نے سورۂ قلم والا وظیفہ آزمایا سو فیصد کامیاب پایا' بے شمار کے خطوط عبقری میں شائع ہوئے کہ سورۂ قلم والے وظیفہ سے ان کے بچے امتحانات میں پاس ہوئے وہ عمل یہ ہے:۔ سورۂ قلم کا عمل لکھا ہوا تھا کہ سورۂ قلم ایک مرتبہ سیاہی کی دوات پر پڑھیں اور وہی سیاہی اپنے پین میں بھر لیں پھر ایک دفعہ دوبارہ پڑھ کر قلم کی نوک پر پھونک ماردیں۔ اس کے بعد دو رکعت نفل پڑھیں اور پھر سورۂ فتح پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیں۔ اور پھر پیپرز میں یہی پین لیکر جائیں اور اسی سے لکھیں۔ ہمارے بتائے ہوئے وظائف سے لوگوں کو فیض پہنچتا ہے تو خوشی ہوتی ہے ہم بھی فیض اٹھاتے ہیں۔ ہمارے مسائل بھی ایسے وظائف عبقری میں لکھنے کی بدولت حل ہوتے رہتے ہیں۔

امتحان میں کامیابی کا ایک اور عمل بھی قارئین نوٹ فرمالیں! امتحان کے دنوں میں بیمار تھا' سخت بخار کی حالت میں پرچہ دینے گیا سر گھوم رہا تھا' کوئی عمل باوجود کوشش کے نہ کرسکا۔ سر میں شدید درد تھا' نجانے میں نے کیا لکھا لیکن نمبر شاندار آئے وجہ یہ تھی گھر پر والدہ صاحبہ سورۃ والضحیٰ کی آیت نمبر پانچ وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ کھلا پڑھتی رہیں۔ یہ فیض بھی ہمیں عبقری سے ملا' علامہ لاہوتی پراسراری صاحب نے ''جنات کا پیدائشی دوست'' میں بتایا تھا۔ ہمارے ہمسائے میں ایک بچہ بہت ڈرتا تھا سوتے سوتے چیخ کر اٹھ بیٹھتا تھا' کہتا مجھے بلا ڈرا رہی ہے اسے یَاقَھَّارُ پڑھنے کیلئے بتایا یہ بچہ پڑھتا رہا اللہ کے حکم سے اب بالکل ڈر محسوس نہیں کرتا یہ بھی عبقری کا فیض ہے۔ (محمد فاران ارشد بھٹی خان، مظفر گڑھ)

19 اجزاء پر مشتمل
مغل اعظم شاہی معالج آٹا
نسلیں رہیں تندرست' ذہین صحت مند اور خوبصورت
شوگر۔ کولیسٹرول۔ موٹاپا۔ ہائی بلڈ پریشر۔ یورک ایسڈ۔ امراض قلب۔ پیٹ کا بڑھنا۔ قبض۔ جوڑوں کا درد۔ اعصابی کمزوری و کمزوری اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کیلئے ہمیشہ استعمال میں رکھیں۔ قیمت 400 روپے

# بے ادبی کا نقد نتیجہ! اندھے پن کی صورت ملا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم آزاد کشمیر میں رہتے ہیں‘ میرے نانا جان 1965ء کی جنگ میں آزادانہ شامل ہوئے اور بھارت کے خلاف ڈٹ کر لڑے‘ یہ جنگ 23 دن جاری رہی‘ مقبوضہ کشمیر میں میرے نانا گن لیکر اپنے ساتھیوں کے ساتھ پیش قدمی کررہے تھے کہ دور ایک جگہ درختوں کا جھنڈ نظر آیا‘ میرے نانا کو خدشہ ہوا کہ شاید وہاں دشمن فوج نے اپنا ٹھکانہ بنا رکھا ہے‘ چونکہ وہ جگہ بہت فاصلے پر تھی اس لیے اس کے بارے میں حتمی طور پر یہ نہیں کہا جاسکتا تھا کہ وہاں کیا ہے؟ وہاں درختوں کے درمیان اونچائی میں ایک ڈبہ نما باکس بھی لگا ہوا تھا۔ میرے نانا نے شک کرتے ہوئے اس بکس کا نشانہ لیا اور فائر کھول دیا‘ فائر سیدھا جاکر باکس کو لگا اور باکس ٹوٹ گیا مگر کچھ چنگاریاں نکلیں جو میرے نانا جی نے اپنی آنکھوں میں محسوس کیں اور یک دم ان کی نظر چلی گئی۔ وہ دراصل کسی اللہ والے کی آخری آرام گاہ تھی‘ تھوڑی دیر چلنے کے بعد میرے نانا کی نظر واپس آگئی تو میرے نانا نے اس بات کو زیادہ سنجیدگی سے نہ لیا اور اسے بھول گئے‘ وہ کسی اللہ والے کا مزار تھا اس بات کا میرے نانا اور ان کے ساتھیوں کو ہرگز علم نہ تھا‘ جنگی حالات ختم ہوئے تو میرے نانا کی نظر مکمل طور پر چلی گئی‘ چھ ماہ ایک ہسپتال میں رہے‘ پہلے کچھ عرصہ میں ایک آنکھ کی نظر گئی پھر دوسری آنکھ کی بھی چلی گئی۔ آپ کو اس بات کا اندازہ نہیں تھا کہ صحت مند آنکھ کی نظر اچانک کیوں گئی ایک بار میرے نانا کھڑی شریف میں ایک اللہ والے کے پاس گئے‘ وہاں ایک بہت ہی بوڑھی خاتون نے انہیں دیکھا اور بغیر میرے نانا کے پوچھے بتایا کہ تم نے ہندوؤں سے جنگ کے دوران درختوں کے جھنڈ میں فائر کیا تھا دراصل وہ ایک اللہ والے کی آخری آرام گاہ تھی وہاں بڑے بڑے اولیاء کرام کے مزارات ہیں جس کی وجہ سے آپ کی نظر چلی گئی۔ یہ بات معلوم ہونے کے بعد میرے نانا بہت روئے‘ بہت استغفار کرتے ہیں پڑھ پڑھ کر ان اللہ والوں کی ارواح کو ہدیہ کرتے ہیں۔ اس بات کو 54 سال ہوگئے میرے نانا ابھی بھی زندہ ہیں مگر ابھی تک آپ کی نظر واپس نہ آسکی جس سے اس بات کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ والوں کی بے ادبی چاہے جان بوجھ کر کی جائے یا انجانے میں معافی بمشکل ملتی ہے۔ یہ راہ بہت نازک ہے‘ اس لیے کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے ہزار مرتبہ سوچ لینا چاہیے کہیں کوئی گناہ یا بے ادبی کے مرتکب نہ ہوجائیں۔ (ہما صغیر‘ سہنسہ آزاد کشمیر)

## بچپن سے عمل کررہی! ہر درد سے راحت

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک عمل قارئین کی خدمت میں عرض ہے‘ جسم میں کہیں بھی درد ہو‘ یہ عمل کرکے پھونک ماردیں‘ الحمدللہ! درد ختم ہوجاتا ہے۔ میں بچپن سے یہ عمل آزمارہی ہوں‘ ہر درد سے راحت ہوتی ہے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے: تین مرتبہ پہلا کلمہ طیب‘ سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ‘ آیۃ الکرسی ایک مرتبہ‘ درود ابراہیمی ایک مرتبہ‘ سورۂ اخلاص ایک مرتبہ‘ سورۂ فلق ایک مرتبہ‘ سورۂ ناس ایک مرتبہ بمعہ تسمیہ پڑھ کر شہادت والی انگلی پر پھونک کر جو بھی جسمانی تکلیف ہو اس جگہ پر تصور کرکے انگلی پھیر دینے سے تکلیف دور ہوجاتی ہے۔ تیر بہدف عمل ہے‘ ضرور آزمائیے‘ ایک مرتبہ کرنے سے فرق محسوس نہ ہو تو چند بار کیجئے‘ درد کی شدت کم ضرور ہوتی اور پھر آہستہ آہستہ راحت مل جاتی ہے۔ (رافعہ حسین‘ سندھ)

## میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت‘ سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو‘ اطلاع دیں‘ شکرگزار ہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کررہا‘ مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے‘ یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق‘ اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے‘ اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کررہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 67: حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ:** قارئین! سفر کوئی بھی ہو تجربات اور مشاہدات کا مجموعہ ہوتا ہے اور اگر سفر میں حرمین شریفین کا ہو تو اس کے مشاہدات اور برکات احاطہ بیان میں نہیں۔ اللہ رب العزت نے بندہ کو متعدد بار حج بیت اللہ کی سعادت نصیب کی ہے‘ حج مالی عبادت کے ساتھ ساتھ بدنی عبادت بھی ہے لیکن حجاج کی جماعت جو ہر سال لاکھوں کی تعداد میں حج کو جاتی ہیں وہ حج کے فضائل وثمرات و برکات سے ناواقفیت کی بنا پر جس دینی جذبہ اور جن برکات کے ساتھ اس کو وہاں اپنا قیمتی وقت گزارنا چاہیے اور جو انوارات و برکات لیکر واپس آنا چاہیے اکثر ان برکات سے۔ بہت کم لوگ مستفید ہوتے ہیں۔ ان وجوہات کی بنا پر بندہ کو یہ فکر اور جذبہ پیدا ہوا کہ حرمین کی فضیلت کی برکات‘ ثمرات کو ایک ایسی جامع کتاب کی صورت میں جمع کیا جائے کہ آغاز سے لیکر اختتام تک حاجی کیلئے قدم قدم پر چھوٹی چھوٹی نیکیوں سے بڑے بڑے اجر وثواب کے مواقع مل سکیں اور وہ بیکار کاموں لایعنی باتوں اور بازاروں کے غیر ضروری چکروں سے بچ سکیں۔ جب اس کتاب کی تالیف کیلئے مختلف کتب کی مدد لی گئی تو کوئی بھی ایسی جامع اور مکمل کتاب نہ مل سکی جس میں حاجی کے سامنے طواف کرتے ہوئے اس کی فضیلت‘ ناگوار صورتحال پر مسلمان بھائی سے درگزر کرنے پر اللہ سے انعام‘ مال خرچ کرنے سے لیکر ذکرواذکار اور اخلاص نیت پر احادیث مبارکہ اور بشارت سامنے ہو تاکہ وہ زیادہ سے زیادہ انوارات اور رضائے مولا کی جستجو کرسکے۔ ایسی جامع کتاب کی کمیابی کی وجہ سے اس لگن میں اور اضافہ ہوا اور اللہ پاک نے ہمیں اس کی تیاری کی توفیق عطا فرمائی اور یہ کتاب میری اور میرے معاونین خاص طور پر علماء کرام اور مفتیان حضرات کی شب وروز کی محنت کے بعد وجود میں آئی۔ یہ کتاب 2010ء میں چھپ کر آئی اور آج دس سال ہوگئے اس کے بے شمار ایڈیشن شائع ہوچکے اور لاکھوں حجاج کرام اور عمرہ زائرین کیلئے خوب برکات کا ذریعہ بنی۔ اللہ پاک ہماری یہ ادنیٰ کوشش کو اپنی شان کے مطابق قبول فرمائے اور امت میں ہدایت اور فلاح کا ذریعہ بنائے۔ اس کتاب کی تالیف میں احادیث کی کتب مسلم شریف‘ بخاری شریف‘ ابن حبان‘ احمد‘ مشکوٰۃ‘ ابن ماجہ‘ ترمذی‘ نسائی‘ ابوداؤد‘ طبرانی‘ بیہقی‘ دارمی اور نزہۃ المجالس‘ ترغیب وترہیب‘ فضائل حج‘ حصن حصین سے استفادہ حاصل کیا گیا۔ **نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں‘ میں ہرپل اصلاح کا محتاج ہوں۔** (ایڈیٹر)

## کوئی چیز کاٹ لے یا زخم ہو فوراً یہ لگائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک آزمودہ ٹوٹکہ ہے جو میں عبقری قارئین کی نذر کرتی ہوں‘ اگر سر میں درد ہو تو پیاز کاٹ کر تین چار بار سونگھنے سے درد ٹھیک ہوجاتا ہے‘ یہ میرا آزمایا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ شیخ الوظائف کو اور ان کی نسلوں کو درازی عمر بالخیر عطا فرمائے۔ آمین (غلام صغرا‘ سانگ خورد)

**عبقری ٹوٹکہ سیکشن:** قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں‘ عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔

**نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

گردے فیل شفاء
گردہ کے مریضوں کیلئے شفاء کا سچا پیغام
کمزور گردے کو صحت مند کرے۔ یوریا‘ یورک ایسڈ‘ کریٹینن‘ پوٹاشیم کی مقدار درست کرے۔ ڈائیلاسز سے نجات دلائے۔ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں (قیمت: 150 روپے)

## معدے کی جلن، گرمی ختم! منہ میں چھالے اَب نہیں نکلتے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آپ کی صحت اور لمبی زندگی کیلئے ڈھیر ساری دعائیں ہروقت دل سے نکلتی ہیں۔ مجھے دو سال سے معدے میں بہت زیادہ جلن، گرمی اور منہ میں بہت زیادہ چھالے نکلتے تھے، جس کے بارے میں چار ماہ قبل آپ کو خط لکھا تھا اور ساری علامات بتائی تھیں۔ آپ نے ''ٹھنڈی مراد اور اکسیر البدن'' استعمال کرنے کا مشورہ دیا تھا۔ چار ماہ سے زائد عرصہ ہوگیا ہے یہ ادویات میں استعمال کررہا ہوں جس سے معدے کی جلن ختم اور منہ میں چھالے نکلنا بند ہوگئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ عطا فرمائے تاکہ آپ اسی طرح مخلوق خدا کی خدمت بغیر کسی لالچ کے کرتے رہیں۔ آمین! (ہاشم رضا)۔

### تیس سال بعد اَب میں بالکل ٹھیک ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عرصہ چار سال سے عبقری کا مستقل قاری ہوں۔ عبقری کی ادویات نے میری اہلیہ کو نئی زندگی بخشی ہے' ورنہ روز روز کی ادویات لا لا کر میرے گھر کا سارا بجٹ ہی آؤٹ ہوگیا تھا مگر اہلیہ کی صحت بھی دن بدن گرتی جارہی تھی۔ میری اہلیہ کو عرصہ تیس سال سے معدہ کا السر، درد، بار بار حاجت کی تکلیف، بدہضمی، متلی وغیرہ کی بیماری تھی۔ کچھ بھی کھالیتی اس کی حالت غیر ہوجاتی تھی اب تو نوبت رس اور ڈبل روٹی تک آگئی تھی اس کے علاوہ کچھ بھی ہضم ہی نہیں ہوتا تھا۔ میں نے عبقری کی دوا ''معدہ کا السر کورس'' ایک کورس استعمال کرایا اور دوسرا کورس شروع ہے لیکن اللہ کے فضل و کرم سے اسے بالکل افاقہ ہے کھانا پینا پرہیز کے ساتھ ہضم ہوتا ہے اب وہ کہتی ہے میں ٹھیک بالکل ٹھیک ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت، ایمان اور برکت عطا فرمائے۔ آمین! (جہانگیر عالم' لاہور)۔

## برص و پھلبہری کے نشانات ختم ہوگئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی زندگی، صحت اور تندرستی عطا فرمائے آمین! سولہ سال کی عمر میں میرے اوپر ایک آفت ٹوٹ پڑی جب میرے ہاتھوں پر پھلبہری کے نشان ظاہر ہونا شروع ہوگئے' شروع میں مقامی ڈاکٹر سے دوا اور کریمیں لیکر استعمال کرتی رہی مگر یہ نشان دن بدن بڑھتے چلے گئے اور پھر یہ ایک وقت یہ آیا کہ میرے ہونٹوں کے ساتھ چہرے پر ہلکا سا ایک نشان نمودار ہوا اور میں ساری رات روتی رہی کہ اب میرا کیا بنے گا؟ میرے والدین الگ پریشان تھے۔ اسکن اسپیشلسٹ کے پاس میرے والد مجھے لیکر گئے' اس نے چیک کرنے کے بعد بہت مہنگی کریم لکھ دی مگر یہ نشان میرے بازو پر بھی نمودار ہوگیا۔ میری بھوک پیاس سب اڑگئی' دن بدن کمزور ہونا شروع ہوگئی ہروقت یہی پریشانی کھائے جاتی کہ یہ بیماری تو دن بدن بڑھ رہی ہے' میری والدہ کو کسی نے عبقری دواخانہ کا بتایا' میرے ابو اگلے دن ہی مجھے عبقری دواخانہ لے گئے' وہاں اسسٹنٹ صاحب نے چیک کرنے کے بعد مجھے عبقری دواخانہ کا ''برص پھلبہری کورس'' باقاعدگی سے استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں گزشتہ سات ماہ سے یہ کورس باقاعدگی سے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کررہی ہوں' الحمدللہ! سات ماہ میں میرے پرانے تمام نشان آہستہ آہستہ ختم ہوگئے' اس کے بعد میری ٹانگ پر ایک نشان نمودار ہوا جو کہ بالکل معمولی تھا مگر میں نے کورس کا استعمال جاری رکھا' میں آج بھرپور خوشی کے ساتھ لکھ رہی ہوں کہ میرا ٹانگ کا معمولی نشان بھی اب ختم ہوچکا ہے۔ میری والدہ عبقری دواخانہ کے تمام کارکنان اور بالخصوص آپ کو جھولیاں اٹھا اٹھا کر دعائیں دیتی ہیں' ہم نے تو سن رکھا تھا کہ جس کو ایک مرتبہ یہ جلدی بیماری لگ جائے وہ ٹھیک نہیں ہوتا۔ مگر اللہ کا شکر میں شفاء یاب ہوں۔ (صائمہ' شیخوپورہ)

## زندہ لاش تھی! 90 دن کی دوا سے نئی زندگی ملی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری شادی کو صرف چھ ماہ ہوئے کہ میں بیمار ہوگئی مختلف بیماریوں نے اکٹھے ہوکر حملہ کیا' پوشیدہ امراض کا شکار ہوئی اور ایک وقت آیا کہ چارپائی پر آگئی' مختلف ڈاکٹروں' مقامی حکماء حضرات سے شوہر دوا لاتے رہے اور میں کھاتی رہی اور اندر ہی اندر ختم ہوتی گئی۔ بالآخر معدہ بھی جواب دے گیا۔ بڑی بہن نے فون پر عبقری دواخانہ کے متعلق بتایا' شوہر سے بات کی تو اس نے لے جانے سے انکار کردیا' ساس پہلے ہی طعنے دیتی کہ جان بوجھ کر بیمار ہوئی ہے کام نہ کرنا پڑے۔ خود ہی عبقری دواخانہ فون کیا' اسسٹنٹ سے بات کی انہیں اپنی بیماری کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے عبقری دواخانہ کا ''پوشیدہ کورس'' کم از کم تین ماہ مسلسل کھانے کا مشورہ دیا۔ بڑی بہن کے ایڈریس پر ادویات منگوائیں' بڑی بہن ملنے آئی تو چھپا کر ادویات لائی اور مجھے دے دیں' میں نے 90 دن مسلسل عبقری دواخانہ کا ''پوشیدہ کورس'' استعمال کیا۔ جو کہ ہر بار میری بہن ہی مجھے لاکر دیتی رہی۔ آج 90 دن کے بعد میں اللہ کے کرم سے صحت مند ہوں اور آپ کو خط لکھ کر آگاہ کررہی ہوں۔ میرے شوہر اور خاص طور پر میں بالکل مایوس ہوچکی تھی کہ مگر اللہ کریم نے کرم فرمایا اور میں صحت یاب ہوں۔ اللہ میری بہن کو خوشیاں دے کہ اس نے میری اس وقت مدد کی جب میرے شوہر نے بھی گھر والوں کی باتوں میں آکر میرا ساتھ چھوڑ دیا تھا۔ (پوشیدہ' سندھ)

## والدہ درد سے کراہتیں تو پورا محلہ سنتا!

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے آپ کو خط لکھ کر اپنی والدہ کی بیماری کے بارے میں بتایا تھا ان کو اُس وقت بیماریوں نے گھیرا ہوا تھا اور ان کی ٹانگ میں ایسا درد تھا جیسے کوئی چھری کے ساتھ ان کی ٹانگ سے گوشت کاٹ رہا ہو، سانس اتنا زور سے لیتی تھیں جس کو گلی سے گزرنے والا ہر شخص سنتا تھا اور سانس لینے میں اٹک جاتی تھیں' یہ دیکھ کر سب بہت پریشان تھے، ان کے گلے سے دن رات آواز آتی تھی۔ ان کے علاج کیلئے جس نے جو کہا اور جہاں بتایا ہم ان کو وہاں لے کر گئے، ملتان میں دم کروایا، چیسٹ سپیشلسٹ سے چیک اپ کرایا اور دوا کھلائی لیکن ان کو معمولی فائدہ بھی نہیں ہوا۔ اس کے بعد ہمیں عبقری دواخانہ کے متعلق معلوم ہوا تو ہم نے ''مشروب عبقری، روحانی پھکی، عبقری شہد اور معجون شفاء یابی'' استعمال کروائی اور اب بھی کروار ہے ہیں۔ ان کی طبیعت میں دن بدن بہتری آرہی ہے' خاص طور پر انہیں جو ٹانگ میں شدید تکلیف ہوتی تھی وہ اب نہیں ہوتی' ہم سے ان کی تکلیف دیکھی نہیں جاتی تھی اب ان کو گھر میں چلتا پھرتا دیکھتا ہوں تو دل کو سکون مل جاتا ہے۔ الحمدللہ! ان ادویات کے استعمال سے اب وہ طلب کے مطابق کھاپی لیتی ہیں' اور آج کل کدو بہت شوق سے کھارہی ہیں اور روز بروز ان کی صحت میں بہتری آرہی ہے۔ ہم تمام گھر والے اب عبقری رسالہ ضرور پڑھتے ہیں اور آپ کے بتائے وظائف بھی کرتے ہیں۔ جزاک اللہ! (ڈاکٹر خالد محمود۔ بھکر)


کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟

معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ

اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنادیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی' طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوچکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت/800 روپے)

## ”پوشیدہ مرض“ میں مبتلا امراض سے شفاء

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا خط لکھنے کا مقصد عبقری کے تمام قارئین کو یہ بتانا ہے کہ آپ عبقری کی جو ادویات بھی استعمال کریں ان کو یقین اور اللہ پر بھروسہ رکھتے ہوئے استعمال کریں تو الحمدللہ! یہ ضرور شفاء یابی کا ذریعہ بنتی ہیں۔ اس کا ثبوت میں خود ہوں مجھ سے بڑا کوئی ثبوت نہیں ہوسکتا میں کافی عرصہ سے پوشیدہ امراض میں مبتلا تھی جس کیلئے ہومیو اور ایلوپیتھک ادویات جب سے امراض لاحق تھے تب سے استعمال کررہی تھی لیکن ان سے کوئی فائدہ نہیں ہورہا تھا الٹا نقصان کا سامنا کرنا پڑا جس سے چہرے پر بہت بری طرح کے دانے وغیرہ نکل آئے اور میرا چہرہ خراب ہوگیا۔ مجھے کسی نے عبقری رسالہ لاکر دیا تو میں نے اس میں موجود عبقری ادویات کی شفاء یابی کے بارے میں پڑھا اور آپ سے اجازت لئے بغیر ”عبقری افزاء، آنکھ شفاء ہارمونز شفاء اور مرہم سکون“ استعمال کیں جس کے چند ماہ کے استعمال سے الحمدللہ! میرے عرصہ دراز سے پوشیدہ امراض اور چہرے کے دانے وغیرہ بالکل ختم ہوگئے ہیں اور مجھے دوبارہ وہ مسئلہ نہیں ہوا جس کی وجہ سے آئے روز میں نڈھال اور پریشان رہتی تھی۔ اب تو میں عبقری رسالہ اور دواخانہ کا جیتا جاگتا چلتا پھرتا اشتہار بن گئی ہوں، جو بھی ملتا ہے اسے عبقری کے متعلق ضرور بتاتی ہوں، حسب توفیق محلے میں عبقری رسالے بھی تقسیم کرتی ہوں جس کا فائدہ یہ ہوا کہ گھروں میں خواتین اعمال پر آرہی ہیں، مجھے خود کئی خواتین نے بتایا کہ آپ نے جو ہمیں عبقری رسالہ دیا تھا اس میں سے ہم نے وظیفہ پڑھا ہمارا مسئلہ حل ہوگیا اس وقت ایک عجب خوشی ہوتی ہے کہ اللہ نے اس کی پریشانی دور کردی اور ذریعہ میرا بھیجا ہوا عبقری بنا، یقیناً میرے مسائل بھی حل ہوتے ہیں۔ اب تو محلے کا تقریباً ہر گھر عبقری پڑھتا ہے اور خود لے کر پڑھتا ہے۔ (ایک بہن)

## شفاء کیسے ملی؟ میری داستان بھی پڑھیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں آپ کو اپنی داستان کیسے بتاؤں مگر پھر بھی کچھ حرف کچھ زیر زبر بتاؤں گی ضرور! کچھ عرصہ بلکہ کچھ دن قبل 24 تاریخ کو میرا بیٹا جو عرصہ تین چار سال سے آپ کے زیر علاج ہے دوائی لے کر گیا تھا مسئلہ اس کے ساتھ یہ بنا جب وہ پیدا ہوا تو اس کی پیشاب کی نالی کا سوراخ باریک تھا پیشاب رکتا تھا بعد میں نالی کا آپریشن تو ہوگیا مگر ایک گردے پر اثر ہوا یعنی گردہ سکڑ گیا اب بچہ چودہ سال کا ہے پہلے ڈاکٹروں کو دکھاتے رہے کوئی خاص فرق نہیں پڑا، اکثر بیشتر بچے کو بخار ہوتا رہتا تھا آپ سے تین چار سال پہلے علاج کروانا شروع کیا تھا۔ بات یہ بھی کہ پہلے بچے نے اور خود ہم نے بھی صحیح طرح سے پرہیز نہیں کروایا اور نہ اسے عبقری کی ادویات لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کروائی۔ چھ سات ماہ پہلے ڈاکٹروں نے گردے واش کرنے کا کہا اور دل پر زخموں کے تیر چلائے اور اتنا مایوس اور ناامید کیا کہ خدا وہ وقت، وہ زخم، وہ درد کسی ماں کو نہ دکھائے یعنی کہ انسان کی تقدیر کا فیصلہ کرنے والے وہ زمینی خدا بن گئے اور ایک ماں کے سامنے کہہ رہے کہ آپ کا بچہ ٹھیک نہیں ہوسکتا۔ مجھے وہ درد آج بھی نہیں بھولتا۔ میں نے اپنے بچے کیلئے بھوکا اور پیاسا رہ کر دعائیں کیں لیکن ڈاکٹروں کے الفاظ کا قہر مجھ پر ہر لمحہ برستا رہا۔ ہم مایوس بدحال ہوچکے تھے، ہر طرف سے مایوس ہوکر دوبارہ عبقری دواخانہ رابطہ کیا، خوش قسمتی سے آپ سے ملاقات کا ٹوکن مل گیا، میری دعائیں شاید قبول ہوچکی تھیں کہ میرے بچے کا باپ زندگی میں پہلی مرتبہ میرے ساتھ چلا اور ہم تینوں لاہور آئے۔ میرے شوہر نے جب سے ڈاکٹروں کی مایوسی بھری باتیں سنی تب سے اس نے سوچ لیا تھا کہ اس کا علاج کروانے کا مطلب پیسہ ضائع کرنا ہے اس لیے وہ اس کے علاج کے سخت خلاف تھا بلکہ ہر وقت میری دل آزاری کرتا کہ وقت اور پیسہ دونوں برباد کررہی ہو اور اپنے ہی خون کو عجیب نظروں سے دیکھتا جبکہ میں در در کی خاک چھان رہی تھی کہ شاید کہیں اللہ کریم نے میرے بچے کیلئے شفاء رکھی ہو۔ الحمدللہ! آپ سے ملاقات ہوئی، آپ نے اسے عبقری دواخانہ کی تیار کردہ دوا ”گردے فیل شفاء“ اور ”گردی“ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کرنے کا مشورہ دیا اور کہا کہ اگر بچے کی زندگی چاہتے ہو تو اب علاج درمیان میں نہ چھوڑنا۔ الحمدللہ! میں نے پوری توجہ نگرانی اور دھیان سے بچے کو گیارہ ماہ یہ دوا کھلائی۔ دوبارہ ملاقات کیلئے وقت ملا تو آپ نے بچے کو چیک کرکے فرمایا جاؤ جو ڈاکٹر ناامید کرچکے تھے انہیں اس بچے کی رپورٹس کرواکر دکھاؤ کہ دونوں گردے ٹھیک ہوچکے ہیں۔ بس آپ تین سے چار ماہ مزید یہی ادویات استعمال کروادیں۔ پھر کسی دوا کے استعمال کی ضرورت نہیں۔ اب ماشاءاللہ بچہ پہلے سے بہت بہتر ہے۔ (ایک ماں)

## معدے کے مسائل اور پٹھوں کا درد ٹھیک

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری سے منسلک ہوئے صرف چند ماہ ہی ہوئے ہیں۔ میں نے عبقری رسالہ سے دیکھ کر آپ کو اپنی بیماریوں کے متعلق خط لکھا جس کے جواب میں آپ نے مجھے ایک نسخہ لکھ کر کچھ ادویات تجویز کی تھیں۔ وہ ادویات میں نے عبقری دواخانہ سے بذریعہ پارسل منگوالیں۔ الحمدللہ! ادارہ عبقری کی بذریعہ پارسل بھیجی ہوئی ادویات سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے، مجھے معدہ کا مسئلہ تھا، کچھ بھی ہضم نہ ہوتا تھا، گلا ہر وقت کڑوا رہتا تھا، کھٹے ڈکار، تھوڑی سی بھی بدپرہیزی ہوجائے تو قے کا آجانا، ہر وقت سینے پر جلن رہتی، جسم سوکھ کر کانٹا بن چکا تھا، آنکھیں اندر کو دھنس گئیں اور چہرے کی رونق ختم ہوگئی، پٹھوں میں ہر وقت کا شدید درد رہتا۔ آپ نے مجھے معدہ کا السر کورس، فٹنس فولاد ٹانک، اکسیرالبدن کے استعمال کا مشورہ دیا، میں نے یہ ادویات استعمال کیں، بہت زیادہ افاقہ ہے اب کھانا ہضم ہورہا ہے، سینہ کی جلن دور ہوگئی، بھوک لگتی ہے بہترین کھاتی ہوں، چہرے کی رونق لوٹ رہی ہے۔ سب سے بڑھ کر پٹھوں کا درد بھی ٹھیک ہوگیا ہے۔ (ن، ب: فیصل آباد)

دیسی ادویات کی معیاد کبھی ختم نہیں ہوتی
جتنی پرانی اتنی انمول

آگ شفاء جلے ہوئے کیلئے بہترین مرہم
خدانخواستہ کسی وجہ سے بھی جل جائیں مثلاً (آگ سے، ابلتا ہوا پانی گرجائے، گرم دودھ، کرنٹ لگنے سے جل جائیں، گرم استری لگنے سے، کھانا پکاتے ہوئے ہاتھ جل جائے یا بچہ انجانے میں کسی گرم چیز میں ہاتھ ڈال دے، موٹرسائیکل کا گرم سلنسر لگ جائے، فیکٹری میں کام کرتے ہوئے کسی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ جل جائے۔) گھبرائیں نہیں! آگ شفاء استعمال کریں (قیمت 80 روپے)

# سدا جوان رہیے! توانا زندگی بسر کرنے کے تیر بہدف گر

قاضی ذوالفقار احمد، کراچی

جوان اور ہمیشہ جوان رہنے کے معنی کیا ہیں؟ یہ کہ بباطن آپ ذہنی، حسی، قلبی اور روحانی طور پر جوان ہوں اور بظاہر سفید بالوں کی آمد اور بڑھتی ہوئی جھریوں کے مقابل صف آرا ہوں۔ یاد رکھئے! آپ کے گوشت پوست کا جسم بوڑھا ہوسکتا ہے اسے ماہ و سال کی نسبت سے عمر رسیدہ بھی کہا جاسکتا ہے لیکن آپ کا وجود آپ کا جسم ہی تو نہیں، جسم کے علاوہ بھی آپ کچھ ہیں۔ ایک مغربی فلسفی کہتا ہے ''ہم کسی انسان کی عمر اس وقت گنتے ہیں جب اس کے ہاں گننے کے لیے اور کچھ نہ ہو، لہٰذا آپ عمر کے سال گن گن کر افسردہ کیوں ہوں جبکہ آپ گن سکتے ہیں کہ آج آپ کتنے پرانے اور کتنے نئے وقف کاروں سے ملے۔☆ آپ نے گھر کے ننھے بچوں کو کتنا وقت دیا۔☆ گھر سے باہر اور گھر کے اندر کتنے کام سرانجام دیئے۔☆ کتنی کتابیں پڑھیں اور ان میں کیا پڑھا۔☆ کتنی معاشرتی تقریبات میں حصہ لیا۔☆ کتنے پودوں کو پانی دیا اور کتنا وقت ان کی دیکھ بھال میں صرف کیا۔☆ آپ نے گھر میں کتنے جانور پال رکھے ہیں اور ان کے لیے کچھ کیا ہے۔☆ اپنی باتوں سے آپ نے اپنی نصف بہتر (اہلیہ) اور بڑی اولاد کو کتنی دفعہ ہنسایا۔

### سنئے صاحب! سدا جوان رہئے!

بالیدگی کے ساتھ، بالیدگی کا عمل بڑھاپا نہیں اس کا رکنا بڑھاپا ہے۔ ذہنی بالیدگی کی تو کوئی انتہا ہی نہیں۔

خوابوں کے ساتھ: ذہن زندہ ہے تو خواب زندہ ہیں۔ اس وقت ایک آدمی کو دفن کرنے کے سوا اور کوئی کام نہیں رہ جاتا جب اس کا آخری خواب ختم ہوجاتا ہے آپ آخری خواب دیکھیں ہی کیوں؟

خوش دلی کے ساتھ! یہ محاورہ یاد رکھئے کہ خوش دلی ایک دوا ہے جبکہ شکستہ دلی ہڈیوں کو خشک کر دیتی ہے۔ ذہنی تناؤ میں ہرگز نہ آیئے۔ حالات کچھ بھی ہوں، ذہنی اور جسمانی آسودگی محسوس کیجئے۔

فراموشی کے ساتھ ایسی یادیں بھول جایئے جو آپ کو دکھ دیتی ہیں۔ تلخ ماضی اچھا سرمایہ نہیں ہے۔ زندگی امروز کا نام ہے۔ پٹے ہوئے راستے پٹے ہوئے لوگوں کے لیے ہوتے ہیں۔

اچھی وابستگیوں کے ساتھ گوئٹے نے ''فاؤسٹ'' 82 سال کی عمر میں لکھی، ٹیٹن نے اپنا شاہکار 98 سال کی عمر میں مکمل کیا۔ کونارڈ ایڈنائیر نے 86 سال کی عمر میں جرمنی کی قیادت کی۔ تاریخ ایسی مثالوں سے بھری پڑی ہے تاریخ میں اپنے ہم عمر تلاش کیجئے۔ جواں دلی کے ساتھ یہ ایک بری مثال نہ ہوگی اگر لوگ کہیں کہ بوڑھے کا دل بڑا جوان ہے۔ خدا کی رضا کے ساتھ۔ سب کچھ من جانب اللہ ہے۔ ہر بات میں بہتری ہے۔ بندگی سے وہ طاقت ملتی ہے کہ آپ شاہینوں کی طرح بلندیوں پر اڑیں گے مگر تھکیں گے نہیں۔

# مسجد کے خطیب! پیدائشی مرض! الحمدللہ! شفایاب ہوگئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس کراچی میں عبقری دواخانہ کی ایجنسی ہے۔ میرے پاس حافظ صاحب تشریف لائے' کہنے لگے: میں ایک مسجد کا خطیب ہوں اور ساتھ نماز بھی پڑھاتا ہوں لیکن میری نماز اور جمعہ کے بیان کے دوران آواز دب جاتی ہے، سینے میں گھٹن سی پیدا ہوتی ہے، مجبور ہوکر میں نے مسجد کی ملازمت چھوڑ دی اور گاؤں چلا گیا ہوں۔ مجھے یہ بیماری بچپن سے ہے، ہر وقت کھنکارتا رہتا ہوں، مجھے بھی اپنی آواز اچھی نہیں لگتی کسی اور کو کیا اثر کرے گی۔ بہرحال ہمارے ہی گاؤں کے ایک مولوی صاحب ہیں وہ بھی یہاں کراچی میں مسجد و مدرسہ میں پڑھاتے ہیں' وہ کسی کام سے گاؤں آئے اور مجھے حکم دیا کہ مجھے یہاں کچھ ضروری کام ہیں' مجھے کراچی واپس جانے میں کافی دن لگ جائیں گے' آپ میری جگہ تشریف لے جائیں کہیں میرے نہ جانے سے میری ملازمت چھوٹ نہ جائے۔ میں ان کی وجہ سے یہاں آیا ہوں میرا مسئلہ جوں کا توں ہے' میں کیا کروں؟

بندے نے تسلی سے انہیں سمجھایا' عبقری کے بارے میں بتایا اور ساتھ کہا کہ آپ عبقری دواخانہ کی تیار کردہ یہ تین چیزیں ''جوہر شفاء مدینہ، بنفشی قہوہ اور شفاء حیرت'' لے جائیں' ڈیڑھ کپ پانی میں چائے والا 1/4 چمچ جوہر شفاء مدینہ' 1/2 بنفشی قہوہ 10 منٹ ابال کر چھان کر 2 بڑے چمچ شربت شفاء حیرت ملا کر دن میں تین سے چار بار چائے کی طرح مزے مزے سے پئیں، ان شاء اللہ ضرور بہ ضرور فائدہ ہوگا۔ حافظ صاحب یہ چیزیں لے گئے اور دو دن بعد ہی آئے اور بتایا کہ بہت زیادہ بلکہ بہت ہی زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ بندے نے مستقل جاری رکھنے کی تاکید کی۔ چند دن بعد دوبارہ مسکراتے ہوئے تشریف لائے اور بتایا کہ آج تو کمال ہوگیا۔ پوچھا وہ کیسے؟ کہنے لگے ہمارے ایک ساتھی ہیں ہم ایک دوسرے کو زبانی قرآن سناتے ہیں (دہراتے ہیں) اسے میری بیماری کا پتا ہے کہ کیسے پڑھتے پڑھتے آواز دب جاتی ہے، رک جاتی ہے، پھنس جاتی ہے، مجھے باآواز بلند صاف آواز میں پڑھتے دیکھ کر کہنے لگے ''اج تاں وسدا پیا ایں' ماشاء اللہ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الحمدللہ! پیدائشی مرض ختم ہوگیا۔ پھر بتانے لگے کہ میں نے اس بیماری کیلئے ڈاکٹری، ہومیو پیتھک، حکیمی ٹھیک ٹھاک علاج کروایا تھا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا، کسی نے آپ کا بتایا میں یہاں آیا آپ کو دیکھا دل نہیں مانا کہ مولانا صاحب ہیں ایسے ہی دکانداری کرنے بیٹھے ہیں اور واپس چلا گیا۔

اُس بندے کو جاکر بتایا اس نے پھر مجھے بھیجا اور میں پھر آیا اور کتابیں دیکھنے لگا۔ اس دوران اکیڈمی میں لوگ آنے جانے لگے کوئی کچھ لے کر جارہا تھا اور کوئی کچھ۔ چار آرہے ہیں، چار جارہے ہیں' میں نے سوچا یہ لوگ بیوقوف نہیں ہیں جو چلے آرہے ہیں اور چیزیں لے کر جارہے ہیں۔ تب جاکر میں نے اپنا مسئلہ آپ کو بتایا اور آپ کی بتائی ہوئی عبقری ادویات استعمال کرنے کے بعد اب ماشاء اللہ میں خود کئی لوگوں کو یہاں سے ادویات استعمال کرنے کا بتاتا ہوں الحمدللہ! جو بھی یہاں سے عبقری دواخانہ کی ادویات لے کر جاتا ہے مجھے آکر ان کے فوائد ہی بتاتا ہے۔ (حکیم عاشق حسین' کراچی)

چہرے کا حسن دوبالا کرے' داغ' دھبے چھائیوں سے ہمیشہ کیلئے نجات دلائے۔ سالہا سال کے تجربات کا نچوڑ
قدرت کا انمول تحفہ
طب نبوی حسن و جمال کریم
طرح طرح کی کاسمیٹکس اور کیمیکل بھرے لوشن استعمال کرنے والے مرد و خواتین کیلئے لاجواب تحفہ
قیمت صرف 300 روپے علاوہ ڈاک خرچ
انوکھے بے ضرر اجزاء اعتماد میں بہت آگے



www.ubqari.org

# ہیضہ! گرمی کے موسم کا خطرناک مرض

ارم نذیر، لاہور

ہیضہ دراصل آنتوں کا مرض ہے اور اسے آنتوں کے امراض میں شدید ترین اور خطرناک مرض تصور کیا جاتا ہے جو کہ دیکھتے ہی دیکھتے بڑے یا بچے کی جان لے لیتا ہے۔ ہیضہ سب سے پہلے چھوٹی آنت کو متاثر کرتا ہے اور یوں یہ مرض انسان پر پوری طرح حملہ آور ہوجاتا ہے۔اس کا حملہ عام طور پر موسم گرما کی برساتوں میں ہوتا ہے۔ ہیضے کا حملہ اچانک ہوتا ہے یہ وبائی شکل میں آتا ہے اور زبردست تباہی مچا کر غائب ہوجاتا ہے۔کمزور طبع لوگ اس کی زد میں زیادہ آتے ہیں۔اس مرض سے جیتنے کے لیے مضبوط قوت مدافعت کی ضرورت ہوتی ہے:**اسباب:** ہیضہ انتہائی چھوٹے چھوٹے خمدار اور سلاخ کی شکل کے جرثوموں کی وجہ سے لاحق ہوتا ہے جنہیں (وائبروکولیرا) کہا جاتا ہے۔یہ جرثومہ ایک خاص قسم کا زہر پیدا کرتا ہے جو مکھیوں اور پانی کے ذریعے پھیلتا ہے۔تاہم اس مرض کا حقیقی سبب جسم میں پھیلا ہوا زہر اور وہ کمزوری ہے جو غلط غذاؤں اور غیر صحتمندانہ طرز زندگی کا نتیجہ ہوتی ہے۔جسم میں موجود زہر اور اس میں پیدا ہونے والی کمزوری، ہیضے کے جراثیم کے حملہ کو آسان تر بنا دیتی ہے۔**تشخیص:** ہیضہ کے جراثیم گندے پانی اور بارش کے موسم میں ہونے والی بداحتیاطی کی وجہ سے چھوٹی آنت کے ذریعے جسم میں داخل ہوتے ہیں اور بہت زیادہ تعداد میں ٹوکسنز پیدا کرتے ہیں،ٹوکسنز سے جسم میں سوڈیم کا ہضم ہونا بند ہوجاتا ہے اور مریض کو دست شروع ہوجاتے ہیں ہیضہ کی تشخیص (اسٹول ٹیسٹ) سے با آسانی ہوسکتی ہے جس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ خون میں ہیموگلوبین کی سطح بڑھ جاتی ہے اور بائی کاربونیٹ کی سطح کم ہوجاتی ہے۔اسٹول ٹیسٹ سے با آسانی ہیضہ کے جراثیم کی موجودگی اور ان کی نشوونما کو با آسانی دیکھا جاسکتا ہے۔**علامات:** ہیضہ تین مرحلوں میں وارد ہوتا ہے پہلے مرحلے میں مریض کو معمولی اسہال لگتے ہیں جن کے ساتھ قے بھی آنے لگتی ہے۔ پھر حالت تیزی سے بگڑتی ہے، جلاب پتلے ہوتے چلے جاتے ہیں، جسم میں نمکیات کی کمی واقع ہوجانے کی وجہ سے مریض کے پیٹ کے عضلات اور دیگر اعضاء میں شدید اینٹھن ہونے لگتی ہے، درجہ حرارت بڑھ جاتا لیکن جلد ٹھنڈی رہتی ہے نبض کمزور پڑ جاتی ہے پیاس میں شدت آجاتی ہے اور پیاس بجھانے کے لیے مریض جب پے در پے پانی پیتا ہے تو اس کے مزید جسمانی نمکیات ضائع ہوجاتے ہیں۔ ہیضے کے دوسرے مرحلے میں بے حد جسمانی کمزوری ہوتی ہے جلد خشک ہوتی ہے اور اس پر جھریاں پڑتی ہیں آواز کمزور اور بھاری ہوجاتی ہے۔ تیسرا مرحلہ یہ ہے کہ اگر خوش قسمتی سے مریض چوبیس گھنٹے کے بعد اس سے بچ نکلے تو صحت یابی کا عمل شروع ہو جاتا ہے۔**ہیضہ سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر:** (۱) ہیضہ سے بچنے کے لیے پانی اُبال کر استعمال کرنا چاہئے۔ (۲) گھر کا کوڑا کرکٹ اور استعمال شدہ اشیاء کی باقیات اور گندگی سے کھانے پینے کی اشیاء دور رکھیں۔(۳) آٹا گوندھنے اور کھانا پکانے کے لیے بھی اُبلا ہوا پانی استعمال کریں۔ (۴) خورد ونوش کو ڈھانپ کر رکھیں۔(۵) سبزیاں اور پھل اچھی طرح دھو کر استعمال کریں۔(۶) کھانے پینے کی چیزوں کو چھونے سے پہلے ہاتھ اچھی طرح دھولیں۔(۷) مکھیوں سے بچنے کے لیے کھڑکیوں اور دروازوں پر پردے ڈالیں اور جراثیم کش ادویات کا استعمال کریں۔(۸) گرمیوں میں گوشت کا استعمال کم سے کم کریں۔ (۹) برسات اور گرمی کے موسم میں ہلکی غذائیں کھائیں اور تلی ہوئی اشیاء کھانے سے پرہیز کریں۔**علاج:** اگر کسی شخص کو ہیضہ لاحق ہو جائے یا اس کی ابتدائی علامات: (۱) جسم میں پانی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے او آر ایس متواتر پلاتے رہنا چاہیے۔ (۲) لیموں ہیضہ کے جراثیم کو فوری ہلاک کرتا ہے اس کے لیے وبا کے دنوں میں اس کی سکنجبین پینا مرض سے بچاتا ہے۔اس کے علاوہ سلاد اور سالن پر بھی چھڑک کر کھانا چاہیے۔(۳) پیاز بھی ہیضے کا کامیاب علاج ہے۔ پیاز اور کالی مرچ کوٹ کر مریض کو پلایا جائے تو پیاس اور بے چینی ختم ہوتی ہے۔(۴) مریض کے کپڑوں اور بستر کو دھوپ میں سینکنا چاہئے۔ (۵) مریض کو برف چوسنے کے لیے دی جائے تاکہ اس کے اندر کا ٹمپریچر کم رہ سکے۔(۶) ہیضہ میں سرکہ بھی مفید ہوتا ہے۔ (۷) مریض کی پیاس بجھانے کے لیے ناریل کا پانی دینا چاہیے۔(۸) جب خارج ہونے والا فضلہ ٹھوس شکل اختیار کرلے تو لسی بھی پلائی جاسکتی ہے۔ (۹) حالت مزید بہتر ہوجائے تو پتلی کھچڑی دہی کے ہمراہ کھلائیں اور انار کا رس دیتے رہیں۔

# اسلامی اوراق کا ادب واحترام

کافی دنوں سے میں ایک کشمکش کا شکار ہوں پتہ نہیں میں صحیح ہوں یا غلط اس کا فیصلہ قارئین کریں گے روزمرہ کے استعمال کی کافی اشیاء ایسی ہیں جن پر اسلامی نام درج ہوتے ہیں ہم دانستہ یا نادانستہ ان اشیاء کو کوڑے کے ڈبے میں پھینک دیتے ہیں حالانکہ ہمیں پتہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام، محمد ﷺ کے نام، اہل بیت ؓ کے نام، اصحابہ کرام ؓ کے نام بھی نظر آنے لگے ہیں۔ مٹھائی لینے جائیں تو ان دکانوں کے اکثر نام اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں پر ہوتے ہیں اور مٹھائی کے ڈبوں اور تھیلوں پر یہی نام درج ہوتے ہیں جنہیں ہم کوڑے کے ڈبوں میں پھینک دیتے ہیں۔ حضرت محمد ﷺ کے نام سے بھی بہت سی دکانیں منسوب ہیں ٹھیک ہے ہم عقیدت و برکت کے طور پر کرتے ہیں لیکن کیا ہمارے دل اتنے مردہ ہیں کہ ہم اتنی محترم ہستیوں کے ناموں کی بھی تعظیم نہیں کرتے۔

اسی طرح میڈیا میں بے شک اسلامی پروگرام معلومات میں اضافے کیلئے نشر کیے جاتے ہیں لیکن کبھی کسی نے غور کیا کہ نیچے سلائیڈ پر آیات اور محترم ہستیوں کے نام چل رہے ہوتے ہیں اور لوگوں کی ٹانگوں میں یہ نام آرہے ہوتے ہیں۔

ہمارے دل وضمیر اتنے مردہ ہوچکے ہیں یا ہم صرف نام کے مسلمان ہیں ہم کیا اپنی آئندہ آنے والی نسلوں کو سکھائیں گے؟ اسی طرح سکولوں میں جو بستے بچے لیکر جاتے ہیں وہ ایسے بنائے گئے ہیں کہ سکینڈری کلاسوں کے طلباء کی ٹانگوں میں آتے ہیں اور وہ تعلیم کو ٹانگوں میں روندتے ہوئے جاتے ہیں۔اس میں اسلامی کتابیں بھی ہوتی ہیں جو پاؤں میں آتی ہیں یہ روزمرہ کی ایسی چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں جن پر لوگ کم غور کرتے ہیں یا اگر کرتے ہیں تو کوئی ٹوکتا نہیں۔ جو قومیں اپنے مذہب اور مذہبی رہنماؤں کی تعظیم نہیں کرتیں تاریخ گواہ ہے کہ ان پر اللہ تعالیٰ عذاب مسلط کردیتا ہے مثلاً ان پر سیلاب اور زلزلے آتے ہیں، افراتفری، نفسانفسی کا ماحول ہوتا ہے ابھی بھی ہمارے پاس وقت ہے سنبھل جائیں شاید میں غلط ہوں اسکا فیصلہ قارئین کریں گے۔(نوشین مسعود)

پوشیدہ کورس
ایام کی کمی وزیادتی 'بوجھ پڑنا' کمر میں درد' کولہے میں درد اور کھچاؤ' اندرونی ورم حتیٰ کہ پرانی سے پرانی لیکوریا کا یقینی طور پر خاتمہ
صرف دس دن کی دوائی سے حیرت انگیز رزلٹ کے آپ خود حیران و پریشان
خواتین کے تمام پوشیدہ امراض کیلئے سالہاسال تحقیق کے بعد کامیاب علاج
مایوس اور غیر مطمئن خواتین جن کا ہر جگہ سے اعتبار اٹھ چکا ضرور استعمال کریں
قیمت 600 روپے

# بارش کا پانی کمالات اور جدید سائنس

قسط نمبر 1 — رومی احمد پوری

قارئین! السلام علیکم! قدرت کی عظیم نشانیوں میں اہم نشانی آسمان سے بارش کا نزول جو انسانوں کے علاوہ روئے زمین پر بسنے والی دیگر مخلوق کی زندگی اور بقاء کا اہم عنصر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پاکستان پر بڑا فضل کیا اور اس ملک کو بارش کا پورا سیزن عطا فرمایا اس کے علاوہ بھی سارا سال پاکستان کے کسی نہ کسی شہر، علاقہ اور صوبہ میں باران رحمت کا برسنا معمول کی بات ہے۔ بارش کے قطرے قطرے میں رب کریم نے ایسی شفاء، عطاء، عنایات اور برکات چھپا رکھی ہیں کہ ہم اپنی کم علمی کی وجہ سے اس عظیم نعمت کو ضائع کر دیتے ہیں اور اکٹھا کرنے کے بجائے ندی نالوں میں بہا دیتے ہیں۔ میں بچپن سے دیکھ رہا ہوں کہ میرے ابا جان چھت پر بارش کے دوران بڑے بڑے برتن رکھ دیتے ہیں اور اس پانی کو اکٹھا کر کے پھر کھانے، پینے میں استعمال کرتے اور ایک خاص عمل کروا کر لوگوں کو یہ پانی استعمال کرواتے ہیں۔ الحمدللہ! اس کے رزلٹ میں نے خود اپنے کانوں سے سنے' عبقری رسالہ میں بھی وقتاً فوقتاً پڑھتا رہتا ہوں۔ چونکہ پاکستان میں جولائی کے آخر سے لیکر ستمبر تک بھر پور بارش کا سیزن ہوتا ہے۔ اس لیے میں چاہتا ہوں کہ مخلوق خدا اس فیض عام سے بھر پور مستفید ہو اور لوگ اسے اکٹھا کر کے سارا سال شفائی خزانہ سے بیماریاں دور اور تندرست' چاق و چوبند زندگی کا آغاز کریں۔

بارش ہونا صرف پانی کا برسنا نہیں' یہ برکت کے خزانے ہیں، یہ عافیت کے خزانے ہیں، عطا کے خزانے ہیں، یہ رحمت کے خزانے ہیں۔ یہ فضل کرم کے خزانے ہیں ہم تو بھولے ہی رہ گئے اور ایسا بھولے ایسا بھولے کہ بھولنا ہی بھول گئے اور ہمیں تو پتہ ہی نہیں ہے ہم تو اس بارش کے پانی کو پرنالوں سے گرا کر نالوں میں پہنچا رہے ہیں۔

امام شافعیؒ نے حضرت انس بن مالکؓ سے روایت کی ہے۔ انسؓ کا بیان ہے ”ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے کہ ہم کو بارش پہنچی تو رسول اللہ ﷺ نے اپنا کپڑا اتار دیا اور فرمایا کہ اپنے رب کے قریبی وعدے کا انعام ہے“۔

بارش ایک ایسی چیز ہے جس کے ہر قطرے کے ساتھ فرشتہ اترتا ہے۔ ایک اللہ والے فرماتے ہیں کہ تین پانی سب سے زیادہ افضل ہیں۔ (۱) آب زم زم، (۲) بارش کا پانی (۳) وضو کا پانی۔ جیسے میں نے پہلے لکھا ہمارے گھر تو پینے میں بارش کا پانی ہی استعمال ہوتا ہے جیسے ہی بارش کا ماحول دیکھتے ہیں پانی کے بڑے بڑے ٹب رکھ دیتے ہیں اور بوتلوں میں بھر کے ڈسپنسر پر رکھ دیتے ہیں اور ضرورت کے مطابق پیتے ہیں تاکہ وہ فرشتے کی روحانیت معصومیت ہمارے اندر آجائے اس قدرتی اور آلودگی سے پاک پانی سے صحت بھی اچھی رہتی ہے۔ بارش کا پانی قرآن کی روشنی میں ”کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی برسایا، پھر اس کو سوتوں اور چشموں اور دریاؤں کی شکل میں زمین کے اندر جاری کیا، پھر اس پانی کے ذریعے سے وہ طرح طرح کی کھیتیاں نکالتا ہے جس کی قسمیں مختلف ہیں“ (سورۃ الزمر، آیت ۲۱)

اللہ تعالیٰ خود فرمارہا کہ میں پانی کے ذریعے طرح طرح کی کھیتیاں نکالتا ہوں جس کی مختلف قسمیں ہیں۔ کھیتی میں ضروری نہیں کہ یہ والی کھیتیاں، سبزہ یا فصلیں آئیں گی بلکہ اس کے اندر ایسے انسان جو دوسرے انسانوں کے لیے نفع بخش بن جائے۔ بارش کا پانی برسے اور ہم محروم رہ جائیں یہ آپ کی غفلت اور غلطی نہیں بلکہ یہ میری غفلت ہے میں نے آپ کو اس چیز سے آگاہ نہیں کیا اور آپ اتنی بڑی نعمت سے محروم رہ گئے۔ بزرگ کہتے ہیں کہ اگر کوئی چیز آپ کر رہے ہیں تو آپ وہی چیز دوسروں کو بتائیں گے تو اس چیز کی تاثیر بڑھ جاتی ہے اس لیے میں نے کہا کہ میں صرف اس سے فائدہ نہ اٹھاؤں آپ بھی اس خیر کے کام میں شامل ہوں۔ بارش کے پانی کو صاف پانی میں اکٹھا کیجئے اور اسے پینے' کھانا پکانے' آٹا گوندھنے میں استعمال کیجئے۔ (جاری ہے)

# اعصابی کھچاؤ ہڈیوں اور جوڑوں کی تکلیف ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ پانچ سال سے ہم رسالہ ”عبقری“ کا باقاعدہ اور ماہانہ مطالعہ کر رہے ہیں۔ عبقری کے تمام رسالہ جات ہمارے پاس محفوظ ہیں، تمام اہل خانہ بار بار مطالعہ کرکے ان کے تمام وظائف، ذکر الٰہی، بیماریوں کے علاج سے استفادہ کر رہے ہیں۔ مجھے اعصابی کھچاؤ اور ہڈیوں وجوڑ کی تکلیف تھی۔ الحمدللہ چار ماہ کا کورس کرنے سے میں چلنے پھرنے اور نارمل زندگی گزارنے کے قابل ہوگئی ہوں۔ اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کی اکسیر البدن، سکون افزاء، ہائی بلڈ پریشر کیلئے ستر شفائیں، روحانی پھکی کو بھی آزما چکے ہیں ماشاء اللہ تمام ادویات کو بہترین پایا اور اللہ تعالیٰ نے شفاء دی۔ آپ مخلوق الٰہی کی جو خدمت کر رہے ہیں اور طب نبوی ﷺ کی روشنی میں جو علاج بتا رہے ہیں اور ادویات سے ہمیں متعارف کروا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے۔ دنیا اور آخرت میں آپ کو اس کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین! (ب،ن، ملتان)

## مشروب عبقری دل کرے بار بار پیے جاؤں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری دواخانہ کی ادویات مختلف اوقات میں استعمال کرتا رہتا ہوں مجھے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ مجھے جلد کا کوئی مسئلہ ہو میں عبقری دواخانہ کی تیار کردہ مرہم 'مرہم سکون' استعمال کرتا ہوں' جہاں بھی لگاتا ہوں جلد کا کوئی مسئلہ ہو حل ہوجاتا ہے۔ چاہے وہ زخم ہو' پھوڑا' پھنسی ہو یا کوئی اور جلدی مسئلہ ہو۔ یہ کمال کی چیز ہے۔ مرہم سکون کی طرح مشروب عبقری افزاء بھی میرا گرمیوں کا ساتھی ہے۔ دودھ پینا ہو یا کوئی میٹھی چیز، عبقری افزاء نہ صرف مزا دوبالا کرتا ہے بلکہ منہ کی خشکی ایسے دور ہوتی ہے جسے بیان کرنا مشکل ہے اور خوشبو ایسی کہ دل کرے کہ بار بار پیئے جاؤں۔ مجھے جریان کا مسئلہ تھا، پیشاب کے بعد قطرے کافی دیر تک آتے رہتے تھے جس کی وجہ سے بے چین رہتا تھا۔ عبقری دواخانہ کی نوجوان شفاء کی تین ڈبیاں کھانے کے بعد میری یہ پرابلم بھی ختم ہوگئی۔ عبقری دواخانہ کی معجون مراد' عبقری رسالہ سے دیکھ کر عبقری دواخانہ لاہور سے بذریعہ پارسل منگوائی' میں بس اتنا لکھوں گا کہ اس معجون کو صرف شادی شدہ حضرات ہی استعمال کریں' غیر شادی شدہ ہرگز استعمال نہ کریں۔ بس میرا اشارہ ہے سمجھ جائیں۔ اس کے علاوہ بھی جو مسئلہ ہو میں عبقری کی ادویات استعمال کرتا ہوں اور شفایابی پاتا ہوں کیونکہ ان ادویات میں میرے مرشد کا دکھی انسانیت کیلئے اخلاص شامل ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو آباد رکھے۔ آمین! (سید گل رخ' ملتان)

عبقری اسٹیکر اپنی گاڑیوں پر ضرور لگائیں

عبقری کی ویب سائٹ کا سٹیکر اپنی موٹر سائیکل اور گاڑیوں پر لگا کر دکھی انسانیت کو پریشانیوں کے حل اور دکھوں کے مداوے کی طرف متوجہ کریں۔ نوٹ: گاڑی کیلئے ایسے سٹیکر جو رات کے اندھیرے میں لائٹ پڑنے پر چمکے گا' لائف ٹائم گارنٹی بارش سردی گرمی سے خراب نہ ہونے والا۔ گاڑی کی زینت اور خوبصورتی کو بڑھانے والا۔ اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکل پر ضرور لگائیں۔ (قیمت: سٹیکر گاڑی: 200 روپے موٹر سائیکل: 10 روپے علاوہ ڈاک خرچ)



www.ubqari.org

خاندان میں عزت شہرت ملے گی | مالی پریشانیاں اور کثرت استغفار | اہم کام میں کامیابی ملے گی | قلعے کے بند دروازے | کسی حاسد نے گھر پر بندش کرا رکھی ہے! | خواب اور روشن تعبیر

## خاندان میں عزت شہرت ملے گی

میں ایک گھر میں ہوں اور پیچھے سے ایک مردانہ آواز آتی ہے کہ میں نے پریکٹیکل میں اوّل پوزیشن حاصل کی ہے اور مجھے بطور انعام پانچ ہزار روپے بھی دیئے جائیں گے اور ایک پرچی مجھے تھما دی جاتی ہے جس میں اوّل پوزیشن اور انعامی رقم کے بارے میں درج ہے۔ میرے ہاتھ میں اور بھی پرچیاں ہیں جس کو میں اس پرچی کے ساتھ ایک لفافے میں رکھتی ہوں۔ میری پھوپھی بھی تین چار عورتوں کے ساتھ ایک وین کی فرنٹ سیٹ میں بیٹھ کر آتی ہے، مجھے دیکھ کر ہاتھ ملانے یا گلے لگانے کی کوشش کرتی ہیں۔ (سویرا، راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کو کوئی ایسی کامیابی ملے گی جس سے خاندان میں آپ کی عزت اور شہرت میں اضافہ ہوگا۔ واللہ اعلم

## مالی پریشانیاں اور کثرت استغفار

میں نے دیکھا کہ موبائل سے تصاویر اتار رہی ہوں' پرانے گھر کے پاس اور پھر میرے شوہر کا ایس ایم ایس آتا ہے اور میں بھی جواب میں ایس ایم ایس کرتی ہوں پھر میں پرانے گھر کے نزدیک سٹال سے اخبار لیتی ہوں اور پیسے دیتی ہوں پھر خود کو سکول کی چھت پر دیکھتی ہوں۔ (غ، لاہور)

تعبیر: اس بات کا اشارہ ہے کہ کچھ وقت کے لیے آپ کو مالی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اگر حالات میں جلد بہتری چاہتی ہیں تو کثرت سے استغفار کیا کریں۔ واللہ اعلم

## اہم کام میں کامیابی ملے گی

میں نے دیکھا کہ پل پر میں، میرا بھائی اور اس کا ایک دوست بھی کھڑا ہے پھر میں پل سے اترنے کے لیے اترنے والی جگہ کی طرف جاتی ہوں تو گزرنے کا رستہ تنگ اور بند سا ہے۔ پل پر سے بھی اترا نہیں جاسکتا۔ پھر کیا دیکھتی ہوں کہ پل پر دو کمرے موجود ہیں، میں ان کمروں میں چلی جاتی ہوں پھر میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ اس کی تعبیر بیان کردیں۔ (فرح، لاہور)

تعبیر: اس بات کا اشارہ ہے کہ کسی اہم کام میں کامیابی حاصل ہوتے ہوتے اچانک رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑے گا تاہم اگر آپ ثابت قدم رہیں تو سارے کام بخیر و خوبی انجام پاجائیں گے۔ آپ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ چلتے پھرتے پڑھتی رہیں۔ واللہ اعلم۔

## قلعے کے بند دروازے

مجھے خواب آیا کہ میں ایک قلعے میں کھڑا ہوں، جابجا باوردی محافظ کھڑے ہیں لیکن مجھے کوئی کچھ نہیں کہتا۔ قلعے میں مسجدیں بھی ہیں اور مندر بھی۔ میں سوچتا ہوں کہ مجھے بہت جلد یہاں سے چلے جانا چاہیے۔ میں ایک بہت بڑے دروازے کی طرف چلنے لگتا ہوں۔ جب اس کے قریب پہنچتا ہوں تو دروازہ بند ہوتا ہے۔ میں چاروں دروازوں کی طرف جاتا ہوں مگر سب کے سب بند ہوتے ہیں۔ پھر دیکھا کہ میں ایک ہرے بھرے جنگل میں ڈھلوان پر کھڑا ہوں۔ تھوڑے فاصلے پر ایک بہت بڑے بیری کے پیڑ کے نیچے ایک گاڑی کھڑی ہے۔ میں ہنستا ہوا اس کی طرف چلنے لگتا ہوں۔ اسکے بعد دیکھا کہ میں دوستوں کے ساتھ کھڑا ہوا۔ ایک جہاز قلابازیاں کھاتا ہوا اوپر سے گزرتا ہے۔ (طاہر بٹ، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے روزگار میں پریشانیاں آنے کا اندیشہ ہے۔ آپ اپنا صدقہ دیں اور ''یَارَزَّاقُ'' ہر نماز کے بعد 41 بار پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

## کسی حاسد نے گھر پر بندش کرا رکھی ہے!

میں نے خواب میں دیکھا کہ میں کمرے میں کرسی پر بیٹھی ہوں کہ اچانک پاؤں کے قریب ایک سانپ آتے ہوئے دکھائی دیتا ہے۔ اس کا رنگ پیلا ہوتا ہے۔ میں فوراً شور مچاتی ہوں کہ کمرے میں سانپ ہے۔ سانپ جب دیوار پر چڑھتا ہے تو تقریباً دس فٹ تک ہوتا ہے، میں کہتی ہوں اتنا لمبا سانپ میں ابو کو اور بڑے بھائی کو ڈنڈا لاکر دیتی ہوں کہ وہ سانپ ماردیں لیکن اتنے میں سانپ خود کو سمیٹ کر ایک فٹ کا ہوجاتا ہے اور دوسرے کمرے میں بھاگ جاتا ہے اور اس کا رنگ بھی کالا ہوجاتا ہے جب دوسرے کمرے میں اسے مارنے لگتے ہیں تو دوبارہ پہلے کمرے میں آکر سامان میں چھپ جاتا ہے۔ ابو اور بھائی کہتے ہیں کہ جب نکلے گا تو ہم ماردیں گے۔ میں کہتی ہوں ہم سب بہنیں زمین پر سوتی ہیں وہ تو رات کو نکل کر ہمیں ڈس سکتا ہے۔ (صائمہ، سیالکوٹ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اندیشہ ہے کہ آپ کے اور آپ کے گھر والوں کے بعض اہم کام کسی حاسد کی طرف سے بندش کرا دینے کی وجہ سے رک گئے ہیں تاہم آپ اپنا اور اپنے گھر والوں کا حسب توفیق صدقہ دیں اور یَارَقِیْبُ 100 بار ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

### (بقیہ: 28 کام جو 50 سال کی عمر سے پہلے کرلینے چاہئیں)

**16 کھانے کی عادت تبدیل کریں:** من پسند کھانا تو ہر ایک کو اچھا لگتا ہے، کیوں نہ کبھی وہ چیزیں بھی کھالی جائیں جو آپ کو زیادہ پسند نہیں ہیں، کھانے کی عادات میں تبدیلی کی کوشش کرنا اور کبھی کبھار کسی بہت زیادہ پسند نہ ہونے والے کھانے کو بھی خاموشی سے کھالینا ایک مثبت سوچ کا باعث ہوسکتا ہے۔ **17۔ غلطی کرنے سے خوفزدہ مت ہوں:** جب تک آپ غلطی کرنے کے خوف میں مبتلا رہیں گے، کچھ اچھا اور جرات مندانہ عمل کبھی نہیں کرپائیں گے، خود کو سمجھائیں کہ غلطیاں بھی انسانوں سے ہوتی ہیں، غلطی کے خوف میں خود کو محدود مت کریں۔ **18۔ سیر کرنے کی عادت اپنائیں:** دن رات کے اوقات میں سے پیدل سیر کے لیے کچھ وقت مخصوص کریں۔ گھر کے قریب کسی پارک تک چلے جائیں یا گھر کے اندر ہی سہی لیکن کچھ وقت نکال کر چہل قدمی لازمی کریں۔ **19۔ بجٹ بنائیں:** آمدنی اور خرچ میں توازن تبھی رکھا جاسکتا ہے جب آپ بجٹ بنا کر اخراجات اس کے مطابق کریں۔ **20۔ بزرگوں کے ساتھ وقت گزاریں:** اگر آپ کے گھر میں بزرگ افراد ہیں تو آپ سے بڑھ کر خوش قسمت اور کوئی نہیں کہ آپ کو بزرگوں کی صورت میں دانش کا خزانہ دستیاب ہے، ان کے ساتھ زیادہ سے زیادہ وقت گزاریں اور ان کی زندگی کے تجربات سے استفادہ کریں۔ **21۔ قیلولہ لازمی کریں:** دوپہر کے کھانے کے بعد کم از کم آدھے گھنٹے کا آرام کریں۔ آج کی دنیا اسے Power Nap قرار دے کر اس کی اہمیت و افادیت کی قائل ہوچکی ہے۔ آپ بھی دن میں آدھا گھنٹہ توانائی بڑھانے والی اس نیند کے لیے مخصوص کریں۔ **22۔ ثقافتوں کا مطالعہ کریں:** ہر علاقے اور ملک کا رہن سہن، لباس اور رسم و رواج مختلف ہوتے ہیں۔ ان کا مطالعہ نہ صرف آپ کے علم میں اضافہ کرے گا بلکہ آپ کو مختلف تہذیبوں سے بھی آگاہی ہوگی۔ **23۔ سمندر کا سفر کریں:** اس انوکھی دنیا کا نظارہ کرنے کے لیے سمندری سفر پر ضرور جائیں۔ **24۔ وزن پر قابو رکھیں:** اگر آپ صحت مند رہنا چاہتے ہیں تو اپنے وزن کو قابو سے باہر نہ نکلنے دیں۔ **25۔ درخت سے پھل اُتارنے کا تجربہ:** یہ کام انمول روحانی خوشی سے ہمکنار کرے گا۔ **26۔ مچھلی کا شکار کریں:** ڈور ڈال کر شکار پھنسنے کا انتظار بہت اچھا تجربہ ثابت ہوگا۔ **27۔ مذہبی اجتماعات میں شریک ہوں:** آپ جس بھی مذہب کے پیروکار ہیں، اپنے عقیدے کے حوالے سے منعقد ہونے والے مذہبی اجتماعات میں باقاعدگی سے شریک ہوا کیجئے، یہ امر آپ کو روحانی بالیدگی سے روشناس کرائے گا۔ **28۔ بچوں کے ساتھ وقت گزاریں:** بچوں کے ساتھ وقت گزارنا آپ کی پریشانی اور غم کو زائل کرتا ہے، اس لیے دن میں کچھ وقت بچوں کے ساتھ گزاریں۔

**صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں**

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (صلیبیں اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش و نگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیلڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو) لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت باامان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# 28 کام جو 50 سال کی عمر سے پہلے کر لینے چاہئیں

ڈاکٹر شائستہ جبیں، لاہور

جب عمر ذرا ڈھلتی ہے اور وہ ذہنی پختگی کے دور میں داخل ہوتا ہے تو اسے احساس ہوتا ہے کہ اب تک جن چیزوں اور مقاصد کے حصول میں وہ اپنی توانائیاں صرف کر رہا تھا وہ تو کچھ بھی نہیں تھا۔ سمجھدار لوگ اپنے مقاصد طے کرتے اور پھر ان کے حصول کی کوشش میں لگ جاتے ہیں اور بامقصد زندگی گزارتے ہیں۔ ماہرین کے خیال میں پچاس سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے آپ کو اپنے مقاصد حاصل کر لینے چاہیے۔ آیئے! ان 28 امور کی فہرست بنائیں جو آپ کو پچاس سال تک پہنچنے سے قبل کر لینے چاہئیں:

**1۔ مذہب کا بنیادی علم حاصل کریں:** آپ جس بھی مذہب سے تعلق رکھتے ہیں، ضروری ہے کہ آپ کو اس کے بنیادی علوم پر مہارت حاصل ہو تا کہ آپ نہ صرف مذہب کی روح کو سمجھ سکیں بلکہ از خود مذہبی احکامات پر درست طریقے سے عمل کرنے کے بھی قابل ہوں۔ اپنی مذہبی کتاب کو سمجھ کر پڑھیں تا کہ آپ جان سکیں کہ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے کیا پیغام بھیجا ہے۔

**2۔ پاسپورٹ کا استعمال کریں:** ہم میں سے اکثر لوگ پاسپورٹ بنوا لیتے ہیں لیکن مذہبی فریضہ کی ادائیگی کے لئے جانے کے علاوہ ہم اس کا استعمال نہیں کرتے، حالانکہ سفر کو وسیلہ ظفر کہا جاتا ہے اور سفر کرنے سے آپ بہت کچھ نیا سیکھتے ہیں۔ اس لیے اپنی پسند کے مقامات پر جانے کا لازمی منصوبہ بنائیں، اپنے گھر، شہر اور ملک سے باہر نکل کر آپ پر علم اور آگاہی کے نئے در وا ہوں گے۔

**3۔ وصیت تحریر کریں:** ہم جانتے ہیں کہ یہ دنیا عارضی ہے اور ایک نہ ایک دن ہمیں یہاں سے جانا ہوگا۔ اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے اپنے اثاثوں کی مناسب تقسیم کا تحریری فیصلہ کریں تا کہ آپ کے جانے کے بعد آپ کے ورثاء کے درمیان ان کے حوالے سے کوئی بدمزگی نہ ہو۔ اپنے لین دین کا بھی تحریری اندراج رکھنے کی عادت اپنائیں تا کہ کل کلاں کو اس حوالے سے کوئی پریشانی نہ اٹھانی پڑے۔

**4۔ محبت کرنا سیکھیں:** نفرت کرنا مشکل نہیں ہوتا لیکن یہ آپ کی زندگی کو مشکل بنا دیتی ہے۔ اس لیے آپ لوگوں سے محبت کرنا سیکھیں۔ صرف اہلِ خانہ سے نہیں، اپنے اردگرد کے لوگوں سے محبت بھرے برتاؤ کی عادت اپنائیں۔ محبت نہ صرف آپ کی اپنی زندگی کو آسان کرتی ہے بلکہ معاشرے میں بھی سکون اور خوشی پھیلانے کا سبب بنتی ہے، اس لئے اپنا دل محبت کے لیے وسیع کریں۔

**5۔ ریٹائرمنٹ کے بعد زندگی کی منصوبہ بندی:** اگر ملازمت پیشہ ہیں تو ریٹائرمنٹ کے بعد کی زندگی کے بارے میں سوچیں۔ ملازمت کی مصروفیت کی وجہ سے جو کام آپ نہیں کر پاتے تھے، ان کے کرنے کا منصوبہ بنائیں۔ اگر آپ ملازمت پیشہ نہیں ہیں، پھر بھی ساٹھ سال کے بعد کی عمر گزارنے کے حوالے سے کچھ خاص کرنے کا سوچیں، گھریلو ذمہ داریوں سے سبکدوش ہونے کے بعد آپ اپنی پسند کے کام کر سکتے ہیں۔ **6۔ مضمون تحریر کریں:** ہم میں سے ہر شخص کسی نہ کسی تخلیقی صلاحیت کا حامل ہوتا ہے، اپنی اس صلاحیت کو جانیں اور اپنی دلچسپی کے کسی بھی موضوع پر مضمون تحریر کریں۔ چاہے وہ مضمون کہیں نہ چھپوائیں لیکن لکھنا آپ کو پُرسکون کرے گا۔ اپنی تحریر کو پڑھ کر آپ خود کو ازسرنو تروتازہ محسوس کریں گے۔ اگر آپ لکھ نہیں پاتے تو بچے یا بیگم کو پاس بٹھا کر لکھوائیں۔

# آیئے! سکول فیلوز اور بچپن کے دوست ڈھونڈیں

**7۔ جانور یا پرندے پالیں:** اگر آپ کو جانوروں یا پرندوں سے دلچسپی ہے تو گھر میں انھیں پالنے کا اہتمام کریں، ان کے کھانے پینے، صحت و صفائی کے امور کی مصروفیت آپ کے وقت کو بامقصد بنائے گا۔ اگر پاس جانور یا پرندے پالنے کے لیے گھر میں مناسب جگہ کا انتظام نہیں ہے تو آپ گھر سے باہر یا چھت پر پرندوں کے لیے دانے اور پانی کا انتظام کریں، خاص طور پر گرمیوں کے موسم میں پرندوں کے لیے پانی کا ضرور انتظام کریں۔ **8۔ سماجی خدمت کے کام کریں:** اپنی مصروفیت میں سے وقت نکال کر سماجی خدمت کے کاموں میں ضرور حصہ لیں۔ اولڈ ہومز، ہسپتال، پڑوس کے بزرگ بیمار افراد کا خیال رکھیں۔ **9۔ پرانے تعلقات کو بحال کریں:** وہ لوگ جو آپ کی زندگی کے کسی حصہ میں آپ کے ساتھ رہے اور گردشِ زمانہ کی وجہ سے آپ اور اُن میں فاصلے آگئے ہیں تو ان فاصلوں کو کم کرنے کی کوشش کریں۔ اپنے سکول کے کلاس فیلوز، بچپن کے دوستوں کو ڈھونڈیں، اپنے پیاروں کو زندگی میں واپس لائیں۔ بچپن کی دوستی بے غرض ہوتی ہے، ان بے غرض تعلقات کو اپنی زندگی میں شامل رکھیں۔ **10۔ مشہور ملکی تفریحی مقامات پر جائیں:** آپ کی زندگی کتنی ہی مصروف کیوں نہ ہو، اس میں تفریح کا وقت لازمی رکھیں۔ اہل خانہ کے ساتھ مختلف تفریحی مقامات کی سیر آپ کو طویل عرصہ تک تروتازہ رکھنے میں معاون ثابت ہوگی۔ **11۔ باقاعدگی سے لائبریری جائیں:** کتب سے بڑھ کر اچھا دوست کوئی نہیں ہو سکتا، اچھی کتاب سوچ اور طرزِ عمل کو بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ **12۔ اپنی پسند کا کوئی ہنر سیکھیں:** ہنرمند افراد کی ہر معاشرے میں ہمیشہ ضرورت رہتی ہے۔ ہنر اعتماد میں اضافہ کا بھی باعث ہوتا ہے۔ کوئی نہ کوئی ہنر ضرور سیکھیں، چاہے وہ کھانا یا ڈرائیونگ کرنا ہی کیوں نہ ہو۔ **13۔ باغبانی کریں:** اگر آپ کے گھر میں تھوڑی سی بھی خالی جگہ دستیاب ہے تو اس پر مختلف پھول اور پودے اُگائیں۔ ان کی دیکھ بھال کریں، پانی دیں، کھاد اور گوڈی کا عمل خود انجام دیں۔ **14۔ لوگوں کو معاف کریں:** ہم میں سے ہر شخص سے غلطی بھی ہوتی ہے اور دوسروں سے زیادتی بھی ہم کر جاتے ہیں۔ اسی طرح ہمارے ساتھ بھی بعض اوقات ہمارے اہل خانہ، دوست یا جاننے والوں کی طرف سے ایسا ہو جاتا ہے، یہ زندگی کا حصہ ہے تو ایسے کسی بھی موقع پر وسیع القلبی کا مظاہرہ کریں اور زیادتی کرنے والے کو معاف کر دیں۔ **15۔ تنہائی سے لطف اندوز ہونا سیکھیں:** انسان کو معاشرتی حیوان اسی لیے کہا گیا ہے کیونکہ وہ ہجوم میں خوش رہتا ہے اور تنہائی سے گھبراتا ہے۔ تنہائی کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس سے پریشان ہوا جائے۔ تنہائی تو خود سے اور اللہ سے گفتگو کا موقع فراہم کرتی ہے، تنہائی سے خوفزدہ ہونے کی بجائے کچھ وقت تنہا اپنے ساتھ گزارنے کی عادت اپنائیں۔ تنہا بیٹھ کر غور و فکر کریں، ذہن کو پرسکون چھوڑ کر اپنے ساتھ خود کو لطف اندوز ہونے کا موقع دیں۔ (باقی صفحہ نمبر 55)

عرق شوگر شفاء
شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری، پٹھوں کا کھچاؤ، سستی رہنا، دماغی کمزوری، یادداشت کی کمی، نگاہ کی کمزوری، خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی، ڈیپریشن، ٹینشن، بیزاری، بے قراری ہو تو ''عرق شوگر شفاء'' جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا ''عرق شوگر شفاء'' چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہو جاتی ہے۔ (قیمت -/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

# بلی پالنے سے کیا ملتا ہے؟

عدیل ایوب گوجرانوالہ

اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلام میں بلی حلال نہیں ہے لیکن اس کو پاکیزہ اور طاہر حیوانات میں شمار کیا جاتا ہے، جو بلیاں کسی کی ملکیت نہ ہوں اِنہیں پالنے میں کوئی حرج نہیں۔ جیسا کہ حدیث میں ہے سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک عورت کو بلی کی وجہ سے عذاب ہوا، اس نے بلی کو قید کر کے رکھا یہاں تک کہ وہ مرگئی، پھر اسی بلی کی وجہ سے وہ جہنم میں گئی، جب اس نے بلی کو قید میں رکھا تو نہ کھانا دیا، نہ پانی اور نہ ہی اسے آزاد کیا تا کہ وہ خود کیڑے مکوڑے کھا کر گزارا کر لیتی (یعنی اس نے بلی کو تڑپا تڑپا کر مارا تھا اس لئے وہ جہنم میں گئی)۔ (صحیح بخاری حدیث نمبر ۲۳۶۵)۔ ایک سائنسی اندازے کے مطابق، اِنسان نے بلی کو دس ہزار سال پہلے سدھایا یا پالتو بنایا تھا۔ بلی آج کے دور میں سب سے عام پالتو جانوروں میں سے ایک ہے، افریقی جنگلی بلیوں کی کئی اقسام کو پالتو بلی کے آباؤاجداد سمجھا جاتا ہے۔ بلیوں کو پہلے پہل شاید اس وجہ سے سدھایا گیا کہ یہ چوہے کھاتی تھیں اور اکثر اوقات جہاں اناج محفوظ کیا جاتا ہے وہاں انہیں پالا جاتا تھا لیکن بعد ازاں ان کو انسان کے دوست اور پالتو جانور کے طور پر بھی پالا جانے لگا۔ پالتو بلیوں کے جسم پر لمبے یا چھوٹے بال ہوتے ہیں، جن کی بنیاد پر ان کی اقسام اور نسلوں کا تعین کیا جاتا ہے۔ آیئے! آپ کو وہ حدیث بتاتے ہیں جس میں بلی کے متعلق ذکر کیا گیا ہے، دوستو! روایات سے یہ بات ثابت ہے کہ بلی اگر کھانے میں سے کچھ کھا جائے یا پانی پی جائے تو وہ پلید اور نجس نہیں ہو جاتا، کیونکہ (مشکوۃ شریف، جلد اول، حدیث ۴۵۳) کی حدیث مبارکہ ہے کہ: ایک عورت نے عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ہریسہ بھیجا تو وہ نماز پڑھ رہی تھیں، اس عورت نے ہریسہ وہیں رکھ دیا، تو بلی آئی اور آ کر اس میں سے کھا گئی، عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نماز کے بعد اسی جگہ سے ہریسہ کھایا جہاں سے بلی نے کھایا تھا اور فرمایا: بلاشبہ رسول کریم ﷺ کا فرمان ہے: یہ (بلی) پلید اور نجس نہیں، بلکہ یہ تو تم پر آنے جانے والیاں ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے رسول کریم ﷺ کو بلی کے بچے (جس میں بلی منہ لگا کر گئی) ہوئے پانی سے وضو کرتے ہوئے دیکھا ہے اسی طرح ایک اور روایت میں ہے: کبشہ بنت کعب بن مالک جو ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی بہو ہیں وہ بیان کرتی ہیں کہ ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے گھر آئے تو میں نے ان کے وضوء کے لیے پانی برتن میں ڈالا تو بلی آئی اور اس سے پینے لگی، تو انہوں نے اس کے لیے برتن ٹیڑھا کر دیا حتیٰ کہ اس نے پانی پی لیا، کبشہ بیان کرتی ہیں کہ انہوں نے مجھے دیکھا کہ میں ان کی طرف دیکھے جا رہی ہوں تو وہ فرمانے لگے: کیا تم تعجب کر رہی ہو؟ تو میں نے جواب دیا: جی ہاں، تو وہ کہنے لگے: نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے: یہ نجس اور پلید نہیں، بلکہ یہ تو تم پر گھومنے پھرنے والیاں ہیں۔ (سنن ابوداؤد، جلد اول، حدیث ۷۴)

دوستو! جہاں تک گھر میں بلی پالنے کا سوال ہے تو فقہاء کا کہنا ہے گھر میں بلی پالی جا سکتی ہے، ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ بلی نہ ہی موذی جانور ہے اور نہ ہی نجس ہے، ہر شخص کو معلوم ہے اس میں کوئی نقصان نہیں، بلکہ بلی گھر میں رکھنا فائدہ مند ہے، یہ گھر میں پیدا ہونے والے کیڑے مکوڑے، اور چوہے وغیرہ کھا جاتی ہے۔

# حیران کن معلومات! ماہرانہ مشورے

بلیوں کو قدیم دور کے بعد مشرق قریب میں عقیدت دی گئی، اور اسلام نے اس روایت کو اپنے بہترین انداز میں اپنا لیا، جو اس عقیدت سے بالکل ہٹ کر ہے جو دیگر قدیم مذاہب میں بلی کو دی گئی، کچھ مذاہب میں بلی کو ناپاک سمجھا جاتا ہے تو کچھ مذاہب میں اسے حلال جان کر کھایا بھی جاتا ہے جب کہ اسلام نے ایک طرف ان کا گوشت کھانے سے منع کیا اور دوسری طرف ان کے ساتھ پیار و محبت اور حسن سلوک کرنے کی تلقین بھی کی۔ جیسے ایک صحابی کی کنیت ہی ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ (یعنی بلیوں والا) پڑ گئی تھی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے نام کے بارے میں مورخین میں اختلاف ہے، کچھ نے لکھا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ کا نام اسلام لانے سے قبل عبدالشمس تھا اور اسلام لانے کے بعد عبدالرحمن رضی اللہ عنہ رکھا گیا، کسی نے عمر بن عامر رضی اللہ عنہ لکھا تو کسی نے عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ لیکن آپ رضی اللہ عنہ کا اصل نام راجح قول کے مطابق عبدالرحمن ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ہے اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، کنیت رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے پاس ایک بلی تھی جس کو آپ رضی اللہ عنہ اپنے ساتھ رکھا کرتے تھے اسی لیے آپ رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پڑ گئی، یہاں (لفظ ابو ہریرہ) سے ایک بات واضح کر دیتے ہیں کہ بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا مطلب بلی کا باپ ہے حالانکہ یہ معنی لینا بالکل غلط ہے، عربی میں ایک لفظ کے کئی کئی معنی ہو سکتے ہیں تو جس طرح آبْ کے معنی باپ کے آتے ہیں اسی طرح آب کے معنی والے یا والا کے بھی آتے ہیں اس اعتبار سے ابو ہریرہ کا مطلب ہوا، بلی والا، ایک دن ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کے گرمی کی شدت سے ایک بلی دیوار کے ساتھ چمٹی ہوئی ہے، تو انہوں نے اسے اٹھا کر گرمی سے بچانے کے لیے اپنی آستین میں چھپا لیا۔ دوستو! یہ روایات ثابت کرتی ہیں کہ گھر میں بلیاں پالی جا سکتی ہیں اگر کسی کو شوق ہے تو وہ ضرور پورا کرے مگر ان کے کھانے، اور پینے کا پورا خیال رکھا جائے اور اسے کوئی تکلیف اور ایذا نہ دی جائے۔ سائنسی اعتبار سے بھی گھر میں بلی پالنے کا ایک بڑا فائدہ ہے۔ وہ یہ کہ بلیوں کو انسانی لمس بے حد پسند ہوتا ہے اور انسان بھی اس سے محظوظ ہوتا ہے، ماہرین کے مطابق بلی کے لمس میں اللہ نے ڈپریشن کے مرض کا علاج رکھا ہے، اس کے بالوں میں خاص قسم کے بیکٹیریا پائے جاتے ہیں، انسانی جسم میں ڈپریشن کو کم کرنے میں مدد دیتے ہیں چنانچہ پالتو بلی کو اپنے ساتھ لپٹا کر بٹھایا اور سلایا جائے، یہ نہ صرف آپ کی بلی کو خوش کرے گا بلکہ آپ کو ڈپریشن سے بھی نجات دلائے گا مگر اس سے پہلے اس کی صفائی کا سو فیصد خیال رکھا جائے۔ اب ہم آپ کو بلیوں کے بارے میں کچھ مزید معلومات بتاتے ہیں جو ماہرین کے تجربات کے بعد سامنے آئیں۔ ویسے تو یہ معلومات سب کیلئے دلچسپ اور حیرت انگیز ہیں لیکن جنہوں نے بلیاں پال رکھی ہیں ان کے لئے انتہائی فائدہ مند بھی ہیں۔ دو بلیاں آپس میں کبھی بھی (میاؤں) کر کے بات نہیں کرتیں، جب بھی آپ کی بلی میاؤں کرے جان لیں کہ وہ آپ سے مخاطب ہے۔ اس کے علاوہ بلیوں کی مونچھوں (باقی صفحہ نمبر 58 پر)

جوانی گولیاں
سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہو جائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہو جائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہو جاتی ہیں۔ چہرے پر دانے، داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ، چڑچڑاپن۔ ڈپریشن، ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہو جانا۔ ایسی تمام حالتوں میں "جوانی گولیاں" استعمال کریں۔
قیمت صرف 150 روپے

# بہروپیے کی سچی پیش گوئی! مغلیہ تاریخ کا انوکھا سچا واقعہ

عائشہ قاسم، لاہور

کتب بینی کا شوق بچپن سے ہی ہے' گزشتہ دنوں ایک کتاب پڑھ رہی تھی اس میں موجود ایک واقعہ قارئین عبقری کی نذر کرنا چاہتی ہوں۔ ایک کتاب کے آغاز میں ہی ایک بہروپیے کا قصہ بیان کیا ہے جو پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ اورنگ زیب کے نزدیک فنونِ لطیفہ کی حیثیت لہو و لعب سے بڑھ کر نہ تھی اور وہ تلوار کی جھنکار پر فریفتہ ہونے والا انسان تھا۔ ایک شخص نے دربار میں حاضر ہو کر کہا ''شہنشاہ معظم! میرا نام کندن بہروپیا ہے اور میں ایسا بہروپ بدل سکتا ہوں کہ شہنشاہ معظم، جن کو اپنے تجربہ علمی پہ بڑا ناز ہے، کو دھوکا دے سکتا ہوں، اور غچہ دیکر بڑی کامیابی سے نکل جانے کی صلاحیت رکھتا ہوں''۔ اورنگ زیب نے اس کا دعویٰ نظر انداز کرتے ہوئے کہا کہ یہ تضیع اوقات ہے، میں تو شکار کو بھی کارِ بیکار سمجھتا ہوں۔ تم جو جو چیز میرے پاس لائے ہو اس کی ہرگز کوئی اہمیت نہیں۔ اس نے ایک بار پھر اصرار کیا، حضور! ہاتھ کنگن کو آرسی کیا، شہنشاہ معظم کی دانش کا جواب نہیں لیکن میں بھیس بدلوں گا اور اگر آپ مجھے نہ پہچان سکے تو پانچ سو روپے عنایت کر دیجئے گا۔ اورنگ زیب نے اس کا چیلنج قبول کرلیا۔ دربار سے واپس آکر بہروپیا سوچنے لگا کہ ایسا کون سا سوانگ رچاؤں کہ بادشاہ سلامت دھوکا کھا جائیں۔ اسے معلوم ہوا کہ آئندہ برس اورنگ زیب مرہٹوں کے خلاف یلغار کا ارادہ رکھتے ہیں۔ کندن بہروپیے نے پہنچے ہوئے باباجی کا روپ اختیار کیا اور مرہٹوں کی سلطنت کے پاس ڈیرے ڈال دیے۔ آتم تیاگ کی جستجو اور تپسیا کی سچی آرزو رنگ لانے لگی اور چار دانگ عالم اس باباجی کے چرچے ہونے لگے۔ اس دوران اورنگ زیب کی فوجوں نے پیش قدمی کی تو مرہٹے قلعہ بند ہو گئے۔ لگاتار کوشش کے باوجود قلعہ فتح نہ ہو سکا تو کسی مشیر نے کہا ''شہنشاہ معظم! یہاں پاس ہی ایک باباجی کا ڈیرہ ہے جن کی روحانیت کا زمانہ قائل ہے اگر مناسب سمجھیں تو ان سے جا کر مدد مانگیں۔'' اورنگ زیب باباجی کے پاس پہنچا اور درخواست کی کہ اس مشکل سے نکلنے کا کوئی راستہ تجویز کریں۔ باباجی نے کہا پرسوں بعد نماز ظہر حملہ کرنا، ان شاء اللہ غلبہ پاؤ گے۔ فیصلہ کن حملے کی تیاریاں ہونے لگیں، لشکر کے حوصلے بھی یہ سن کر بڑھ گئے کہ اب تو فتح ان کا مقدر ہو چلی ہے۔ اس یقین کے ساتھ حملہ آور ہونے والے بھلا کیسے ناکام ہوتے، دیکھتے ہی دیکھتے دشمن کی فصیلیں منہدم ہو گئیں اور معمولی مزاحمت کے بعد مرہٹوں نے شکست تسلیم کرلی۔ کامیابی کے بعد اورنگ زیب عالمگیر نے باباجی کے آستانے کا رُخ کیا اور اپنا عمامہ اتار کر نہایت ادب سے ملتمس ہوا ''باباجی! یہ سب آپ کی بدولت ہی ممکن ہوا'' باباجی نے اصلاح کی، نہیں! جو کچھ کیا اللہ نے کیا، ہم فقیر تو بس دعا ہی کر سکتے ہیں۔ اورنگ زیب نے دو پرگنوں کی پیشکش کی مگر باباجی نے معذرت کر لی۔ چند روز بعد اورنگ زیب دربار میں متمکن تھا کہ وہ باباجی آن پہنچے۔ بادشاہ سلامت تختِ شاہی سے اترے اور دوڑتے ہوئے باباجی کے پاس جا کر کہا، ''آپ نے تشریف لانے کی زحمت کیوں کی، مجھے بلایا ہوتا، میں خود حاضر ہو جاتا'' باباجی نے ہنستے ہوئے کہا، شہنشاہ معظم! یہ ہمارا فرض تھا کہ ہم خود حاضر ہوتے، جمع خاطر رکھئے میں کندن بہروپیا ہوں جو چند برس قبل آپ کے دربار میں حاضر ہوا تھا اور چیلنج دے کر گیا تھا۔ آپ دھوکا کھا گئے اور مجھے پہچان نہیں پائے۔ لائیے، پانچ سو روپے بطور انعام دیجئے۔ اورنگ زیب ہکا بکا رہ گیا اور کچھ توقف کے بعد گویا ہوا ''مجھے پانچ سو روپے دینے پر اعتراض نہیں مگر جب میں دو پرگنے اور دو قصبے بطور تحفہ پیش کرنا چاہ رہا تھا تو تم نے لینے سے انکار کیوں کر دیا؟ تم یہ زمین قبول کر لیتے اور عیش و آرام سے رہتے؟'' کندن بہروپیے نے جواب دیا، شہنشاہ معظم! جن بابوں کا روپ دھارا تھا، ان کی عزت مقصود تھی۔ وہ سچے لوگ ہیں اور ہم جھوٹے، یہ کیسے ممکن تھا کہ روپ سچوں کا دھاروں اور پھر بے ایمانی کروں۔

# قربانی کا گوشت نقصان دہ بھی ہو سکتا ہے

عیدالاضحیٰ پر بکرے اور گائے کے گوشت کی وافر مقدار میں دستیابی انسانی جبلت کو طمع میں میں مبتلا کر دیتی ہے جس کی وجہ سے بہت سے مسائل جنم جنم لیتے ہیں۔ قربانی کا گوشت نقصان دہ بھی ثابت ہو سکتا ہے اس لئے ضروری تدابیر اختیار کریں، عیدالاضحیٰ پر بکرے اور گائے کے گوشت کی وافر مقدار میں دستیابی انسانی جبلت کو طمع میں میں مبتلا کر دیتی ہے جس کی وجہ سے بہت سے مسائل جنم لیتے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ قربانی کے گوشت کھانے میں احتیاط کی جائے کیونکہ ذرا سی بے احتیاطی صحت پر مضر اثرات مرتب کر سکتی ہے۔ اس لئے ان معاملات میں کچھ ایسی تدابیر اختیار کی جائیں جس سے صحت کے معاملات درست رہیں۔ ذیل میں قربانی کے گوشت کے استعمال اور کھانے میں ضروری احتیاطی تدابیر درج ہیں جن پر عمل کرنا لازم ہے۔ عید قربان کے موقع پر تقریباً ہر گھر میں ہی روزانہ مزے مزے کے گوشت کے پکوان تیار کیے جاتے ہیں جن کی خوشبو اور لذت کے سامنے ہاتھ روکنا مشکل ہو جاتا ہے۔ غذا میں گوشت کا استعمال پروٹین، آئرن، وٹامنز اور معدنی طاقت فراہم کرتا ہے لیکن اس کی زیادتی مختلف بیماریوں سے دوچار کر سکتی ہے۔ عموماً گھروں میں گوشت کو کئی ہفتے یا مہینوں تک فریز کر دیا جاتا ہے لیکن ایسا کرنے سے اس میں جراثیم پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس لیے ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ گوشت کو 3 ہفتوں سے زیادہ فریز نہیں کیا جانا چاہیے۔ ماہرین کے مطابق خوراک میں روزانہ صحت کے لئے 90 گرام اور ہفتہ میں 500 گرام تک گوشت کا استعمال مفید ہوتا ہے تاہم اس میں زیادتی صحت کے مسائل کا سبب بن سکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق بہت زیادہ گوشت کا استعمال کولیسٹرول، فیٹ، بلڈ پریشر اور پیٹ کے امراض میں اضافے کا باعث بنتا ہے جس سے انسانی قوت مدافعت اور صحت بری طرح متاثر ہوتی ہے۔ عالمی ادارہ صحت کی جانب سے کی جانے والی ایک تحقیق کے مطابق وافر مقدار میں گوشت کے استعمال سے کینسر کے امکانات بھی بڑھ سکتے ہیں۔ اسی طرح امریکا کے نیشنل کینسر انسٹیٹیوٹ کے مطابق گوشت کو بہت زیادہ درجہ حرارت پر پکایا جاتا ہے جس سے ہیٹروسائیکلیک امائن (HCAs) اور پولیسائیکلک ایرومیٹک ہائیڈروکاربن کیمیکلز فراہم ہوتے ہیں جس سے انسانی صحت میں کینسر کا خدشہ بڑھ سکتا ہے۔ ایسے پکوان جن میں گوشت کے ساتھ تیل کا استعمال بھی بہت زیادہ کیا جاتا ہے وہ جسم میں چربی بڑھا دیتے ہیں جس کی وجہ سے ماہرین چہل قدمی کی ہدایت کرتے ہیں ساتھ ہی ایسے کھانوں کے ساتھ سبز چائے پینے کا مشورہ فراہم کرتے ہیں۔ اکثر عیدالاضحیٰ کے فوراً بعد لوگوں میں قبض سمیت پیٹ کے امراض بھی بڑھ جاتے ہیں جس کی ایک وجہ گوشت کے استعمال میں زیادتی ہو سکتی ہے۔ ماہرین کے مطابق رات میں سونے سے قبل اسپغول کی بھوسی کا استعمال مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ اسپغول کھانے میں موجود چربی اور کولیسٹرول کی ایک مقدار جذب کر کے فضلے میں خارج کر دیتا ہے جس سے دل کی بیماریوں سے ایک حد تک بچاؤ ممکن ہے۔

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
ٹھنڈی مراد
شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے
ہاتھ پاؤں میں جلن' سر چکرانا' منہ کی خشکی' آنکھوں کے سامنے اندھیرا' جگر و مثانے کی گرمی، یورک ایسڈ' قبض' ہائی بلڈ پریشر' زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین
جسم ٹوٹے دل گھبرائے یا پتھری ستائے
صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382 (عبقری ادویات کی ڈبی پر لکھی قیمت ہی اصل تصور ہوگی)

آج ہی اپنے قریبی بک سٹال سے طلب فرمائیں یا دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے طلب فرمائیں گھر بیٹھے منگوانے کیلئے ابھی آرڈر کریں

0332-7552382
0332-4091206

نہ کوئی کیمیکل نہ اضافی اشیاء! بالکل تازہ اور خالص ترین اجزاء پر مشتمل

ہر بچے جوان بوڑھے کی پسند

لاجواب ذائقہ! بے مثال صحت

# مشروب املی آلو بخارا



قے، ہائی بلڈ پریشر، نیند کی کمی، اینٹی ایسڈ، ہیپاٹائٹس، قے، متلی، جگر کی گرمی، معدہ کی گرمی، پیاس کا غلبہ، کی شدت، صفرا کی زیادتی، دل کی گھبراہٹ، دل کی کمزوری، جوش خون کیلئے۔ یا مخصوص امراض: زنانہ و مردانہ اور قبض کیلئے بلاجھجک چھوٹے بڑے سب استعمال کر سکتے ہیں۔ بخار کی شدت میں اگر متلی اور قے بھی ہو پیاس کی بھی زیادتی ہو اور قے سے مریض کو "مشروب املی آلو بخارا" پلایا جائے۔ اس خوش ذائقہ مشروب کے استعمال سے قلب کو تقویت ملتی ہے۔

"مشروب املی آلو بخارا" پرانے بخاروں اور یرقان کی عمدہ اور خوش مزہ ترش و شیریں ذائقہ کی حامل موثر دوا ہے۔

تازہ اور خوش مزہ مشروب جتنا دل چاہے استعمال کریں۔ ہر گلاس آپ کو نئی راحت، نئی ٹھنڈک اور بھرپور تازگی و قوت کا احساس دلائے گا۔

RS: 250

مشروب عبقری
ایک ایک بوند خالص

# باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے

بہترین مشروب ٹانک اور زندگی کا ساتھ

گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار

فطری اور نبوی ﷺ جڑی بوٹیوں کا سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ



قیمت 200 روپے

چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب

کمزوری، خون کی کمی، گرمی کا برداشت نہ ہونا، روزے میں بے طاقتی اور پیاس کے علاج کیلئے تسکین اور راحت جان کا پر اعتماد مشروب ہر عمر، ہر موسم اور ہر مزاج کیلئے یکساں مفید اور ہزاروں سالوں سے تجربہ شدہ ایک نہایت کارآمد اور بہترین فارمولہ تریاقی اور بے چین کر دینے والی گرمی میں ٹھنڈک کا دلفریب احساس

نوجوان اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج

# دل شفاء

دل کے امراض کیلئے تیر بہدف قدرتی ٹانک



Rs: 500

- دل کی بند شریانوں کو کھولتا ہے۔
- بلڈ پریشر کو اعتدال پر لاتا ہے۔
- خون سے کولیسٹرول (چربی) کو کم کرتا ہے۔
- شریانوں میں چربی جمنے کے عمل کو روکتا ہے۔

عبقری کی دل شفاء استعمال کیجئے ٹیسٹ کروائیے اور ڈاکٹر کو حیران کر دیں۔
یقیناً آپ بے شمار ذہنی، امراض قلب سے نجات اور آج صحت مند زندگی پا سکتے ہیں۔

مغل اعظم شاہی

# معالج آٹا

شوگر، کولیسٹرول، موٹاپا، ہائی بلڈ پریشر، یورک ایسڈ، امراض قلب، پیٹ کا بڑھنا، جوڑوں کا درد، قبض اور اعصابی و جسمانی کمزوری اور بیماریوں سے نجات کیلئے انتہائی مفید

جو، مکئی، چنا، باجرہ، جوار، کلونجی، اجوائن سونف اور سفید زیرہ کا انوکھا امتزاج

بچوں، بڑوں، صحت مند اور مریضوں کی یکساں غذا صحت مند اور کامیاب نسلوں کیلئے کامیاب فطری ٹانک

بالکل تازہ اور زود ہضم۔ طاقت کا خزانہ

Rs: 400

طریقہ استعمال:

2 کلو معالج آٹے کو دس کلو گندم کے آٹے میں بھی مکس کر سکتے ہیں اور چاہیں تو صرف معالج آٹا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔



# دیسی گھی

Rs: 1000




نسلوں کی تعمیر، پرانی ریت اور روایتوں کے ساتھ
وہی سچا ذائقہ
مہکتی خوشبو
اور لاجواب صحت

## ہجویری محل میں درخت لگاؤ مہم — سعادت حاصل کرنے والے کیلئے خوشخبری

ہجویری محل میں کیکر کے درخت بے شمار لگانے کے لیے ہمیں کیکر کی پکی ہوئی پھلیاں چاہیے۔ جس کا موسم آج کل ہی ہے۔ پھلی کچی نہ ہو پکی ہو تاکہ بیج سے پودہ نکلے۔ پنساری سے مل جاتی ہیں لیکن ان میں کیڑا لگا ہوتا ہے۔ کیکر کی پکی ہجویری محل پہنچائیں اور بہت زیادہ مقدار میں چاہیے۔ بہت بڑی سعادت ہے۔ کون ہے جو اس سعادت میں حصہ ملائے گا اور ہجویری محل میں درختوں کی چھاؤں کرے گا۔

رابطہ کیلئے: صرف میسج یا واٹس ایپ کیجئے: 0343-8710009

## پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ

شیخ الوظائف کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً برتن، تانبے، کانسی، چمڑے، لکڑی کی بنی ہوئی چیزیں یا الیکٹرانکس کی پرانی بے کار چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کے پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلز وغیرہ ہوں تو شیخ الوظائف کو ہدیہ کی نیت سے بحفاظت یا سامان پہنچائیں دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی بھی تحفہ قبول کیا جائے گا۔

شیخ الوظائف سے دعائیں لینے کا سنہری موقع